Bhagvat Geeta
By Gandhi

اوم

شری بھگوت گیتا بالتصاویر

موسوم بہ

فلسفہ الوہیت

پانچواں ایڈیشن ترمیم شدہ

سنہ ۱۹۲۲ء

مع ترجمہ و تشریح مولفہ رائے بہادر پنڈت جانکی ناتھ صاحب مدن دہلوی

پانچویں بار ۲۰۰۰ جلد — قیمت فی جلد ۔ محصول ڈاک ۸ آنہ

رام نراین پریس متھرا میں بابو رادھا رمن بھارگو کے اہتمام سے چھپی ۵ اگست سنہ ۱۹۲۲ء

صفحہ ۱۲۱ سے ۱۲۸ تک کے دو فارم پر نمبر ایک سے غلطی سے چھپ گئے ہیں
شائقین اِسکا کچھ اور وچار نہ کریں۔

شریمد بھگوت گیتا

دیباچہ طبع پنجم

اِس صحیفہ متبرک شری مد بھگوت گیتا کے بار بار مطالعہ کرنے سے اور اصلی مطالب پر بے بیم و رجا غور و فکر سے مخفی اِسرار جو سرسری نظر سے ذہن نشین نہیں ہوتے ہیں واشگاف ہوتے جاتے ہیں۔ جسقدر نظر عمیق ہوتی جاتی ہی اُسیقدر دقیق مسئلہ جات خود بخود حل ہوتے جاتے ہیں اور قلب کو سکون اور اطمینان حاصل ہوتا جاتا ہی۔ چونکہ یہ متبرک صحیفہ تمام اپنشد ہائے کا لُبِ لُباب ہی اور جملہ رموز سربستہ جو اپنشد ونمیں مندرج ہیں اِس صحیفہ میں مناسب مقام پر تعبیہ کرنے سے فہم کے نزدیک تر لائی گئیں ہیں اِسلئے قلب اِنسان پر اونکا اثر معاً محسوس ہوتا ہے اور تصدیق ہو جاتا ہی کہ جو بیان شرح و بسط کیساتھ اپنشد ونمیں کیا گیا ہی اور جسکا ربط اُس موقعہ پر انسانی عملی زندگی اور طریقت سے معلوم نہیں ہوتا اپنے مناسب موقعہ پر بخوبی اور باسانی ظاہر ہو جاتا ہی۔ ہر اشاعت کے وقت اس امر کا لحاظ رکھا گیا تھا کہ ربط کلام کا سلسلہ بخوبی طالب کے ذہن نشین ہوتا چلا جاوے۔ اِشلوکوں کے تحت اونکی لفظی معنی کے علاوہ پوشیدہ ضمیر کلام کا اظہار کر دیا گیا تھا۔ نفس مضمون ادھیا کا خاتمہ ادھیا پر مندرج کر کے جو امور ذہن نشین کرائے جانے مطلوب تھے وہ سادہ عبارت میں درج کر دیئے گئے تھے۔ طبع دوئم میں اوس تمام بحث و مباحثہ کا نتیجہ درج ہوا تھا جو عالمان سنسکرت و عاملان طریقت سے مختلف اشلوکونکے معنی اور ضمیر کے متعلق ہو کر فیصلہ قرار پایا تھا۔ اور جو تشریحات سمجھ میں نہیں آتی تھیں اونکو صاف اور سادہ عبارت میں قابل تفہیم بتایا گیا تھا طبع سوئم کے وقت پایا گیا تھا کہ چشم و گوش کے شہادت متفق نہونیکی وجہ سے جو شکوک ضمیر میں مخفی طور پر پیدا ہوتے تھے اور جنکا لائل نہونا قلب کے سکون میں ہارج ہوتا تھا اونکو تصویرات کے ذریعہ پیش نظر کر کے رفع کرنیکی کوشش کیگئی تھی اور اِس کوشش کا نتیجہ کامیابی ہوئی۔ طبع چہارم میں تلقین شریمد بھگوت گیتا کا خلاصہ اور ادھیاؤں کا ربط باہمی اور سلسلہ بموجب طریقت ہائے مروجہ سابقہ اہل ہنود و طریقت جدید تلقین کردیا سری کرشن دیوتا پرماتما اور اِس اہل ہنود کے طریقت کی مطابقت اہل اسلام کے مذہب صوفیہ سے ایک

علیحدہ نقشہ میں جو کتاب کے ابتدا میں چسپاں کیا گیا ہی ایزاد کردیا گیا تہا۔ یہ اختصار نفس مضمون شریمد بھگوت گیتا کا
خلاصہ ہی اور جب بعد مطالعہ کتب اس خلاصہ تلقین پر نظر ڈالی جاتی ہی تو سلسلہ گفتگو اور بحث کا اور حاصل
کلام پیش نظر ہو جاتا ہی اور ربط ادہیاؤں کا باہمد گر بخوبی واضح ہو جاتا ہی۔ اب پرماتما کے فضل سے نوبت اشاعت طبع
پنجم آئی ہی اور مقبولیت عام نے جرآت دلائی ہی کہ بعد مطالعہ و غور جو سہو اور نقائص سابقہ اشاعت ہائے میں کسی نہ
کسی وجہ سے رہگئے ہیں اونکی درستی کیجاوے۔ چنانچہ اکثر موقعات پر جہاں عبارت پیچیدہ ہوگئی تھی سادگی عبارت میں اظہار
مطلب کیا گیا ہی جہاں جہاں کتابت کی غلطیاں اصلی مطالب کو فوت کر کے تبدیل ضمیر و مفہوم کا باعث ہو جاتی تھیں۔
اونکو درست کیا گیا ہے اور خاصکر جو تصویرات شامل ہیں اُنکی غلطیونکو درست کرنیکی کوشش کی گئی۔ کاتبان اور
رنگ کشان کے ضمیر اون مطالب سے بہت دُور ہے جو تصویریں خاص خاص رنگونکی دکھلانے سے مدنظر رکھی
گئی ہی۔ چنانچہ جملہ تصویرات میں ایسی غلطی رنگونمیں زیادہ تر پائی گئی ہے رنگ کا دکھایا جانا بے معنی امر نہیں ہی واقعات
کا اظہار ہی اور اصلی صورت اور لباس کو ظاہر کرتا ہی۔ شائقین دقیقہ شناس اس امر کو بخوبی سمجھ سکتے ہیں۔ غلط
رنگ غلط مقام پر ہونے سے تشریح میں تفاوت واقع ہو جاتا ہی اور واقعات کی خلاف صورت پیش آجاتی ہی۔
شکوک اور واہمات پیدا ہو جاتے ہیں اطمینان ہاتھ سے چلاتا ہے۔ اس طبع پنجم میں شائقین کے توجہ کو مبذول کرنے
اور اونکے دلی شوق کو مطالعہ کتاب کے جانب ایزاد کرنیکی نظر سے جو ترجمہ نظم راقم الحروف کے برادر عزیز پنڈت دینا ناتھ
مدن نے شریمد بھگوت گیتا کا موسوم بہ مخزن اسرار کیا ہی اور جس نے عام قبولیت حاصل کی ہی وہ ترجمہ نظم اشلوک
وار ابتدا سے انتہا تک ترجمہ موئلف کے بعد تعبیہ کردیا گیا ہی۔ جس سے ترجمہ نثر و نظم دونوں یکجائی ہو کر شائقین کو
اونکے مذاق کے مطابق لطف مزید دیتے ہیں پنڈت جی صاحب کی خاص اجازت حاصل کر کے یہ ایزادی
کی گئی ہی۔ واضح ہو کہ ابتدا سے اس صحیفہ متبرک کے اشاعت بصورت موجودہ منشی رام نراین صاحب بہار گو
مرحوم و مغفور مالک مطبع بہار گو پریس متھرا اور مرحوم کے صاحبزادگان جانشینان کے اہتمام اور
عنایت سے ہوتی رہی ہے۔ اور جسقدر روقت کہ اس کتاب کے بجائے خود مکمل صحیفہ ہونیمیں موئلف کتاب اور
راقم الحروف کو ہوتی رہی ہے اوسیقدر بار نگرانی و اشاعت منشی رام نراین صاحب مرحوم اور پنڈت
رادہا رمن صاحب مالک حال مطبع مذکور کو ہوتی رہی ہی جسکا اعتراف ضروری ہی۔ اُمید کیجاتی ہی کہ طبع
پنجم کی اشاعت سابقہ اشاعت ہائے سے زائد پایہ قبولیت عام حاصل کریگی۔

خاکسار۔ پنڈت امرناتھ مدن تحصیلدار بلبہ گڈہ ضلع گوڑگانوہ احاطہ پنجاب

مورخہ ۳۰ ستمبر ۱۹۲۱ء — لال حویلی چوڑیگران دہلی

شریمد بھگوت گیتا

دیباچہ طبع چہارم

اِس اُردو ترجمہ نے جو قبولیت عام حاصل کی ہے وہ اظہر من الشمس ہے واضح رہے کہ
ایک قلیل عرصہ میں اِس کی اشاعت مطبع متھرا پریس متھرا سے تین مرتبہ ہو چکی ہے اور اب نوبت
طبع چہارم کی آئی ہے قبل ازیں ہر سہ طبع کی اشاعت جناب والد ماجد مرحوم پنڈت جانکی ناتھ مدن
رائے بہادر کی نظر ثانی کے بعد ہوتی رہی ہے۔ اب یہ پہلا موقعہ طبع چہارم کا اُن کی وفات کے
چار سال بعد پیش آیا ہے اور نظر ثانی کی خدمت انجام دہی اِس ہیچمدان اور اِس کے برادر کہیں
پنڈت دینا ناتھ مدن۔ بی۔ اے اکونٹنٹ محکمہ انہار پنجاب کا فرض ہوئی۔ چنانچہ صحیفہ "شریمد بھگوت گیتا"
کا مطالعہ از سرِ نو تمام و کمال کیا گیا۔ کامل غور اور فکر کے بعد باہمی مشورہ سے یہ امر قرار پایا کہ اِس
اُردو ترجمہ میں جو والد بزرگوار مرحوم نے ضمیر کلام کو اخذ کر کے کیا ہے اُس سے بہتر موزونی الفاظ
اور آراستگی خیالات ہماری ہیچمدانی کے حیطہ قابلیت سے باہر ہے بیشک یہ امر یقین میں آیا کہ باوجود
کمال اِنکشاف معانی اکثر مقامات پر ضمیر کلام اعلیٰ اور مرموز ہونیکی وجہ سے اب بھی عام فہم نہیں
ہوئی ہے جناب قبلہ مرحوم خود بھی اِس امر کے معترف تھے اور اِسی خیال سے اُنھوں نے کتاب کے
شروع میں دیباچہ ہر ادھیا کے آخر میں اُسکا خلاصۂ مطلب اور خاتمۂ کتاب پر خلاصہ اُصول تحریر کیا تھا در حقیقت
شریمد بھگوت گیتا کے معنی باوجود سہولیت الفاظ اِسقدر باریک ہیں کہ اُنمیں سے ربط مضمون اور تسلسل خیالات کا
اخذ کر لینا عام فہم کا حصہ نہیں ہے۔ اِسلئے اب طبع چہارم کی اشاعت میں یہ کوشش کی گئی ہے۔ کہ
ادھیاؤں کا باہمی ربط اور دلیل کا سلسلہ شروع سے آخر تک صاف طور پر دکھلایا جاوے اور شائقین زبان

اردو کی سہولیت کے لیے اصطلاحات اہل ہنود کی مطابقت اصطلاحات صوفیہ سے کر دی جائے اسی نظر سے ایک خلاصہ بصورت نقشہ کتاب میں ایزاد کیا گیا ہے۔ جو ناظرین اسکو غور سے مطالعہ کرینگے اور اصل کتاب کے مضمون سے مطابقت کرتے جائیں گے یقین ہے اُن کو ضمیر کلام کے زیادہ تر صاف سمجھ میں آنے سے مزید لطف حاصل ہوگا۔

اہل تصوف نے چار منازل قرار دی ہیں شریعت[1]۔ طریقت[2]۔ حقیقت[3] اور معرفت[4]۔ انانیت کیساتھ افعال کا سرزد ہونا شریعت کی پیروی اور افعالی تثلیث کی پابندی ہے۔ ترک انانیت کے وسیلہ سے صفائی قلب کا حاصل کرنا طریقت ہے اور یہ افعالی تثلیث سے آزادی کی صورت ہے قلب مُصفا سے حق و باطل کی تمیز کرنا اصل حقیقت ہے اور یہ علمی تثلیث کی پابندی مانی جاتی ہے۔ ترک پندار سے سکون قلب پیدا کرنا منزل معرفت ہے جہاں علمی تثلیث سے رُستگاری ہے۔

شایقین کے غور اور فکر کیلئے ایک نقشہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے جسمیں ان چاروں منازل کی تشریح طلب ترک اور وصل کے اعتبار سے کی گئی ہے جو اس صحیفہ متبرک کے خلاصہ اُصول کو دکھاتی ہے۔

شریعت			طریقت	حقیقت	معرفت
برہمچاری یعنی طالب ذات			یکتی یعنی وسیلہ	سنیاسی یعنی تارک	یوگی یعنی واصل
مدارج	قابلیت	عقیدت	اختیار	جبر	
ادنیٰ	پابند حواس	عمل	کرم یعنی فعل امر و نہی	سنیاسی (یعنی ترک ہرسہ تعلقات)	یوگ (یعنی تسلیم مساوات)
اوسط	پابند دل	بیم و رجا	بھکتی یعنی عشق		
اعلیٰ	پابند عقل	علم ثلاثہ	گیان یعنی علم توحید		

دھلی
۲۶ فروری سنہ ۱۹۱۲ء
محلہ چوڑیگران لال حویلی

ہیچکارہ
پنڈت امرناتھ مدن
تحصیلدار پنجاب

شری کرشنائے نمہ

از شش جہتم روئے نمودی آخر	در ہر سوئے ولم ربودی آخر	بیروں ودروں جلوہ گرت میدیدم	بر تحقیق آدم تو بودی آخر

ترجمہ مؤلف

چھئوں دشا میں آپ سمایا	جت تت سوں ہیر من بھایا	اندر باہر ڈھونڈت پھریا	ڈھونڈ تھکے نج آپا پایا

جس نے پیکر انسانی میں نزول فرما کر عالم کون و مکان کو ظہور دیا ہے اور اپنے ظہور کے جلوے کو آپ ہی تماشا بنایا ہے اوس کے ادراک سے غافل رہنا اور اوس کی حقیقت سے آگاہ ہوئے بغیر اِس کالبد عنصری کو چھوڑنا آخر الامر ہزاران ہزار حسرت اور ناکامی دِلاتا ہے۔

شعر

یکدم کہ یار مست بخفت است درکنار	بیدار باش تا نرود عمر برفسوس

ترجمہ مؤلف

جسدم پیتم پائیاں چیتن رہئے جاگ	جو سووت نہیں چیتیاں کھوٹے تنکے بھاگ

اوس عطیۂ عظمیٰ کی جو زیور عقل و حواس سے آراستہ کر کے صرف ادراک علم ذات کے لئے بخشا گیا ہے۔ قدر نہ جاننا اور اوس کے فرائض لازمی ادا کئے بغیر راہی ملک عدم ہونا اور اپنی ہستی موہوم کا پندار علم الیقین میں لیجانا کیسی جہالت اور نادانی ہے۔

رباعی

درخود از خود بگو چہ چیزی و چہ	خود را در خود بجو چہ چیزی و چہ
ہرگاہ سوائے حق نباشد چیزے	تو خود از خود بگو چہ چیزی و چہ

ترجمہ مؤلف

آپے میں ڈھونڈ وہے کون ؛ جب آتم آتم ہے پیارے	ڈھونڈ ڈھانڈ سے پرے ہے جون ؛ آپی آپ پکارے کون ؛

جبکہ وید ویدانت اور سب مذہبوں نے اوس کو ادوَیت اکھنڈ اناشی نرانجن نراکار مانا ہے تو پھر اِس کے ایسا ہونے میں کیوں شک پیدا ہوتا ہے اور کس وجہ سے وحدت واجب الوجود عین الیقین نہیں ہوتی اور کس سبب سے پاک علم خودشناسی مخفی ہوگیا ہے دریافت کرنا چاہئے کہ کس طریقہ سے زنگ جہل رفع ہوکر آفتاب معرفت کا جلوہ آئینۂ دلمیں نظر آسکتا ہے طلب اور صدق ارادت کے بغیر حصول مدعا یعنی دیدار معشوق حقیقی کا ناممکن ہے بھکتی کے (جو ایک مشہور لفظ ہے) لغوی اور اصطلاحی معنی میں فرق ہے لغوی معنی تو وہی ہیں جو عوام نے سمجھ رکھے ہیں مگر اِس کے اِصطلاحی معنی عشق حقیقی اور ارادت صادق کے ہیں اور عارفوں نے اِس کے یہی معنی لئے ہیں مصرع مگس برقند و پروانہ بر آتش۔ لغوی معنی بھکتی کے مگس تمثال ہیں اور اصطلاحی معنی بھکتی کے پروانۂ جلال کا نشان دیتے ہیں جو دولت سرمدی کے طلبگار ہیں اور شمع معرفت پر پروانہ وار بے بیم و رجا جان نثار ہیں وہی مستحق وصال یار ہیں اور جو عالم بوالہوسی میں گرفتار ہیں مگس وار چندے شور و غل مچا کر انجام کار معدوم ہونے کے سزاوار ہیں۔

رُباعی

سرمدغم عشق بوالہوس را ندہند عمرے باید کہ یار آید بکنار ؛	سوز دل پروانہ مگس را ندہند این دولت سرمد ہمہ کس را ندہند

ترجمہ مؤلف

بھکتی ماںہہ دو بدھا نہیں کوئی ماکھی نا ہیں جو بھن بھن گاوے	پتنگ ماںہہ جرے سو ہوئی نا ہیں پدارتھ ہاتھ نہ آوے

پس طالب صادق کو لازم ہے کہ مردانہ وار اِس راہ میں قدم رکھے اور پس پشت نگاہ نکرے

رُباعی

گر طالب صادقی زنایاب مثال پیدا گردد
گر آبلہ فتد بپاے طلبت۔ زنہار مالیست

ہر عقدہ کہ بستہ است از وہم وخیال ہم واگردد
شاید کہ ہمیں بخیہ برآرد پر و بال۔ عنقا گردد

ترجمہ مؤلف

جو پریم سانچا کرے ہان لابھ مت پیکھ
باٹ چلے پرنا رکے آتم میں دِشواس

بھرم گانٹھ کھل جائیگی یہ چت سکھلے سیکھ
آتم ہی میں پائیگا چدآنند الیسکھ

یہ صورت طلسم جو دیدہ سیر بین میں سمائی ہے اور جو مختلف صدائے ہو ہا گوش شنوا میں آئی ہے یہ کیا شعبدہ ہے اور کس کا ہے اور کیونکر ہوا ہے عارف اور عاشق حقیقی جو اِس عالم کی روح خاص ہیں اِس حجاب ظلماتی کے پردہ دری کا سبب ہوئے ہیں اور اِس دائرہ جہل ونادانی میں اون کا وجود مُطلق علم سرور کا نقطہ ہوا ہے جسقدر کلام صغیر وکبیر مختلف مذاہب کے اِس وقت گُفت وشنود اور علم میں ہیں اِسی نقطہ کا شہود ہیں اور اِسی سے نقاط۔ خطوط اور زاویہ کُل صفحہ ہستی پر منقش ہورہے ہیں۔ پس علم عارفان علم ذات ہے اور اونکا کلام کلام حق۔ جو کلام عارفوں کے ہیں وہی وید متبرک اوپنشد۔ سمرتی۔ قرآن انجیل۔ توریت۔ اور زبور وغیرہ کہلاتے ہیں اور کلام حق انہیں کے وسیلہ سے عالم میں ظاہر ہوا ہے یعنی بذریعہ (انبھو شکتی) علم لدُنی منکشف ہوا ہے وید کی عظمت آجکل عام طور پر جتنی مانی جاتی ہے اوس سے بدرجہا زیادہ ہے اور اِس رمز کو اہل دل ہی سمجھ سکتے ہیں اہنکار سہت بدھی یعنی عقل بانپدار اِس کے ادراک سے عاجز اور قاصر ہے عارفونکی فہم حق تک پہونچتی ہے کیونکہ وہ نظر غیریت اوٹھا دیتے ہیں اور ذات میں محو ہوجاتے ہیں جو چار وید رگ۔ یجر۔ سام اور اتھروَن کے نام سے مشہور ہیں اُنکے خلاصہ

اُصول صرف بارہ ہماواک ہیں یعنی تین تین الفاظ ہر ایک کی ندائے اولین ہیں اور یہ چاروں کتب سماوی انجو پرماں یعنی بموجب علم اِشراق اونہیں کی تفسیر میں لکھی گئی ہیں جن مختلف اوقات میں یہ کتب سماوی قلمبند ہوئیں اون کا تحقیق کے ساتھ دریافت کرنا مشکل ہے کہ اوس سے پیشتر اِن کا علم سینہ بسینہ منتقل ہوتا چلا آتا تھا۔ اِن کے مطالعہ سے یہ تو صاف ثابت ہے کہ اوس زمانہ کا رواج اور طریقہ بود و باش اِس وقت کے رسم و رواج سے بہت ہی مختلف تھا۔ چنانچہ جو استعارات اوس زمانہ میں مروج تھے وہ اِس وقت کی فہم سے بہت دُور ہو گئے ہیں اور اون کے معنی حل کرنے سخت دشوار ہو گئے ہیں چونکہ اوس زمانہ میں اسباب معیشت اور ضروریات دنیوی کی احتیاج بہت کم تھی اور راستی کی پابندی کی وجہ سے طوالت قانونی درکار نہ تھی اِسلئے یہ کتب وید تحقیقات ظاہر و باطنی کے کافی مجموعہ کے پیرایہ میں ایک ہدایت نامہ ربانی تھیں جس میں علم توحید۔ علم معقولات۔ علم حکمت اور قانون عدالت مشمول تھے اور علم معاش علم معاد کے مطیع رکھا گیا تھا۔ جب اسباب دنیوی اور نیرنگی عالم نے ترقی و تبدل اختیار کیا اوس وقت اون میں سے ہر ایک کی تفسیریں اور تشریحیں ہوئیں اور عالمان روشن ضمیر نے وقتاً فوقتاً سمرتی یعنی چھ شاستر (فلسفے) پُران وغیرہ تصنیف کئے اور وہ مکتوب ہو کر ہند کے مختلف حصوں میں پھیل گئے تب علم کو اِس قدر وسعت ہو گئی کہ اوس کی شاخوں کی تعداد اِس وقت معلوم نہیں ہو سکتی کیونکہ اُن میں سے ہزارہا بلکہ بیشمار صحیفہ ہندوستان میں اِنقلاب آنے کے وقت کشتیوں میں بھر وا کر دریا میں غرق کر دیئے گئے اور انبار کے انبار آگ میں جلائے اور برباد کئے گئے اب جو کچھ بحال پریشان جا بجا رہ گئے ہیں اون کی حالت ایسی ہے جیسے کسی چراغ کی ہوتی ہے جبکہ اوس کا تیل قریب ختم ہونے کے ہوتا ہے اور ہوا چاروں طرف سے اوسے جھکولے دیتی ہے۔

رُباعی

بیدادگری شیوۂ دیرینہ تست	اے چرخ فلک خرابی از کینہ تست
بس گوہر قیمتی کہ در سینۂ تست	اے خاک اگر سینۂ تو بشگافند

ویدنے علم ذات کو پرا یعنی کبیر اور علم صفات کو اپرا یعنی صغیر کہا ہے۔ (دیکھو اتھرون ویدکی مانڈوک اونشد کا چوتھا منتر) علم صفاتی ہمیشہ منتقل ہوتا رہتا ہے اور فانی ہے علم ذات میں کبھی نقص واقع نہیں ہوتا اور نہ اوس کو کوئی ضایع کرسکتا ہے کیونکہ وہ بالذات قایم ہے۔ کل صفاتی علوم اوسی علم ذات کی شاخیں ہیں جو اوس سے پھوٹ کر پھیل جاتی ہیں اور پھر کسی زمانہ میں نیست نابود ہو جاتی ہیں مگر علم ذات ہمیشہ یکساں رہتا ہے اور اِس کشتی عرفان کے بغیر دریائے جہالت ونادانی سے پار ہونا ممکن نہیں اسلئے طالبان حق کو علم ذات ہی کی تلاش واجب ہے۔

جہاں تک غور سے دیکھا گیا اہل ہنود میں بوجہ بھیانک درو حیک یعنی بہیم ورجا کے خیالات جاگزین ہونے کے اور نیز بسبب احکام نیائے ومیمانسیا وپُران وغیرہ کی پیروی کے ویدکے وہ باریک رموز جو علم اشراق سے متعلق ہیں سمجھ سے بہت دور ہو گئے ہیں اور ایسے ہی وجوہات سے وہ ضعیف الاعتقاد ملقب ہو گئے ہیں فی الواقع علم معاد پر اون کی نظر بہت کم ہے تاہم علم تصوف یعنی فلسفہ ویدانت کو اِس قدر قوت حاصل ہے کہ وہ طالب کو آجکل کی مرّوجہ تعلیم کے مقابلہ میں بہت جلد غفلت سے بیدار کردیتا ہے اور واقعات کے نقشے کو پیش نظر کرکے نادانی دور کرتا ہے۔

ویدانت یعنی علم توحید کو اہل ہنود نے اور سب مذہبوں سے افضل العلوم مانا ہے اور جو لوگ اِس میں درجہ کمال پر پہونچے ہیں اون کے نشانات یعنی تصنیفات اب تک موجود ہیں اور اونکی بزرگی کی شاہد ہیں اگرچہ سب علوم کا ظہور علم ذات کے شجر سے ہوا ہے اور سب اوس کی شاخیں ہیں لیکن ویدانت بمنزلہ اوس کے ثمر کے ہے ثمر

کے مبتلاشی کی شاخوں اور پتوں وغیرہ کے گننے سے مطلب برآری نہیں ہوتی ثمر کا حاصل کرلیناہی کافی ہے۔ دورانِ فلکی اور گردش زمانہ ہر وقت اور ہر آن جاری ہے اور یہ نیرنگی کے اسباب لازمی ہیں پس جب رفتار زمانہ و انقلاب طبائع سے علم صفات کا ابر علم ذات کے آفتاب کو مستور و محجوب کر دیتا ہے اُس وقت کوئی قدرتی سبب پیدا ہوکر پھر علم ذات کی روشنی سے عالم کی تاریکی دفع کر دیتا ہے چنانچہ شری کرشن بھگوان اور سری وید ویاس مہامُنی کے متبرک وجود اِسی غرض کے پورا کرنے کے واسطے ایک زمانہ میں پیدا ہوئے اور اونہوں نے وید کے اون باریک رموز کو جو دنیوی تعلقات کے بڑھ جانے کی وجہ سے اِنسانی طبائع پر منکشف نہوتے تھے اور جن تک لوگوں کے فہم کی رسائی ناممکن ہوگئی تھی نہایت مختصر اور آسان طریقہ سے تلقین کیا اور اُنہیں بطرز حسنہ ایک صحیفہ میں جمع کر کے علوم باطنی کا چراغ روشن کر دیا اور رہروان طریقت و معرفت کے واسطے شاہراہ بےخوف و خطر بنا دیا۔ یہ صحیفہ موسوم بہ شری مدبھگوت گیتا جو جزو کتاب مہابھارت ہے مقدس و متبرک اور کلجگ میں اودھار کرنیوالا تسلیم ہو چکا ہے اور کُل وید اور مذاہب دُنیا کا ساریعنی اصل اُصول ہے اور امرت یہی آبِ حیات کلب برچھ اور کامدھینو ہے اور اِسی کے سدہانت پر وید میں اکثر مقامات پر اِن الفاظ سے اشارہ ہوا ہے۔

رُباعی

آن آبِ حیاتے کہ ہمہ می جویند پیوستہ بدریا بمثال ماہی بذ	وز ہر طرفش نشان راہش پویند گر در نگر ندائے ولی در اوبند

جو لوگ بنظر قدامت وید کو کُل اور شری مدبھگوت گیتا کو اُس کا جزو سمجھتے ہیں۔ غلطی پر ہیں یہ جزو نہیں ہے بلکہ ویدوں کا ساریعنی عطر ہے اور ویدوں کے وہ مخفی رموز اور عالی اسرار جنکے معنی اونکے مطالعہ سے اسوقت کے عُلما حل نہیں کر سکتے ہیں یہ ترتیب

مناسب بکمال اختصار اس صحیفہ عالیہ میں درج ہوئے ہیں اور اس کے دائرہ علم میں کل علوم مثل ذرّوں کے نظر آتے ہیں یعنی یہ علم ذات مثل آفتاب کے ہے اور کل علوم اس کی شعاع ہیں سب کی روشنی کا مبداء یہی ہے۔ صرف دل دانا و چشم بینا چاہیئے جو اس نکتہ کا مطلب دریافت کرسکے اور اوس کی حقیقت سے آگاہ ہووے۔

رباعی

یارے کہ تراز خود رہاند دگراست	کارے کہ ز تو ہیچ نماند دگراست
ما منکر راہ مسجد و کعبہ نہ ایم	راہے کہ بمقصود رساند دگراست

یہ بات عام طور پر مشہور ہے کہ شری مد بھگوت گیتا کی باون ٹیکا یعنی تفسیر بزبان سنسکرت میں ہو چکی ہیں اونکے علاوہ دیگر زبانوں میں بھی اسکے ترجمے موجود ہیں چنانچہ ایک فارسی ترجمہ مولفہ حضرت فیضی وزیر محمد اکبر بادشاہ اور دوسرا مرتبہ پنڈت ٹیکا رام صاحب کشمیری میرے مطالعہ سے گذرا ہے اور چند سال ہوئے کہ بمقام کورچھیتر منشی کنھیا لعل صاحب الکھ دھاری نے پنڈت ٹیکا رام صاحب کے اوسی فارسی ترجمہ سے اردو میں ترجمہ کیا ہے اور اوس کا نام گیان پرکاش رکھا ہے۔ زبان بھاشا میں بھی ایک ٹیکا سری سوامی آنندگری جی نے تیار کی ہے جو آجکل ناگری خوانوں کے مطالعہ میں اکثر دیکھی جاتی ہے اور ٹیکا زبان بھاشا میں چت گھن سوامی کی بنائی ہوئی بمبئی میں چھپی ہے اِنکے علاوہ چند ترجمے انگریزی اور اردو میں رائج ہوئے ہیں متقدمین کے اِن ترجموں کی موجودگی میں ایک نئی تفسیر لکھنے کی کوئی ضرورت نہ تھی مگر مندرجہ ذیل وجوہات کے باعث اوس کا لکھنا مناسب بلکہ انسب خیال کیا گیا اوّل یہ کہ جو ٹیکا سنسکرت میں ہوئی ہیں وہ عوام کے لئے زبان سنسکرت سے ناواقف ہونیکی وجہ سے کار آمد نہیں ہیں دوئم ٹیکاؤں کی سنسکرت عموماً بھگوت گیتا کے منتروں سے بھی زیادہ دقیق اور مشکل ہے اور اون کے سمجھنے کے لئے بہت استعداد درکار ہے علاوہ بریں حضرت فیضی نے صرف لفظی۔

ترجمہ کیا ہے شاید اِس وجہ سے کہ ضمیر کلام کا دوسری زبان میں پورے طور پر ادا کرنا محال ہے اصلی ضمیر واشگاف پائی نہیں جاتی انگریزی زبان میں ترجمہ کرتے ہوئے یہ دقت پیش آتی ہے کہ اکثر اون سنسکرت الفاظ کے لئے جو زمانہ قدیم میں مستعمل تھے اور فلسفہ اہل ہند کی اصطلاح تھے ٹھیک ٹھیک ہم معنی الفاظ زبان انگریزی میں نہیں ملتے منشی کنہیا لال صاحب نے بجائے اصلی کتاب سے ترجمہ کرنے کے ترجمہ سے ترجمہ کیا ہے اِس وجہ سے اونکے ترجمہ کے مضمون کا بھگوت گیتا کی ضمیر سے بہت جگہہ اختلاف واقع ہوگیا ہے۔ البتہ اوس میں مولف نے ذاتی خیالات کو آزادی اور دلائل کے ساتھ بیان کیا ہے۔ شری آنندگری جی کی ٹیکا زبان بھاشا میں مرتب ہوئی ہے اور بیشک عمدہ ہے وہ عالم اور عامل دونوں صفتوں سے موصوف پائے جاتے ہیں مگر بعض مقامات پر اُنھوں نے رو چک بھیانک یعنی بیم و رجا کے کلام اپنی ٹیکا میں داخل کر دیئے ہیں اور بہت جگہہ سنسکرت الفاظ کو بجنسہ رکھکر تشریح کو پورا کر دیا ہے جس کے معنی سمجھنے کے واسطے سنسکرت لغات کے دیکھنے کی ضرورت ہوتی ہے بھگوت گیتا کا ماحصل علم خود شناسی اور توحید خالص ہے اِس میں بیم و رجا کا کب دخل ہو سکتا ہے۔

رباعی

صانع بجہان کہنہ ہیچون ظرفیست	آبیست بمعنی و بظاہر برفیست
بازیچہ کفر و دیں بطفلاں بسپار	بگذر ز مقامے کہ خدا ہم حرفیست

دوئیت بھاؤ اور نظر دوئی رکھنے سے اِس کلام کا لطف و مذاق حاصل نہیں ہو سکتا یعنی جب تک نظر موحد سے اوس کے معنی سمجھنے کی کوشش نکیجاوے وہ سمجھ میں نہیں اسکتے زمانہ حال میں جو زبان سنسکرت کے علما ہیں وہ بیم و رجا کے خیالات کے پابند ہونے اور مذہبی رسوم کے بیوپار میں مشغول ہونیکی وجہ سے اِس صحیفہ متبرک کے معنی و مطلب کو دلائل کے ساتھ طالب کے دل پر نقش نہیں کرا سکتے اور اوس کے شکوک کا

شافی جواب نہیں دے سکتے ہیں۔ کہ اس کے اصول سمجھنے کے لئے نہایت غور و فکر درکار ہے اور نیز ایک خاص شغل سے واقف ہونا ضروری ہے۔ محض قیل و قال سے معنی حل نہیں ہو سکتے جو اس وقت کے فقرا اور بھیک دھاری ہیں اور جبکہ یہ اصلی ترکہ ہے وہ زبان سنسکرت اور دیگر علوم رائج الوقت سے واقف نہونیکی وجہ سے گو بعض بباطن اس حصہ کے شریک ہوں اصلی مطلب زبان سے ادا نہیں کرسکتے۔ سنسکرت کے الفاظ جو اس خطہ کی قدیم زبان ہیں وہ زمانہ دراز گذر جانے اور اہل ہند کے طریق بود و باش بدل جانے کی وجہ سے آجکل اس طرح پر گفت و شنود میں آتے ہیں کہ انکے معنی اور مراد ضمیر سابق سے بہت دور ہو گئے ہیں اور چونکہ زبان سنسکرت بہت وسیع ہے اور ہر لفظ کے معنی کثیر ہیں اسلئے چاہے کسی لفظ کے ایک معنی دریافت بھی ہو جاویں تاہم جو اوسکی مراد خاص موقع کلام پر ہونی چاہئے بوجہ کم علمی و ناواقفیت ثابت نہیں ہو سکتی ایسے ہی اسباب سے جو بادن تفسیریں ہوئی ہیں اون میں کچھ نہ کچھ ایک کو دوسرے سے اختلاف ہے۔

شعر

جنگ ہفتاد و دو ملت ہمہ را عذر بنہ	چون ندیدند حقیقت رہ افسانہ زدند

کلام ربانی میں ہمیشہ قلت الفاظ اور کثرت معنی ہوتے ہیں اور اوس میں سے ہر ایک شخص بقدر اپنی استعداد اور قابلیت کے معنی نکالتا ہے مگر وہ کلام ہمیشہ قوت ادراک سے برتر اور افزوں ہوتا ہے اور اوسکا سمجھنا ضمیر موحد میں محدود ہے بلکہ موحد بھی اوسکی حقیقت اپنے قلب میں مشاہدہ کرتا ہے کلیتاً اوسکے اظہار سے عاجز و قاصر ہے البتہ بطور استعارہ بیان کرسکتا ہے تاکہ آیندہ جب اس طریقہ کے پیروان اور پابندان کے قلوب پر ویسا ہی ظہور حقیقت ہو تب وہ کلام شہادت اونکے استقلال کا سبب ہو سکے۔

شعر

سر خدا کہ عارف سالک بکس نگفت	در حیرتم کہ بادہ فروش از کجا شنید

جو کلمات اردو زبان میں اس پانچ - چھ صدی گذشتہ کے عارفوں مثل سوامی کبیر صاحب بابا نانک صاحب گوسائیں ولی رام جی معروف به بنواری داس تلسی داس جی و سورداس و چنداس و سندرداس و دادو دیال و کرشن داس بھٹ وغیرہ کے اب موجود ہیں وہ سب اوس درخت کی شاخ اور شگوفہ ہیں جو سرزمین بھگوت گیتا میں لگا ہوا ہے یعنی او نہیں سات سو ون دسات پرکرتی) میں مختلف راگ راگنیاں گا رہے ہیں کلمات تصوف و توحید و کلام معرفت و عشق حقیقی عارفان گذشتہ مثل حضرت حافظ شیرازی شمس الدین تبریز - مولانا روم - بوعلی شاہ قلندر - حضرت داراشکوہ - امیر خسرو - خواجہ معین الدین چشتی - شاہ نیاز احمد صاحب بریلوی - مغربی و صائب و مولانا جامی و عراقی وغیرہ اگر لفظی بحث کو چھوڑ کر اصلی معنی پر نظر کیجاوے تو سب زمزمہ توحید سے وہی سرود ترنم کر رہے ہیں - حکمائے یونان مثل افلاطون - سقراط - ارسطاطالیس وغیرہ نے جو فلسفہ بعد فکر کامل و تحقیقات معقولات کے لکھا ہے غور کرنے والے کو اسمیں اختلاف معنی معلوم نہیں ہوتا کیونکہ اپنے اپنے الحان سے یہ سب اوسی افسانہ توحید کو سناتے ہیں -

یک نغمہ تراود ز لب قمری و بلبل	قانون وفا مختلف آہنگ ندارد	
کرشن سمایو آپ ہی چیتن اور استھول	ڈال پات پھل پھول میں وہی بیج ہی مول	

جس عاصی ہیچدان عاجز جسم کو نام رائے بہادر جانکی ناتھ مدن کشمیری پنڈت دہلوی سوامن مدگلیہ گوتر کہتے ہیں وہ کوئی استعداد و قابلیت نہیں رکھتا کہ شریمد بھگوت گیتا کی جس میں اسرار اشراقی اور رموز مخفی ہیں تشریح معانی کر سکے مگر جو چیتن اوسمیں محرک ہے

در خود غلطم کہ من چہ نامم	معشوقم و عاشقم کدامم	من تشنہ بہ بستہ ام ز اعتبار	در خوبی خویش مبتلا یم

وہ بعد مطالعہ اصل سنسکرت شری مدبھگوت گیتا کے اس امر کا محرک ہوا کہ جو رموز بستہ اس وقت کی زبان اردو میں ابتک نہیں کھلے ہیں اور جن کے معنی شائقین کی

سمجھ میں صاف نہیں آتے ہیں اونکے معنی واضح طور پر ظاہر کردیے جاویں اور اس کشش نے بے اختیار اس طرف توجہ دلائی پس جو معنی منترون کے غور اور فکر سے سمجھ میں آئے صاف صاف بے بیم ورجا لکھدیئے جاتے ہیں جو صاحبان شوق اور طالبان صادق اس کو غور سے بغرض خودشناسی ملاحظہ فرمائینگے اور اوس کی اصلی مراد کو پہونچینگے البتہ لطف حاصل کرینگے۔

رباعی

بے غم ز امید و فارغ از یاس رہا ہو ہراس از خود رستند و با حقیقت پیوستند	این است عبادت فقیران بشناس بے خطرہ و بے تفرقہ و بے وسواس

شری مدبھگوت گیتا کے سات سو منتر اٹھارہ ادھیایہ پر منقسم ہیں اونکی تفصیل نقشہ مشمولہ میں درج ہے بعض ٹیکا لکھنے والوں نے بیان کیا ہے کہ اس کی چند ادھیا متعلق کرم وچند متعلق اوپاسنا وچند متعلق گیان یوگ ہیں گو اونکا یہ خیال کسی درجہ تک صحیح ہو مگر دراصل کلام ویدانت وسانکھ یعنی توحید وعرفان کا سلسلہ جو دوسرے ادھیا کے گیارہویں منتر سے شروع ہوا ہے آخیر تک مثل زنجیرے کے سوال وجواب کے پیرایہ میں رموز کھولتا ہوا چلا گیا ہے اس ترجمہ میں منتروں کے معنی جلی قلم اور تشریح باریک حروف میں اوس کے نیچے لکھی گئی ہے ہر ادھیا کے آخر میں اوس کا خلاصہ لکھدیا گیا ہے اور بعض مقامات پر اون اونپشدوں کا حوالہ جہاں سے کہ مضمون گیتا میں اختصار ہو کر آیا ہے دیا گیا ہے تاکہ ناظرین کو جو شکوک پیدا ہوں انکے مطالعہ سے رفع ہو جائیں بھگوت گیتا کل اونپشدونکا خلاصہ ہے اور جو مضامین اونپشدوں میں مختلف مقامات پر مکرر آتے ہیں وہ اس صحیفہ میں بموقعہ مناسب ترتیب دیئے گئے ہیں چونکہ اہل ہنود میں سے کوئی شخص وید اور اونپشدونکی احکام سے انکار نہیں کرسکتا پس جہاں کہیں ضمیر معنوئہ عام اور اصلی ضمیر میں فرق واقع ہوا ہے اونپشدونکی شہادت کی مہر اوس جگہ لگادی گئی ہے تاکہ اوسے دیکھکر رفع شک

ہو سکے باون اونشدوں کا ترجمہ شاہزادہ بے حزن واندوہ محمد داراشکوہ نے فارسی میں کیا تھا اور اوس کا نام سر اکبر رکھا تھا چونکہ فارسی کا شوق اب کم ہو گیا ہے اور علم معرفت و توحید کے طالب کم رہ گئے ہیں بدیں وجوہات وہ اب تک طبع نہیں ہوا اور قلمی بھی مشکل سے دستیاب ہوتا ہے اِس کا ترجمہ منشی کنہیا لال صاحب الکھ دہاری نے بمقام لدھیانہ اُردو میں چھپوایا ہے اور اوس کو الکھ پرکاش موسوم کیا ہے۔

دیباچہ شری مدبھگوت گیتا

بھگوت گیتا کی اٹھارہ ادھیائیں کتاب مہابھارت مصنفہ شری وید ویاس کے بھیشم پرب میں واقع ہوئی ہیں جس زمانہ میں عارفوں نے توحید و عرفان کا لُب لُباب اُن میں موجود پاکر اونکو اوس کتاب سے منتخب کیا تھا اوس وقت اونہوں نے ذیل کا سنسکرت دیباچہ اون پر بڑہایا تھا۔

॥ ॐ अस्य श्री भगवद्गीता माला मंत्रस्य भगवान वेदव्यास ऋषिः

अनुष्टुप्छन्दः श्री कृष्णः परमात्मा देवता ॥

اوم مہاواک یعنی اِسم اعظم ہے جو عالم کا تخم اور مبدا مانا گیا ہے اور وید اونشد اور ہر کتاب متبرک کے آغاز میں آیا ہے اِس کی فضیلت اونشدوں میں مفصّل لکھی ہوئی ہے اور اس شری مدبھگوت گیتا کی آٹھویں ادھیا کے تیرہویں منتر میں اسکے شغل کا طریقہ مختصر طور پر بیان کیا گیا ہے اور پندرہویں ادھیا میں اسکی تصریح کی گئی ہے۔

اِس شری مدبھگوت گیتا کے منتروں کی لڑی کے شری بھگوان وید ویاس رشی ہیں انشٹپ چھند ہے۔ اور شری کرشن پرماتما دیوتا ہیں

بھگوت گیتا کے ... منتر بمنزلہ مالا کے دانوں کے ہیں اور ذیل کے تین منتر مثل

دانہ ہمیر کے ہیں گیتا جی کے کل اُصول اُنہیں بصورت تخم موجود ہیں۔ زمانۂ قدیم میں رواج تھا کہ کتاب کی ابتدا میں رشی یعنی مصنف کا نام چھند یعنی وزن بحر اور دیوتا یعنی موصوف الیہ کا نام درج کیا کرتے تھے یہ بات وید اور دیگر پرانی تصانیف سے ظاہر ہے

अशोच्यानन्वशोचस्त्वं प्रज्ञावादांश्च भाषसे इति बीजं ॥१॥

(۱) بیج منتر (لُبِ لباب کلام) افکار باطل کرتا ہے اور دانائی کی باتیں کرتا ہے۔ جیسے بیج میں درخت کی شاخ پتے پھول پھل وغیرہ سب اجزا چھپے موجود ہوتے ہیں اور بونے سے نشو ونما پاتے ہیں ویسے ہی بیج منتر اون الفاظ کو کہتے ہیں جن کے معنی میں کل علم خود شناسی پوشیدہ طور پر موجود رہتا ہے اور ترکیب علمی سے ظاہر ہو جاتا ہے یہ بیج منتر ایک تنبیہ ہے جو حالت جہل کو دکھلاتی ہے خواب سے بیدار کرتی ہے اور جتاتی ہے کہ پندار خودی کی ہستی موہوم ہے یعنی انسان غلطی میں پھنسا ہے اور غلطی کو صحت سمجھتا ہے جب وہ غلطی رفع کرنیکی کوشش کریگا تب اس کے معنی اوسکو بخوبی حل ہو جائینگے یہ منتر بھگوت گیتا کے دوسرے ادھیا کے گیارہویں منتر کا نصف حصہ ہے اور وہاں سے انتخاب کر کے اس دیباچہ میں لایا گیا ہے۔ اوس جگہ اسکے معنی بالتصریح بیان کئے جائینگے۔

सर्वधर्मान्परित्यज्य मामेकं शरणं व्रजेति शक्तिः ॥२॥

(۲) شکتی منتر (قوت طلب یا صدق ارادت) جس طرح اوپر بیج منتر میں سب علوم پوشیدہ بیان کئے گئے ہیں اوسی طرح شکتی منتر وہ منتر ہے جس میں عشق عرفان زہد و ریاض وغیرہ طلب کے ساری قوتوں کے معنی مشمول ہیں۔

سب دہرموں کو چھوڑ کر میری ہی شرن میں آؤ

یہ منتر نصف حصہ اس شری مد بھگوت گیتا کے اٹھارویں ادھیا کے ۶۶ منتر کا ہے جو کتاب کے آخر سے انتخاب کر کے یہاں لایا گیا ہے۔ سب دہرموں کا تیاگ جیسا کہ

تیسرے ادھیامیں بیان کیا جاویگا بحالت حیات ناممکن ہے دھرم کے معنی خاصہ طبعی کے ہیں۔ جب تک انسان زندہ رہتا ہے انتہ کرن اور گیان اندری اور کرم اندری اپنا اپنا دھرم یعنی فعل متعلقہ کرتے رہیں گے ان سب کا معطل ہونا غیر ممکن ہے جب یہ امر ناممکن ثابت ہے اور شرط پوری نہیں ہوسکتی تو پھر شرن میں آنا کیونکر ہوسکتا ہے مراد کلام یہ ہے کہ جس غلط فہمی سے تونے اپنا آپا مان رکھا ہے اور جسکو اہنکار یعنی انانیت کہتے ہیں اوسے چھوڑ دے جب تونے اوسے چھوڑ دیا وہ ہی میری شرن میں آنا ہی یعنی جب تیرے اہنکار کا حجاب اوٹھ گیا تو میں ہی میں باقی رہا۔

شعر

خانہ خالی کن دِلا تا منزلِ جاناں شود	کین ہوسناکان دل وجان جائے دیگر کردہ اند

دیگر

دردِ دل میکشاید چشم از اغیار پوشیدن	کلید قفل دل باشد نگہ بر خویش دزدیدن

مگر اہنکار کا جو خاصہ طبعی سے پیدا ہوا ہے بغیر ابھیاس یعنی شوق کے دور ہونا محال ہے اور ابھیاس بھی ایک قسم کا دھرم یعنی عمل ہے پس اب دریافت کرنا چاہیے کہ وہ کونسا عمل ہے جسے عمل نکلنا چاہیے وہ حرکت پران یعنی نفس کی ہے جو خود بخود ہر انسان میں بلاکوشش جاری ہے اور جسکو پران دایان یعنی نفس بالا دیا ہیں کہتے ہیں وہ کبھی کا فعل نہیں ہے قدرت کا فعل ہے اسی کی تحقیقات کے لیے وید اور کتب دیگر مذاہب تصنیف ہوئیں اور قواعد جگ تپ کرم اوپاسنا دھیان جوگ اور سانکھ قایم کئے گئے اور ورد و وظائف مقرر کیے گئے مگر اس کا عقدہ بغیر اس عمل کے جو عمل نہیں کیا جاسکتا اور جس کی ضمیر کا یہ منتر شاہد ہے حل نہوا۔ وید اور اونپشد و غیرہ اسی رمز کی تشریح میں طوالت کے ساتھ طرح طرح کے بیانات درج ہوئے ہیں مگر نکتہ کے سمجھ میں آنے سے عقل حیران ہو جاتی ہے اس واسطے اس صحیفہ متبرک میں جو حیرانی کا دور کرنیوالا ہی

یہ منتر شکتی منتر قرار پایا ہے یہی انتہائے ادراک اِنسانی ہے اور حل کرنے والا سربستہ
عقدوں کا ہے اسکی طریقت سُرت سادہنا اجپا جاپ سن دہیان ناسا گردتریٹی دہیان
وغیرہ اگلے ادہیاؤں میں بیان کئے جائینگے گو اور طریقوں سے آخر میں اِسی کمال پر پہونچتے
ہیں مگر بہت سرگردانی و پریشانی کے بعد آخر منزل سب کی یہی قدرتی طریقہ ہے چونکہ یہ
رمز باریک ہے اہل دانش کے سمجھنے کے لئے ایک روایت توضیحاً درج کی جاتی ہے
ایک راجہ واسطے تحصیل کرنے برہم ودیا کے ایک رکھیشر کے پاس گیا رکھیشر نے پوچھا
کہ اگر میں برہم ودیا بتاؤں تو تو اوسکے عوض مجھے کیا دیگا راجہ نے جواب دیا کہ میرا
راج لیلو رکھیشر نے کہا راج دراصل تیرا نہیں۔ اوسکے قابض گذشتہ راجگان تھے اور آیندہ
تیری اولاد کا حق ہے اور وہ بھی ایک خدمت ہے اوسے لیکر میں کیا کروں گا جو مال و
اسباب ہے وہ سلطنت کا سامان اور رعایاء کی بہبودی کا سرانجام ہے۔ تب راجہ
نے کہا کہ میرا جسم لیلو رکھیشر نے کہا کہ اوّل تو یہ جسم چرک گوشت اور استخوان وغیرہ کا بنا
ہوا اور ناپائدار ہے دوم ماں باپ کو اُس پر دعوئے فرزندی اور اولاد کو دعوئے ولدیت
اور بیوی کو دعوئے شوہری ہے یہ تو مجھے کیونکر دیسکتا ہے تب راجہ خواب غفلت سے
بیدار ہوا اور اوس نے خیال کیا کہ میرا تو کچھ بھی نہیں ہے (یعنی ترک انانیت ہوا) تب
اُس نے کہا کہ مجھے اپنا کچھ بھی نہیں معلوم ہوتا بعد ازاں رکھیشر نے کہا کہ تیرا کچھ ہے بشرطیکہ
وہ مجھے دیدے اور پھر اوس کا استعمال نکرے تو میں برہم ودیا بتاؤنگا۔ راجہ نے کمال شوق
سے کہا جو مانگو میں دینے کو تیار ہوں۔ رکھیشر نے کہا اپنا چیت مجھے دیدے راجہ نے
حسب قول فوراً چیت کا سنکلپ کر دیا تب رکھیشر اوٹھکر وہاں سے چلدیا۔ راجہ کو دلمیں
حیرت ہوئی کہ میں نے تو حسب اقرار اپنے چیت کا سنکلپ کر دیا مگر رکھیشر نے برہم ودیا
نہ بتائی مگر بغور پیدا ہونے اِس خیال کے راجہ نے سوچا کہ بغیر چیت کے خیال کا پیدا ہونا
ممکن نہیں اور چیت میں دیچکا ہوں اب اِس سے کوئی فعل کرنا خلاف معاہدہ ہے پس

خاموش بیٹھ گیا اور ایسے سکون کی حالت میں رہا کہ خیال کو وسعت پیدا ہونے کی نہ لی جب
تین دن اس طرح پر گذر گئے تب رکھیشر جس کا یہ فعل صرف راجہ کو خواب غفلت سے
بیدار کرنے کے واسطے تھا وہاں پر آیا اور اوس نے راجہ کو مستقل و مطمئن بیٹھا پایا اور وہ
آفریں کرکے لب کشا ہوا مگر راجہ بسبب معاہدہ جواب دینے سے معذور رہا کہ چت سے
فعل کرنا جایز نہ تھا تب رکھیشر نے اوسکے بطون سے آگاہ ہو کر یوں کہا کہ اے راجہ تو اپنا
چت مجھے دے چکا ہے اور اب وہ میرا ہے میرے چت سے میرے سوال کا جواب دے
ازان بعد برہم و دیا تلقین کی فی الحقیقت "سب دھرموں کو چھوڑ کر میری شرن میں آؤ" اسی کیفیت
قلب کا بیان ہے یعنی چت کی حرکت روکنے سے سب دھرموں کا تیاگ ہو جاتا ہے

अहंत्वां सर्व पापेभ्यो मोक्षयिष्यामि मामचेति कीलकम् ॥ ३॥

(۳) کیلک منتر (کلید معرفت) میں تجھے سب پاپوں سے آزاد کر دونگا تو فکر نکر
جب حسب ہدایت بیج منتر کے اپنی جہل و نادانی کی حالت سے آگاہ و واقف ہو کر
طالب بموجب شکتی منتر عامل ہوگا تب وہ واہمات سے رہائی پاکر ذات میں وصل ہوگا۔
یہ اقرار واجب الوجود کا ہے جو اس میں شک و شبہ کریگا بیشک گرفتار واہمات رہیگا۔

رباعی

تا آنکہ سوائے حق بدانی خودرا
در ظاہر و باطنت نیابی جز حق

غافل ز بقائے حق بدانی خودرا
ہرگاہ کہ جائے حق بدانی خودرا

अथ न्यासः

ذیل کے چھ منتر کرنیاس کے ہیں۔ کرنیاس کا اشارہ طرف اون تصورات کے ہے
جو شاغل کو اپنے انتہ کرن یعنی قلب میں قایم کرنے چاہئیں اور جنکا بیان ذیل میں درج ہے

नैनं छिंदंति शस्त्राणि नैनं दहति पावकः इत्यंगुष्ठाभ्यांनमः॥ १॥

नचैनं क्लेदयंत्यापो नशोषयति मारुतः इति तर्जनीभ्यांनमः॥ २॥

अच्छेद्यो ऽयमदाह्यो ऽयमक्लेद्यो ऽशोष्य एव च इति मध्यमाभ्यांनमः ॥३॥
नित्यः सर्वगतः स्थाणुरचलो ऽयं सनातनः इत्य नामिकाभ्यांनमः ॥४॥
पश्य मे पार्थ रूपाणि शतशो ऽथ सहस्रशः इति कनिष्ठकाभ्यांनमः ॥५॥
नाना विधानि दिव्यानि नाना वर्णाकृतीनि चेति करतलकर पृष्ठा
भ्यांनमः ॥६॥

(۱) اس جان کو نہ ہتیار کاٹتے ہیں نہ آگ جلاتی ہے — شمار انگوٹھ پر
(۲) نہ اسکو پانی گلاتا ہے اور نہ ہوا خشک کرتی ہے — " انگشت سبابہ پر
(۳) یہ نہ کٹ سکتی ہے نہ جل سکتی ہے نہ گل سکتی ہے اور نہ خشک ہو سکتی ہے " " وسطی پر
(۴) یہ لازوال محیط - قایم بالذات - ساکن اور قدیم ہے " " بنصر پر
(۵) ارجن دیکھہ میرے روپ سیکڑوں بلکہ ہزاروں " " خنصر پر
(۶) طرح طرح کے عجائبات اور رنگا رنگ کے جلوے " دست بر دست پر

شروع کے چار منتر دوسری ادہیا کے منتر نمبر ۲۳ و ۲۴ کے نصف نصف حصے ہیں اور آخر کے دو منتر گیارہویں ادہیا کے پانچویں منتر میں مشمول ہیں - اور وہاں سے اختصار کر کے بصورت کرنیاس یہاں لائے گئے تاکہ انکے اصول روزمرہ کے ورد و مزاولت سے طالب کے قلب پر نقش ہوکر اخلاقی ہمت اور عقل سلیم پیدا کرتے ہیں اور علم معاد کی طرف اونکی توجہ دلاتے ہیں اوپر کے چھ منتروں سے کے اول نصف حصے بطور انگنیاس ذیل میں مکرر لکھے جاتے ہیں -

नैनं छिन्दन्ति शस्त्राणि इति हृदयाय नमः ॥१॥
न चैनं क्लेदयंत्यापो इति शिरसे स्वाहा ॥२॥
अच्छेद्यो ऽयम दाह्यो ऽमिति शिखायै वषट् ॥३॥
नित्यः सर्व गतः स्थाणु रिति कवचाय हुं ॥४॥
पश्यमे पार्थ रूपाणि इति नेत्र त्रयाय वौषट् ॥५॥

नाना विधानि दिव्यानि इत्यस्त्राय फट् ॥६॥

(۱) اِس کو ہتیار نہیں کاٹتے ہیں	ہردے یعنی قلب میں تسیم
(۲) اور نہ اِسکو پانی گلاتا ہے	پیشانی میں "
(۳) یہ نہ کٹ سکتی ہے اور نہ جل سکتی ہے	ام الدماغ میں "
(۴) لازوال۔محیط اور قایم بالذات ہے	دونو بازو پر "
(۵) ارجن دیکھ میرے روپ کو	آنکھوں سے "
(۶) طرح طرح کے عجائبات	جذبۂ اشراق میں "

آجکل جو عملی کارروائی کرن نیاس اور انگنیاس کی پوجا کرتے ہوئے ہوتی ہے اوس میں بموجب اِن اشاروں کے پوجا کرنے والے کو منتر پڑھنے کے وقت ہدایت اِن اعضا پر ہاتھ رکھنے کی ہوتی ہے اور اِس فعل کی غرض اور مُراد مطلق دریافت نہیں کہ کیا ہے جسوقت علم توحید کی ہند میں روشنی تھی اور علوم باطنی کا چرچا تھا اوس زمانہ میں یہ مختصر عمل ظاہری طالبان کے واسطے قایم کیا گیا تھا تاکہ اِس کے مزاولت سے اونکو کشائش باطنی حاصل ہوئے اِن علامات کا شمار انگوٹھے وغیرہ پر بجاتے مالا کے دانوں کے ہے اور اشارہ طرف تصور باطنی کے ہے جو اندرونی قوتوں سے متعلق ہے یعنی جس جس منتر کو پڑہے ساتھ ہی اوسکے اندر اوس مقام پر وہ تصور قایم کرتا جاوے۔ جو مختلف مقامات قلب پیشانی ام الدماغ وغیرہ اوپر بیان ہوئے ہیں اِسوقت کے رہنما اب صرف وہاں پر ہاتھ رکھا دیتے ہیں معنی و مراد اسکی نہیں جانتے۔

ہِردے۔ اکاس یعنی خلاء ہے جسکو تلوار قابلیت قطع کرنے کی نہیں رکھتی ہے وہاں پر یہ صفت خلا کی تمیز ہوئی ہے۔

پیشانی۔ بھی جائے تصور ہے چونکہ پانی مادہ افزایش و تولید خیالات کا ہے وہاں پر تصور قایم کرنے والے کو اثر اوس کا نہیں پہونچتا یعنی سلسلہ خیالات اور واہمات کا بند ہوجاتا ہے

اُم الدماغ جائے تصور خاص ہے اِسکی علمی بلندی اِسقدر ہے کہ وہاں نہ ہتیار اور نہ

آگ کا اثر پہونچ سکتا ہے

دونوں بازو علامت قوت کے ہیں اور جان کی صفت فنا سے برتر اور محیط اور قائم بالذات ہونا ثابت کرتی ہیں

آنکھ بنش کا آلہ ہے اس سے جان کے کرشمہ محیط اور بسیط نظر آتے ہیں

جذبہ اشراق کا مقام سب سے اعلیٰ ہے اس میں نادر جلوے انہو کے جو کہ ایک کیفیت حال ہے نظر آتے ہیں ہندوستان اور دیگر ملکوں میں طالبان حق تصورات خاکی آبی بادی آتشی شمسی اور نیز شونیہ دہیان کا شغل کیا کرتے تھے تاکہ صفائی قلب بنا بر حصول علم معرفت حاصل ہو اس طریقت میں جو اوپر بیان کی گئی ہے اون سب طریقوں کا اصل اصول آگیا ہے اسکے عامل کو اون اشغال کی کوئی ضرورت باقی نہیں رہتی ہے کہ وہ تصورات بصورت جلی ہیں اور یہ بصورت خفی ہے۔

श्री कृष्ण प्रीत्यर्थे जपे विनि योगः ॥ अथ ध्यानम्

شری کرشن کی صدق محبت کے لئے جپ کرنیکا ارادہ کرکے۔ تصور (مندرجہ ذیل کرنا چاہئے)

पार्थाय प्रति बोधितां भगवता नारायणे न स्वयं।

व्यासे न ग्रथितां पुराण मुनिना मध्ये महाभारते ॥

अद्वैतामृत वर्षिणीं भगवती मष्टाद शा ध्यायिनी।

मंबत्वा मनसा दधामि भगव द्गीते भवद्वेषिणीम् ॥१॥

(۱) جس (بھگوت گیتا) کے اصول کرشن بھگوان نے خود ارجن کو تلقین کئے اور جسکو پراچین منی بیاس نے کتاب مہابھارت میں منسلک کیا۔ توحید کا آب حیات جس سے برستا ہے اور جو اٹھارہ ادھیا پر منقسم ہے اور سنسار کا اگیان دور کرتی ہے ایسی مادر مہربان کو میں اپنے دل میں جگہ دیتا ہوں۔

شری مد بھگوت گیتا کے اصول شری کرشن بھگوان نے آپ جنگ مہابھارت کے موقع پر

ارجن کو تلقین کئے اور شری وید ویاس مہاراج نے اونھیں ضمیروں کو تشریح کے ساتھ
منظوم کرکے کتاب مہابھارت میں منسلک کیا چونکہ اِن اٹھارہ ادھیاؤں میں پچھلے محققوں نے
علم حقیقت کا لُبِ لُباب بھرا پایا تھا لہذا اون کو اوس کتاب سے منتخب کرکے یہ دیباچہ
اوس پر لکھا تھا اور عملی طریقت تصور و شغل کی لکھدی تھی ادھیاؤں کے استعارے اور محاورے
دیباچہ سے مختلف پائے جاتے ہیں یعنی اون میں قدامت زمانہ اور دیباچہ سے زمانہ حال
کا کلام ہونا ثابت ہوتا ہے جس میں لکھنے والا شری وید ویاس مصنف کی اسطور پر تعریف کرتا ہے

नमोऽस्तुते व्यास विशाल बुद्धे फुल्लारविंदायत पत्र नेत्र ॥
येनत्वया भारत तैल पूर्णः प्रज्वालितो ज्ञान मयः प्रदीपः ॥ २॥

(۲) نمسکار ہے آپ کو ویاس روشنضمیر جنکی آنکھیں کھلے ہوئے کنول کے دراز برگ کی
مانند ہیں اور جنھوں نے کتاب مہابھارت کے روغن سے بھرا ہوا معرفت کا چراغ
روشن کیا ہے۔

شری وید ویاس کی بزرگی اور عظمت نہ صرف ہندوستان میں تسلیم ہوئی ہے بلکہ ملک یونان
کے فلسفہ دانوں نے اِنکے شاگردوں سے علم الٰہی و فلسفہ حاصل کیا ہے حضرت داراشکوہ
لکھتے ہیں "کلام راحت انجام حق اساس حقیقت شناس معرفت بیقیاس وحدت مماس محرم اسرار
خاص الخاص سوامی بیاس کہ تعریفش از ہرچہ گویند افزوں و توصیفش از ہرچہ نویسند خارج و
بیرون است چنانچہ حکیم اوّل افلاطون کہ شہرۂ آفاق و ممتاز حکمائے عرب و عجم بودہ باوجود
انواع حکمات بحکمت اشراقیہ سرفرازی داشت درشاگردی کمترین شاگردان ایشہم بندی کہ
حکیم بس بزرگ گذشتہ است و افلاطون در کتب مولفہ خود وصف کمالاتش را بدرجہ کمال لاکن
مفصل بقلم آوردہ و ایں مرشدش مریدے از سلسلہ مریدانِ سوامی بیاس است درجہ بزرگیش
ازینجا تصور نمانید کہ بچہ درجہ خواہد بود"

اونکی تصنیف کتاب مہابھارت بمنزلہ روغن کے ہے اور صحیفہ شری مدبھگوت گیتا چراغ معرفت

ہے جسکو اونہوں نے فلسفہ ویدانت کی آتش سے روشن کردیا ہے

प्रपन्न पारिजाताय तोत्र वेत्रैक पाणये ॥

ज्ञान मुद्राय कृष्णाय गीतामृत दुहे नमः ॥३॥

(۳) سری کرشن مہاراج کو نمسکار ہے جو کہ بمنزلہ درخت طوبیٰ ہیں ناوک چھڑی جنکے ایک ہاتھ میں ہے جو اشارات سے گیان سمجھاتے ہیں اور گیتا کا آب حیات جنہوں نے نکالا ہے طوبیٰ ایک فرضی درخت ہے جسکا مقام سرگ میں بتاتے ہیں۔ سرگ وہ مقام ہے جہاں وسوسات نہوں جہاں وسوسات نہیں وہ قلب بے پندار ہے جس قلب سے پندار جاتا رہا اوسکی ہر وقت ہر مراد حاصل ہے پس جو طالب صادق اور اہل ارادت ہیں وہ ہرگز نامراد نہیں رہتے کرشن مہاراج کل عالم کو برہم ودیا تلقین کرنے والے اور گرو ہیں۔ اور کل علوم مثل دائروں کے ہیں جو اونکے نقطہ علم کے گرد کھینچے ہیں اور وہ کل دائرہ علم پر محیط ہیں۔ گیتا بیشک وہ امرت ہے جس کا پینے والا حیات ابدی پاتا ہے اور خوف مرگ سے آزاد ہو جاتا ہے۔

सर्वो पनिषदो गावो दोग्धा गोपालनन्दनः ॥

पार्थोवत्सः सुधीर्भोक्ता दुग्धं गीतामृतं महत् ॥४॥

(۴) سب اونپشد (بمنزلہ) گؤ کے ہیں۔ کرشن دوہنے والے۔ ارجن تیز فہم بچھڑا پینے والا اور گیتا کا عمدہ آب حیات دودھ ہے۔

اس سے ثابت ہے کہ بھگوت گیتا ویدوں کے تمام اونپشدوں کا خلاصہ اور اوّل منتر سے ظاہر ہے کہ کرشن بھگوان نے انہیں اونپشدوں کا خلاصہ ہے اصول ارجن کو بوقت جنگ مہابھارت تلقین کیا تھا پس اونپشد اور تلقین کرشن بھگوان اور شری وید ویاس کی منظوم گیتا ایک ہی ضمیر اور اصول رکھتے ہیں۔ گویا اونپشد بمنزلہ گئو۔ گیتا بمنزلہ اوسکے دودھ اور تلقین کرشن بھگوان بمنزلہ گھی کے ہے۔

बसुदेव सुतं देवं कंस चाणूर मर्दनम्
देवकी परमानन्दं कृष्णं वंदे जगद्गुरुम् ॥५॥

(۵) وسودیوجی کے فرزند - دیوتا - کنس اور چانور کے مارنے والے - دیوکی کو راحت دینے والے - جگت کے گرو کرشن کو نمسکار کرتا ہوں -

भीष्म द्रोणतटा जयद्रथजला गांधारनीलोत्पला।
शल्यग्राहवती कृपेणवहनी कर्णेन वेलाकुला॥
अश्वत्थाम विकर्ण घोर मकरा दुर्योधनावर्तिनी।
सोत्तीर्णा खलु पांडवैः कुरु नदी कैवर्तकः केशवः॥६॥

(۶) بھیشم اور درون جسکے کنارے ہیں اور جیدرتھ جل ہے - گندھاری کے بیٹے جس میں نیلے کنول ہیں اور شلیہ ناکہ ہے کرپاچاری جسکی سیلانی اور کرن تلاطم ہے اشوتھاما اور وکرن جس میں خوفناک نگر ہیں اور دریودھن بھنور ہے اُس کوروں کی ندی سے کرشن جی کی ملاحی کی بدولت پانڈو کی کشتی پار ہوئی -

اِن منتروں میں مصنف نے طاقت کوروان کو ایک ندی فرض کیا ہے اور اونکے لشکر کے سرداروں کو اوس کا شاعرانہ تلازمہ باندھا ہے -

पाराशर्य्यवचः सरोजममलं गीतार्थ गंधोत्कटं।
नानाख्यानक केसरं हरिकथा संबोधिना बोधितं॥
लोके सज्जन षट्पदै रहरहः पेपीयमानं मुदा।
भूयाद्भारत पङ्कजं कलिमलः प्रध्वंसिनः श्रेयसे॥७॥

(۷) جو پراشر جی کے فرزند (وید ویاس جی) کے کلام کے تالاب میں لگا ہوا اور آبدار ہے گیتا کے معنی جسکی تیز خوشبو ہیں طرح طرح کے بیانات جس میں مثل کیسر کے ہیں - توصیف ذات کے الفاظ سے جو کھلا ہوا ہے اور دنیا میں نیک انسان مثل بھونروں

کے شوق سے جیسکے (درس) کو روزمرہ پڑھتے ہیں وہ مہابھارت کا کنول کلجگ کی تاریکی کا دور کرنے والا اہاری بہتری کا سبب ہو۔

مخفی نرہے کہ جو طریقے واسطے حصول علم الوہیت کے زمانہ سابق میں تھے۔ اونکا اس زمانہ میں تکمیل پانا محال ہے۔ تپ جگ اوپاسنا کرم کانڈ اور یوگ تریتا اور دواپر تک محدود رہے کلجگ میں صرف بھکتی یعنی عشق حقیقی سب سے بہتر وسیلہ ہے مقولہ کبیر صاحب۔

نیارا نیارا ہوت ہے جگ جگ کا بیوہار سیوا ہوم اوپاسنا عل تریتا بیچ	چر چا تپ ست جگ بکھے دواپر جگ اوہار کلجگ میں بھکتی بھی کیا اوتم کیا نیچ

اوتار شری کرشن جی کا یعنی نزول واجب الوجود کا جسم انسانی میں اسی غرض سے ہوا تھا کہ علم ذات کو جو بوجہ انقلاب زمانہ مستور ہو گیا تھا پھر ظاہر کر دیا جاوے چنانچہ یہ بھگوت گیتا کا فرمان خاص ذات نامتناہی سے جاری ہوا ہے تاکہ زمانہ آیندہ میں جو طالبان حق ہوں وہ اس منشور عالی کو حرز جان بناکر ذات بحت کے ادراک سے حیات ابدی پاویں۔

मूकं करोतिवाचालं पंगु लंघयते गिरिम् ॥

यत्कृपा तमहं बन्दे परमानन्द माधवम् ॥ ८ ॥

(۸) جس کی قدرت گونگے کو بولنا سکھاتی ہے اور لنگڑے سے پہاڑ عبور کراتی ہے اوس پرمانند سروپ کرشن بھگوان کو نمسکار کرتا ہوں۔

نفس گونگا تھا قوت نطق نے اوسکو ناطق بنایا عقل کے پاؤں نتھے علم کی قوت نے اوسکو تمام مشکلات پر عبور کرایا۔

यंब्रह्मा वरुणेन्द्र रुद्र मरुत स्तुन्वंति दिव्यैस्तवै।

वैदैः सांगपदक्रमोप निषदै र्गायंतियं सामगाः ॥

ध्यानावस्थित तद्गतेन मन सापश्यंतियं योगिनो।

यस्यातं नविदुः सुरासुरगणा देवाय तस्मैनमः ॥ ९ ॥

(۹) جسکی برہما - ورون - اندر - رودر - مرت عمدہ عمدہ تعریفوں سے استوتی کرتے ہیں اور سام وید کے گانے والے انگ پد - کرم کے ساتھ وید اور اونیشد جسکی (حمد میں) گاتے ہیں اور یوگی دہیا نمیں قایم ہوکر اور اوس میں دل لگا کر جسکو مشاہدہ کرتے ہیں - جسکی حقیقت نیک کردار اور بدکردار انسانوں سے نہیں جانی ہے اوس دیکر شن) دیو کو نمسکار ہے ان اسماء سے اُن قوتوں کی طرف اشارہ ہے جن کو عارفوں نے علم اشراق سے دریافت کیا ہے یہ سب ذات لاتناہی کی صفات ہیں جنکو لوگوں نے اپنے خیال کے موافق مجسم قرار دے رکھا ہے - انگ - پد اور کرم - اصطلاحی الفاظ ہیں - انگ کے معنی جزو وید - پد کے معنی کلمہ اور کرم کے معنی قرات یعنی خاص الحان سے پڑہنا ہے -

شری وید ویاس مُنی علم توحید میں ایسے زبردست ہوئے ہیں کہ اونکی تشبیہ کے واسطے کوئی دوسرا وجود نظر نہیں آتا - وسشٹ جی جو رشی اونکے دادا اور شری پراشر سوامی انکے والد بزرگوار دونوں عارف کامل تھے - تخم علم موروثی نے ان میں آکر تکمیل پائی تھی انکا کلام عین معقولات ہے اور کتب وید کا اصلی منشا ہے اونکے اصول کو اپنے خیالات سے محجوب کرنا انصاف سے بعید ہے اور اوس میں رد جک دہیانک کو دخل دیکر معنی کو بدل دینا خلاف عقل ہے یہ صحیفہ فیض عام ہے جو اونہوں نے نہ صرف اہل ہند بلکہ تمام دنیا کے واسطے بخشا ہے اور کلام علوی وہی ہوسکتا ہے جو سب جگہہ اور سب پر حاوی ہو اور ہمیشہ یکساں رہے -

رباعی

حق جانب آنہاست کمون میگویند	بعضے گویند ما سوا چیزے نیست	جمعے برہ کعبہ رہے سے پویند	قومے بہ نماز در روز حق میجویند

ادہیائے اوّل ارجن وشاد (۴۷ منتر)

धृतराष्ट्र उवाच - धर्मक्षेत्रे कुरुक्षेत्रे समवेता युयुत्सवः ॥
मामकाः पाण्डवाश्चैव किमकुर्वत संजय ॥ १ ॥

دہرتراشٹر نے سوال کیا (۱) اے سنجے ہمارے اور پانڈو کے طرف والوں (نے

دھرم بھومی کورچھیتر میں بارادہ جنگ جمع ہوکر کیا کیا ۔

ترجمہ نظم

جنگ کورو چھیتر کا سنجے بیان کر راجا | پانڈو کوروں نے اوس بھومی میں جا کر کیا کیا

راجہ دہرت راشٹر اور راجہ پانڈو دو بھائی تھے مگر راجہ دہرت راشٹر نابینا تھے پس راجہ پانڈو کو سلطنت ملی تھی راجہ پانڈو کی وفات کے بعد دریودھن دہرت راشٹر کا بڑا بیٹا کارو بار سلطنت کیا کرتا تھا اوس نے حق اپنے چچازاد بھائیوں یعنی اولاد پانڈو کا جو کہ اصلی حق دار تھے دغا سے چھین لینا چاہا اور اونکو اذیت پہونچائی اِس بنائے حق پر مخاصمت پیدا ہوکر جنگ مہابھارت وقوع میں آئی اِس موقعہ پر دہرت راشٹر کا سوال اپنے رتھبان بوجہ نابینا ہونے کے ہوا ہے ۔

संजयउवाच ~ दृष्ट्वातु पांडवानीकंव्यूढं दुर्योधनस्तदा ।
आचार्य मुपसं गम्य राजा वचन मब्रवीत ॥२॥

سنجے نے بیان کیا (۲) کہ پانڈو کی فوج کو آراستہ دیکھکر راجہ دُریودھن نے جاکر اوستاد سے اوس وقت یہ الفاظ کہے ۔

دیکھتے ہی پانڈو کی فوج کو آراستہ | راجہ دُریودھن نے چھیڑا دروݨ سے یہ تذکرہ

पश्यैतां पाण्डु पुत्राणा माचार्य महतींचमूं ॥
व्यूढां द्रुपद पुत्रेण तव शिष्येण धीमता ॥ ३॥

(۳) اے اوستاد پانڈوں کے اِس لشکر عظیم پر نظر کیجئے جس کو درو پد کے پسر آپکے خردمند شاگرد نے آراستہ کیا ہے ۔

لشکر غدار کو ان پانڈو کے دیکھئے | منتظم ہیں جس کے عالی فہم شاگرد آپکے

अत्रशूरा महेश्वासा भीमार्जुन समायुधि ।
युयुधानो विराटश्च द्रुपदश्च महारथः ॥४॥

धृष्टकेतुश्चेकितानः काशिराजश्च वीर्यवान्॥
पुरुजित्कुन्तिभोजश्च शैब्यश्च नरपुंगवः॥५॥
युधामन्युश्च विक्रान्त उत्तमौजाश्च वीर्यवान्॥
सौभद्रो द्रौपदेयाश्च सर्व एव महारथाः॥६॥

(۴) اس پانڈوکے لشکر میں دلاور اور بڑی بڑی کمان رکھنے والے اور جنگ میں بھیم اور ارجن کے ہم پایہ یویودہان - ویراٹ - مہارتھی دروپد

(۵) دہرشٹ کیتو - چیکتان - زبردست کاشی راج - پورجت - کنتی بھوج - شیوی - منتخب دلاوران -

(۶) دلیر یدہامنیو - زور آور اُتم اوجا - سوبھدر - اور دروپد کے بیٹے جو سب مہارتھی ہیں (شامل ہیں)

یویودہان - ویراٹ - دروپد کا معزز خاندان		بھیم اور ارجن کے ہمسر میں یادہ ہراتنے جوان
شیئو - کنتی بھوج - پورجت - نام آور تیغ زن		دہرشٹ کیتو - کاشی راج اور چیکتان صف شکن
دروپد و سوبھدر کی کُنبے کے سب مہارتھی		اوتم اوجا صاحب ہمت - یدہامنیو حبدری

अस्माकं तु विशिष्टा ये तान्निबोध द्विजोत्तम॥
नायका मम सैन्यस्य संज्ञार्थं तान्ब्रवीमि ते॥७॥

(۷) اے واجب التعظیم برہمن جو ہم میں سے معزز ہیں اور میری فوج کے سردار ہیں اُنسے واقف ہوجنے آپ کی واقفیت کے لئے اونکے (نام) بیان کرتا ہوں۔

اونکے اسمائے گرامی ذیل میں مذکور ہیں ؛		جو دلاور میرے لشکر میں بہت مشہور ہیں

भवान्भीष्मश्च कर्णश्च कृपश्च समितिंजयः॥
अश्वत्थामा विकर्णश्च सौमदत्तस्तथैव च॥८॥

(۸) آپ - بھیشم - کرن - کرپاچاری - ستمنجے اشوتھاما - وکرن - اور نیز پسر سومدت

آپ بھیشم سمتنجے اور کرپاچیاریہ کرن		اشوتھاما سومدت عالی خرد راجہ وکرن

अन्ये च वहवः शूरा मदर्थे त्युक्त जीवत्ताः ॥
नाना शस्त्र प्रहरणाः सर्वे युद्ध विशारदाः ॥ ६ ॥

(۹) (انکے علاوہ) اور بہت سے جوانمرد ہیں جو میرے واسطے جان دینے والے اور ہر طرح کے ہتیار چلانے والے ہیں اور تمام فنون جنگ میں طاق ہیں۔

اور بہت سے جاں نثاری کے ہنر میں طاق ہیں		اسلحہ ہائے مختلف کے جنگ میں شاق ہیں

अपर्याप्तं तदस्माकं वलं भीष्माभि रक्षितं ॥
पर्याप्तं त्विद मेतेषाम वलं भीमाभि रक्षितं ॥ १० ॥

(۱۰) ہماری فوج زیر حکم بھیشم کے زبردست ہے اِنکی فوج ماتحت بھیم کے زیردست ہے

میری اعلیٰ فوج کا بھیشم سپہ سالار ہے		بھیم اونکی پست ہمت فوج کا سردار ہے

अयनेषु च सर्वेषु यथा भाग मव स्थिताः ॥
भीष्मेवाभि रक्षन्तु भवंतः सर्व एवहि ॥ ११ ॥

(۱۱) تم سب جو جہاں کھڑے ہو اور جس صف میں ہو بھیشم کا ساتھ دو۔

جو دلاور اج صف آرا ہیں میری فوج کے		اونکو بھیشم کی مدد واجب ہے دل اور جان سے

तस्य संजयन्हर्षं कुरु वृद्धः पितामहः ॥
सिंह नादं विनद्योचैः शंखं दध्मौ प्रतापवान् ॥ १२ ॥

(۱۲) کوروں کے بزرگ جدامجد صاحب جلال بھیشم نے زور سے شیر کی سی بلند آواز رکھنے والا سنکھ بجایا جوکہ اوس (دریودھن) کے دل میں جوش ہمت پیدا کرتا تھا۔

بوڑھے بھیشم نے اب اوسکا جی بڑھانے کے لئے		سنکھ کا نعرہ سنایا مثل غرّاں شیر کے

ततः शंखाश्च भेर्यश्च पणवानक गोमुखाः ॥
सह सैवाभ्य हन्यंत सशब्द स्तुमुलोभवत् ॥ १३ ॥

(۱۳) تب شنکھ۔ نقارہ پکھاوج ڈھول اور بگل کے ایک دفعہ ہی بجنے سے بڑا شور برپا ہوا۔

جھانج۔ نقارے۔ بگل۔ ناقوس ودف بجنے لگے
ایکدم وہ دونوں لشکر شور وغل سے گونج اٹھے

ततः श्वेतै हयै युक्ते महति स्यंदने स्थितौ ॥
माधवः पांडवश्चैव दिव्यौ शंखौ प्रदध्मतुः ॥१४॥

(۱۴) اوسکے بعد کرشن اور ارجن نے ایک ایسے رتھ پر جس میں سفید گھوڑے جتے تھے سوار ہو کر اپنے اپنے نادر سنکھ بجائے۔

بعد ازاں سبزونکے عالیشان رتھ میں بیٹھ کے
کرشن وارجن ہو گئے دمساز ایک ایک سنکھ سے

पांचजन्यं हृषीकेशो देवदत्तं धनंजयः ॥
पौंड्रं दध्मौ महाशंखं भीमकर्मा वृकोदरः ॥१५॥

(۱۵) کرشن نے پانچ جن (شنکھ) ارجن نے دیودت اور مہیب الافعال بھیم نے پونڈر مہا شنکھ بجایا

نام جنکا پانچ جن اور دیوت مشہور تھا
ایک طرف بجنے لگا پونڈر بہادر بھیم کا۔

अनंत विजयं राजा कुंती पुत्रो युधिष्ठिरः ॥
नकुलः सहदेवश्च सुघोष मणि पुष्पकौ ॥१६॥
काश्यश्च परमेष्वासः शिखंडी च महारथः ॥
धृष्टद्युम्नो विराटश्च सात्यकिश्चापराजितः ॥१७॥
द्रुपदो द्रौपदेयाश्च सर्वशः पृथिवी पते ॥
सौभद्रश्च महाबाहुः शंखान्दध्मुः पृथक् पृथक् ॥१८॥

(۱۶) راجہ یدہشٹر پسر کنتی نے اننت بجے (شنکھ) نکل اور سہدیو نے سگھوش اور منی پشپک (شنکھ)

(۱۷) کاشی راج دراز کمان۔ مہارتھی شکھنڈی۔ درشٹ دیومن۔ وراٹ۔ ساتکی فاتح دشمناں

(۱۸) دروپد کے بیٹوں اور قوی بازو پسران سوبھدر نے ہر چہار طرف اسے راجہ (دھرت راشٹر) اپنے اپنے شنکھ بجائے۔

خوب گونجے نکل اور سہدیو کی پشپک سکھوش
ہیر گیا کانوں میں ناقوس پہ ہشٹر کا خروش

جو ملے والا شکھنڈی شیر بازو کاشی راج
ساتکی - ویراٹ اور درشٹد دومن آتش مزاج

دروپدی و سبھدر کی کنبہ کے چھوٹے اور بڑے
شادمان تھے اپنے اپنے سنکھہ کی آواز سے

सघोषो धार्तराष्ट्राणां हृदयानि व्यदारयत्॥
नभश्च पृथिवीं चैव तुमुलो व्यनुनादयन्॥

(۱۹) وہ شور و غل سے ان دہرت راشٹر کا سینہ چاک کرتا تھا اور زمین و آسمان میں گونج گیا تھا۔

شور و غل سن سن کے کوروں کا جگر پھٹنے لگا:
یک بیک ارض و سما میں تہلکہ برپا ہوا

अथ व्यवस्थितान् दृष्ट्वा धार्तराष्ट्रान्कपिध्वजः॥
प्रवृत्ते शस्त्र संपाते धनुरुद्यम्य पांडव ::॥२०॥
हृषीकेशं तदा वाक्य मिद माह मही पते ॥
अर्जुनउवाच ~ सेनयोरुभयोर्मध्ये रथं स्थापयमेऽच्युत ॥२१॥

(۲۰) اُس وقت دہرت راشٹر کے لشکر کو استادہ دیکھکر جنگ کے شروع ہونے پر کمان اوٹھاکر ارجن نے۔

دیکھکر کوروں کو اپنے سامنے صف میں کھڑا
ہاتھ میں لیکر کمان جب کشت و خوں ہونے لگا

(۲۱) کرشن سے یہ الفاظ کہے کرشن تم میرے رتھ کو درمیان دونوں لشکروں کے ٹھیرا دو۔

کرشن سے اے مہرباں اُس وقت ارجن نے کہا
وسط میں فوجوں کے میرے رتھ کو ٹھیرا دو ذرا

यावदेतान्निरीक्षेऽहं योद्धुकामानवस्थितान्॥
कैर्मया सह योद्धव्यमस्मिन्रण समुद्यमे॥२२॥

(۲۲) تاکہ میں ان جنگجوؤں کو جو کھڑے ہوئے ہیں دیکھکر معلوم کروں کہ اس معرکہ جنگ

میں سمجھ کہ کن کن کے ساتھ مقابلہ کرنا ہے۔		
تاکہ مجھکو بھی خبر ہو کون ہیں وہ سورما		معرکے میں آج ہو گا جن سے میرا سامنا

योत्स्य माना नवेक्षेऽहं यएतेऽत्र समागताः॥
धार्त्तराष्ट्रस्य दुर्बुद्धेर्युद्धे प्रियचिकीर्षवः॥२३॥

(۲۳) اور اون بہادروں کو دیکھوں جو اِس معرکہ میں تیرہ عقل دریودہن کے مددگار بنکر آئے ہیں

میں بھی اون زور آوروں کو ایک نظر سے دیکھ لوں		جنکو دریودہن کی حشمت پر سمایا ہے جنون

संजय उवाच - एवमुक्तो हृषीकेशो गुडाकेशेन भारत॥
सेनयोरुभयोर्मध्ये स्थापयित्वा रथोत्तमम्॥२४॥
भीष्म द्रोण प्रमुखतः सर्वेषां च महीक्षिताम्॥
उवाच पार्थ पश्यैतान्समवेतान्कुरूनिति॥२५॥

(۲۴) سنجے نے کہا اے فرزند بھرت (دھرت راشٹر) جب ارجن نے کرشن سے یہ بات کہی تب اونھوں نے عالیشان رتھ کو دونوں لشکروں کے بیچ میں کھڑا کرکے (۲۵) بھیشم۔ درون اور سب راجاؤں کے سامنے ارجن سے کہا کہ تو اب اِس کوروں کی جماعت پر نظر کر

کرشن اتنی بات سنکر اے شہ والا گہر درون بھیشم اور سرداروں کے صف کے سامنے		دو نوں فوجوں کے مقابل آنکے رتھ کو روک کر بولے ارجن وہ ہے کوروں کی جماعت دیکھ لے

तत्रापश्यत्स्थितान्पार्थः पितॄनथ पितामहान्॥
आचार्यान्मातुलान्भ्रातॄन्पुत्रान्पौत्रान्सखींस्तथा॥२६॥
श्वशुरान्सुहृदश्चैव सेनयोरुभयोरपि॥
तान्समीक्ष्य स कौंतेयः सर्वान्बन्धूनवस्थितान्॥२७॥

(۲۶) ارجن نے باپ۔ دادا۔ گرو۔ ماموں۔ بھائی۔ بیٹے۔ پوتے۔ دوست۔

(۲۷) خسر اور پیاروں کو جو طرفین کی فوج میں اوس موقع پر موجود تھے دیکھا اور اون سب یگانوں کو موجود دیکھکر وہ پسر کنتی

اوس نے دوڑا کر نظر دیکھا کہ یار واقربا دونوں جانب بے محابہ مستعد ہیں جنگ پر	باپ - دادا - بیٹے - پوتے - سمبندھی - گرو اور آشنا اور وہ اپنے گھر کی ساری صورتیں پہچانکر

कृपया परया विष्टो विषीदन्निद मब्रवीत् ॥

अर्जुन उवाच- दृष्ट्वेमं स्वजनं कृष्ण युयुत्सं समुपस्थितं ॥ २८ ॥

(۲۸) (اونکی) غایت الفت کے سبب غمگین ہو کر کہنے لگا - اے کرشن اِن اقربا کو جو جنگ پر آمادہ ہیں دیکھکر

انس کے جذبے میں گھبرایا ہوا کہنے لگا	دیکھکر اے کرشن اپنوں کا ارادہ جنگ کا

सीदंति मम गात्राणि मुखंच परिशुष्यति ॥

वेपथुश्च शरीरे मे रोम हर्षश्च जायते ॥ २९ ॥

(۲۹) میرے عضو سُست ہوئے جاتے ہیں - منہ خشک ہوتا ہے بدن کانپتا ہے اور رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں -

میرے اعضا ٹوٹتے ہیں خشک ہوتا ہے دہن	رونگٹے ہوتے کھڑے ہیں تھرتھراتا ہے بدن

गांडीवं स्रंसते हस्तात् त्वक् चैव परिदह्यते ॥

नच शक्नोम्य वस्थातुं भ्रमतीव च मे मनः ॥ ३० ॥

(۳۰) گانڈیو (کمان) ہاتھ سے گری پڑتی ہے خون جوش کھاتا ہے کھڑا نہیں رہا جاتا اور دل بیقرار ہے -

خون الفت جوش زن ہے چھوٹی پڑتی ہے کمان	بیٹھا جاتا ہے یہ دل پھرتا ہے آنکھوں میں جہاں

निमित्तानिच पश्यामि विपरीतानि केशव ॥

नच श्रेयो ऽनुपश्यामि हत्वा स्वजन माहवे ॥ ३१ ॥

(۳۱) کرشن مجھے آثار مخالف نظر آتے ہیں اور یگانوں کو جنگ میں مار کر کوئی فائدہ نہیں دیکھتا۔

کرشن آثار مخالف صاف آتے ہیں نظر		فائدہ حاصل نہو گا۔ بھائیوں کو مار کر

नकांक्षे विजयं कृष्ण नच राज्यं सुखानि च॥

किंनो राज्येन गोबिंद किं भोगै जीवितेन वा॥३२॥

(۳۲) کرشن میں فتح سلطنت اور عیش و آرام کی تمنا نہیں رکھتا۔ اے گوبند ہمارے نزدیک سلطنت لذات دنیا اور حیات ہیچ ہیں۔

مجھکو تو خواہش نہیں سامان فتح و عیش کی		ہیسچ ہیں میری نظر میں مال و جاہ و زندگی

येषा मर्थे कांक्षितं नो राज्यं भोगाः सुखानि च॥

तइमे ऽवस्थिता युद्धे प्राणं स्त्य क्त्वा धनानि च॥३३॥

(۳۳) جن کے لئے ہم نے سلطنت اور عیش و آرام چاہا تھا وہ تو جان اور مال سے ہاتھ دھو کر اس معرکۂ جنگ میں کھڑے ہیں۔

سلطنت کے ٹھاٹ جنکے واسطے درکار تھے		وہ کھڑے ہیں ہاتھ دھو کر اپنی جان و مال سے

आचार्याः पितरः पुत्रा स्तथैव च पिता महाः॥

मातुलाः श्वशुराः पौत्राः श्यालाः संबंधिन स्तथा॥३४॥

(۳۴) یہاں پر گرو۔ باپ۔ بیٹے اور دادا۔ ماموں۔ خسر۔ پوتے۔ سالے اور قرابت مند موجود ہیں۔

باپ۔ دادا۔ بیٹے۔ پوتے۔ اقربا ماموں۔ گورو		سالے اور سسرے ہیں دونوں لشکروں میں جنگجو

एतान्न हंतु मिच्छामि घ्नतो ऽपि मधुसूदन॥

अपि त्रैलोक्य राज्यस्य हेतोः किंनु मही कृते॥३५॥

(۳۵) اے کرشن۔ ہر چند وہ مجھے قتل کر ڈالیں میں روئے زمین کے بلکہ ترلوکی کے

راج کی طمع سے بھی اون کا قتل روا نہیں رکھتا۔

مارنا انکا نہیں منظور ہے تا ہے قبول ::		مجھکو دنیا اور عقبیٰ کا نہیں شوق حصول

निहत्य धार्तराष्ट्रान्नः का प्रीतिः स्याज्जनार्दन॥

पापमेवाश्रयेदस्मान हत्वैतानाततायिनः॥ ३६॥

(۳۶) دھرت راشٹر کی اولاد کو مار کر ہمیں راحت تو کیا حاصل ہو گی۔ اِن بدکرداروں کو مار کر ہم ہی آلودۂ گناہ ہوں گے۔

کوروں کی جان لینے کا یہی ہوگا ثواب		اپنی گردن پر رہیگا بھائی بندوں کا عذاب

तस्मान्नार्हा वयं हंतु धार्तराष्ट्रान्स्वबांधवान्॥

स्वजनंहि कथं हत्वा सुखिनः स्याम माधव ॥३७॥

(۳۷) پس ہم کو دھرت راشٹر کی اولاد کو جو اپنے عزیز ہیں قتل کرنا لازم نہیں اے کرشن ہم اپنے بھائی بندوں کو قتل کرکے لطف زندگی کیا خاک اوٹھائینگے۔

بھائیونکو قتل کرنا ہے سراسر ناروا		جب نہوں اپنے یگانے زندگی کا لطف کیا	

यद्यप्येते न पश्यंति लोभोपहत चेतसः॥

कुल क्षय कृतं दोषं मित्र द्रोहे च पातकम्॥ ३८॥

(۳۸) یہ طمع سے اندھے ہو کر خاندان کے برباد کرنے کے عذاب اور محبوں کی ایذا رسانی میں گناہ نہیں دیکھتے۔

حیف اون لالچ کے اندھوں کو نہیں آتا نظر		اقربا کے مارنے اور دل دُکھانیکا ضرر

कथं न ज्ञेय मस्माभिः पापादस्मान्निवर्तितुम्॥

कुलक्षय कृतं दोषं प्रपश्यद्भिर्जनार्दन॥ ३९॥

(۳۹) اے کرشن ہم خاندان کے برباد کرنیکے گناہ کو سمجھکر بھی اِس گناہ سے کیوں نہ بچا چاہیں۔

کیوں نہ ہم ایسی سمجھ ہوتے برائی سے بچیں		صاف ظاہر ہے ستاہی بھائیوں کے قتل میں

कुल क्षये प्रणश्यन्ति कुल धर्माः सनातनाः॥
धर्मे नष्टे कुलं कृत्स्न मधर्मोऽभि भवत्युत॥४०॥

(۴۰) خاندان کے (ذکور کی) ہلاکت سے خاندان کی قدیم نیک افعالی جاتی رہتی ہے اور نیک افعالی کے غارت ہونے پر بد افعالی ضرور کل خاندان میں پھیل جاتی ہے۔

باعثِ ترک رسوم نیک ہے قتل ذکور		بد شعاری سے بپا ہوتے ہیں نازیبا فتور	

अधर्माभि भवात्कृष्ण प्रदुष्यंति कुलस्त्रियः॥
स्त्रीषु दुष्टासु वार्ष्णेय जायते वर्ण संकरः॥४१॥

(۴۱) اے کرشن افعال ذمیمہ کے پھیلنے سے خاندان کی عورتیں بد افعال ہو جاتی ہیں اور بد افعال عورتوں سے اولاد ناجائز پیدا ہوتی ہے۔

عورتیں بیخوف ہو کر چھوڑ دیتی ہیں چلن		غیر گی کے فعل سے مخلوط ہوتی ہیں رن	

संकरो नरकायैव कुल घ्नानां कुलस्य च॥
पतंति पितरो ह्येषां लुप्त पिंडोदकक्रियाः॥४२

(۴۲) اولاد ناجائز خاندان کے قتل کرنیوالوں کو اور اون کے اولاد کو دوزخ میں پہونچاتی ہے اور اون کے متوفیان بھی بسبب پنڈ اور جل کے کارروائی نہو سکنے کے پستی میں گرتے ہیں

نرک میں گرتا ہے مخلوط النسب کا خاندان		پنڈ و جل ملتے نہیں مٹتا ہے پتروں کا نشان

दोषैरेतैः कुलघ्नानां वर्ण संकर कारकैः॥
उत्साद्यंते जाति धर्माः कुलधर्मश्च शाश्वताः॥४३॥

(۴۳) خاندان کے قتل کرنیوالوں کے اون گناہوں سے جو اولاد ناجائز کے پیدایش کے باعث ہوتے ہیں قدیم قومی اور خاندانی نیک طریقے غارت ہو جاتے ہیں۔

اون بُرے فعلوں کا ثمرہ ناخلف اولاد ہے		ایسی قوم اور خاندان کی حیثیت برباد ہے

उत्सन्न कुल धर्माणां मनुष्याणां जनार्दन॥

नरके नियतं वासो भवती त्यनु शुश्रुम ॥ ४४॥

(۴۴) اے جناردن مینے سُنا ہے کہ اون لوگوں کا جن کے خاندان سے نیکی جاتی رہتی ہے ضرور دوزخمیں مقام ہوتا ہے۔

نیک اعمالی ہیں جس کنبے کے آتا ہے فتور	لوگ کہتے ہیں کہ وہ دوزخ میں جاتا ہی ضرور

अहोबत महत्पापं कर्तुं व्यवसिता वयम् ॥
यद्राज्य सुख लोभेन हंतुं स्वजन मुद्यताः ॥४५॥

(۴۵) افسوس ہم بڑے گناہ کے مرتکب ہوئے جو راج اور آسایش کی طمع سے عزیزوں کی قتل کرنے پر مستعد ہو گئے۔

حیف میں دھبا لگاؤں اپنے ننگ و نام پر	اپنی بہبودی کی سوچوں بھائیوں کو مار کر

यदि माम प्रतीकार मशस्त्रं शस्त्र पाणयः ॥
धार्तराष्ट्रा रणे हन्युस्तन्मे क्षेम तरं भवेत् ॥४६॥

(۴۶) اگر مقابلہ کئے بغیر مجھ نہتے کو دہرت راشٹر کے بیٹے جن کے ہاتھوں میں ہتیار موجود ہیں مار ڈالیں تو میرے حق میں خوب ہو۔

اگر کوئی شہ زور کور میرے جسم درُوح کو	تیغ سے اسدم جدا کردے بہت ہی خوب ہو

संजय उवाच॥ एवमुक्त्वा ऽर्जुनः संख्ये रथोपस्थ उपाविशत् ॥
विसृज्य सशरं चापं शोक संविग्न मानसः ॥४७॥

(۴۷) یہ کہکر ارجن نے تیر اور کمان ڈالدیئے اور وہ رنج سے پریشان ہو کر میدان جنگ میں رتھ کے اندر بیٹھ گیا

کہہ کے یہ الفاظ ارجن رتھ میں داخل ہوگیا	ڈالکر تیر و کمان افسوس میں ڈوبا ہوا

इति श्री भगवद्गीता सूपनिषत्सु ब्रह्म विद्यायां योग शास्त्रे श्री कृष्णार्जुन संवादे अर्जुन विषाद योगो नाम प्रथमो ऽध्यायः ॥ १ ॥

شری بھگوت گیتا کے مخفی برہم ودیا کے طریقت عشق کے بارہ میں شری کرشن اور ارجن کی گفتگو کی پہلی ادہیا موسوم بہ غمگینی ارجن ختم ہوئی۔

اس ادہیا میں بجز حالات تاریخی کے کوئی رمز متعلق عرفان و علم حقیقت کے درج نہیں ہے۔ البتہ اس سے حالت اوس زمانہ کی جس میں جنگ مہابھارت واقع ہوئی اور نیز حالت ارجن کی جو اوس وقت علم ذات سے بے بہرہ تھا معلوم ہوتی ہے ناظرین کو اس کے مطالعہ سے یہ حل ہو سکتا ہے کہ اوس زمانہ سے زمانہ حال تک کسقدر انقلاب واقع ہوا ہے۔ ان دونوں حالتوں کے مقابلہ کے واسطے یہ روایت مہابھارت سے نقل کیجاتی ہے کہ فوج کوروان و پانڈوان میں دن بھر جنگ وجدل ہوتا تھا۔ اور بعد غروب ہونے آفتاب کے مسدود ہونے رزم کے دونوں فوجوں کے سردار شب کو باہم خورد نوش کرتے تھے اور نشست و برخاست رکھتے تھے اور حیلہ و فریب جنگ میں کرنا خلاف آئین راستی کے سمجھتے تھے برعکس اوس کے اس زمانہ کی ڈپلومیسی کو دیکھئے جس میں تن آسانی اور ذاتی مفاد کے واسطے فریب اور چالاکی کرنا عین دانائی ہے۔

دوسری ادہیا سانکہہ یوگ ۷۲ منتر

संजय उवाच

तंतथा कृपया विष्ट मश्रु पूर्णा कुलेक्षणम्॥

विषीदंत मिदं वाक्य मुवाच मधुसूदनः॥१॥

سنجے نے کہا (۱) تب اوس ارجن سے جو اس قدر دام الفت میں گرفتار تھا اپنی مضطر آنکھوں میں آنسو بھر لایا تھا اور غمگین تھا شری بھگوان نے یہ الفاظ کہے۔

	کرشن اس مغموم ارجن کے ہوئے یوں راہبر	بیقرار افسردہ دل اور آب دیدہ دیکھ کر	

श्री भगवानुवाच- कुतस्त्वा कश्मलमिदं विषमे समुपस्थितम्॥

अनार्यजुष्ट मस्वर्ग्य मकीर्ति करमर्जुन॥ २॥

شری بھگوان نے فرمایا۔ (۲) اے ارجن تجھکو یہ بیدلی میدان جنگ میں کہاں سے پیدا ہوئی

جو کہ بزرگوں کی شان سے بعید اور باعث بد نامی ہے اور جسکا انجام اچھا نہیں

جنگ کے میدان میں آکر کیوں ڈرا جاتا ہے تو
راستی بہبودگی اور شہرت کا بتاہے عدو

क्लैब्यं मास्म गमः पार्थ नैतत्त्वय्युप पद्यते॥
क्षुद्रं हृदय दौर्वल्यं त्यक्त्वोत्तिष्ट परं तप॥३॥

(۳) ارجن مخنث کا طریقہ اختیار نکر کہ یہ امر تیرے لئے زیبا نہیں ہے۔ اے قاتح دشمنان پست ہمتی اور بزدلی کو چھوڑ کر کھڑا ہو۔

نامناسب ہی مخنث کا عمل اے نیکنام
کاہلی اور بزدلی ب چھوڑ لے ہمت سے کام

अर्जुनउवाच – कथं भीष्म महं संख्ये द्रोणंच मधुसूदन॥
इषुभिः प्रतियो स्यामि पूजार्हा वरिसूदन॥४॥

(مقولہ ارجن) (۴) اے کرشن دشمنوں کو ہلاک کرنے والے میں کیونکر اس میدان جنگ میں بھیشم اور درونا چارج پر جو واجب تعظیم ہیں تیر چلاؤں۔

درون اور بھیشم پتامہ پر چلاؤں تیر میں
کرشن وہ دونوں بزرگ واجب التعظیم ہیں

गुरूनहत्वाहि महानुभावा ञ्छ्रेयो भोक्तुं भैक्ष्य मपीह लोके
हत्वार्थ कामांस्तुगुरु निहैव भुंजीय भोगान्रुधिर प्रदिग्धान्॥५॥

(۵) واجب التعظیم گروؤں کا قاتل نہ بنکر اس دُنیا میں بھیک مانگ کر کہانا بہتر ہے۔ (اس سے کہ) دولت پرست گروؤں کو مار کر اون کی خون ریزی سے لذات دنیا حاصل کیجاویں۔

کاش ایسے فاضلوں کے قتل کا باعث نہوں
کاش میں اس زندگی کے عیش کا طالب نہوں
بھیک کے ٹکڑوں سے اپنا پیٹ میں بھرتا رہوں
اپنے ہاتھوں سے بہا کر لائچی گروؤں کا خوں

नचैत द्विद्मः कतरन्नो गरीयो यद्वाजयेमं यदि वानो जयेयुः॥
यानेव हत्वान जिजी विषा मस्ते ऽवस्थिताः प्रमुखे धार्त्तराष्ट्राः॥६॥

(۶) یہ بھی تحقیق نہیں ہے کہ دونوں لشکروں میں کونسا زبردست ہے ہم اونہیں جیتینگے یا وہ ہمکو زیر کرینگے جنکو مار کر ہم زندہ رہنا نہیں چاہتے وہ دہرت راشٹر کے بیٹے مقابل کھڑے ہیں۔

	کیا خبر ہو کون غالب آخرش طرفین میں زندگی شایاں نہیں ہے ہمکو جنکی مرگ پر		فتح ہم پائینگے یا وہ زیر کر لینگے ہمیں وہ کھڑے ہیں سامنے جنگ و جدل کی ٹھانکر

कार्पण्य दोषो पहत स्वभावः पृच्छामि त्वां धर्म सम्मूढ चेताः॥
यच्छ्रेयः स्यान्निश्चितं ब्रूहि तन्मे शिष्यस्तेऽहं शाधि मां त्वां प्रपन्नम्॥७॥

(۷) جوش محبت کیوجہ سے میری عقل بجا نہیں ہے اور تمیز کردنی و ناکردنی کا جاتا رہا ہے میں آپ سے استدعا کرتا ہوں کہ جو امر نامناسب ہو مجھے ٹھیک ٹھیک بتائے میں تمہارا شاگرد ہوں اور تمہاری پناہ میں آیا ہوں مجھے ہدایت کیجئے۔

	جوش بیدردی سے میری عقل میں آیا فتور التجا ہے آپسے راسخ ہدایت کیجئے		نیک و بد اعمال کا جاتا رہا بالکل شعور تابع فرماں کو ظل عاطفت میں لیجئے

नहि प्रपश्यामि ममापनुद्याद् यच्छोक मुच्छोषण मिन्द्रियाणाम्॥
अवाप्य भूमावसपत्न मृद्धं राज्यं सुराणा मपि चाधि पत्यम्॥८॥

(۸) مجھے اُمید نہیں کہ وہ غم جو میرے حواس کو سوکھا رہا ہے دور ہو دگو مجھے) کل عالم کی سلطنت عظیم بلکہ دیوتاؤں کی حکومت بھی ملجائے۔

	ایک دم بھی میں نہ چھوٹونگا غم جانکاہ سے		خواہ تینوں عالموں کی سلطنت مجھکو ملے

संजय उवाच॥ एव मुक्त्वा हृषीकेशं गुडाकेशः परंतप॥
नयोत्स्य इति गोविंद मुक्त्वा तूष्णीं बभूव ह॥९॥

سنجے نے کہا (۹) اس گفتگو کے بعد ارجن فاتح دشمنان کرشن سے یہ کہکر میں نہیں لڑوں گا خاموش ہو رہا۔

	کرشن سے ارجن خلاصہ اپنی اس تقریر کا		جنگ نامنظور ہے یہ کہکے چپکا ہو گیا

तमुवाच हृषीकेशः प्रहसन्निव भारत ॥
सेनयो रुभयोर्मध्ये विषीदंत मिदंवचः॥ १०॥

(۱۰) اے راجہ (دھرت راشٹر) اوس مغموم ارجن سے دونوں لشکروں کے وسط میں کرشن نے مسکراتے ہوئے یہ الفاظ کہے۔

دیکھا ارجن کو غمگین ہنستے ہنستے کرشن نے		سامنے اون لشکروں کے ذیل کی جملے کہے	

اگلے منتر سے سانکھ یوگ یعنی علم حقیقت کی تلقین شروع ہو گی یعنی ذیل کے بیس منتر فلسفہ سانکھ کے اصول ہیں جو حالت اوسوقت ارجن پر طاری ہوئی تھی وہ محض اگیان کی وجہ سے تھی نہ کہ خوف جان سے۔ جبکہ اتفاق سے موقع جنگ پیش آجائے اور وہ کسی جانب سے حق پر بنی ہو تو پھر پس وپیش اور واہمات موقع کے خلاف ہوتے ہیں اور فعل بیدانشی ہیں اگر کرشن بھگوانکی اس ہدایت اور نیز اون احکامات پر جو کتاب مہابھارت کے شانت پرب میں درج ہیں عمل ہوتا تو جو روز آج دیکھنا نصیب ہوا ہے دیکھنا نہ پڑتا اسکی مثال کیواسطے واقعات راجہ پورس پرتھوی راج اور جے چند وغیرہ کے موجود ہیں جن میں اس حکم کی مطابعت نہوئی اور نتیجہ جو کچھ ہوا ظاہر ہے۔

श्री भगवानुवाच ॥ अशोच्या नन्व शोचस्त्वं प्रज्ञावादांश्चभाषसे
गतासून गतासूंश्च नानु शोचंति पंडिताः॥ ११॥

یہ نیند ہے جیت خواب غفلت ہے۔

شری بھگوان نے فرمایا۔ (۱۱) تو افکار باطل کرتا ہے اور سمجھتا ہے کہ دانائی کی بات کہہ رہا ہوں دانشمند ماضی و مستقبل کا فکر نہیں کرتے (لفظی معنی یہا شا) جو سوچنے کی وستو نہیں اون کو سوچتا ہے اور گیان کی باتین کہتا ہے جن کے پران گئے یا جاوینگے پنڈت اون کا سوچ نہیں کرتے۔

فکر باطل پر تجھے یہ گفتگو زیبا نہیں		عاقلونکو زندگی اور موت کی پروا نہیں	

رباعی

ہیچ میدانی چہ چیزی چیستی و کیستی		خویش را دریاب دائم ہستی و یا نیستی	

آنکہ میگوید کلیم است آنکہ نشنود سمیع	آنکہ مے بیند بصیر است پس بگو تو کیستی	

شعر

لاف دانش میزنی خودرا نمیدانی چہ سود	دعوی از خود میکنی خود را نمیدانی چہ سود

رباعی

گر دعوئی ہستی است بہتان است این اے حضرتِ انسان تحیر بنیاد		در دعوئی نیستی است کفر آن است این خود را نشناختی چہ عرفان است این

یہ خیال کرنا کہ جان ہلاک ہوتی ہے غلطی ہے - جان لازوال محیط اور ایک حالت پر قایم ہے جینا اور مرنا پران اور جسم کے اتصال اور انفصال کا نام ہے جو خود بے بود اور غلطی کی تسلیم ہے عارف جان کے پیدا اور فنا ہونے کو بے معنی سمجھتے ہیں پس ہر حال میں آپ کو موجود اور برہم ہیں استھت یعنی قایم دیکھکر مرنے اور جینے کے وہم کو خیال میں نہیں لاتے یعنی ماضی و مستقبل کو چھوڑکر زمانۂ حال پر نظر رکھتے ہیں -

حاصل کلام یہ ہے کہ عالم ہست نما باطل اور نیست ہے اور جس پندار خودی کیوجہ سے اُسکا وجود تسلیم کیا جاتا ہے وہ بھی ہیچ اور بے ثبات ہے پس لایق فکر نہیں فکر کے قابل تو صرف ہستی بحت یعنی جان ہے جو کہ نیست نما ہست مطلق ہے - پندار نفس سے جو گفتگو گیان سمجھکر کیجاتی ہے وہ دراصل اگیان ہے کیونکہ جب تک اہنکار موجود رہتا ہے خالص گیان نہیں ہوسکتا اس منتر کی یہ غرض ہے کہ برہم استھتی یعنی حال کو دریافت کرنا چاہیے - اور حال ایک کیفیت علم و سرور ہے جو حیطہ بیان سے باہر ہے اور صرف عارف کو معلوم ہوسکتی ہے مگر بطور تمثیل حال کیصورت ذیل میں کہانی جاتی ہے -

ایک گردش زمین کا نتیجہ رات دن ہوتے ہیں اُس کے آٹھ پہر ۲۴ چوبیس ۱ سا ٹھ وغیرہ حصوں پر تقسیم کرنے سے - پہر - گھنٹہ - گھڑی - منٹ - سکنڈ وغیرہ مفروض ہوتے ہیں علیٰ ہذا دنوں کے جمع کرنے سے ہفتہ - عشرہ - پکش - ماہ - سال - قرن وغیرہ تسلیم کئے جاتے ہیں

تب اِن کے ذریعہ سے ماضی و مستقبل کے زمانہ قیاس کئے جاتے ہیں۔
مگر دراصل ایک روزانہ گردش برابر جاری ہے جو کہ زمانہ حال کو انسان کی عقل محدود میں ماضی و مستقبل دکھاتی ہے حال ایک علمی نقطہ وقت یعنی کال کے خط کے درمیان واقع ہو کر اوس خط کو دو حصوں پر تقسیم کرتا ہے یہ دو حصے اس کال چکر میں ماضی و مستقبل ہو کر لا انتہائی تک پھیلے ہوئے ہیں نقطہ حال کا کل خط پر محیط ہے۔ کیونکہ حال ہر وقت موجود رہتا ہے یعنی ماضی بھی اوس وقت حال تھا۔ اور مستقبل بھی اوس وقت حال ہو گا لہذا حال وجود رکھتا ہے ماضی و مستقبل صرف وہم و خیال ہیں۔

خلے میں ایک نقطہ فرض کرو جو کرہ زمین سے بہت فاصلہ پر ہے اور جس پر گردش زمین کا اثر نہیں پہنچ سکتا ہے چونکہ وہ نقطہ قایم اور بے گردش ہے آفتاب کی شعاع برابر اوس پر پڑتی رہتی ہے اور جو نتیجہ شب و روز کا کرہ زمین کے باشندگان کو محسوس ہوتا ہے وہاں پیدا نہیں ہو سکتا ایسا ہی انبو یعنی اشنداخ کا مقام عارفوں نے اپنے قلب میں پایا ہے۔ (حضرت شمس تبریز لکھتے ہیں :-)

اے عاشقانِ اے عاشقان من عاشقِ دیرینہ ام	اے صادقان اے صادقان من عاشقِ دیرینہ ام
آن دم کہ نورِ عاشقان از عالمِ علوی گذشت	آنجہ ہمہ خود من بدم من عاشقِ دیرینہ ام
چندین ہزاران سال شد تا قالبم را ساختند	این قالب جزوی مبین من عاشقِ دیرینہ ام
با نوح در کشتی بدم با یوسف اندر قعرِ چاہ	اندر دم عیسیٰ بدم من عاشقِ دیرینہ ام
آدم نبود و من بدم عالم نبود و من بدم	این دم نبود من بدم من عاشقِ دیرینہ ام
شاہِ حقیقت بودہ ام پیرِ طریقت بودہ ام	شہرِ شریعت بودہ ام من عاشقِ دیرینہ ام

انسان جسکو عالمِ صغیر کہتے ہیں عالمِ کبیر یعنی برہمانڈ کا جزو ہے۔ اور انسانی عقل۔ عقلِ کل کا پرتو ہے مگر جب اوس کے سامنے پندار کا پردہ پڑ جاتا ہے تو وہ اپنی حقیقت کو نہیں پہچان سکتی لیکن عقلِ سلیم جو اپنے کو عقلِ کل سے مختلف نہیں دیکھتی مشکلات کو حل کر سکتی ہے انسان

نے عالم کی صورت اپنی آنکھوں سے نہین دیکھی ہے مگر عقل اوسکے ادراک سے عاجز نہیں چنانچہ
زمین کا گول ہونا عقل ہی نے دریافت کیا ہے زحل ستارہ اس نظام شمسی کا یہاں سے ایک لچ
سے چھوٹا نظر آتا ہے اگر زحل کے مقام سے اِس زمین کو دیکھیں تو چنے کے دانہ سے بھی چھوٹی معلوم
ہوتی ہو گی اب اگر یہ تسلیم کیا جاوے کہ اور بھی نظام شمسی ہیں تو وہاں کے ستاروں سے یہ عالم
مثل ذرہ کے نظر آتا ہو گا جیسے کہ یہاں سے بعض ستارے معلوم ہوتے ہیں - پس جبکہ انسان کی
عقل اِسقدر وسیع ہے کہ اوس کے ادراک میں یہ عالم مثل ذرہ محسوس ہوتا ہے تو غور کرنا چاہئے
کہ اوس عقل کل کے ادراک میں جو محیط اور بسیط ہے یہ عالم کون سا جز و ذرہ کا ہو سکتا ہے ور
اصل عقل کی وجہ سے لاتعین میں تعین واقع ہوا ہے -

नत्वेवाहं जातुनासं नत्वं नेमे जनाधिपा: ॥
न चैव न भविष्याम: सर्वे वयमत: परम ॥१२॥

جان ہست مطلق ہے (۱۲) نہ میں کبھی نہتا نہ تو اور نہ یہ راجگان اور نہ ہم سب آیندہ نہونگے

تو میں اور یہ تاجور فانی نہ تھے پہلے کبھی
اور نہ ہم سب راہی ملک عدم ہونگے کبھی

ایک آتما یعنی جان مجھ میں تجھ میں اور اِن سب راجاؤں میں بسیط ہے وہ نہ کبھی پیدا ہوئی اور نہ
آئیندہ پیدا ہو گی - وہ قدیم ہے اور سب اِجسام میں دیاپک ہے اور سب کی پرکاشک ہے اور
اِن اِجسام کا وجود در اصل طلسمی ہے وہ چیتن کا بہاس یعنی عکس ہے جسکی وجہ سے میں تو اور
یہ راجہ فرض کیا جاتا ہے کہ یہ سب اشکال فانی اور بے ثبات ہیں ہستی بحت جاودانی اور
فنا سے برتر ہے -

देहिनोस्मिन्यथा देहे कौमारं यौवनं जरा ॥
तथा देहांतर प्राप्ति धीरस्तत्र न मुह्यति ॥१३॥

(۱۳) آتما کو جیسے اس جسم میں بچپن جوانی اور بڑھاپا آتا ہے
ویسے ہی (اوسکا) اور اور جسموں میں دخل ہوتا ہے -

اپنے جسم کو دیگر جسموں سے علیحدہ
دیکھکر آتما کے منقسم ہونیکا دھوکا
(نہ کہانا چاہئے -)

سمجھدار اِس میں دہو کہ نہیں کہاتا۔

عنصری قالب میں آکر جان کرتی ہی عیاں	جسطرح بچپن جوانی اور بڑہاپے کے نشاں
اِس طرح یہ اور جسموں میں بھی کرتی ہی نزول	لیکن اسکے جال میں آتے نہیں اہل اصول

جیسے بچپن جوانی اور ضعیفی میں جسم کی حالت بدلتی ہے اور جیتن آتما بدستور رہتی ہے علی ہذا اگر کوئی عضو بدن کا کاٹ دیا جاوے تو بھی اوسکی حالت میں بالکل فرق نہیں آتا ویسے ہی جیتن آتما پرانے جسموں کو چھوڑ کر نئے نئے جسموں کو روشن کرتی ہے یعنی جسم پیدا ہوتے ہیں اور فنا ہو جاتے ہیں آتما بدستور روشنی بخش ہے۔ جسموں کو علیحدہ دیکھکر دانشمند اوس واحد یگانہ کو منقسم نہیں جانتا یعنی وہ کثرت میں وحدت پاتا ہے۔

मात्रास्पर्शास्तु कौंतेय शीतोष्ण सुख दुःखदा ॥
आगमा पायिनो नित्या स्तांति तिक्षस्व भारत ॥१४॥

(۱۴) اے ارجن ماترا اسپرش سردی و گرمی رنج و راحت دینے والے ہیں شہود غیوب رکھتے ہیں اور بے ثبات ہیں اُنہیں برداشت کر

منقسمہ صورت نظر آئیگا
سبب ماترا اسپرش ہی

رنج و راحت سردی و گرمی کا باعث ہیں حواس	آتے جاتے ہیں مبدل ہیں نکرا نسے ہراس

ماترا اسپرش ایک قدرتی تعلق درمیان علم ذات اور علم صفات کے ہے جسکی وجہ سے گیان مبدل بہ اگیان ہو جاتا ہے شبد۔ سپرش۔ روپ۔ رس۔ گندہ۔ پانچ تن ماترا یعنی عنصری خاصیت ہیں اور اون کے ادراک کرنے والے۔ سامعہ لامسہ باصرہ ذائقہ اور شامہ پانچ گیان اندری یعنی حواس علمی ہیں۔ دونوں کا باہمی تعلق سمان پران اپان ویان اور اودان کے ذریعہ سے ہوتا ہے۔ اِن پانچوں پرانوں کی تقسیم عنصری خواص کے پنجگانہ تقسیم پر اِس طرح سے مبنی ہے کہ اون کے پرمانو یعنی ذرّے پانچوں پرانوں میں شمول رہتے ہیں۔

جب نفس انسانی بے یاد خالق جاتا ہے تب وہ اپنا دخل یا اثر کرکے جس کو سپرش کہتے ہیں اہنکار یعنی پندار کی پیدائش کا سبب ہوتے ہیں اور اُس پندار کی وجہ سے سردی گرمی سُوکھ دُکھ

محسوس ہوتے ہیں - چونکہ سردی گرمی سوکھ اور دوکھ آتے جاتے رہتے ہیں اور ہمیشہ ایک حالمیں نہیں رہتے اِنپر التفات نکرنی چاہیئے علم ذات میں آنند و شدنفس کی رکھنے سے اِن کا اثر پیدا نہیں ہوتا اِس لئے اِنسان کو اوسی کا طالب ہونا واجب ہے -

यंहि न व्यथयंत्येते पुरुषं पुरुषर्षभः ॥

समदुःखसुखं धीरं सोऽमृतत्वाय कल्पते ॥१५॥

(۱۵) اے نیکمرد جس اِنسان پر وہ (ماترا سپرش) اثر نہیں کرتے اور جو سوکھ اور دوکھ میں یکساں رہتا ہے وہ حیات ابدی پاتا ہے -

جان پرماترا سپرش کو دخل نہیں ہے صفات پر اوسکا اثر ہے -

اون کے پنجے سے نکلنے کا جنہیں ہے کچھ شعور
جاودانی زندگی کا اونکو ملتا ہے سرور

عارف اپنی ذات کو صفات سے علیحدہ جانتا ہے اور اپنے سروپ کو فنا سے آزاد دیکھتا ہے اِس لئے اوس پر ماترا سپرش اور دوکھ سوکھ گرمی و سردی کا اثر نہیں پہونچ سکتا اِسی کو حیات اَبدی کہتے ہیں اور یہی حالت گیان اور آنند کی ہے -

नाऽसतो विद्यते भावो नाभावो विद्यते सतः ॥

अभयोरपि दृष्टोऽन्तस्त्वनयोस्तत्त्वदर्शिभिः ॥१६॥

(۱۶) باطل کی ہستی نہیں ہے اور حق کو فنا نہیں اِن دونوں کا فرق محققوں نے دیکھا ہے -

جان ہست مطلق اور جسم نیست و فنائی ہے -

حق فنا سے پاک ہے باطل نہیں رکھتا وجود
عارفوں نے خوب کہو لا عقدہ بود و نبود

باطل ظاہر ہے لیکن ہستی و وجود نہیں رکھتا - حق گو پوشیدہ ہے لیکن ہست مطلق اور فنا سے برتر ہے عالم میں حق چھپا ہے اور حق میں عالم وجود نہیں رکھتا جان حق ہے اور اوس کو کبھی فنا نہیں ہے جسم باطل ہے اور وجود نہیں رکھتا اوس ظہور حق سے ہوتا ہے ویدانت کے عالموں کا مقولہ ہے کہ حق سے حق پیدا ہوتا ہے باطل نہیں ہو سکتا - چونکہ یہہ عالم حق سے پیدا ہوا ہے باطل نہیں کہا سکتا - اور حق ہی اگر عالم حق کہا جاوے تو مثال عکس و معکوس کی آسکتی ہے -

ذات شخص ہے اور صفات اوسکا سایہ ہے ذات ہمیشہ ایک حال پر قایم ہے صفات متحرک اور بیدار ہے عالم چونکہ صفات ہے اور متغیر و متبدل ہوتا رہتا ہے لہذا لایق دلبستگی نہیں ذات حق سے دلبستگی باعث سرور ابدی ہے۔

अविनाशि तु तद्विद्धि येन सर्व मिदं ततम् ॥

विनाश मव्य पस्या ऽस्य नकश्चित्कर्तु मर्हति ॥ १७ ॥

(۱۷) بیزوال اوس کو سمجھ جو سب میں محیط ہے اوس لازوال کو کوئی فنا نہیں کرسکتا۔	جان محیط اور بے زوال ہے

	غیر ممکن ہی کسی تدبیر سے اوسکا زوال		ذرہ ذرہ میں نمایاں ہی شعاع ذوالجلال	

چیتن آتما جو جسم انسان میں محرک ہے سب جگت میں بیاپک ہے گرد فنا اوس کے دامن پر نہیں بیٹھتی کون اوس کو فنا کرسکتا ہے وہ لازوال۔ واحد اور محیط ہے۔

अंतवंत इमे देहा नित्यस्योक्ताः शरीरिणः ॥

अनाशिनो ऽप्रमेयस्य तस्माद्युध्यस्व भारत ॥ १८ ॥

(۱۸) وہ واجب الوجود ازلی بیزوال اور غیر مادی ہے یہ جو اوس کے وجود ہیں فانی کہے گئے ہیں لہذا ارجن تو جنگ کر	جسم فانی ذروں سے بنا ہے جان مادہ سے برتر ہے

	یہ اضافی شے نہیں تو جنگ سے بیخوف ہو		گو فنا ہے جسم کو لیکن بقا ہے جان کو	

اجسام ذروں سے بنے ہیں اور فنا ہو جاتے ہیں جو ان میں محرک ہے وہ ذروں کے امتزاج سے نہیں بنا ہے اور اوس کو بقا ہے فانی شے کا خیال نہ کرکے اور غیر فانی پر نظر رکھکر عمل کرنا چاہیئے۔

यएनं वेत्ति हंतारं यश्चैनं मन्यते हतम् ॥

उभौ तौ न विजानीतो नायं हंति न हन्यते ॥ १९ ॥

(۱۹) جو اسکو مارنیوالا جانتا ہے اور جو اسکو مرنیوالا مانتا ہے	جان کسی طرح منایع نہیں ہوتی ہے

وہ دونوں اسکو، نہیں جانتے یہ نہ مارتی ہے اور نہ مرتی ہے۔

اِس کا جینا اور مرنا مان لیتے ہیں جنی ؛		زندگی اور موت سے یہ فی الحقیقت ہو بری

آتما یعنی چیتن نہ فاعل ہے نہ مفعول وہ عالم کی صفت سہ گانہ سے برتر ہے پس کسی طرح ضایع نہیں ہو سکتی۔

नजायते म्रियते वाकदाचि न्नायंभूत्वाभविता वानभूयः॥
अजोनित्यः शाश्वतोऽयं पुराणोन हन्यते हन्यमाने शरीरे॥२०॥

جان حیطۂ پیدائش وفنا میں نہیں آتی بالذات قایم ہے

(۲۰) نہ کبھی پیدا ہوتی ہے اور نہ مرتی ہے نہ یہ وجود پاکر نیست ہو جاتی ہے یہ پیدائش نہیں رکھتی ہمیشہ لازوال اور قدیم ہے اور جسم کے مرنے سے نہیں مرتی۔

یہ کبھی پیدا نہیں ہوتی فنا ہوتی نہیں یہ ہمیشہ پاک و برتر نقص سے		جسم میں آتی نہیں ہر گز جدا ہوتی نہیں اِسکی موت آتی نہیں مٹنے سے خاکی جسم کی

جان نہ پیدا ہوتی ہے اور نہ مرتی ہے اور نہ وہ مثل اجسام کے موجود ہو کر پھر کسی وقت معدوم ہو جاتی ہے یعنی متغیر و متبدل نہیں ہوتی ہمیشہ ایک صورت پر رہتی ہے اور اجسام کی پیدائش تغیر اور فنا کا اثر اسپر نہیں پہنچ سکتا

वेदाऽविनाशिनं नित्यं यएन मज मव्ययम्॥
कथं सपुरुषः पार्थकं घातयति हंतिकम्॥२१॥

جس نے یہ رمز جان لیا ہے وہ جان جانان ہو جاتا ہے۔

(۲۱) جس نے اِس لافانی۔ہمیشہ۔پیدائش سے برتر اور بیزوال کو جان لیا ہے وہ انسان اے ارجن کیونکر کسیکو ایذا پہونچاتا ہے۔ اور کسیکو مارتا ہے

موت و پیدائش سے افضل مانتا ہو جو اسے		غیر کو آزار دیگا وہ بشر کس واسطے

جس انسان نے آتما کی حقیقت جان لی ہے وہ دیکھتا ہے کہ میری ہی آتما سب میں ہے اور

وہ مر نہیں سکتی یعنی وہ کسی فعل کی فاعل اور نہ مفعول بنتی ہے۔

वासांसि जीर्णानि यथा विहाय नवानि गृह्णाति नरोऽपराणि ॥
तथा शरीराणि विहाय जीर्णान्यन्यानि संयाति नवानि देही ॥२२॥

جان مثل بحر محیط کے ہی جسم مانند حباب کے پیدا اور ناپید ہوتی رہتی ہے

(۲۲) جیسے انسان پرانے کپڑے اوتار کر اور نئے کپڑے پہنتا ہے ویسے ہی آتما پرانے جسموں کو چھوڑ کر اور نئے جسموں میں دخل کرتی ہے۔

آدمی جیسے پرانے کپڑے دیتا ہے اوتار	اور پہنتا ہے نیا پاکیزہ جامہ بار بار
جان بھی اپنے پرانے تابوں کو چھوڑ کر	ڈالتی ہے روشنی دیگر نئے اجسام پر

اس بھگوت گیتا کے سدھانت اور اصول سانکھیہ میں آتما کو اودیت اکھنڈ ابناشی اور بیاپک مانا ہے یعنی ایک ہی چیتن ہے جو کل جسموں میں محرک ہے۔ انسان جب کپڑے پرانے ہو جاتے ہیں تو نئے پہن لیتا ہے ویسے ہی آتما جسموں کے پرانے ہونے پر اور نئے جسموں کو اختیار کرتی ہے جو لوگ مر گئے وہ آتما کی پوشاک تھے اور جو آئندہ پیدا ہوں گے وہ بھی اوس کی پوشاک ہوں گے چیتن واحد ہے اور جسم کثیر ہیں اجسام انسانی دریائے وحدت میں مثل حباب پیدا ہو کر محو ہو جاتے ہیں اور یہ سلسلہ قدیم سے چلا آیا ہے اور چلا جائے گا۔

नैनं छिन्दन्ति शस्त्राणि नैनं दहति पावकः ॥
न चैनं क्लेदयन्त्यापो न शोषयति मारुतः ॥२३॥

جان آکاش سے زیادہ لطیف ہے مادی اشیاء کا اثر اوس تک نہیں پہونچتا۔

(۲۳) نہ اسکو ہتھیار کاٹتے ہیں نہ اس کو آگ جلاتی ہے نہ اسکو پانی گلاتا ہے اور نہ اس کو ہوا سکھاتی ہے

آگ سے جلتی نہیں تلوار سے کٹتی نہیں	سیل سے گلتی نہیں طوفان سے گھٹتی نہیں

अच्छेद्योऽयमदाह्योऽयमक्लेद्योऽशोष्य एव च ॥
नित्यः सर्वगतः स्थाणुरचलोऽयं सनातनः ॥२४॥

جان مادی اثر کو قبول نہیں کرتی پس وہ بیاپک اور لاتغیر ہے

یہ کٹ نہیں سکتی یہ جل نہیں سکتی گل نہیں سکتی اور نہ خشک

ہو سکتی ہے یہ بیزوال محیط۔ قایم بالذات ساکن اور قدیم ہے۔

اس کا جلنا گلنا کٹنا خشک ہونا ہے محال	یہ ہی ساکن خود بخود قایم محیط ولازوال

अव्यक्तोऽयमचिंत्योऽयमविकार्योऽयमुच्यते॥
तस्मादेवं विदित्वैनं नानु शोचितु मर्हसि॥२५॥

وہ قوت فکر سے برتر ہے اوسکے ضایع ہونے کا خیال غلطی ہے۔

(۲۵) ظہور سے برتر فکر سے بلند اور نقص سے بری وہ مانی گئی ہے پس اوس کو ایسا جانکر تجھے فکر کرنا لازم نہیں ہے۔

قوت بینش سے پنہاں قصر دانش سے بلند	معصیت سے پاک پھر تو کس لئے ہو فکرمند

अथ चैनं नित्यजातं नित्यं वा मन्यसे मृतम्॥
तथापि त्वं महाबाहो नैनं शोचितु मर्हसि॥२६॥

اگر جان کی پیدایش وفنا فرض کیجاوے تو بھی فکر کرنا لاحاصل ہے

(۲۶) اگر تو اس کو ہمیشہ پیدا ہونے والا یا ہمیشہ فنا ہو جانے والا فرض کرتا ہے تو بھی اے قوی بازو تجھے اس کا فکر کرنا نہیں چاہیے۔

گر تو اسکی موت و پیدایش مسلسل مان لے	پھر بھی اے ارجن تجھے بیدل نہ ہونا چاہیے

जातस्य हि ध्रुवो मृत्यु ध्रुवं जन्म मृतस्य च॥
तस्माद परिहार्येऽर्थे नत्वं शोचितु मर्हसि॥२७॥

پیدایش وفنا لازم وملزوم ہیں۔

(۲۷) جو پیدا ہوا ہے اوسکا فنا ہونا ضرور ہے اور جو فنا ہوتا ہے اوس کی پیدایش ضرور ہے پس لازمی امر میں تجھے فکر کرنا نہ چاہیے۔

خاتمہ سب کا عدم ہے اور عدم سے بود ہے	آدمی کا بھاگنا تقدیر سے بے سود ہے

اگر تونے آتما کو پیدا ہونیوالی فرض کیا تو اوس کو فنا لازم ہوئی اور اگر فنا ہونیوالی تسلیم کیا تو اوس کی پیدایش لازم ہوئی جو پیدا ہوا ضرور فنا ہوگا اور فنا اوسکو ہوگی جو پیدا ہو چکا ہے۔

یعنی موت قبل از حیات نہیں ہو سکتی۔ پیدائش اور فنا لازم و ملزوم ہیں جس شے پر ایک کا اطلاق ہے اُس پر دوسرے کا بھی ہے لازمی امر میں فکر کرنا لاحاصل ہے درحصل آتما نہ پیدا ہوتی ہے اور نہ فنا کے دائرہ میں آتی ہے۔

अव्यक्तादीनि भूतानि व्यक्तमध्यानि भारत॥
अव्यक्तनिधनान्येव तत्र का परिदेवना॥२८॥

جسم ابتدا اور انجام میں عدم ہی صرف وسط میں اُس کا ظہور ہی

(۲۸) ارجن ابتدا میں وجود عدم میں ہوتے ہیں وسط میں نمود پاتے ہیں انجام کار عدم میں سماتے ہیں اس کا رنج کیا کرنا۔

ہے عدم ہر ایک شے کی ابتدا اور انتہا	وسط میں کُل شعبدہ ہے دُور کر بیم و رجا

اجسام انسانی عدم یعنی غیوب سے ظہور پاتے ہیں یعنی پہلے اِن کا نشان نہیں ہوتا۔ اور عدم ہی اِن کا خزانہ ہوتا ہے یہ وہاں سے برآمد ہو کر چندے باغ عالم کی سیر کر کے پھر اُسی خواب گاہ میں جاتے ہیں اس کا رنج کرنا نادانی ہے عدم کے خزانہ کا نام ہرن گربھ ہے۔

आश्चर्यवत्पश्यति कश्चिदेनमाश्चर्यवद्वदति तथैव चान्यः॥
आश्चर्यवच्चैनमन्यः शृणोति श्रुत्वाप्येनं वेद न चैव कश्चित्॥२९॥

جان کی حقیقت کو دیکھکر اور سن کر حیرت ہوتی ہی

(۲۹) کوئی اس کو حیرت سا دیکھتا ہے اور کوئی حیرت سا کہتا ہے۔ اور کوئی اِس کو حیرت سا سُنتا ہے اور کوئی اِس کو سُنکر بھی نہیں جانتا۔

کوئی تو حیران ہے اُس کا کرشمہ دیکھکر سوچنے لگتا ہے کوئی سن کے اُس کی کیفیت	تذکرہ کرتا ہے استعجاب سے کوئی بشر پر کسی کو بھی نہیں معلوم اِس کی اصلیت

اِس جان کی حقیقت کو بعض شاغل اپنے مشاہدہ میں دریائے حیرت انگیز دیکھتے ہیں بعض علمی بحث سے حیرت افزا کہتے ہیں بعض اُن کے کلام کو سُنکر حیرت میں پڑتے ہیں اور اکثر سُن کر بھی نہیں سمجھتے۔

देही नित्य मवध्योऽयं देहे सर्वस्य भारत ॥
तस्मात्सर्वाणि भूतानि न त्वं शोचितुमर्हसि ॥ ३० ॥

در اصل جان سب میں محیط قدیم اور غیر منقسمہ ہے	(۳۰) اے ارجن یہ آتما کل اجسام میں ہمیشہ اور غیر فانی ہے پس کل مخلوق کا تجھے فکر نہ کرنا چاہیئے۔
پاک و برتر ہے فنا سے جان کل اجسام کی	اس لئے بیکار ہے اوروں کا فکر زندگی۔

آتما گیان بہاش یعنی حالت غفلت میں جیو فرض کیجاتی ہے گیان کی نگاہ میں جو اصلیت کو دیکھتی ہے کل مخلوقات کی جیتن آتما ایک ہے اور وہ منقسم نہیں ہو سکتی پس کل عالم کا فکر بیجا ہے۔ لفظ وہی جو اس منتر میں آیا ہے اور جس کے معنی اگر لوگوں نے جیو فرض کر لئے ہیں اسکا اشارہ طرف اوس واحد لاشریک کے ہے جو کل مخلوقات کی جان غیر منقسم ہے اور جو ہر جسم میں منقسم نظر آتا ہے اس امر میں وید کی شرتی شاہد ہے (एको हं बहुष्याम:) یعنی ایک میں بہت ہو جاؤں۔ بیس منتر اصول سانکھہ کے یہاں تک ختم ہوئے ذیل کے آٹھ منتروں میں علم معقولات کے بموجب تلقین کیجائیگی۔

स्वधर्ममपि चावेक्ष्य न विकंपितुमर्हसि
धर्म्याद्धि युद्धाच्छ्रेयोऽन्यत् क्षत्रियस्य न विद्यते ॥ ३१ ॥

جان سے جسم کو نمود ہے اور جسم کے فرایض ادا کرنے واجب ہیں	(۳۱) اپنے فرایض پر بھی نظر کر کے تجھے ہٹنا نہیں چاہیئے کیونکہ جنگ راستی سے بہتر چھتری (سپاہی) کے لئے کوئی اور چیز نہیں ہے
فرض کو پورا نہ کرنے کا برا انجام ہے	راستی پر جان نثاری چھتری کا کام ہے

यदृच्छया चोपपन्नं स्वर्गद्वारमपावृतम् ॥
सुखिनः क्षत्रियाः पार्थ लभंते युद्धमीदृशम् ॥ ३२ ॥

جسم کے فرایض لازمی ادا کرنے سے بہشت ملتی ہے	(۳۲) تجھے بلا کوشش بہشت کا دروازہ کہلا ہوا ملا ہے اے ارجن قسمت والے چھتری ایسا جنگ کا موقع پاتے ہیں۔

کھل گیا ہے راستہ جنت کا تیرے واسطے	سر کٹاتے ہیں سپاہی خوبی تقدیر سے

अथ चेत्त्वमिमं धर्म्यं संग्रामं न करिष्यसि ॥
ततः स्वकर्म कीर्तिंच हित्वा पापमवाप्स्यसि ॥ ३३ ॥

اگر فرائیض لازمی ادا نہ کرے گا گنہگار ہوگا۔

(۳۳) اگر تو یہ جنگ جو حق پر مبنی ہے نہیں کرے گا تو اپنا فرض پورا نکر کے اور اپنی نیکنامی کھو کر گنہگار ہوگا۔

تو جو راہ حق پہ چلنے سے کرے گا اجتناب	تیری گردن پر رہیگا دین و دنیا کا عذاب

अकीर्तिं चापि भूतानि कथयिष्यन्ति तेऽव्ययाम् ॥
संभावितस्य चाऽकीर्तिर्मरणादतिरिच्यते ॥ ३४ ॥

بدنام ہوگا۔

(۳۴) تیری مذمت ابد تک زبان زد خلایق رہیگی۔ آبرو والیکو آبرو کا جانا بدتر از مرگ ہے۔

بے محابہ تیری بدگوئی کریں بڑے آدمی	موت سے بدتر ہے ذلت صاحبِ توقیر کی

भयाद्रणादुपरतं मंस्यन्ते त्वां महारथाः ॥
येषां च त्वं बहुमतो भूत्वा यास्यसि लाघवम् ॥ ३५ ॥

خفت اوٹھائیگا

(۳۵) مہارتی خیال کریں گے کہ تو خوف کھا کر میدان سے بھاگ گیا جن کی نظروں میں تیری عظمت ہے اون کے آگے تیری سبکی ہوگی۔

ڈر کے بہاگا جنگ سے ارجن کہیں گے سورما	جن پہ تیرا رعب ہے اُن سے ہی تو شرمائیگا

अवाच्यवादांश्च बहून्वदिष्यन्ति तवाहिताः ॥
निन्दन्तस्तव सामर्थ्यं ततो दुःखतरं नु किम् ॥ ३६ ॥

آبرو کھو کر رنج پاویگا۔

(۳۶) تیرے دشمن بہت سے ناگفتنی الفاظ کہیں گے اور تیری مردانگی پر حرف رکھیں گے اس سے زیادہ کیا رنج ہو سکتا ہے۔

دشمنوں کو خوب موقع چھیڑ کا ملجائے گا	دلشکن الفاظ سنکر تو بہت پچھتائیگا۔

हतोवा प्राप्स्यसि स्वर्गं जित्वा वा भोक्ष्य से महीम् ॥
तस्मादुत्तिष्ठ कौंतेय युद्धाय कृत निश्चय: ॥ ३७॥

فتح وشکست دونوں میں بہتری ہے

(۳۷) مارا جائے گا تو بہشت میں پہونچے گا اور فتحیاب ہوگا تو سلطنت پائے گا پس اے ارجن تو جنگ کی ٹھان کر کھڑا ہو۔

سلطنت ہاتھہ آئے گی یا زندگی فردوس کی | | اس لئے ارجن دکھا میدان میں مردانگی

راستی اور مردانگی انسان میں اعلیٰ صفت کا جزو ہیں اس لئے جب جان کا تعلق انسان کے جسم سے ستوگن کی حالت میں چھٹتا ہے تب ستوگن کے اجزا ستوگن میں جا ملتے ہیں بہشت کا اشارہ اسی پر ہے۔

सुख दु:खे समे कृत्वा लाभा लाभौ जयाजयौ ॥
ततो युद्धाय युज्यस्व नैवं पाप मवाप्स्यसि ॥ ३८॥

عقل کو قایم رکھکر جنگ کر

(۳۸) سوکھہ دوکھہ نفع ونقصان۔ فتح وشکست کو مساوی سمجھکر جنگ میں مشغول ہو تو اس طرح پر گنہگار نہیں ہوگا

رنج وراحت فائدہ نقصان ہار اور جیت کو | | اپنے دل سے دور کرکے جنگ میں مشغول ہو

اس منتر میں ارجن کو جنگ کے وقت علم سانکہ کے بموجب یہاں ہدایت کی گئی ہے کہ وہ سمتا کی اوستھا پر نظر رکھکر جنگ کرے سمتا وہ کیفیت قلب ہے جس کی تشریح اس ادہیا کی گیارہویں منتر میں ہو چکی ہے۔ اور جس میں سُکھہ دُکھہ فتح شکست یکساں معلوم ہوتے ہیں اسی تسلیم کا ہونا یوگ کہلاتا ہے

एषाते ऽभिहिता सांख्ये बुद्धिर्योगे त्विमांश्रृणु ॥
बुद्ध्या युक्तो यया पार्थ कर्म बंधं प्रहास्यसि ॥ ३९॥

اصول سانکہ اوپر بیان ہوئے ذیل میں اُن کا طریقہ استعمال درج ہے

(۳۹) اُن (منتروں) میں سانکہ کا بیان ہوا ہے اِن میں (اُسکی) عملی طریقت سُن۔ جس عمل پر حاوی ہو کر تو افعال کی قید سے آزاد ہوگا۔

اِس ہدایت پر عمل کر عزم واستقلال سے		بالیقین چھٹ جائیگا اعمال کے جنجال سے

مندرجہ بالا منتروں میں علم سانکھیہ کے اصول کی تشریح ہوئی ہے یعنی منتر ۱۱ سے ۳۰ تک جسم وجان کی حقیقت بیان کی گئی ہے ازاں بعد، منتروں میں فرایض متعلقہ کے لحاظ سے بھی جنگ کرنا درست ثابت کرکے اڑتیسویں منتر میں اُصول سانکھیہ پر کاربند ہونے کی ہدایت کی گئی ہے ذیل کے منتروں میں اوس علم کے وسیلہ سے فعل سے بریت پانے کا طریقہ بتایا جاتا ہے یعنی کس طرح پر اوس علم کے ذریعہ سے پاپ اور پن معدوم ہو جاتے ہیں اور انسان عمل وفعل سے برتر ہو جاتا ہے

(دیکھو ۴۰، ۴۸، ۴۹ منتر)

नेहाभिक्रमनाशोऽस्ति प्रत्यवायो न विद्यते ॥

स्वल्पमप्यस्य धर्मस्य त्रायते महतो भयात् ॥४०॥

علم خودشناسی کی تعریف (۴۰) اِس میں کوشش بیکار نہیں جاتی اور نہ کوئی خلل واقع ہوسکتا ہے تھوڑا سا بھی علم ذات اِنسان کو بہت بڑے خوف سے بچا لیتا ہے۔

اِس میں کوشش رائیگاں جاتی نہیں اِنسان کی		کاہشوں سے مغفرت تاثیر ہے عرفان کی

علم سانکھیہ جس قدر حاصل ہو جاتا ہے پھر ضایع نہیں ہوتا اور اوس کے حصول میں کوئی امر مانع نہیں ہوسکتا ہے اس میں کوئی جسمانی یا زبانی فعل نہیں کرنا ہوتا کہ جس میں خلل پڑنے کا اندیشہ ہوسکے صرف قوت فکری سے کام لینا ہوتا ہے جب اِنسان کو اِس علم سے تھوڑی سی بھی واقفیت ہوتی ہے اوس کے بڑے بڑے واہمات اور شکوک رفع ہو جاتے ہیں۔

व्यवसायात्मिका बुद्धिरेकेह कुरुनंदन ॥

बहुशाखा ह्यनंताश्च बुद्धयोऽव्यवसायिनाम् ॥४१॥

عقل خودشناس یعنی عقل سلیم واحد ہے ماسوا دیکھنے والی رائیں مختلف اور کثیر ہیں	(۴۱) اے ارجن عقل سلیم عالم میں ایک ہے ماسوا دیکھنے والونکی رائیں مختلف اور بے شمار ہیں۔

یک زبان ہیں سارے عارف جنکے دلکو ہے قرار		جاہلوں کے وسوسے ہیں مختلف اور بے شمار

علم ذات واحد اور برقرار ہے پس کلؔ عارفوں کی راے کا اتفاق ہوا کرتا ہے اوس میں نہ کبھی اختلاف ہوا اور نہ آیندہ ہوگا۔ بلا لحاظ ملک اور قوم کے علم ذات کی تحقیقات میں ایک عارف دوسرے سے متفق بلکہ اوس کا شاہد ہے علم صفات منقل ہوتا رہتا ہے اور اوسکی بہت سی شاخیں ہیں اِنمیں ایک کی راے کا کچھ نہ کچھ دوسرے کی راے سے اختلاف رہتا ہے مذہبوں کے اختلاف کی وجہ بھی رائیں ہوئی ہیں۔

آن لعل گران بہا نہ کانِ دگر است اندیشۂ این و آن خیال من و تست	آن دُرِ یگانہ را نشانے دگر است افسانۂ عشق راز بانے دگر است

यामिमां पुष्पितां वाचं प्रवदंत्य विपश्चितः॥
वेदवादरताः पार्थ नान्य दस्तीति वादिनः॥४२॥
कामात्मानः स्वर्गपरा जन्म कर्म फलप्रदाम्॥
क्रिया बिशेष बहुलां भोगैश्वर्य गतिं प्रति॥४३॥

عقل ماسوا میں پابند تمنا کرتی ہے اور افعال میں پھنساتی ہے

(۴۲ و ۴۳) اے ارجن جو کم فہم وید کی (علمی) بحث کے شایق خواہشات دل میں رکھنے والے اور بہشت کی اُمید کرنے والے ہیں وہ لذات اور دولت حاصل کرنے کے واسطے ایسے رجا کے کلام کہتے ہیں جنمیں زندگی کے اعمال کے نتیجے ملنے کا اقرار کیا جاتا ہے اور طرح طرح کی رسومات کے ادا کرنیکی ہدایت کی جاتی ہے اور بیان کرتے ہیں کہ اِن کے سوائے اور کچھ نہیں ہے۔

طالبانِ عیش جنت عقل سے نا آشنا عشرت و تن پروری ہے زندگانی کا صول	یوں بتاتے ہیں خلاصہ وید کے اسرار کا اس سے اعلیٰ ساری دنیا میں نہیں کوئی اصول

پشپت بانی سے وہ کلام مُراد ہے جس میں پھول ہوں اور پھل نہو وہ دیکھنے میں خوشنما معلوم ہوتی ہے لیکن دراصل اوس سے کوئی نتیجہ نہیں نکلتا۔ مذہبی قیل وقال مثل پھول کے ہیں اور ثمر اون میں نہیں ہے۔

چہ سود چوں دل دانا و چشم بینا نیست خلاف نیست کہ علم نظر در آنجا نیست	سرائے مدرسہ و علم بحث طاق و رواق سرائے قاضی یزد ار چہ مبلغ کرم است

جو لوگ لذات بہشت کے ملنے کی خواہش رکھتے ہیں وہ اعمال کا نتیجہ عقبیٰ میں پانے کی اوروں کو اُمید دلاتے ہیں اور اوس کے حاصل کرنیکے واسطے اون کو بڑی کوشش اور عمل میں لگاتے ہیں جسکی وجہ سے وہ علم ذات سے بے بہرہ رہتے ہیں۔

भोगैश्वर्य प्रसक्तानां तया पहृत चेतसाम् ॥
व्यवसायात्मिका बुद्धिः समाधौ न विधीयते॥४४॥

اہل تمنا کی عقل سلیم نہیں ہو سکتی	(۴۴) جنکا دل لذات اور دولت میں پھنسجاتا ہے اور تیرہ ہو جاتا ہے محویت کی جانب اونکی رائے سلیم نہیں ہوتی۔

محویت کا راستہ اون کی سمجھ سے دور رہی	جن کو اپنی خواہشوں کی پرورش منظور رہے

جن کا خیال باہر کی طرف لذات دنیا و عقبیٰ میں پھنسا ہے وہ اپنے بطون میں معشوق حقیقی کو نہیں دیکھ سکتے اور علم خود شناسی سے بے نصیب رہتے ہیں۔

त्रैगुण्य विषया वेदा निस्त्रै गुण्यो भवार्जुन ॥
निर्द्वंदो नित्य सत्वस्थो निर्योग क्षेम आत्मवान् ॥४५॥

علم میں سہ گانگی ہے حالت کیف علم سے برتر ہے۔	(۴۵) ویدوں میں صفت سہ گانگی موجود ہے ارجن تو صفت سہ گانہ سے برتر ہو اور دوئی چھوڑ دے ایک حالت پر قایم اور طلب کی منزل سے بالا ہو اور ذات میں وصل رہ۔

بے غرض ہو باصفا ہو دیکھ جلوہ ذات کا	وید کے علم سہ گانہ سے تو اپنا دل ہٹا
این حرف معمانہ تو خوانی و نہ من چون پردہ بیفتد نہ تو مانی و نہ من	اسرار ازل را نہ تو دانی و نہ من ہست از پس پردہ گفتگوئے من و تو

وید کے معنی علم ہیں اور علم میں صفت سہ گانگی موجود ہے یعنی علم کے ساتھ عالم اور معلوم

کا ہونا لازمی ہے ان تینوں میں سے ایک کا ہونا بغیر اور دو کے ممکن نہیں پس عالم علم اور معلوم تینوں ہمیشہ باہم پائے جاتے ہیں کوئی فعل سہ گانگی سے خالی نہیں ہے فعل۔فاعل۔ مفعول۔عبد۔عابد۔معبود۔عشق۔عاشق۔معشوق ست رج تم اسکی مثال ہیں۔کیف حال سہ گانگی سے بالاتر ہے اوس میں طالب اور مطلوب ایک ہو جاتے ہیں اور طلب بھی جاتی رہتی ہے سکھ اور دکھ نیکی اور بدی وغیرہ مساوی معلوم ہوتے ہیں اور انسان ایک حالت سرور کی پاتا ہے جس کو پرم آنند کہتے ہیں وہ اپنے آپے میں مست ہو جاتا ہے اور اپنے جلوہ کو آپ ہی دیکھتا ہے۔

यावानर्थ उदपाने सर्वतः संप्लुतोदके ॥

तावान्सर्वेषु वेदेषु ब्राह्मणस्य विजानतः ॥ ४६ ॥

عقل سلیم بحر محیط ہے عقل ماسوا ہیں اوسکی لہریں ہیں

(۴۶) برہم کے جاننے والے عارف کا ویدوں سے اتنا ہی مطلب باقی رہتا ہے کہ جتنا بے پیاس انسان کا کنوئیں تالاب دریا وغیرہ مقامات آبی سے۔

	سارے ویدوں کا ثمر ہے علم و کیف باطنی		مدعا ہے چاہ و چشمے کا جو رفع تشنگی۔	

اودپان اوس مقام کو کہتے ہیں جہاں سے پانی ملیکے کنواں۔تالاب۔باولی۔نہر دریا۔وغیرہ سب اس میں شامل ہیں۔انسان بعض کام تالاب سے لے سکتا ہے جو کنوئیں سے لینے ممکن نہیں علیٰ ہذا بعض اغراض تالاب میں پورے نہیں ہو سکتے جنکے واسطے دریا کا ہونا لازمی ہے۔کسی سے تو صرف پانی حاصل ہوتا ہے اور کسی میں تیرنا ممکن ہے اور کسی میں کشتی بھی چل سکتی ہے سمندر میں یہ سب مطالب ایک جگہ حاصل ہوتے ہیں اور اس میں سب نہریں اور دریا آکر محو ہو جاتے ہیں علم عرفان بمنزلہ بحر محیط کے ہے جس میں کرم کانڈ اوپاسنا وغیرہ کی ندیاں گر کر معدوم ہو جاتے ہیں۔عارف گن اتیت یعنی صفاتی خواص سے آزاد رہتا ہے تاہم وہ اون خواص کو

مساوات کی نظر سے کام میں لاتا ہے اور ایسا کرنا لابد زندگی کے لیئے لازمی جانتا ہے
آدمی کو جس قدر پانی کی ضرورت ہوا کرتی ہے اوتنی ہی عارف کو لازمی خواص اور
افعال کے بلا ترک واخذ برتنے کی حاجت ہے اور جیسے پانی دستیاب ہونیکے مقامات
کنواں - تالاب - دریا وغیرہ ہیں اسی طرح حصول علم معرفت کے لئے ویدوں میں کرم اوپاسنا اور
گیان کانڈ موجود ہیں - عارف کی مثال ایسے شخص سے دیجا سکتی ہے جس کی پیاس
بجھگئی ہے تارک اور پابندان فعل بمنزلہ پیاسوں کے ہیں -
جو پیاسا نہیں ہے اوس کو کنوے تالاب اور دریا سے سروکار نہیں ہے تو بھی وہ پیاسوں
کی ضروریات کو سمجھتا ہے جو پیاسے ہیں اونکا مدعا پیاس کا بجھنا ہے اور اون کو کنوے
تالاب اور دریا سے سروکار ہے -

कर्मण्येवा ऽधिकारस्ते मा फलेषु कदाचन:॥

माकर्म फलहेतुर्भूर्मा ते संगो ऽस्त्व कर्मणि ॥४७॥

گیان یوگ یعنی عقل سلیم کا طریقہ

(۴۷) فعلوں کے کرنے کا تجھے استحقاق ہے لیکن اون کے نتیجہ پر نظر رکھ
نتائج اعمال کو اون کی کرنی کی وجہ ہونے دے ترک افعال نکر
فعل سے دلبستگی واجب نہیں تیرے لئے
فرض کی تکمیل کر خواہش صلے کی چھوڑ دے

چونکہ جسمانی افعال قدرت کا خاصہ ہیں اون کا کرنا واجب ہے اور اون کے کرنے میں کوئی
ہرج بھی نہیں ہے بشرطیکہ نتیجہ پر نظر نہو یعنی وہ فعل اس خیال سے نہ کیتے جائیں کہ انکا
نتیجہ ملیگا بلکہ اس عقیدہ سے کہ وہ فعل قدرت ہیں اس سے یہ مراد ہے کہ فعل لازمی
کے کرنے سے اجتناب نہیں چاہیئے یعنی حواس کے لازمی افعال کا روکنا غلطی ہے

योगस्थ: कुरु कर्माणि संगं त्यक्त्वा धनंजय ॥

सिद्ध्यसिद्ध्यो: समो भूत्वासमत्वंयोग उच्यते ॥४८॥

عقل سلیم کا قایم ہوجانا یوگ ہے۔	(۴۸) اے ارجن یوگ میں قایم ہوکر تعلق چھوڑکر اور کامیابی اور ناکامی یکساں رہکر تو فعل کر ہر حال میں یکساں رہنے کو یوگ کہتے ہیں۔

کامیابی اور ناکامی کو یکسان جان ے	عارفوں کی زندگی کٹتی ہے اطمینان سے

گیان یوگ افعال کا ترک قلبی ہے یعنی ان کو اپنی ذات سے منسوب نہ کرنا اور ان سے بے تعلق رہنا اور کامیابی اور ناکامی میں خوشی اور رنج نہ ماننا اور دونوں کو مساوی جاننا یوگی اپنے بطون میں محو رہتا ہے۔ اور حواس کے فعلوں کو بے تعلقی کیساتھ کرتا رہتا ہے اوسی کو "دل بیار دولت بکار" کہتے ہیں۔

दूरेण ह्यवरं कर्म बुद्धियोगा द्धनंजयः ॥
बुद्धौ शरण मन्विच्छ कृपणाः फलहेतवः ॥४९॥

عقل سلیم اعلیٰ ہی پابندی افعال ادنیٰ ہے۔	(۴۹) کرم یوگ بمقابلہ گیان یوگ کے بہت ہی کم وقعت رکھتا ہے توگیان کی پناہ میں آ کہ نتیجہ کے خواستگار حقیر ہیں۔

ہیچ ہیں اعمال علم باطنی کے سامنے	دور کرتا رہیگی دل معرفت کے نور سے
شوقے کہ بجز حق بنود پابند است در راہ خدا بجز خدا اے سالک	عقلے کہ شود مائل دنیا بند است دنیا چہ بود خواہش عقبیٰ بند است

کرم یوگ کے ماننے والوں کا بیان اوپر کے ۴۲ و ۴۳ و ۴۴ منتروں میں ہو چکا ہے وہ لوگ اہنکار یعنی پندار کے سبب اپنے آپ کو فاعل سمجھتے ہیں اور اپنے اعمال کے نتیجہ عقبیٰ میں ملنے کا یقین کرتے ہیں اس لئے ادنیٰ منزل میں ہیں گیان یوگ جس میں اوپر کے دو منتروں میں تشریح ہوئی عارفوں کا طریقہ ہے اور وہ اعلےٰ ہے کہ اس میں نتیجہ سے نظر اوٹھ جاتی ہے۔

बुद्धि युक्तो जहातीह उभे सुकृत दुष्कृते ॥
तस्माद्योगाय युज्यस्व योगः कर्मसु कौशलम् ॥५०॥

عقل سلیم میں پاپ اور پن دونوں موہوم معلوم ہوتے ہیں۔

(۵۰) دنیا میں نیک و بد افعال سے گیانی کا تعلق ترک ہو جاتا ہے۔ لہذا تو گیان یوگ میں مشغول ہو افعال کے واسطے گیان یوگ مناسب ہے۔

ترک کر دیتے ہیں عارف نیک و بد افعال کو
اُن کو ادنیٰ جان لے اور طالبِ اشراق ہو

گیان کے وسیلہ سے پاپ اور پن معدوم ہو جاتے ہیں اور ایک حالت سکون پیدا ہوتی ہے اسواسطے گیان کا حاصل کرنا بہتر ہے گیان بالذات قایم اور عمل سے برتر ہے اور اوس کے حاصل کرنے کے واسطے یتن درکار ہوتا ہے یتن اور کرم میں یہ تفاوت ہے کہ کرم سے افعال کا سلسلہ بڑہتا جاتا ہے اور یتن سے افعال کا ترک قلبی ہوتا ہے اور انسان مکروہات سے آزاد ہو جاتا ہے۔

कर्मजं बुद्धियुक्ता हि फलं त्यक्त्वा मनीषिणः॥
जन्मबंध विनिर्मुक्ताः पदं गच्छंत्य नामयम् ॥५१॥

علم سلیم رکھنے والا سرور ابدی پاتا ہے

(۵۱) جو عارف گیان یوگ پر قادر ہو کر فعل کے نتیجہ کو ترک کر دیتے ہیں وہ پیدایش کی قید سے آزاد ہو کر سرور ابدی کا مقام پاتے ہیں۔

اہل دانش رشتۂ خوف و تمنا توڑ کر
زندگی میں ہیں فروکش منزل جاوید پر

عارف گیان کے ذریعہ سے فعلوں کے نتیجہ سے نظر اوٹھا لیتا ہے پس وہ اپنی حیات میں جو افعال کرتا ہے اُن کی قید سے آزاد رہتا ہے یہی رستگاری اور نجات کا مقام ہے۔

यदा ते मोहकलिलं बुद्धिर्व्यतितरिष्यति॥
तदा गंतासि निर्वेदं श्रोतव्यस्य श्रुतस्यचः॥५२॥

جب عقل ماسوا سے صاف ہو کر عقل سلیم ہو جاتی ہے تب حقیقت ذات معلوم ہوتی ہے۔

(۵۲) جب تیری عقل غفلت کی دلدل سے نکل آئے گی۔ اوسوقت تو سُنے ہوئے کی اور سُننے کی کچھ پرواہ نہ کرے گا

جب تو نادانی کی دلدل سے رہائی پائیگا		تیرے دل سے نقش منقولات کا مٹ جائیگا

جب انسان کی عقل بندار کی کثافت سے صاف اور پاک ہو جاتی ہے تب وہ حالت کیف میں اپنے سروپ یعنی حقیقت کو بطون کی آنکھوں سے دیکھتا ہے اور اطمینان پاتا ہے اور جو کچھ اوس کی بابت پیشتر سن چکا ہے وہ بعد مشاہدہ کرنیکے قابل التفات نہیں رہتا اور نہ اب اوس کو کچھ جاننے کی خواہش رہتی ہے انسان حواس کے جنگل اور اہنکار کی اندھیری رات میں اپنے وطن کو بھولا ہوا بھٹکتا پھرتا ہے جب آفتاب معرفت طلوع ہو کر تاریکی رفع کرتا ہے اوسوقت وہ اپنا اصلی مقام پر پہنچتا ہے اور دیکھتا ہے کہ رات کو میں کہان پھرتا تھا یعنی اب اوسے کسی کی رہنمائی کی ضرورت نہیں رہتی۔

श्रुति विप्रति पन्नाते यदा स्थास्यति निश्चला ॥
समाधाव चला बुद्धि स्तदा योग मवाप्स्यसि ॥ ५३ ॥

حرکت خیال کا ساکن ہونا یوگ ہے	(۵۳) جب تیری پریشان قوت متخیلہ سکون پائے گی اور عقل محویت میں قایم ہو جائے گی اوسوقت تجھے یوگ کی حالت میسر ہو گی۔

جب تری یکسو توجہ کو سکون ہو جائے گا		عقل گم ہو جائیگی دیدار ہو گا ذات کا

مقولہ کبیر صاحب

سرت کھنڈن اکتر کرہی سادھنا جان۔ سرت ایکتا ہوئے جب پاوے پد نربان
اس شغل کو عارفون نے سُرتی سادھنا کہا ہے **سُرتی** کے لفظ سے وہ قوت انسان مراد ہے جو خیال کو روک سکتی ہے اور من جس کا روپ یعنی صورت اور پران ادھشٹان یعنی مسکن ہے اور سادھنا کے معنی شغل ہیں یہ سانکھہ یوگ کا طریقہ ہے جس میں قوت متخیلہ اور عقل بذریعہ مِتّی کے ساکن ہو جاتے ہیں اس میں کوئی عمل یا فعل نہیں کرنا پڑتا اور یہی جزو سے کل ہونیکا طریقہ ہے

گیان یوگ کے طریقہ کا بیان جو منتر ۳۹ سے شروع ہوا تھا یہاں ختم ہوا ہے جب تک عقل روشن کے وسیلہ سے انسان منزل مقصود پر نہ پہونچے تب تک ان منتروں کے معنی کا حل ہونا مشکل ہے کہ یہ رموز بہت ہی باریک ہیں اور مشاہدہ چاہتے ہیں۔

अर्जुन उवाच

स्थित प्रज्ञस्य का भाषा समाधिस्थस्य केशव ॥
स्थित धीः किं प्रभाषेत किमासीत व्रजेत किम् ॥५४॥

یوگ کی شناخت

ارجن کا سوال (۵۴) جو شخص عقل ساکن رکھتا ہے اور محویت کی حالت میں ہے اسے کرشن اوسکی کیا شناخت ہے ساکن عقل رکھنے والا انسان کیونکر بولتا بیٹھتا اور چلتا ہے۔

بول چال اور طرز بود و باش کو سمجھائے		عارف کامل کی کیا پہچان ہے بتلائے۔

اب ارجن دریافت کرتا ہے کہ یوگی اور عام آدمی کی حالت میں بلحاظ گفت و شنود اور نشست و برخاست کیا فرق ہوتا ہے یعنی عارف کے برتاؤ اور طریقہ بود و باش میں کیا خصوصیت ہوتی ہے یہ خیال اوس کا آج کل کی عقل کے موافق تھا یعنی وہ سمجھتا تھا کہ یوگی کا برتاؤ عوام سے مختلف ہوگا اور اوس میں کوئی خاص اور عجیب بات ہوگی

श्री भगवानुवाच

प्रजहाति यदा कामान्सर्वान्पार्थ मनोगतान् ॥
आत्मन्येवात्मना तुष्टः स्थित प्रज्ञस्तदोच्यते ॥५५॥

یوگی خیال کی حرکت کو روک کر ذات میں مسرور رہتا ہے

شری بھگوان کا جواب (۵۵) اے ارجن جب (انسان) سب دل کی خواہشوں سے آزاد اور اپنی ذات میں مسرور و محو ہو جاتا ہے تب وہ ساکن عقل رکھنے والا کہا جاتا ہے۔

جس کے دل سے دونوں عالم کی تمنا دور رہی		اوس کی ساکن عقل ہے جو ذات میں مسرور رہی

جس نے اپنے دل سے دُنیا و عقبیٰ کی تمنا دور کی ہے اور جو اپنی ذات کو پہچانکر اوسی میں محو اور مسرور ہے اور نفس کی آمد و شد پر نظر رکھتا ہے وہی عارف ہے جو انسان اہم ہے ۵۲ نمبر تک کی ضمیر کو سمجھکر اوسپر کاربند ہے اوس کی عقل غیر متحرک سمجھنی چاہئے وگرنہ جاہل اور عارف میں کوئی جسمانی فرق نہیں ہوتا۔

दुःखेष्व नुद्विग्न मनाः सुखेषु विगतस्पृहः॥
वीतराग भय क्रोधः स्थित धीर्मुनि रुच्यते ॥५६॥

(۵۶) جو دکھ کا اندیشہ نہیں کرتا اور سکھ کی تمنا نہیں رکھتا اور اُلفت خوف اور غصہ سے بری ہے وہ ساکن عقل رکھنے والا عارف کہا جاتا ہے۔ | بیم و رجا سے آزاد ہو جاتا ہے

ہے وہ عارف جس کو غصہ شوق اور نفرت نہیں		رنج سے کلفت نہیں آرام سے اُلفت نہیں

انسان کی حیات میں سُکھ دُکھ سردی و گرمی نفع و نقصان لازمی ہیں عارف وہی ہے جو اُن کے پیش آنے کے خیال سے رنجیدہ اور خوش نہیں ہوتا۔

यः सर्वत्रा ऽनभिस्नेहस्त त्तत्प्राप्य शुभाऽशुभम्॥
नाऽभिनंदति नद्वेष्टि स्थित प्रज्ञास्त दोच्यते ॥५७॥

ایک سی حالت رکھتا ہے | (۵۷) جو سب سے بے تعلق رہتا ہے اور نیکی و بدی کے پیش آنے پر خوشی اور رنج نہیں کرتا اوس کی عقل ساکن ہے۔

شادی اور غم سے نہیں جسکو مسرت اور ملال		سب سے جو بے لوث ہے وہ آدمی ہے باکمال

تعلقات دنیوی سے جو رنج اور خوشی کے سامان پیدا ہوں اون کا اثر جو شخص اپنی ذات پر نہیں مانتا اوس کی عقل سلیم اور غیر متحرک ہے۔

رباعی

قومے بہ تمنائے زر و مال خوش اند		برخے بہ تماشائے خط و خال خوش اند
بیدل ہمہ را بحال بدمے بینم		خوش حال کسانانکہ بہر حال خوش اند

यदा संहरते चायं कूर्मोऽङ्गानीव सर्वशः॥
इंद्रियाणींद्रियार्थेभ्यस्तस्य प्रज्ञा प्रतिष्ठिता॥ ५८॥

(٥٨) جب یہ مثل کچھوے کی جو کہ (اپنے) عضوؤں کو چاروں طرف سے سمیٹ لیتا ہے) حواس کو محسوسات سے ہٹا لیتا ہے۔ تب اوس کی عقل ساکن کہی جاتی ہے۔

اوسکی کیفیت مثل کچھوے کے ہے

اپنے اعضا کو چھپا لیتا ہے کچھوا جس طرح		حس و محسوسات سے بچتا ہے عارف اِس طرح

شرتی سادھنا میں عارف کی کیفیت مثل کچھوے کے ہوتی ہے یعنی جب شرتی قاعدے سے رکتی ہے تب اوسکے حواس سمٹ کر بے حرکت ہو جاتے ہیں۔

विषया विनिवर्तन्ते निराहारस्य देहिनः॥
रसवर्जं रसोऽप्यस्य परं दृष्ट्वा निवर्तते॥ ५९॥

(٥٩) (حواس کو) غذا نہ دینے والے اِنسان سے محسوسات دور ہو جاتے ہیں اور برتر از صفاتِ ذاتِ نامتناہی کے مشاہدہ کرنے پر اون کی طلب بھی اوسکے دِل سے جاتی رہتی ہے

حواس کو قابو میں لانے سے ترک لذات کی لذت ملتی ہے

ضبط سے قابو میں آتے ہیں حواس اِنسان کے		شوق مٹجاتا ہے اون کا ذات کے دیدار سے

محسوسات حواس کی غذا ہیں جب شاغل سُرت سادھنا کے قاعدے سے حواس کو سمیٹتا ہے تب حواس کے افعال قابو میں آجاتے ہیں اور اون کی وہ کشش جو محسوسات کی طرف ہوتی ہے جاتی رہتی ہے یعنی اون کیساتھ تعلق نہیں رہتا جب شاغل کو نورِ ذات چشمِ باطنی سے نظر آتا ہے اوس وقت جو سُرت حاصل ہوتی ہے اوس کے مقابلہ میں نفسانی لذات ہیچ معلوم ہوتی ہیں یعنی اوسے محسوسات کی طرف جو شوق و رغبت کہ پیشتر تھے نہیں رہتے۔

شعر

دگر لذت نفس لذت نخوانی	اگر لذت ترک لذت بدانی

यततो ह्यपि कौंतेय पुरुषस्य विपश्चितः॥
इंद्रियाणि प्रमाथीनि हरंति प्रसभं मनः॥६०॥

(۶۰) اے ارجن مفسد حواس شغل کرنیوالے عارف کے دل کو بھی زبردستی کھینچ لیتے ہیں۔	حواس کی کشش اگر احتیاط نہ کی جاے تو عارف کو عقل سلیم سے بے بہرہ کر دیتی ہے

بس میں آجاتے ہیں تنکے اچھے اچھے خود شناس	کھینچتے ہیں شاغلوں کے دل کو بھی مفسد حواس

اگر سرت سادھنا کرنے والے عارف اپنے حواس کو اچھی طرح نہ روکیں تو وہ حواس اونکے دلپر بھی قابو پا جاتے ہیں اور اون کے مشاہدہ کا حجاب ہو جاتے ہیں۔

तानि सर्वाणि संयम्य युक्त आसीत मत्परः॥
वशेहि यस्येंद्रियाणि तस्य प्रज्ञा प्रतिष्ठिता॥६१॥

(۶۱) جو اون سب کو قابو کرکے میری (ذات نامتناہی) کے ادراک میں مصروف رہتا ہے۔ اور جس کے قابو میں حواس آگئے ہیں اُس کی عقل ساکن ہے۔

پس یوگی حواس کو عقل سلیم کے طابع رکھتا ہے۔

عارف کامل ہے جس نے اونکو بس میں کرلیا	اون کو تو مغلوب کر طالب ہو میری ذات کا

ضبط حواس سے یہ مراد نہیں ہے کہ انسان آنکھ۔ کان اور ناک وغیرہ کو بند کرلے اور اون کی بند کرنے کی ضرورت بھی نہیں ہے مطلب یہ ہے کہ قوت متخیلہ جس کے مطیع سب حواس ہیں فعل میں آغشتہ نہو یعنی اوس کا شوق فعل کی جانب نہو۔

ध्यायतो विषयान् पुंसः संगस्तेषूपजायते॥
संगात्संजायते कामः कामात् क्रोधोऽभिजायते॥६२॥
क्रोधाद्भवति संमोहः संमोहात्स्मृति विभ्रमः॥

- स्मृतिभ्रंशाद् बुद्धिनाशो बुद्धिनाशात्प्रणश्यति ॥६३॥

سہو کہتیم اور استہول پدارتھ پابندی کے اسباب ہیں۔

(۶۲-۶۳) محسوسات کی طرف توجہ کرنیوالے انسان کو ان سے تعلق ہو جاتا ہے۔ تعلق سے خواہش پیدا ہوتی ہے۔ خواہش سے غضب پیدا ہوتا ہے۔ غضب سے تیرگی پیدا ہوتی ہے تیرگی سے سہو پیدا ہوتا ہے۔ سہو سے عقل ضایع ہوتی ہے عقل کے زایل ہو جانے سے زوال آتا ہے

آدمی کو جب خیال آتا ہے محسوسات کا جوش کا ثمرہ ہے غفلت سہو غفلت کا مآل		شوق خواہش اور غصہ باندھتے ہیں سلسلا سہو سے ہوتی ہے تیرہ عقل آتا ہے زوال

اس ادھیا کے ۱۴ منتر میں ماترا سپرش کا جو مجمل ذکر ہوا تھا اوس کی ان دونوں منتروں میں تشریح کیجاتی ہے جب تک انسان سُرت سادھنا کا طریقہ نہ جانتا ہو یعنی جب تک انسان کی سُرت کا الحاق علم ذات کے ساتھ نہو وہ صفات کی طرف رجوع کرتی رہتی ہے

اوّل اوس کا تعلق سمان وایو سے ہوتا ہے جو صفت اکاس یعنی خلا کی رکھتی ہے۔

دوم پران وایو سے جو ہوا کا خزانہ ہے الحاق ہونے پر خواہش تولید پاتی ہے۔

سوم تعلق اور خواہش اپان وایو یعنی مادہ حارہ سے ملکر غضب پیدا کرتے ہیں۔

چہارم ان تینوں کا دیان وایو یعنی مادہ باردہ سے اتصال ہونے پر تیرگی ظہور پاتی ہے۔

پنجم۔ ان چاروں کے اودان وایو یعنی مادہ خاکی سے ملنے پر شکل پیدا ہو کر پندار غالب ہو جاتا ہے پندار کے غلبہ میں عقل سلیم تیرہ ہو جاتی ہے اور اپنے آپ کو نہیں پہچانتی یہ حالت قابل افسوس ہے اس منتر میں لطافت سے کثافت کی طرف آتما کے نزول کی صورت جسطرح پر واقعی ہے دکھائی گئی ہے۔

रागद्वेष वियुक्तैस्तु विषयानिन्द्रियैश्चरन् ॥

आत्मवश्यैर्विधेयात्मा प्रसादमधिगच्छति ॥६४॥

(۶۴) جو بشر رغبت اور نفرت کو حواس سے علیحدہ کرکے اور حواس کو اپنے قابو میں رکھکر محسوسات میں اونہیں لگاتا ہوا ذات میں مصروف رہتا ہے وہ سرور ابدی پاتا ہے۔	قوت متخیلہ کو افعال حواس سے علیحدہ کرنا آزادی کا ذریعہ ہے

دیکھتے ہیں اہل دل جلوہ سرور ذات کا۔	شوق و نفرت ترک کرکے حس و محسوسات کا

زندگی میں حواس اپنے فعل سے عاری نہیں رہ سکتے پس عارف ان کے ترک و اخذ دونوں سے کنارہ کرکے ذات میں مسرور رہتا ہے گو حواس کا محسوسات سے تعلق رہے یعنی وہ اپنا فعل متعلقہ کیا کریں تاہم وہ اوپر توجہ نہیں کرتا اور توجہ کی نہونے سے وہ غالب نہیں ہوسکتے جب اون کی طرف توجہ ہوجاتی ہے تب وہ غالب ہوجاتے ہیں جیسے کوئی بیگاری کسی کا کام کرتا ہے اور اوسکے نفع و نقصان سے تعلق نہیں رکھتا ویسے ہی عارف حواس کے فعلوں کو بیگار سمجھکر کرتا ہے مگر بیگار سے بچ نہیں سکتا۔

प्रसादे सर्वदुःखानां हानिरस्योपजायते ॥
प्रसन्न चेतसो ह्यासु बुद्धिः पर्यवतिष्ठति ॥ ६५॥

(۶۵) حالت سرور میں اوس کے سب رنج مٹ جاتے ہیں جو مسرور ہوتا ہے اوس کی عقل جلد قایم ہو جاتی ہے۔	سرور سے کاہش جاتی رہتی ہے اور عقل آرام خالص میں قایم ہو جاتی ہے۔

جو ہوا مسرور اوسکی عقل پاتی ہے ثبات	دور ہو جاتی ہیں دل سے کیف میں سب کاہشات

کیف کی یہ اعلیٰ منزل سُرت سادھنا کے بعد حاصل ہوتی ہے۔ زبان کو اُسکے بیان کی طاقت نہیں

नास्ति बुद्धिरयुक्तस्य नचा युक्तस्य भावना॥
नचा भावयतः शांति रशांतस्य कुतः सुखम॥६६॥

(۶۶) جو شاغل نہیں ہوتا اوس کی نہ تو عقل (قایم) ہوتی ہے اور نہ اوسکو الوہیت کا دیدار ہوتا ہے جسکو دیدار نصیب نہیں اوسکو تسکین نہیں جسکو تسکین نہیں اوسے آرام کہاں ؟	یقین کے بغیر آرام و قرار میسر نہیں ہو سکتا

عقل و عرفان سے وہ بے بہرہ ہے جو شاغل نہیں		اوس کو اطمینان اور اصلی خوشی حاصل نہیں

جو شہرت سادھنا کا شاغل نہیں اوس کی عقل کا سلیم ہونا ممکن نہیں اور وہ ذات نامتناہی کا جلوہ نہیں دیکھ سکتا جب تک مشاہدہ باطنی نہو قرار و اطمینان کی صورت ہرگز پیدا نہیں ہوتی یعنی جب تک شکوک اور واہمات رفع نہوں انسان حالت زندگانی میں آرام نہیں پاتا۔

इंद्रियाणां हि चरतां यन्मनोऽनुविधीयते ॥
तदस्य हरति प्रज्ञां वायुर्नावमिवांभसि ॥६७॥

شغل کے بغیر حواس عقل کو پریشان کردیتی ہیں	(۶۷) جب انسانکا دل فعل کرتے ہوئے حواس کیطرف جاتا ہے۔ تب حواس اوسکی عقل کو اسطرح بہا لیجاتے ہیں جیسے ہوا دریا میں کشتی کو

جب طرف لذات کے جاتا ہے دل انسان کا		کشتی دانش پہ ہوتا ہے سماں طوفان کا

حواس دلکو کھینچکر محسوسات کی طرف لیجاتے ہیں اگر دل کی نظر اون کی طرف ہوتی ہے حواس کی آندھی دل کی کشتی کو محسوسات کے طلاطم میں ڈالدیتی ہے مرد دانا کو چاہیے کہ وہ اوس کشتی کو ملاح کیطرح قابو میں رکھے اور بھنے ندے آندھی کا چلنا تو فعل قدرت ہے۔

तस्माद्यस्य महाबाहो निगृहीतानि सर्वशः ॥
इंद्रियाणींद्रियार्थेभ्य स्तस्य प्रज्ञा प्रतिष्ठिता ॥६८॥

پس حواس کو قابو میں اور اعتدال پر رکھنا واجب ہے	(۶۸) پس اے ارجن جسنے حواس کو محسوسات کی طرف جانے سے بخوبی روک لیا ہے اوس کی عقل ساکن ہے۔

اس لیے ارجن اوسے عارف سمجھنا چاہیے		اپنے دل پر ہو جو قادر ترک محسوسات سے

محسوسات کی طرف حواس کی کشش کا ہونا انسانکے سکون دلمیں خلل انداز ہوتا ہے لہذا انسانکو حواس کے افعال ضبط کیساتھ کرنے چاہئیں اسطرح پر اونکی کوشش کارگر نہیں ہوتی طریقہ ضبط کی تشریح اوپر کی نثر میں ہو چکی ہے

या निशा सर्व भूतानां तस्यां जागर्ति संयमी ॥
यस्यां जाग्रति भूतानि सा निशा पश्यतो मुनेः ॥६९॥

عقل سلیم رکھنے والے کی زندگانی-	(۶۹) جو سب اِنسانوں کی رات ہے اوسمیں عارف جاگتا ہے۔ جسمیں انسان جاگتے ہیں وہ عارف دوربین کے لئے رات ہے۔
روز روشن عارفوں کا جاہلوں کی رات ہے	جاہلوں کا روز روشن عارفوں کی رات ہے

عوام الناس جو حواس کے وسیلہ سے عالم ظاہری میں بدل مصروف ہیں اونکے واسطے عالم بطون مثل شب تار ہے مگر عارفوں کا وہ دراصل دن ہے اور جس عالم ظاہری کو عوام دن سمجھتے ہیں عارف اوسکو اندھیری رات خیال کرتے ہیں جاہل صفات کے عالم سے باخبر ہیں اور ذات کے عالم سے بے خبر۔ عارف ذات کے عالم میں ہوشیار ہیں اور صفات کے عالم سے بے پرواہ سُرت کا حواس سے تعلق ہونا عارفوں کی رات ہے۔ سُرت کا ذات میں محو رہنا عارفوں کا روز روشن ہے۔

आपूर्यमाण मचल प्रतिष्ठं समुद्रमापः प्रविशंति यद्वत् ॥
तद्वत्कामायं प्रविशंति सर्वे सशांति माप्नोति न काम कामी ॥७०

عارف مثل بحر محیط کے بےحرکت اور ساکن رہتا ہے۔	(۷۰) جس طرح دریا لبریز اور بے حرکت سمندر میں غائب ہو جاتے ہیں اوسی طرح سب خواہشیں جس انسان کے دلمیں غائب ہو جاتی

ہیں وہ حالت اطمینان کی پاتا ہے لذات کی خواہش رکھنے والیکو یہ بات نصیب نہیں ہوتی

جیسے دریا آکے ملجاتے ہیں ساکن بحر میں عین راحت سے بسر ہوتی ہے اُس کی زندگی	محو ہو جاتی ہیں جسکی دلکی ساری خواہشیں طالب دنیا و دین سے دور ہے آسودگی ؛

اِنسان حالت کیف میں علم ذات کو مثل بحر محیط لبریز اور ساکن پاتا ہے اور اوس کی تمام خواہشیں دریاؤں کے مانند اوس بحر محیط میں معدوم ہوتی نظر آتی ہیں۔ یہ ادراک اِنسانی انتہائی مقام ہے دنیا اور عقبیٰ کے طالب اس سے محروم رہتے ہیں۔

विहाय कामान्यः सर्वान्पुंमांश्च रति निःस्पृहः ॥
निर्ममो निरहंकारः सशांति मधि गच्छति ॥७१॥

(۷۱) جو انسان خواہشوں کو چھوڑ کر بغیر کسی خواہش کے فعل کرتا ہے اور تعلق قلبی اور پندار سے آزاد ہو جاتا ہے وہ حالت اطمینان پاتا ہے۔	ترک خواہش سے یہ مقام ملتا ہے۔

فعل بے خواہش سے اطمینان پاتا ہے بشر		رغبت و نفرت کا مفروضہ تعلق چھوڑ کر۔

جو ان تینوں شرطوں کو پورا کرے وہی سرور ابدی پا سکتا ہے جو لوگ حواس کے فعل سے مغلوب ہو جاتے ہیں ان کی توجہ کا اس علم کی طرف ہونا محال ہے۔

एषा ब्राह्मी स्थितिः पार्थ नैनां प्राप्य विमुह्यति ॥
स्थित्वाऽस्यामंत कालेपि ब्रह्म निर्वाण मृच्छति ॥७२॥

(۷۲) ارجن یہ برہم کا مقام ہے اسکو پا کر انسان غفلت میں گرفتار نہیں ہوتا اور آخری وقت بھی اس میں قائم رہنے سے برہم کا وصال پاتا ہے۔	یہ مقام انتہائی مراتب ادراک انسانی ہے جہاں غفلت و نادانی باقی نہیں رہتی۔

زندگی اور موت میں عارف کا حصہ ہے بقا:		معرفت کی کیفیت میں ہوتی ہے نادانی فنا:

اوپر کے منتر میں جو حالت کیف بیان کی گئی ہے وہی برہم کا مقام ہے اسکے حاصل کرنے سے سارے عقدے انسان کے وا ہو جاتے ہیں اور وہ اپنی زندگی میں جزو سے کل ہو جاتا ہے اور دم واپسین تک ذات میں مستغرق رہکر جزو سے کل ہو جاتا ہے یعنی اپنی زیست میں اور بعد از مرگ ایک ہی صورت پر رہتا ہے۔

इति श्री भगवद्गीता सूपनिषत्सु ब्रह्म विद्यायां योग शास्त्रे श्रीकृष्णार्जुन संवादे सांख्य योगो नाम द्वितीयोऽध्यायः २

شری بھگوت گیتا کے مخفی برہم ودیا کے طریقت کے بارہ میں کرشن اور ارجن کی گفتگو کی دوسری ادھیاء موسوم بہ سانکھ یوگ ختم ہوئی

دوسری ادھیا میں سانکھ یعنی علم حقیقت کا لب لباب درج ہے اگلے ادھیائیں اسی نمبر پر مبنی ہیں اور اسی کی تفسیر ہیں دوسری ادھیائے اصول چاروں ویدوں اور چھیؤں

شاستروں کا عطر ہیں اگرچہ وید اور شاستر وغیرہ کا مضمون بغیر مطالعہ کے کامل طور پر دریافت نہیں ہو سکتا مگر چونکہ اکثر اشخاص کو ادن کی بابت بہت ہی کم واقفیت ہے اسلئے اُن کے خلاصہ اصول کا ذیل میں درج کرنا بیکار نہو گا۔

چار وید

اوّل رگ وید ہے۔ اس کا "پرگیانم آنند برہم مہاواک ہی اور اُصول اونکار کی سادھنا ہی

دوسرا یجرُوید۔ اس کا "ہم برہم آسمی" مہاواک ہے اسمیں اونکار کے عملی طریقو نکا بیان ہی

تیسرا سام وید۔ اس کا "تت توم اسی" مہاواک ہی اسمیں اشٹانگ یوگ اور عشق کی طریقت کا بیان ہے اور علم موسیقی داخل عبادت ہوا ہے۔

چوتھا اتھروَن وید اس کا "ایم آتما برہم" مہاواک ہی اسمیں توحید وعرفان کا بیان ہے۔

یہ چاروں وید رشیوں یعنی عارفان گذشتہ کے کلمات ہیں جو کسی وقت میں قلمبند کئے گئے ہیں ابتدائے زمانہ میں ان کا علم عارفوں کے سینہ میں تھا اور وہ سینہ بسینہ منتقل ہوتا تھا یعنی بذریعہ سماعت کے شاگرد کو گرو سے حاصل ہوا کرتا تھا۔ جیسا کے لفظ شُرتی سے بھی ظاہر ہوتا ہے جب سامان وقت سے شُرتیاں تعداد میں بہت ہو گئیں اور اونکا حافظہ میں رکھنا مشکل ہو گیا تب وہ وقتاً فوقتاً مکتوب ہو کر چہار وید موسوم ہوئیں شُرتی وہ کلام ہے جو حالت اِشراق میں عارفوں کی زبان سے نکلا ہے۔

چاروں ویدوں کا ایک وقت میں مکتوب ہونا پایا نہیں جاتا۔ گو وہ علم کبھی وقت کلام اور تحریر میں آیا ہو حقیقت اوس کی اناد ہے یعنی کال اور دیش میں محدود نہیں ہے اُپنشد وید کے علم الوہیت کا انتخاب ہے سمرتی کے معنی حافظہ ہیں سمرتی وہ کلام ہے جس نے قوت حافظہ سے ترتیب پائی ہے شُرتی کی شہادت صرف بطون میں مل سکتی ہے سمرتی کی شہادت حواس سے مل سکتی ہے سمرتی میں چھ شاستر یعنی فلسفہ۔ پُران اور اپ پُران۔ وغیرہ شامل ہیں جنکو عالموں نے وقتاً فوقتاً وید کی تشریح و تفسیر میں تحریر کیا تھا۔

(۱) نیائے شاستر کے مصنف گوتم رشی تھے۔ اِس فلسفہ نے مایا۔ ایشر اور جیو تین وجود مانتے ہیں اور ان تینوں کو بدلائل انادی ثابت کیا ہے۔

(۲) میمانسا دو ہیں۔ پورو۔ اور اُتر۔ پورو میمانسا جیمنی رکھیشر کا کلام ہے اتر میمانسا شری وید ویاس جی کی تصنیف ہے پہلا میمانسا مانتا ہے کہ کرم یعنی فعل سے عالم کا ظہور ہوا ہے اور وہ کرم روپ یعنی بصورت فعل ہے اور اوس کا کرم ہی میں انجام ہوگا دوسرا میمانسا ویدانت کے اصول کے موافق کرم کا وجود پرکرتی یعنی قدرت سے بتاتا ہے۔

(۳) وَسے شک شاستر کنادرشی کی تصنیف ہے اِس میں کال یعنی وقت کا سب پر غالب ہونا ثابت کیا ہے یعنی سارا عالم کال سے ظہور پاتا ہے اور کال میں فنا ہو جاتا ہے۔

(۴) پاتنجل شاستر مہامنی پاتنجلی کی تصنیف ہے اِسمیں اشٹانگ یوگ کو ذات میں وصل ہونے کا ذریعہ ثابت کیا ہے اور اوسیکو سدہانت مانا ہے۔

(۵) سانکھیہ شاستر کپل مہامنی کی تصنیف ہے یہ مرتاض اور کمال درجہ کے فاضل ہوئے ہیں اور انہوں نے پورش کو پرکرتی سے علیحدہ مانا ہے پورش کو ذات پاک اور بے لوث کہا ہے اور سب عالم کا نمود پرکرتی سے تسلیم کیا ہے پورش کو شخص اور پرکرتی کو اوس کا سایہ کہا ہے اِس فلسفے کے اصول سمجھنے میں بوجہ کم فہمی بہت غلطیاں واقع ہوئی ہیں چونکہ کلام اعلیٰ ہے اور اوس کے سمجھنے کے واسطے فکر رسا درکار ہے اِس کے جاننے والے اور پیروی کرنیوالے اب ہندوستان میں بہت کم ہیں۔

(۶) ویدانت اعلیٰ درجہ کا فلسفہ سری وید ویاس رشی کا کلام ہے یہ توحید خالص اور انتہائی ادراک اِنسانی ہے برہم سوتر میں جو اِنہیں کی تصنیف ہے ویدانت کے اصول بدلائل ثابت کئے گئے ہیں۔ نیائے ایشر اور مایا کو انادی بیان کرتا ہے اور دونوں کو عقل ظاہر کرتی ہے اور حواس اوسکی شہادت دیتے ہیں۔

میمانسا کرم کو سدہانت اِس لئے مانتا ہے کہ بغیر فعل کے عالم کا ہونا ممکن نہیں۔

ویشیشک کال کو سب سے اعلیٰ مانتا ہے کیونکہ جو فعل ہوتے ہیں وہ سب وقت میں محدود ہیں پاتنجل یوگ کو سب سے اعلیٰ سمجھتا ہے یوگ کے معنی وصل ہیں چونکہ فصل اگیان سے ہوا ہے وصل ضروری ہے گو یہ چاروں فلسفہ مختلف ثبوت ذات ناتناہی کی دیتے ہیں مگر سب کو اوسکی ہستی بحث اور وحدت پر اتفاق ہے نیائے اور میمانسا میں جزوی فرق ہے دونوں کی ضمیر ایک ہی ہے ویشیشک کی تحقیقات اون دونوں سے زیادہ وسیع ہے پاتنجل طریقت عشق ہے اسکا تعلق نفس وغیرہ سے ہے اور یہ فلسفہ کسی وقت میں بہت ترقی پر تھا فی زمانہ اس کے عامل کا ملنا دشوار ہے۔ سانکھیہ عالم ظاہری کا وجود واجب الوجود سے بتلاتا ہے اور بغیر حاصل کئے اس علم کے شکوک دل سے رفع نہیں ہوتے۔

ویدانت اعلیٰ درجہ کا فلسفہ ہے اور فہم ذکی اور طبع رسا چاہتا ہے فہم کے تنگ کاسہ میں یہ بحر محیط سما نہیں سکتا کوئی علم اسوقت ذات کے ادراک کیواسطے اس سے بہتر نہیں ہے ویدانت کے لغوی معنی ہیں علم کی انتہا۔ یعنی وہ فلسفہ جس میں علمی تحقیقات ختم ہو اور محویت شروع ہو محویت سے بلند کسی فلسفہ نے کوئی درجہ بیان نہیں کیا۔ ویدانت واجب الوجود کو اوّل و آخر ظاہر و باطن ثابت کرتا ہے اوپنشدوں میں ویدوں کے علمی رموز یعنی توحید و عرفان حکایتوں کے پیرایہ میں ظاہر کئے گئے ہیں باون اوپنشدوں کا ترجمہ شاہزادہ محمد دارا شکوہ نے فارسی میں کیا ہے بعض بیانات سے ایکسو ساٹھ اوپنشدوں کا ہونا پایا جاتا ہے مگر وہ سب اسوقت ہند میں دستیاب نہیں ہو سکتے اوپنشد کے معنی اسرار مخفی ہیں پرانوں اور اپ پرانوں میں حکایات اور روایات درج ہیں جنکے معنی کامل طور پر اور بدلائل ثابت کرنے مشکل ہیں بعض میں عالی خیالات ظاہر کئے گئے ہیں چنانچہ وشنو پران بہت اعلیٰ درجہ کے علم معقولات پر مبنی ہے جس کے رموز و استعارات کو آجکل کے ملا نہیں جانتے اور ایسے معنی بیان کرتے ہیں جن سے سامع کی تشفی نہیں ہوتی اور طرح طرح کے اعتراض پیدا ہوتے ہیں۔

تیسری ادھیا کرم یوگ ۴۳ منتر

अर्जुन उवाच- ज्यायसी चेत्कर्मणस्ते मता बुद्धिर्जनार्दन ॥
तत्किं कर्मणि घोरे मां नियोजयसि केशव ॥१॥

ارجن کرشن جی کی ضمیر کو نہ سمجھہ سکا۔

ارجن کا سوال (۱) اے جناردن اے کرشن جو آپکی رائے میں فعل پر علم فضیلت رکھتا ہے تو پھر آپ مجھے کثیف کام کی کیوں ہدایت کرتے ہیں

آپ دیتے ہیں فضیلت علم کو اعمال پر	ساتھ ہی کہتے ہیں مجھ سے بے محابہ جنگ کر

ارجن گیان کو کرم پر سبقت دینے اور جنگ کرنے کی ہدایت کو دو مخالف امر سمجھا دراصل فعل کرنا گیان یوگ کے خلاف نہیں ہے بلکہ مطابق ہے آگے ظاہر کیا جائیگا کہ فعل قدرت سے سرزد ہوتے ہیں ذات اون سے مبرا اور بے لوث رہتی ہے۔

व्यामिश्रेणेव वाक्येन बुद्धिं मोहयसीव मे ॥
तदेकं वद निश्चित्य येन श्रेयोऽहमाप्नुयाम् ॥२॥

سمجھنا چاہتا ہے

(۲) آپ کا متضاد کلام میری سمجھ میں نہیں آتا آپ ایسی ایک بات صاف طور پر کہیے جس سے کہ میری بہتری کی صورت پیدا ہوتی ہو۔

عقل چکرانے لگی سنکر یہ جملے آپکے	مجھکو بہبودی کا سیدھا راستہ دکھلائیے

ارجن ترک تعلق فعل اور ترک فعل میں تمیز نہ کر سکا پس اوس نے یہ سوال پیش کیا ہے۔

श्रीभगवानुवाच- लोकेऽस्मिन् द्विविधा निष्ठा पुरा प्रोक्ता मयानघ ॥ ज्ञानयोगेन सांख्यानां कर्मयोगेन योगिनाम् ॥३॥

گیان یوگ اور کرم یوگ وصال ذات کے دو مختلف طریقے ہیں جو کہ زمانہ قدیم سے چلے آرہے ہیں۔

شری بھگوان کا جواب (۳) اے نیکمرد میں اوپر بیان کر چکا ہوں کہ اس عالم میں دو قسم کے عقیدے ہیں عارفوں کا گیان یوگ اور جو لوگ کرم کے پابند ہیں اونکا کرم یوگ

دو طرح کی زندگانی میں نے بتلائی ابھی	ایک تو اعمال کی اور دوسری عرفان کی

دوسری ادھیاے کے ۱۱ سے ۳۹ منتر تک گیان یوگ کے اصول کا اور ۴۰ سے آخر منتر تک اُسکے عملی طریقے کا بیان ہوا ہے اور درمیان کے ۴۲ و ۴۳ و ۴۴ و ۴۵ و ۴۹ منتروں میں کرم کی بابت راے ظاہر کیگئی ہے شائقین ان دونوں عقیدونکے فرق کے سمجھنے کیلئے مذکورہ بالا منترونکو ملاحظہ کریں

नकर्मणा मनारंभा न्नैष्कर्म्यं पुरुषो ऽश्नुते ॥

नच सन्यसंनादेव सिद्धिं समधि गच्छति॥४॥

(۴) نہ تو انسان افعال کے ترک کرنے سے افعال سے بریت پاتا ہے اور نہ وہ ترک افعال سے مطلوب کو پاتا ہے۔

ترک افعال ناممکن اور لاحاصل ہے

محض بیکار آدمی کی زیست ہے امر محال		محض بیکاری سے کوسوں دور ہے کسب کمال	

حواس کے فعل روکنے سے نہیں رُک سکتے ہیں علاوہ بریں اونکے روکنے سے کوئی مطلب حاصل نہیں ہوسکتا پس اونکے روکنے کی کوشش کرنا فعل عبث ہے۔

नहि कश्चित्क्षण मपि जातु तिष्ठत्य कर्म कृत् ॥

कार्यते ह्यवशः कर्म सर्वैः प्रकृति जैर्गुणैः॥ ५॥

(۵) کوئی کبھی ایک لمحہ بھر بھی فعل سے خالی نہیں رہتا۔ قدرتی خواص اپنے زور سے سب فعل کراتے ہیں۔

انسان کو افعال سے ایک لمحہ بھی مفر نہیں ملتا

فعل سے فارغ نہیں ہوتا ہے کوئی لمحہ بھر		فطرتاً مجبور ہے انسان صدورِ فعل پر	

انسان کی زندگانی میں ایک لمحہ بھی ایسا نہیں گذرتا ہے جسمیں اوسکے حواس کی تو تین فعل نہیں کرتیں یہ تمام افعال قدرت سے سرزد ہوتے ہیں اسلئے انکا روکنا احکام قدرت کی مخالفت کرنا ہے

कर्मेन्द्रियाणि संयम्य य आस्ते मनसा स्मरन् ॥

इन्द्रियार्थान् विमूढ़ात्मा मिथ्याचारः स उच्यते॥६॥

(۶) جو کم عقل حواس افعالی کو روک کر دل سے محسوسات کا خیال کرتا رہتا ہے اوسے گمراہ کہنا چاہئے۔

کرم یوگ کا طریقہ ادنیٰ ہے کہ ادنیٰ میں افعال ونی تعلق کیا تھ کیے جاسکتے ہیں

ضبط کے دھوکے میں جو شایق ہے محسوسات کا		وہ ہے ناداں اور اُسے گمراہ کہنا ہے بجا	

چونکہ کان آنکھ ہاتھ پاؤں وغیرہ کے لازمی افعال کے ترک کرنے پر بھی خیالات محسوسات کی طرف جانے سے نہیں رُکتے یعنی طبیعت کا شوق محسوسات کی طرف بدستور رہتا ہے اس لئے اونکے ترک کرنیکی کوشش حماقت ہے۔

यस्त्विन्द्रियाणि मनसा नियम्यारभतेऽर्जुन ॥

कर्मेन्द्रियैः कर्मयोगमसक्तः स विशिष्यते ॥७॥

گیان یوگ اعلیٰ درجہ رکھتا ہے کہ فعلوں کو بے تعلقی کیساتھ کرنا اُس کا اصول ہے

(۷) اے ارجن جو حواس افعالی کو دل کے تابع رکھکر اون سے لازمی افعال بے تعلق ہو کر کرتا ہے وہ اعلیٰ ہے۔

جس نے اپنے دل کے بس میں کرلئے سارے حواس		فعل کرتا ہے مگر آزاد ہے وہ خود شناس	

حواس افعالی کو دل کے تحت میں رکھکر اون سے کام لینا حواس کے ضبط کرنے سے بہتر ہے اس طرح پر فعلوں کا کرنا اون سے بریت کیصورت پیدا کرتا ہے اور اون کا کرنا نہ کرنے کے برابر ہو جاتا ہے یہی عارفوں کا طریقہ ہے۔

नियतं कुरु कर्म त्वं कर्म ज्यायो ह्यकर्मणः ॥८॥

शरीर यात्रापि च ते न प्रसिद्ध्येदकर्मणः ॥८॥

بے تعلق ہو کر افعال کرنے چاہئیں۔

(۸) تو لازمی افعال کر اون کا کرنا نہ کرنے سے بہتر ہے اون کے ترک کرنے سے تو تیرے جسم کا قیام ناممکن ہو جائے گا۔

فرض پورا کر کہ بیکاری سے افضل کار ہے		آدمی کی زندگی بے عمل دشوار ہے	

لازمی افعال کرنے چاہئیں کیونکہ اون کے کرنے سے عارف کا کوئی ہرج نہیں ہوتا اور اون کے بغیر اوس کی زندگی ممکن نہیں ہوتی

यज्ञार्थात्कर्मणोऽन्यत्र लोकोऽयं कर्मबन्धनः ॥

तदर्थं कर्म कौन्तेय मुक्तसंगः समाचर ॥९॥

افعال بے تعلق نفی ہو جاتے ہیں	(۹) اوس فعل کے علاوہ جو ریاض سمجھکر کیا جاتا ہے اور جتنے افعال
افعال تعلق پابندی کا سبب ہیں	اس دنیا میں (انسان) سے سرزد ہوتے ہیں وہ سب اوسکی پابندی

کا باعث ہوتے ہیں اسلئے ارجن تو افعال کو ریاض سمجھکر بے تعلقی سے کر

فعل کی زنجیر ہے دنیا میں	نہ ایقں کے سوا	اس لئے تو کام کر لیکن نہ اس میں دل لگا

جو کچھ اس دنیا میں ظہور پذیر ہوتا ہے قدرت کے فعل سے ہوتا ہے عارف اِسبات کو بخوبی سمجھتا ہے۔ اِسلئے وہ کسی فعل کا باعث اپنی ذات کو قرار نہیں دیتا اور تمام افعال کے صدور کو قدرت سے مانکر اونہیں بے تعلقی کیساتھ کرتا ہے برخلاف اِسکے جاہل قانون قدرت سے ناواقف ہونیکے باعث افعال کی پیدایش اپنی ذات سے خیال کرتا ہے اور اونہیں اختیاری سمجھتا ہے پہلے طریقہ پر کاربند ہونے سے افعال سے بریت حاصل ہوتی پچھلے طریقے کی پیروی کرنیکا نتیجہ پابندی افعال ہوتا ہے اس منتر کے معنی سمجھنے کے لئے جبر و اختیار کے مسئلہ پر غور کرنا ضروری ہے۔

सह यज्ञाः प्रजाःसृष्ट्वा पुरोवाच प्रजापतिः॥
अनेन प्रसविष्यध्व मेषवोऽस्त्विष्ट कामधुक्॥१०॥

دراصل فعل عطیہ قدرت ہے	(۱۰) قادر مطلق نے مخلوقات کو ریاض کرنے کی قوت دیکر پیدا کیا اور

ہدایت کی کہ تم اِسکے وسیلہ سے ترقی کرو اِس سے تمہارے مطالب پورے ہونگے۔

با فرایض خلق پیدا کر کے خالق نے کہا	فرض کو انجام دو اسمیں تمہارا ہے بھلا	

شروع میں بچے کے حواس کی قوتیں اور جسمانی اعضاء کمزور اور ناممل ہوتے ہیں بعماز ان اونسے جسقدر کام لیا جاتا ہے وہ بالیدگی اور تکمیل پاتے ہیں اور جو پہلے بچہ تھا وہ جوان کہلاتا ہے تب وہ ریاض کرکے بسر اوقات کرتا ہے اور مطالب دنیوی حاصل کرتا ہے اسیطرح جیر۔ باشندگان کے مجموعی ریاض اور علمی ترقی سے ملک کی بہبودی ہوتی ہے جو لوگ جسمانی ترقی کے مانع ہوتے ہیں احکام قدرت سے سرکشی کرتے ہیں اور اوسکی سزا پاتے ہیں برخلاف اِسکے عیش و عشرت سے قوا ضیعف ہو جاتے ہیں اور موت کا سامنا جلدی لاتے ہیں عقل سلیم کے مطیع رکھکر حواس سے کام لینا دانائی ہے۔ اور قانون قدرت کی مطابعت ہے۔

देवान् भावयता नेन ते देवा भावयंतु वः॥
परस्परं भावयंत: श्रेय: परमवाप्स्यथ ॥ ११॥

حواس کو قانون قدرت کے موافق ترقی دینا انسان کا فرض ہے

(۱۱) تم اِس سے دیوتاؤں کی خدمت کرو وہ تمہیں عزت بخشینگے۔ کوشش باہم کرسے تمہیں کمال درجہ کی بھبودی حاصل ہوگی۔

	کامیابی اتفاق رائے سے ہوگی تمہیں		دیوتاؤں کو مناؤ تاکہ وہ امداد دیں ۴

دیوتا کوئی مجسم شے نہیں ہیں بلکہ یہی پانچ حواس چت اور بدھ سات دیوتا ہیں جسقدر ہم ریاض سے اونکی قوت کو بڑہاتے ہیں یعنی اونکو کام میں لاتے ہیں اوسی قدر وہ ہماری بھبودی کیصورت پیدا کرتے ہیں ہمارے ریاض پر اونکی ترقی منحصر ہے اونکی ترقی پر ہماری بہبودی۔ افسوس ہے کہ اِس منتر کے معنی پر اہل ہند کی نظر نہوئی اور اس ہدایت ربانی پر اونہوں نے عمل نہ کیا جو ملک آجکل ریاض پیشہ ہیں اور اسکے موافق عمل کر رہے ہیں وہ روز افزوں ترقی پر ہیں۔

इष्टान्भोगान्हि वो देवा दास्यंते यज्ञ भाविता:॥
तैर्दत्तान प्रदायैभ्यो यो भुंक्ते स्तेन एव स:॥ १२॥

قدرت حواس کی فعلونکی فاعل ہے ذات برتر از فعل ہے۔

(۱۲) ریاض سے خدمت کرنے پر دیوتا تمہیں ضروری اشیاء دینگے جو شخص اون کی دی ہوئی اشیاء کو اونہیں دیے بغیر کہا لیتا ہے وہ چور ہے

	چور ہے جو آپ کہا جاتا ہے انکے مال کو		پھل ملیگا دیوتاؤں کی جو تم خدمت کرو

چونکہ سب ضروریات کے فراہم کرنے والے اور سارے کاروبار کے کرنیوالے وہی دیوتا ہیں اس لئے جو لوگ بسبب پندار اپنے آپکو اونکا کرنیوالا مانتے ہیں وہ اُنکی فاعلیت کے حق میں خیانت کرتے ہیں یعنی وہ سب افعال جنکا انسان اپنے تئیں فاعل مانتا ہے عالم میں بہت مجموعی اونہیں صفاتی قوتوں سے سرزد ہو رہے ہیں ذات کبھی کسی فعل کی فاعل نہیں بنتی اُنکی دیوتا سب جسموں میں موجود ہے اور تحصیل و تحلیل غذا کا سبب ہے جو انسان اپنی غذا کا مہیا کرنیوالا اور کہانیوالا اسکے بجائے اپنے وجود کو قرار دیتا ہے وہ اوس دیوتا کی حق تلفی کرتا ہے۔

यज्ञशिष्टाशिन: संतो मुच्यंते सर्व किल्विषै:॥
भुजंते तेत्वघं पापा ये पचन्त्यात्म कारणात ॥१३॥

عارف آزاد رہتا ہے جاہل بوجہ پندار کے پابند افعال ہوتا ہے

(۱۳) جو شے ریاضت سے اعلیٰ ہو اوسکے کہانے والے سب گناہوں سے آزاد ہو جاتے ہیں اور جو خود غرض اپنے سلئے پکاتے ہیں وہ گنہ کا مزا چکھتے ہیں۔

بے گناہ ہو آب حیواں جسنے وحدت کا پیا	جام خود بینی جو پیتا ہے وہ پاتا ہو سزا

عارف افعال کا صدور قدرت سے جانتا ہے اور علم ذات کو نوش جان کرتا ہو اسلئے وہ عذاب و ثواب سے بری رہتا ہے جاہل انانیت کا بندہ ہو کر سارے حسابی خلوں کا سبب اپنی ہستی موہوم کو قرار دیتا ہے اور اوسکے نیتجہ میں پابندی افعال کی سزا اوٹھاتا ہے۔

अन्नाद्भवंति भूतानि पर्जन्या दन्न संभव:॥
यज्ञाद्भवति पर्जन्यो यज्ञ: कर्म समुद्भव:॥१४॥
कर्म ब्रह्मोद्भवं विद्धि ब्रह्माक्षर समुद्भवम्॥
तस्मात्सर्व गतं ब्रह्म नित्यं यज्ञे प्रतिष्ठितम् ॥१५॥

انسانکی حیات کا دارو مدار قدرت کے چرخ پر ہے۔

(۱۴) انسانونکی حیات غلہ سے ہے۔ غلہ کا ہونا بارش پر منحصر ہے بارش حرارت سے ہوتی ہے۔ حرارت فعل سے پیدا ہوتی ہے۔

(۱۵) فعل کی پیدایش قدرت سے سمجھنی چاہئے اور قدرت کا ظہور بیزدال سے پس قدرت محیط ہو کر ہروقت اپنا فعل کرتی رہتی ہے۔

زندگی غلے سے ہی بارش سے غلہ کا وجود ذات مطلق کا کرشمہ حرکت اجسام ہے	الغرہ آتش سے ہے حرکت سے آتش کا نمود سارے عالم میں اسی کا غائبانہ کام ہے

انسان کی حیات نباتات پر منحصر ہے نباتات کی پیدایش بارش پر موقوف ہے بارش اسوقت

ہوتی ہے جبکہ آفتاب کی حرارت روئے زمین سے ابخرات کو بلندی پر لیجاتی ہے حرارت حرکت سے پیدا ہوتی ہے اور حرکت کی پیدایش قدرت سے ہے جسکو پرکرتی کہتے ہیں۔ پرکرتی مثل سایہ کے پورش کیساتھ ساتھ رہکر مذکورہ بالا طریقے سے انسان کی زندگی کی نگہبانی کرتی ہے اوسی نے حرکت حرارت بارش اور غلہ کی صورت اختیار کی ہے یعنی اکاش - وایو - اگنی - جل اور پرتھوی اوسی کی مختلف شکلیں ہیں اور وہی ان پانچوں صورت میں کل عالم میں ہر لمحہ فعل کر رہی ہے جسکو برہم یگ کہتے ہیں (دیکھو یجروید کی مہانارائن اونپشد)

एवं प्रवर्तितं चक्रं नानु वर्तयतीह यः ॥
अघायु रिन्द्रिया रामो मोघं पार्थ स जीवति ॥१६॥

(۱۶) قدرت کا چرخ اس طرح پر جاری ہے جو بشر اس دنیا میں اوسکے موافق نفس چلتا اور عمر ضایع کرتا ہے اور حواس سے مغلوب ہوجاتا ہے اس کی زندگی لاحاصل ہوتی ہے۔

جو کوئی چرخ قدرت کے معنی نہیں جانتا وہ جاہل ہے

	ہیچ ہے اُس نفس پرور کا اصولِ زندگی		چرخِ قدرت کی نہیں کرتا جو احمق پیروی

جس انسان کو اپنی حیات میں اس چرخ قدرت کی حقیقت دریافت نہیں ہوتی اوسے حیوان بشکل انسان کہنا بجا ہے اور اوسکا پیدا ہونا نہونے کے مساوی ہے۔

यस्त्वात्म रतिरेव स्यादात्म तृप्तश्च मानवः ॥
आत्मन्येव च संतुष्ट स्तस्य कार्यं न विद्यते ॥१७॥

(۱۷) جسکو اپنی ذات کا عشق ہے اور اپنی ذات پر قناعت ہے اور اپنی ذات میں لطف حاصل ہوتا ہے اوسے فعل سے سروکار نہیں ہوتا۔

عارف مشاہدہ باطنی کا علم دستور رکھتا ہے

	اُس نے زنجیر عمل کو توڑ کر پائی نجات ہے		جسکے باطن میں سمایا عشق و علم و کیف ذات

عارف عشق حقیقی رکھتا ہے اور اوسکے دل میں ذات بحت کی ادراک کرنے پر کبھی فانی شے کی طلب پیدا نہیں ہوتی صرف علم ذات کا سرور رہتا ہے۔ اوسکا افعال کے ساتھ دلی تعلق

نہیں ہوتا کہ وہ جانتا ہے کہ سب افعال قدرت سے پیدا ہوتے ہیں اور ذات فعل عمل سے بری ہے

नैव तस्य कृतेनार्थो नाकृते नेह कश्चन ॥
न चास्य सर्व भूतेषु कश्चिदर्थ व्यपाश्रय: ॥ १८ ॥

وہ فعلوں سے دلی تعلق نہیں رکھتا۔	(۱۸) اِس دنیا میں اوسے نہ تو فعل کئے ہونے سے کچھ غرض ہوتی ہے اور نہ نکئے سے اوسکی جہاں بھر میں کسی شے کے ساتھ دلبستگی نہیں ہوتی۔

فعل کے کرنے نکرنے کی اُسے پروا نہیں		لذت دنیا کی جانب اُسکا دل جاتا نہیں

عارف جو کچھ کر چکتا ہے اور جو کچھ اوسے آئندہ کرنا ہوتا ہے دونوں سے بے تعلقی رکھتا ہے گو وہ سب کچھ کرتا ہے لیکن اوسے کسی فعل کے ساتھ نہ تو رغبت اور نہ نفرت ہوتی ہے وہ بیم و رجا ماضی و مستقبل کو واہمات سمجھتا ہے اور اونکا پابند نہیں ہوتا اور ذات کو فعل سے مبرا جانکر قدرت کا تماشہ دیکھتا ہے۔

तस्मादसक्त: सततं कार्यं कर्म समाचर ॥
असक्तो ह्याचरन कर्म परमाप्नोति पुरुष: ॥ १९ ॥

اِنسان کو بے تعلق ہوکر فعل کرنے چاہئیں	(۱۹) اسلئے تو لازمی فعلوں کو کر بے تعلق ہوکر بے تعلق ہوکر فعل کرنے سے اِنسان ذات میں وصل ہو جاتا ہے۔

کام دے انجام لیکن اُسمیں آغشتہ نہو		راحتِ دِل ہے میسر بے تمنا شخص کو ہا

اِسوقت کے رہنمائے دین نتیجہ بے تعلق ہوکر فعل کرنے کی یہ تدبیر بتاتے ہیں کہ جو نیکی کا کام کرو اوسے کرشن آرپن کردو اوس کا ثمرہ دہ چند ملیگا تعجب کی بات ہے۔ کہ وہ نیک افعال کو تو بامید افزایش نتیجہ کرشن آرپن کراتے ہیں مگر بُرے فعلوں کو اپنے معتقدوں کی گرہ میں بندھا رہنے دیتے ہیں مبادا اگر کرشن آرپن کرنے سے وہ بھی دہ چند ہو جائیں اور او نہیں بھوگنے پڑیں سچ پوچھو تو کرشن آرپن میں نتیجہ سے نظر اوٹھا لینی چاہئے اور اپنے پندار کے ترک کرنیکا سنکلپ کرنا چاہئے اِس طرح جو کچھ بھلائی یا بُرائی اِنسان سے سرزد ہوتی ہے وہ سب کرشن آرپن ہو جاتی ہے

कर्मणैव हि संसिद्धि मास्थिता जनकादयः॥
लोक संग्रहमेवापि संपश्यन् कर्तु मर्हसि ॥२०॥

افعالِ لازمی کے کرنے سے عارف کا کوئی ہرج نہیں -	(۲۰) راجہ جنک وغیرہ کاروبار کرتے کرتے درجہ کمال پر پہونچے تھے پس عالم کی بہتری کو مدِ نظر رکھکر تجھے فعل کرنا لازم ہے -
سلطنت کرنے پہ بھی راجہ جنک مرتاض تھے	رسم دنیائے مطابق فعل واجب ہے تجھے

دیوسوت منو - راجہ اکشواک - سری رامچندرجی - بسشٹ جی - وید دیاس جی - راجہ جنک اور بہت سے راج رشی تعلقات دنیوی کے برتنے پر بھی عارف کامل تھے اِسوجہ سے کہ وہ تمام جسمانی اور روحانی فعلوں کے صدور کو تقاضائے قدرت سمجھتے تھے اور اپنی ذات کو ہمیشہ افعال سے مبرو بےلوث جانتے تھے آج کل یہ عام خیال ہے کہ جبتک کوئی سر نہ منڈائے اور گوشہ گزینی اختیار نہ کرے تب تک اوسے علم معرفت حاصل نہیں ہوسکتا مگر یہ خیال سراسر غلط ہے - برخلاف اس کے معاش حاصل کرنے کیلیئے نوکری یا کوئی پیشہ اختیار کرنا عارف کا فرض ہے - اپنی حیات میں دنیا کبھی کسی سے ترک نہوئی اور نہوگی جسم انسانی جو خود دنیا کا جزو ہے ہر جگہ ساتھ رہتا ہے اور زبردستی فعل کراتا ہے البتہ جو بشر علم عرفان کے ذریعہ سے جسم کو ترک کردیتا ہے وہ بیشک تارک ہوجاتا ہے اِس لئے کہ آتش عرفان جسم کی موجودگی میں جسم کو بالکل جلا دیتی ہے یعنی عدم وجود اوسکا مساوی کردیتی ہے -

رباعی

مخصوص صفا بہ سر تراشیدن نیست	تسلیم و رضا بہ خرقہ پوشیدن نیست
رمزیست کہ از فیض میسر گردد	ایں دولت نایاب بہ کوشیدن نیست

ترجمہ مولف

مونڈ منڈائے نہو سنیاسی	کپڑے رنگے نہوئے اوداسی
پرا روپ کی انبھو بانی	جو پاوے ہووے سکھ باسی

यद्यदाचरति श्रेष्ठ स्तत्त देवे तरो जनः॥
स यत्प्रमाणं कुरुते लाकस्तदनु वर्तते॥२१॥

عارفوں کو لازمی افعال تقلید عوام کے واسطے کرنے واجب ہیں

(۲۱) جو فعل ایک معزز شخص کرتا ہے اوسی کو سب لوگ کرنے لگتے ہیں وہ جس امر کو جایز قرار دیتا ہے اوسیکو عام آدمی درست مانتے ہیں۔

ایک معزز شخص کی تقلید کرتے ہیں سبھی	خاص کا جیسا عمل ہو عام کرتے ہیں وہی

بڑے آدمیوں کو واجب ہے کہ نیک افعال کے پابند ہوں تاکہ عوام بھی اون کی تقلید میں نیک افعالی اختیار کریں ورنہ اون کی بری مثال کا قایم ہونا عام لوگوں کی گمراہی کا سبب ہوا کرتا ہے۔

नमे पार्थाऽस्ति कर्त्तव्यं त्रिषु लोकेषु किंचन॥
नानवाप्त मवाप्तव्यं वर्त एवंच कर्मणि॥२२॥

کرشن بھگوان فرماتے ہیں کہ میں برہم سروپ ہونے پر بھی افعال کو کرتا ہون

(۲۲) اے ارجن گو مجھے نہ تو تینوں لوک میں کچھ کرنا ہے اور نہ کسی شے کا جو حاصل نہیں ہی حاصل کرنا ہی پھر بھی میں فعل کرتا ہوں۔

عالم فانی سے گو مجھکو بریت ہے سدا	پھر بھی اے ارجن میں اپنا فرض کرتا ہوں ادا

جبکہ کرشن بھگوان کو دنیا کے لازمی افعال سے مفر نہوا تو پھر اوروں کا دعوی ترک فعل کیونکر صحیح ہو سکتا ہے اس منتر میں اونکی ذات مقدس کا بیان مجمل طور پر کیا گیا ہے۔

यदिह्यहं न वर्तेयं जातु कर्मण्य तंद्रितः॥
मम वत्मानु वर्त्तंत मनुष्याः पार्थ सर्वशः॥२३॥

تاکہ عوام میری تقلید کریں

(۲۳) اگر میں فعل ہوشیاری کیساتھ نکروں تو اے ارجن سب لوگ میری تقلید کریں گے۔

ہوشیاری سے نہ لوں میں کام اے ارجن اگر	چلتے جا وینگے ہمیشہ لوگ میری راہ پر

افسوس ہی کہ اہل ہند ہوشیاری اور ہمت کو چھوڑ کر آرام طلبی اور کم ہمتی کے بندے ہو گئے ہیں اور اب تک اس ہدایت ربانی کی مخالفت کرتے جاتے ہیں۔

उत्सीदेयुरिमे लोका न कुर्यां कर्म चेदहम् ॥
संकरस्य च कर्तास्यामुपहन्यामिमाः प्रजाः ॥२४॥

میں عالم کا رہنما ہوں

(۲۴) جو میں فعل کرنا چھوڑ دوں تو عالم کے لوگ بد افعال ہو جائینگے اور میں اولاد ناجایز کی پیدائیش کا باعث اور عالم کا گمراہ کنندہ قرار دیا جاؤں گا۔

میری بیکاری سے عالم بدعمل ہو جائیگا ؛		باعث اولاد ناجایز مجھے ٹھیرائے گا	

بعض اعتراض کرتے ہیں کہ علم ویدانت بد افعالی سکھاتا ہے لیکن یہ خیال اونکا کم فہمی پر مبنی ہے اور اُن کی عقل کی کم وسعتی ثابت کرتا ہے علمائے ویدانت سے ہرگز بد افعال سرزد نہیں ہوتے اسلئے کہ وہ فعل کی حقیقت کو بخوبی جانتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ نیک اعمالی۔ استقلال۔ ہمت اور چستی علم کا خاصہ ہیں اور بد افعالی تلون مزاجی بزدلی اور کاہلی جہل کا ثمرہ۔

सक्ताः कर्मण्यविद्वांसो यथा कुर्वन्ति भारत॥
कुर्याद्विद्वांस्तथाऽसक्तश्चिकीर्षुर्लोकसंग्रहम्॥२५॥

عارف افعال سے بے تعلق رہتا ہے جاہل فعل کیساتھ دلی تعلق رکھتا ہے ؛ ؛ ؛

(۲۵) جن فعلوں کو جاہل دلی تعلق کیساتھ کرتے ہیں عارف عالم کی بہتری مد نظر رکھنے والا اونکو بے تعلقی سے کرتا ہے۔

مرتکب ہوتا ہے جاہل شخصیت سے جرم کا		عارف آزادہ رو کرتا ہے دنیا کا بھلا	

عارف اور جاہل دونوں فعل کرتے ہیں فرق صرف اتنا ہے کہ عارف جو فعل کرتا ہے اوس میں عوام کی بھبودی کو مد نظر رکھتا ہے اور اوسکا مصدر قدرت کو جان کر آپ آزاد رہتا ہے جاہل اپنے آپ کو فاعل قرار دیتا ہے اور پابند افعال ہو جاتا ہے۔

न बुद्धिभेदं जनयेदज्ञानां कर्मसंगिनाम् ॥
जोषयेत्सर्वकर्माणि विद्वान्युक्तः समाचरन्॥२६॥

عارف کو واجب ہے کہ وہ عوام کو فعل لازمی سے باز نہیں رکھے ؛ ؛ ؛

(۲۶) کم سمجھ لوگوں کو جو افعال کے پابند ہوں دوراندیش عارف گمراہ نہ کرے بلکہ اونہیں سب فعلوں کے کرنے کی ہدایت کرے۔

باجز مرتاض نیک افعال کی ترغیب دے		جاہل کم فہم کو اُن سے نہ برگشتہ کرے

تا وقتیکہ طالب میں علم ذات کے حاصل کرنے کی قابلیت پیدا نہو عارف کو لازم ہے کہ وہ اوسکی توجہ افعال کیطرف سے نہ ہٹاوے اور اوسکو اخلاق اور نیک افعال سیکھنے کی ہدایت کرتا رہے برخلاف اسکے فی زمانہ دنیا پرست فقرا چھوٹی چھوٹی عمر کے لڑکوں کو سر منڈواکے اور گیروے کپڑے پہنا کر اپنا چیلا بنا لیتے ہیں اور اس امر کا خیال نہیں کرتے کہ اُن لڑکوں نے جو اس کے لازمی فرائض ادا نہیں کئے ہیں اور وہ تحصیل علم سے فارغ ہو کر علم ذات کے سبق لینے کی قابل نہیں ہوتے ہیں دراصل ترک افعال اختیاری بات نہیں ہے بلکہ وہ مشاہدہ ذات کے علم و سرور کا خاصہ ہے یعنی جسوقت انسان کو حق و باطل کے فرق کا تمیز ہوتا ہے وہ کل فعلوں کا مصدر صفات کو جانتا ہے اور ذات کو اون سے بالکل بے تعلق سمجھتا ہے۔

प्रकृते: क्रियमाणानि गुणै: कर्माणि सर्वश:॥
अहंकार विमूढात्मा कर्ता हमिति मन्यते॥२७॥

فعل کا مصدر قدرت ہے

(۲۷) قدرت کے خواص سے سب فعل صادر ہوتے ہیں جاہل بسبب پندار اپنے آپکو (اونکا) فاعل مانتا ہے۔

فطرتی اوصاف سے ہوتا ہے فعلوں کا صدور		مردم خود بین سمجھتا ہے انہیں اپنا ظہور

حقیقت میں سب فعل قدرت سے صادر ہوتے ہیں جاہل پندار کی غفلت میں گرفتار ہونیکی وجہ سے اپنے آپ کو اونکا فاعل خیال کرتا ہے۔

اے بیخبر از خود ہنرے پیدا کن ؛ این بار خودی کہ سخت بر پشت تو شد		از خانۂ بو د خود درے پیدا کن ؛ بگذار ز پشت باخبرے پیدا کن۔

तत्ववित्तु महाबाहो गुणकर्म विभागयो:॥
गुणा गुणेषु वर्तंते इति मत्वा न सज्जते॥२८॥

عارف فعل کو قدرت سے منسوب کرتا ہے اور ذات کو فعل سے برتر جانتا ہے ؛ ؛ ؛ ؛

(۲۸) عارف صفت اور فعل سے ذات کو مبرا سمجھتا ہے اور محسوسات

کے ساتھ صرف حواس کے تعلق کا ہونا مانتا ہے اس لیئے وہ آزاد رہتا ہے۔

ماہیت کو جانتا ہے جو خواص و فعل کی ::	وہ صفائی چرخ کی گردش سے رہتا ہے بری

جو شخص سانکھہ ودیا یعنی علم حقیقت سے واقفیت حاصل کر لیتا ہے وہ سمجھ جاتا ہے کہ انسان کے تمام حواس کی اور نیز اون محسوسات کی جنکو وہ ادراک کرتے ہیں صفات سے پیدائش ہے اور اون کے باہمی تعلق کا باعث بھی وہی ہے ذات پاک دونوں سے برتر اور منزہ ہے۔

प्रकृतेर्गुण संमूढाः सज्जन्ते गुण कर्मसु ॥
तान कृत्स्न विदो मंदान् कृत्स्न विन्न विचालयेत् ॥२९॥

جاہل اپنی ذات کو پابند افعال سمجھتا ہے

(۲۹) کوتاہ عقل اور کند ذہن انسان اپنی خاصہ طبعی کے غالب ہونے کی وجہ سے صفت اور فعل کے پابند ہو جاتے ہیں۔ دوراندیش عارف اونھیں اپنے راستہ سے نہ ہٹاوے۔

نیک و بد میں فرق کرتے ہیں طلبگار صفات	راستہ کھوتے نہ اونکا واقف اسرار ذات

جاہل ذات و صفات میں تمیز نہیں کر سکتے اسلیئے وہ صفات سے پیدا ہوتے فعلوں کو ذات سے منسوب کرتے ہیں اور غلط فہمی کیوجہ سے ذات پر اونکا اثر مانتے ہیں در اصل ست رج اور تم پرکرتی کی تین صفتیں ہیں جنسے کل افعال پیدا ہوتے ہیں اگر عارف یہہ دریافت کرے کہ وہ اس امر واقعی کو نہیں سمجھ سکتے تو اوسے واجب ہے کہ وہ اونکو اونھیں کے عقیدہ پر رہنے دے اور اونکو نیک افعالی کی ہدایت کرے۔

मयि सर्वाणि कर्माणि सन्यस्याध्यात्म चेतसा ॥
निराशी निर्ममो भूत्वा युद्धयस्व विगतज्वर: ॥३०॥

بے پندار اور بے تعلق ہو کر فعل کرنے چاہئیں

(۳۰) تو اپنے سب فعلوں کو مجھ پر چھوڑ کر مشاہدہ باطنی میں مشغول ہو کر اور افعال کے نتیجہ کی امید اور اونکی فاعلیت کے پندار کو ترک کرکے بے باکانہ جنگ کر۔

بخطر اور بے تمنا جنگ میں مشغول ہو	(دسیے تو میرے حوالے کرتمام افعال کو

علم ذات کے استغراق میں صفاتی افعال محو ہو جاتے ہیں اور تعلق اور خواہش وغیرہ پیدا نہیں ہوتے اس ادھیاے کے ۱۹ منتر میں بے تعلقی سے فعل کرنے کی ہدایت ہو چکی ہے اور ۲۷ منتر میں فعل کا صدور صفات سے دکھا دیا گیا ہے۔ اس منتر میں طالب کو بیدار ہو کر فعل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

ये मे मतमिदं नित्य मनुतिष्ठंति मानवाः ॥
श्रद्धावंतो ऽनुसूयंतो मच्यंते तपि कर्मभिः ॥ ३१॥

اس ہدایت پر کاربند ہونے سے مخلصی ملتی ہے۔

(۳۱) جو اہل ارادت اور بے تعصب انسان میرے اس اصول پر ہمیشہ عمل کرتے ہیں وہ فعل سے مخلصی پاتے ہیں۔

دل سے پیرو ہیں انھیں حاصل ہے دایم مخلصی	میری اس تلقین کے جو بے تعصب آدمی

فعلوں کا مصدر قدرت کو سمجھ کر اونکے نتیجہ کی امید نہ رکھنا فعلوں سے بریت کی صورت ہے

ये त्वेतदभ्य सूयंतो नानुतिष्ठंति मे मतम् ॥
सर्व ज्ञान विभूढांस्ता न्विद्धि नष्टान चतसः ॥ ३२॥

جاہل علم حقیقت سے بے نصیب رہتے ہیں

(۳۲) جو تعصب سے میرے اس اصول پر کاربند نہیں ہوتے تو سمجھ لے کہ وہ بدبخت اور کم عقل لوگ علم کلیت سے بے بہرہ رہجاتے ہیں

جاہل و بدبخت ہیں علم و ہنر سے بے بہر	جو تعصب سے عمل کرتے نہیں اس قول پر

وہ لوگ جہل مرکب میں گرفتار ہیں جو اس ادھیاے کے تیسویں منتر کی ہدایت پر کاربند نہیں ہوتے

सदृशं चेष्टते स्वस्याः प्रकृते र्ज्ञान वानपि ॥
प्रकृतिं यांति भूतानि निग्रहः किंकरिष्यति ॥ ३३॥

عارف اور جاہل دونوں خاصہ طبیعت سے مجبور ہیں

(۳۳) عارف بھی اپنے خاصہ طبعی کے موافق فعل کرنے پر مجبور ہے انسان اپنی خاصہ طبعی کیطرف رجوع کرتے ہیں روکنے سے کیا ہو سکتا ہے۔

وہ بھی ہیں پابند فطرت جنکا عارف نام ہے	بندۂ عادت ہے انساں ضبط کا کیا کام ہے

خاصہ طبعی سے نہ صرف جاہل بلکہ عارف بھی مجبور ہے کیونکہ اوسے بھی اپنی زندگی میں فرایض ادا کرنے پڑتے ہیں الغرض کسی بشر کو خاصہ طبعی سے مفر نہیں ملتا۔

इन्द्रियस्येन्द्रियस्यार्थे रागद्वेषौ व्यवस्थितौ ॥
तयोर्न वशमागच्छेत्तौ ह्यस्य परिपन्थिनौ ॥३४॥

عارف رغبت اور نفرت کو چھوڑ کر فعل کرتا ہے

(۳۴) حواس محسوسات کے ساتھ شوق اور نفرت رکھتے ہیں عارف اون دونوں کے قابو میں نہ آئے کہ وہ اسکے رہزن ہیں

شوق و نفرت خاصہ ہیں درکِ محسوسات کا	دونوں اسکے چور ہیں تو اوسکے قابو میں نہ آ

عارف کو واجب ہے کہ وہ اپنے فرایض کو شوق و نفرت کے بغیر ادا کرتا رہے۔

گذرانہ وا ایں دام لشکن	سرایں ننگ و پاسے نام لشکن
نئے واقف ازیں دزدان باطن	بہ نزد جان تو ہستند ساکن
بہ پشت ہیچ یار از در وز آیند	مطلع خاص تو ہر دم زبانند
تو غافل از متاع خانہ خود	ندانی خویش یا بیگانہ خود

श्रेयान्स्वधर्मो विगुणः परधर्मात्स्वनुष्ठितात् ॥
स्वधर्मे निधनं श्रेयः परधर्मो भयावहः ॥३५॥

اپنے اور اوروں کے فرایض کا لحاظ رکھتا ہے۔

(۳۵) اپنے فرایض کا کسی حد تک ادا کرنا اوروں کے فرایض کے پورے طور پر ادا کرنے سے بہتر ہے اپنے فرض کو ادا کرتے ہوئے جان دینا نیک انجام رکھتا ہے اوروں کے فرایض کا اختیار کرنا باعث خوف ہوتا ہے۔

اپنے ادنیٰ فرض کی تکمیل ہے راہ نجات	غیر کے اعلیٰ فرایض بھی ہیں پُر از کاہشات

شوق اور نفرت سے کنارہ کرنے کے علاوہ عارف کا یہ بھی فرض ہے کہ وہ اوروں کے

فرائیض کو ہرگز اختیار نہ کرے اور اپنے ہی فرائیض کو ادا کرنے کی حتی المقدور کوشش کرتا رہے اسلئے کہ جو کام اپنی ذات سے تعلق نہیں رکھتا وہ کیسی ہی عمدگی سے تکمیل پاوے نیک نتیجہ پیدا نہیں کرتا۔

अर्जुन उवाच – अथकेन प्रयुक्तोऽयं पापंच रति पुरुषः॥
अनिच्छन्नपि वार्ष्णेय बलादिव नियोजितः॥३६

دیدہ و دانستہ اِنسان مرتکب گناہ کیون ہوتا ہے

ارجن نے سوال کیا (۳۶) اے کرشن پھر کس کی تحریک سے اِنسان اپنی مرضی کے خلاف گناہ کا مرتکب ہوتا ہے گویا وہ اُس سے جبراً کرایا جاتا ہے۔

اُسکی تحریک آدمی کو اسکی مرضی کی خلاف		مورد عصیان بناتی ہے تا وصاف صاف	

اوپر تینتیسویں منتر میں بیان ہو چکا ہے کہ ہر ایک اِنسان اپنی خاصہ طبعی کے موافق فعل کرتا ہے اب ارجن سوال کرتا ہے کہ خلاف مرضی فعل سرزد ہونیکا باعث کیا ہے

श्री भगवानुवाच – काम एष क्रोध एष रजोगुण समुद्भवः॥
महा शनो महा पाप्मा विद्धेयनमिह वैरिणम्॥३७॥

رجوگن سے خواہش پیدا ہو کر مصدر گناہ ہوتی ہے

شری بھگوان نے جواب دیا۔ (۳۷) اس کا سبب خواہش ہے یا غضب ہے جو رجوگن سے پیدا ہوتا ہے اور بہت کھانیوالا اور بڑا موذی ہے اوسکو دشمن سمجھ۔

قدرت ایجاد نے حرص و غضب پیدا کئے		ظالم و بدکار ہیں وہ دونوں دشمن جان کے	

دوسری ادھیائے کے ۶۲ و ۶۳ منتر میں خواہش اور غضب کی تصریح ہو چکی ہے رجوگن یعنی صفات کے ساتھ تعلق ہونے سے خواہش پیدا ہوتی ہے یہی خواہش غضب کی صورت اختیار کرتی ہے غضب سے سہو غفلت اور انجام کار تیرگی عقل یعنی تموگن کے پیدا ہونے

پر عارف علم ذات کے سرور سے محروم ہو جاتا ہے صفت شیطانی کی پیدائش کا رجوگن سرچشمہ ہے اوس کے بند کرنے یعنی بے تعلق ہو کر فعل کرنے سے خواہش و غضب کا سلسلہ مسدود ہو جاتا ہے رجوگن قلب کی حرکت ابتدائی ہے اور اوس کے تسلسل میں تموگن پیدا ہوتا ہے۔

धूमेना व्रियते वह्नि र्यथाऽऽदर्शो मलेन च ॥
यथोल्बेना वृतो गर्भस्तथा तेनेदमा वृतम् ॥ ३८ ॥

خواہش اور غفلت سے عقل پر پردہ پڑ جاتا ہے	(۳۸) جیسے دھواں آگ کو چھپا لیتا ہے اور میل آئینہ کو اور جھلی بچہ کو ویسے ہی وہ اس علم ذات کو پوشیدہ کر دیتا ہے

آئینہ کو زنگ شعلے کو چھپاتا ہے دھواں		جر بچے کو۔ وہ نور دل کو کرتے ہیں نہاں

आवृतं ज्ञान मेतेन ज्ञानिनो नित्य वैरिणा ॥
कामरूपेण कौन्तेय दुष्पूरेणाऽनलेन च ॥ ३९ ॥

خواہش عارف کی دشمن ہے	(۳۹) عارف کا یہ ازلی دشمن جو خواہش کی صورت رکھتا ہے اور آگ کی مانند کبھی سیر نہیں ہوتا علم ذات کو محجوب کر دیتا ہے۔

عقل و خواہش کی ازل سے ہی سراسر دشمنی		آگ کی سیری جلانے سے نہیں ہوتی کبھی	

خواہش لذات اور علم معرفت میں ایک قدرتی مخالفت ہے یعنی جسکا دل خواہشات میں پھنستا ہے اوسے علم ذات حاصل ہونا دشوار ہو جاتا ہے خواہش کا سیر ہونا کبھی ممکن نہیں کہ جسقدر وہ پوری ہوتی جاتی ہے اوسیقدر وہ بڑھتی ہے آگ لکڑی کے ڈالنے سے بجھتی نہیں بلکہ زیادہ بھڑکتی ہے۔

آنکہ شیران را کند روبہ مزاج		احتیاج است احتیاج است احتیاج	

इंद्रियाणि मनोबुद्धिरस्याधिष्ठानमुच्यते॥
एतैर्विमोहयत्येष ज्ञानमावृत्य देहिनम्॥४०॥

خواہش کا مقام حواس دل اور عقل ہیں۔

(۴۰) حواس دل اور عقل اوسکا مسکن بتائے گئے ہیں جنکے ذریعہ سے وہ علم کو محجوب کرکے انسان کو غفلت میں ڈالتی ہے -

عقل دل ورسح اس باطنی ہیں اس کا گھر		ڈالتی ہے پردہ غفلت کو وہ انسان پر	

خواہش رجوگن سے پیدا ہوکر حواس دل اور عقل میں مقیم رہتی ہے اور اپنے زور سے اونکو علم ذات پر غالب کرکے انسان کو جہل میں گرفتار کرتی ہے۔ جان کو اوس خواہش کا مقام نہیں کہہ سکتے کہ وہ ہمیشہ پاک اور بے لوث ہے -

तस्मात्त्वमिन्द्रियाण्यादौ नियम्य भरतर्षभ॥
पाप्मानं प्रजहि ह्येनं ज्ञानविज्ञाननाशनम्॥४१॥

عارف کو چاہیے کہ خواہش کو پیدا نہونے دے -

(۴۱) پس اے ارجن تو شروع سے حواس کو قابو میں کرکے علم و سرور کے غارت کرنیوالے اِس موذی کو ہلاک کر

حظ نفسانی سے دلکو روک کرائے باشعور		مار اوس موذی کو جو ہے دشمن علم و سرور	

جب حواس کے فعل محسوسات کیطرف دلی تعلق کے ساتھ ہوتے ہیں اوسوقت خواہش کا آغاز ہوتا ہے بعد ازاں وہ خواہش حواس وغیرہ میں دخل کرکے جہل کو پیدا کرتی ہے اگر شروع ہی سے اوسکو روکا نہ جاوے تو پھر مثل بیماری کے اوسکا علاج مشکل ہو جاتا ہے

इंद्रियाणि पराण्याहुरिंद्रियेभ्यः परं मनः॥
मनसस्तु परा बुद्धिर्यो बुद्धेः परतस्तु सः॥४२॥

حواس دل اور عقل سے ذات برتر ہے

(۴۲) (جسم کثیف) سے حواس سے برتر مانے گئے ہیں حواس سے برتر

دل ہے دل سے برتر عقل ہے اور عقل سے برتر وہ ہے۔

عالم احساس سی برتر ہے دل کی کائنات		دل سے برتر عقل ہی اور عقل سی برتر ہی ذات

حواس دل اور عقل میں مقامی فاصلہ نہیں ہے بلکہ تفہیمی ہے یعنی فہم سے اونکے مدارج تمیز ہوتے ہیں مادّی اجسام قوتِ حس نہیں رکھتے پس محسوسات کہلاتے ہیں حواس اونکو ادراک کرتے ہیں اس لئے اون سے افضل ہیں دل کی غیرحاضری میں حواس محسوسات کا ادراک نہیں کرسکتے یعنی جسوقت انسان کا دل حاضر نہیں ہوتا اُسوقت اوسکے سامنے سے چاہے کوئی شے گذر جائے اوسکا علم نہیں ہوتا اس لئے حواس دل کے محتاج ہیں اور دل کو اون پر فضیلت ہے حواس اور دل دونوں عقل کی معلومات کے احاطہ میں ہیں لہذا عقل اون پر فضیلت رکھتی ہے عقل نے ہی محسوسات حواس اور دل کی بابت تحقیقات کی ہے اور تمام علوم معقولات پر مبنی ہیں تاہم یہ عقل صرف محدود شے کو تمیز کرسکتی ہے ذات غیر محدود ہے اس لئے اوس کے ادراک سے باہر ہے جو لوگ ذات کو معقولات میں محدود کرتے ہیں ایک مفروض ذہنی بناتے ہیں کیونکہ عقل محدود ذات کا حجاب ہے البتہ عقل سلیم کے وسیلہ سے ذات کا جلوہ انسان اپنے اندر مشاہدہ کرسکتا ہے جس کو اپہو شکتی یعنی علم اشراق کہتے ہیں۔

چرند اس کا قول ہے

اندری سے من پرے ہے تا کہ پری ہے بدھ		اتہو دا کے پرے ہی کچھو ایک یا وے سدھ	

एवं बुद्धेः परं बुद्ध्वा संस्तभ्यात्मानमात्मना ॥
जहि शत्रुं महा बाहो कामरूपं दुरासदम् ॥४३॥

عالم ذات کی مدد سے خواہش کا مغلوب کرنا انسان کا فرض ہے	(۴۳) اے ارجن جو اس طور پر عقل سے برتر بیان کیا گیا ہے اوسکو جانکر اور دل کو اپنے قابو میں کر کے تو اِس زبردست دشمن کو جو خواہش کی صورت رکھتا ہے ہلاک کر

ذات کے دیدار میں پندار کو معدوم کر		نفس امارہ کی گردن قطع کر لے نامور	

ذات پاک چھوٹے سے چھوٹے ذرے اور بڑے سے بڑے عالم میں موجود ہے اور وہ اندریوں سے اور من اور بدھی سے برتر ہے پس دانش کو اوسمیں دخل نہیں صرف حالت کیف میں اوسکے جمال کا مشاہدہ ہو سکتا ہے اِنسان علم ذات میں مسرور رہ کر اور حواس کے افعال سے بے تعلقی اختیار کرکے خواہش کو پیدا ہونے دے خواہش کا مخزن خیال ہے اور خیال کے روکنے سے خواہش کا سلسلہ رک جاتا ہے -

इति श्री भगवद्गीता सुपनिषत्सु ब्रह्मविद्यायां योगशास्त्रे श्रीकृष्णार्जुन संवादे कर्मयोगो नाम तृतीयोऽध्यायः ३

شری بھگوت گیتا کے مخفی علم الوہیت کے عِلمی طریقہ کے بارہ میں شری کرشن اور ارجن کی تقریر کی تیسری ادھیا کرم یوگ نام ختم ہوئی

تیسری ادھیا کا خلاصہ

(۱) افعال لازمی ہیں اور کسی کو اون سے نجات نہیں ملتی یعنی جب تک انسان قید حیات میں ہے فعل کرنے پر مجبور ہے۔

(۲) افعال کا مبدا قدرت ہے جسکو پرکرتی کہتے ہیں یعنی سب فعل قدرت سے پیدا ہوتے ہیں اور قدرت ہی کی حرکت سے کل عالم متحرک ہے ذات پاک اور بے لوث ہے۔

(۳) دلی تعلق اور انانیت کو ترک کرکے فعلوں کا کرنا اون سے بریت حاصل کرنیکا طریقہ ہے یعنی حواس کو شوق و نفرت کے مطیع نہونے دینے اور اون کے فعلوں کا باعث قدرت کو جاننے سے افعال کی پابندی چھوٹ جاتی ہے۔

چوتھی ادھیا کرم سنیاس یوگ

श्रीभगवानुवाच

इमं विवस्वते योगं प्रोक्तवानहमव्ययम् ॥
विवस्वान् मनवे प्राह मनुरिक्ष्वाकवेऽब्रवीत् ॥१॥

شری بھگوان نے فرمایا

(۱) میں نے یہ لازوال علم معرفت دیوسوت کو بتایا۔ دیوسوت نے منو کو منو نے اکشواک کو

دیوسوت۔ منو اور اکشواک علم ذات رکھتے تھے

میں نے علم حق دیوسوت پر کیا تھا آشکار		یون منو اور اکشواکو ہوتے گئے رازدار	

علم ذات راجہ دیوسوت کے بعد منو کو اور منو کے بعد راجہ اکشواک سری رامچندر جی کے دادا کو حاصل ہوا تھا موحد کے لئے ضمیر کلام بالکل صاف ہے وہ جانتا ہے کہ آتما ہمیشہ بدستور ہے اور سب میں محیط ہے جب انسان کا بطون کثافت جہل سے

صاف ہو جاتا ہے اوسوقت اوسمیں علم ذات کا اشراق ہونے سے دوئی کا حجاب اوٹھ جاتا ہے چنانچہ مذکورہ بالا اشخاص میں اوس علم نے وقتاً فوقتاً اشراق پایا تھا اِس ادھیاے کے چھٹے منتر میں اِس منتر کا مطلب ظاہر کیا جائے گا۔

एवं परंपराप्राप्तमिमं राजर्षयो विदुः॥

स कालेनेह महता योगो नष्टः परंतप ॥२॥

انکے بعد جو عارف ہوئے وہ بھی وہی علم فراست رکھتے تھے اب وہ پوشیدہ ہو گیا ہے

(۲) اے ارجن جو علم اِسطرح پر زمانہ قدیم سے چلا آیا تھا اوسکو راج رشی جانتے تھے وہ علم اب زمانہ دراز سے محجوب ہو گیا ہے۔

لوح محفوظ اب وہ مدت سی ہی لے مردِ حری	راج رشیوں میں رہا مخفی جو علم سرمدی

راج رشی وہ لوگ تھے جو باوجود اپنی ریاست کا کاروبار کرنے کے مرتاض اور اِس علم سے واقف تھے کرشن بھگوان کے زمانہ سے پیشتر علم ذات اون راج رشیوں میں باقی نہیں رہا تھا اِس لئے اونہوں نے پھر اوسکا اعلان کیا۔

स एवायं मयाते ऽद्य योगः प्रोक्तः पुरातनः॥

भक्तोसि मे सखा चेति रहस्यं ह्येतदुत्तमम्॥३॥

کرشن بھگوان فرماتے ہیں کہ میں اونہی قدیم علم ذات کو پھر آشکارا کرتا ہوں :

(۳) وہ ہی قدیم علم میں تجھے اب بتاتا ہوں تو میرا معتقد اور رفیق ہے اور یہ عالی اِسرار ہیں۔

یاد رکھ اے یار ہمدم یہ ہی اک سرِ عظیم	کہہ سنایا اب تجھے میں نے وہی علم قدیم

علم ذات ایک ہے اور وہ کبھی ضائع نہیں ہوتا پس کرشن بھگوان نے اونہیں رموز کو جو عارفان گذشتہ کے سینہ میں تھے از سرِ نو ظاہر کیا۔

अर्जुन उवाच

अपरं भवतो जन्म परं जन्म विवस्वतः॥
कथमेतद्विजानीयां त्वमादौ प्रोक्तवानिति॥४॥

ارجن نے سوال کیا

(۴) آپ بعد میں پیدا ہوئے اور دیوسوت پیشتر پیدا ہوا ہیں کیونکر جانوں کہ ابتدا میں آپنے وہ علم بتایا تھا۔

ارجن کہتا ہی کہ آپ دیوسوت کے بعد پیدا ہوئے آپ کا بیان عقل سے ثابت نہیں ہوتا

پیشتر آیا تھا دنیا میں	دِوسوت آپ سے		کس طرح میں مان لوں اُسکو سکھایا آپنے

ارجن کی نظر کرشن جی کے جسم پر گئی ہے کرشن کے جسم کی ولادت بیشک دیوسوت کے بعد ہوئی کرشن کی ذات ناتناہی ہر وقت ہر انسان میں موجود ہے وہ نہ کبھی پیدا ہوئی اور نہ آیندہ پیدا ہو گی اسی سے علم ذات دیوسوت وغیرہ عارفوں کے بطوں میں آشکارا ہوا کرتا ہی۔

श्री भगवानुवाच

बहूनि मे व्यतीतानि जन्मानि तव चार्जुन॥
तान्यहं वेद सर्वाणि नत्वं वेत्थ परंतप॥५॥

شری بھگوان نے جواب دیا

(۵) اے ارجن میرے اور تیرے بہت سے جنم ہو چکے اون سب کو میں جانتا ہوں تو نہیں جانتا۔

کرشن بھگوان سمجھاتے ہیں کہ میری ذات قدیم اور محیط ہے پس وہ کل مخلوقات کی جان ہے۔

میرے اور تیرے بہت اجسام پہلے ہو چکے		توہی ناواقف مگر واقف ہوں میں اس راز سے

لفظ میرے اور تیرے سے کم فہم شری کرشن اور ارجن کو جدا سمجھکر یہ خیال کر سکتے ہیں کہ کرشن جی اور ارجن نے زمانہ سابق میں جنم لئے ہوں گے مگر مراد کلام یہ نہیں ہی صاف مطلب یہ ہی کہ آتما سرو بیاپک

ہے اور وہ میرے اور تیرے جسم کا مادہ حیات ہے اُس نے بیشمار جنم لئے ہیں دیوسوت منو اور اکشواک میں وہی تھی اور مجھ میں اور تجھ میں اور سب میں وہی ہے میں چونکہ صاحب علم توحید و عرفاں ہوں اُس آتما کو اپنے اندر اور سب میں محیط دیکھتا ہوں تو پندار خودی رکھتا ہے اِسلئے آتما کو اپنی حقیقت نہیں جانتا۔

	رباعی	

گر بپرسندم ز حال زندگی	نہ صد و ہفتاد قالب دیدہ ام	ور بگویم شرح حال خویش را	ہمچو سبزہ بارہا روئیدہ ام

अजोऽपि सन्नव्ययात्मा भूतानामीश्वरोऽपि सन्॥

प्रकृतिं स्वामधिष्ठाय संभवाम्यात्ममायया॥६॥

جان کبھی پیدا نہیں ہوتی اجسام میں ظاہر ہونا اُسکا کرشمہ ہے

(۶) گو میں پیدایش اور فنا سے برتر ہوں اور مخلوقات کا مالک ہوں تاہم میں اپنی قدرت میں دخل کر کے اپنے کرشمہ سے ظاہر ہو جاتا ہوں۔

مالک عرض و سما ہوں برتر از خلق و فنا	اپنی قدرت سے و لے ہوتا ہوں میں جلوہ نما

یہ کرشن کی حقیقت ہے جسے ارجن نہیں جانتا تھا پورش لازوال ہے اور کل شے میں محیط ہے وہ کبھی پیدا اور فنا نہیں ہوتا اِجسام پرکرتی یعنی قدرت سے پیدا ہو کر فنا ہو جاتے ہیں۔ اِجسام کے پیدا ہونے اور فنا ہونے سے پورش میں کوئی تغیر واقع نہیں ہوتا جب اِنسان پورش یعنی ذات کے علم سے ناواقف ہو جاتے ہیں اور اپنی اصلیت کو بھول جاتے ہیں اوسوقت کوئی وجود مثل کرشن کے پیدا ہو کر جہل کی تاریکی رفع کرتا ہے اگرچہ ذات کا پیدا ہونا ممکن نہیں ہے اور جاہل کا اوسکو اپنی ہستی تسلیم نکرنا اُسمیں کوئی فرق نہیں لاتا تاہم وہ جہل رفع کرنیکے واسطے اپنے علم کو انسان پر آشکارا کرتی رہتی ہے

यदा यदाहि धर्मस्य ग्लानि र्भवति भारत।

अभ्युत्थान मधर्मस्य तदाऽऽत्मानं सृजाम्यहम्॥७॥

جب جہل اور بد افعالی عالم میں بڑہجاتی ہے۔

(۷) اے ارجن جب کبھی نیکی گھٹ جاتی ہے اور برائی غلبہ پاتی ہے اوسوقت میں وجود اختیار کرتا ہوں۔

جب کبھی گھٹتی ہی نیکی اور بڑھتی ہے بدی
میں عیاں ہوتا ہوں عالم میں بشکلِ عنصری

جب انقلاب زمانہ سے جہل انسانوں میں بڑہجاتا ہے اسوقت کوئی نادر وجود پیدا ہو کر علم اشراق کو ظاہر کرتا ہے اور اوتار کہلاتا ہے۔

परित्राणाय साधूनां विनाशाय च दुष्कृताम्॥

धर्म संस्थापनार्थाय संभवामि युगे युगे॥८॥

تب نیکی کی بنیاد مضبوط کرنیکے واسطے علم ذات ظاہر ہوتا ہے

(۸) میں نیک آدمیوں کی حفاظت کرنے اور بدکرداروں کو غارت کرنیکے واسطے اور نیکی قایم رکھنے کیلیے وقتاً فوقتاً ظاہر ہوتا ہوں۔

وقت پر آتا ہوں میں انصاف کرنیکے لیے
قتل موذی اور بندہ پروری کیواسطے

जन्म कर्म च मे दिव्य मेवं यो वेत्ति तत्त्वतः॥

त्यक्त्वा देहं पुनर्जन्म नैति मामेति सोऽर्जुन॥९॥

جسم اور جان کی اس حقیقت کا جاننے والا ذات میں وصل ہوتا ہے۔

(۹) اے ارجن جو میری حیرت انگیز پیدایش اور افعال کی حقیقت سمجھتا ہے وہ جسم کو ترک کرکے جسمانی قید میں نہیں آتا مجھہ میں وصل ہو جاتا ہے

جسنے سمجھا راز میری قدرت وافعال کا
وہ تناسخ سے رہائی پاکے مجھہ میں ملگیا

ذات کا جسم میں ظہور کرنا ایک نادر کرشمہ ہے یعنی اوسکا باوجود افعال جسمانی سے بے تعلق ہونیکے محرک

جسم نطفہ آنا عجیب طلسم ہے جو اس کی حقیقت کو علم معرفت کے وسیلہ سے دریافت کرلیتا ہے وہ بحالت زندگی اپنی ذات کو جسم سے علیحدہ دیکھتا ہے زاں بعد وہ جسمانی افعال کا پابند نہیں رہتا اور ہستی بحت پاتا ہے۔

वीत राग भय क्रोधा मन्मया मामुपाश्रिता:॥
बहवो ज्ञान तपसा पूता मद्भाव मागता: ॥१०॥

چنانچہ ترک بیم ورجا اور علم معرفت سے بہت انسان ذات بحت میں وصل ہو چکے ہیں۔

(۱۰) بیم ورجا اور غضب سے بری ہو کر میرا تصور کرکے اور میری پناہ میں آکے اور ریاض معرفت سے پاک ہو کر بہت لوگوں نے میری ہستی بحت پائی ہے۔

میری ہستی میں سمائے طالبانِ باصفا		برق عرفاں سی جلا کر خرمن بیم و رجا	

جبتک انسان بیم و رجا سے آزادی نہ پاوے تب تک اوسے علم معرفت حاصل نہیں ہو سکتا چنانچہ عارفان متقدمین بیم و رجا کو ترک کرکے اور پیدائش اور افعال کی حقیقت جا نکر ذات میں وصل ہوئے ہیں

ये यथा मां प्रपद्यंते तांस्त थैव भजाम्यहम् ॥
मम वर्त्मानु वर्त्तन्ते मनुष्या: पार्थ सर्वश:॥११॥

ذات پاک ہر ایک عقیدہ کے مطابق معبود فرض کیجاتی ہے۔

(۱۱) جو لوگ میرے جسطرح پر طالب ہوتے ہیں اونکو میں ویسا ہی نتیجہ دیتا ہوں اے ارجن سب لوگ میرے ہی راستہ پر چلتے ہیں

حسب نیت سبکو میں دیتا ہوں فعلونکا ثمر		ساری دنیا کر رہی ہے میری منزل کا سفر	

رباعی

ہر آن چیز یکہ مقصود تو آمد	ہماں مولا و معبود تو آمد		ہر آں چیز یکہ دایم در دل تست	ہماں ہم شد ار آخر حاصل تست

ذات واحد کل اجسام میں جلوہ گر ہے مختلف اشخاص اور فرقے اُسکی نسبت مختلف عقیدے رکھتے ہیں

اور اُن میں سے ہر ایک کا فرضی وجود اوس کے عقیدے کے بموجب ہوا کرتا ہے

رُباعی

گر گل گذرد بخاطرت گل باشی	ور بلبل بیقرار بلبل باشی	توجزوی وحق کل است گر روزے چند	اندیشۂ کل پیشہ کنی کل باشی

ہر انسان کی کچھ نہ کچھ تسلیم ہونی لازمی ہے اور کل انسان کا منزلِ مقصود وہی ہے ۔
ہمہ کس طالب یار اند چہ ہشیار و چہ مست ہمہ جا خانۂ عشق است چہ مسجد چہ کنشت

कांक्षंतः कर्मणां सिद्धं यजंत इह देवताः॥
क्षिप्रं हि मानुषे लोके सिद्धिर्भवति कर्मजा॥१२॥

طلبگار دنیا صفات پرست ہوتے ہیں

(۱۲) نتیجہ افعال کے چاہنے والے اِس جہان میں دیوتاؤں کی پرستش کرتے ہیں کیونکہ دُنیا میں فعل کا نتیجہ جلد حاصل ہوتا ہے ۔

پوجتے ہیں دیوتاؤں کو غرض مند آدمی	ایسے فعلوں کا ثمر ہوتا ہے لیکن عارضی

پرستار صفات اور اک ذات سے محروم رہتے ہیں گو وہ دینوی مطالب میں کامیاب ہو جاتے ہیں

चातुर्वर्ण्यं मया सृष्टं गुण कर्म विभागशः॥
तस्य कर्तार मपि मां विद्ध्यकर्त्तार मव्ययम्॥१३॥

انسانوں میں صرف صفات اور فعل کا فرق ہے ذات سب میں یکساں موجود ہے

(۱۳) صفت اور فعل کی تقسیم سے مینے چار ورن پیدا کئے گو میں اونکا خالق ہوں مجھے فاعلیت سے برتر اور لازوال جان

چار ورنوں میں صفت اور فعل کی تقسیم کی	میں نے لیکن میں سدا رہتا ہوں وہ تو نسے بری

دُنیا میں اِنسان چار قسم کے ہیں ۔ بعض میں علمی قوت زیادہ ہوتی ہے جس کی وجہ سے وہ سب کے علم معاش و معاد میں رہنما بنتے ہیں اور قابل تعظیم خیال کئے جاتے ہیں ۔ بعض ہمت مردانگی اور اعلی درجہ

کی جسمانی طاقت رکھتے ہیں اور سپہ گری اور حفاظت ملک کرتے ہیں بعض کو تجارت اور مال و دولت کے انتظام کا مادہ حاصل ہوتا ہے جن کی وجہ سے کاروبار دنیوی بخوبی انجام پاتے ہیں جو لوگ ان تینوں صفتوں سے بے بہرہ ہوتے ہیں وہ اوروں کی خدمت گذاری کر کے بسر اوقات کرتے ہیں۔ کل اجسام میں آتما یعنی ذات پاک محیط ہے اور باوجود انکے محرک معلوم ہونے کے صفت اور فعل سے برتر ہے اجسام صفت اور فعل کے تقسیم سے گوناگون اشکال رکھتے ہیں اور پیدا اور فنا ہوتے رہتے ہیں -

नमां कर्माणि लिम्पंति नमे कर्म फले स्पृहा॥
इति मां यो ऽभिजानाति कर्मभिर्न स बध्यते॥१४॥

ذات فعل اور اوس کے نتیجہ سے بے تعلق رہتی ہے

(۱۴) نہ تو میں افعال میں آلودہ ہوتا ہوں اور نہ فعل کے نتیجہ کی خواہش رکھتا ہوں جو مجھکو ایسا جان لیتا ہے وہ فعل کا پابند نہیں ہوتا۔

	جو مرا محرم ہے وہ افعال میں پھنستا نہیں		مجھ میں لوث افعال اور انکے نتایج کا نہیں

آتما ساری مخلوقات میں موجود ہو کر افعال کے ظہور میں اُسکا باعث ہوتی ہے تاہم وہ افعال اور اُن کے نتیجہ سے بے تعلق رہتی ہے جو انسان اپنی ذات کو فعل سے برتر جان لیتا ہے وہ فعل کی پابندی میں نہیں آسکتا

एवं ज्ञात्वा कृतं कर्म पूर्वैरपि मुमुक्षुभिः॥
कुरु कर्मैव तस्मात्त्वं पूर्वैः पूर्वतरं कृतम्॥१५॥

عارفان گذشتہ نے یہ اصول تسلیم کر کے فعل کئے تھے سبھے اُن کی تقلید لازم ہے -

(۱۵) اسی عقیدے کیساتھ زمانہ سابق کے طالبان نجات نے فعل کئے تھے تو بھی وہ فعل کر جو کہ متقدمین پیشتر کر چکے ہیں

	تو بھی کردہ کام جسکو کر چکے سب پیشتر		پہلے عارف کرتے آئے ہیں عمل اِس علم پر

عارفوں نے زمانۂ گذشتہ میں یہ خیال رکھکر کہ ذات فعل سے برتر ہے فعل کئے تھے چونکہ یہ اون کا

طریقہ درست تہا تجھکو اوسکی پیروی لازم ہے -

किं कर्म किम कर्मेति कवयोऽप्यत्र मोहिता:॥
तत्ते कर्म प्रवक्ष्यामि यज्ज्ञात्वा मोक्ष्यसेऽशुभात॥१६॥

فعل کی پابندی اور فعل سے بریت میں بہت باریک فرق ہے

(۱۶) فعل کی کیا تعریف ہے اور فعل سے بریت کسکو کہتے ہیں دانشمند بھی اس امر میں حیران ہیں میں تجھے وہ فعل بتاتا ہوں جسکی حقیقت سمجھکر تو شکوک سے بری ہو جاے گا

امتیاز قید و آزادی میں عاجز ہیں حقیقی ؎		میں سجھے کاہش سی بچنے کی بتاتا ہوں سبیل

آزادی و پابندی افعال میں تمیز کرتے ہوئے دانشمندوں کی عقل بھی چکراتی ہے کہ یہ رمز بہت دقیق ہے اسکی تشریح آگے اٹھارہویں منتر میں دیکھو

कर्मणो ह्यपि बोद्धव्यं बोद्धव्यं च विकर्मण:।
अकर्मणश्च बोद्धव्यं गहना कर्मणो गति:॥१७॥

امر و نہی دو قسم کے فعل ہیں اور فعل سے بری ہونیکا مقام اعلیٰ ہے

(۱۷) نیک افعال بد افعال اور ترک افعال میں تمیز کرنا واجب ہے ترک افعال کی ماہیت کا دریافت کرنا مشکل امر ہے

ترک فعل و فعل نیک و فعل بد پہچان لے ؎		منزل اعلیٰ ہے ترک فعل دلمیں ٹھان لے

افعال نیک و بد دو قسم کے ہوتے ہیں جنکا فرق سمجھنا آسان ہے ذات مصدر فعل نہیں ہے اوسکی تمیز کے واسطے علم عرفاں درکار ہے -

कर्मण्यकर्म य: पश्येदकर्मणि च कर्म य:।
स बुद्धिमान्मनुष्येषु स युक्त: कृत्स्नकर्मकृत॥१८॥

جو ذات میں صفات اور صفات میں ذات کو دیکھتا ہے وہ فعل سے بری اور عارف ہے -

(۱۸) جو بشر افعال میں ترک افعال کا ہونا اور ترک افعال میں

افعال کا ہونا مشاہدہ کرتا ہے وہ عارف اور واصل ہے چاہے تمام افعال اوس سے سرزد ہوتے ہوں

لازم و ملزوم ہیَ ایجاب و ترک افعال کا	واصل حق ہیَ وہ عارف جسپہ یہ عقدہ کھلا

نتیجہ کی اُمید رکھکر خواہش کے ساتھ جو کچھ کیا جاتا ہے وہ فعل کہلاتا ہے۔ بلا اُمید نتیجہ اور بیخواہش جو کچھ سرزد ہوتا ہے۔ اوسے فعل سے بریت کہتے ہیں فعل دونوں میں ہوتا ہے فرق اِنسان کے تعلق اور بے تعلقی سے کرنیکا ہے فعل سے بریت کے معنی ترکِ فعل نہ سمجھنے چاہئیں اکرم یعنی بریت از فعل ایک حالت کیف کی ہے جو بہت غور سے معلوم ہو سکتی ہے اِس منتر کے معنی باریک اور غور طلب ہیں انفاس یعنی پران واپان سے سب حرکات دفعل ہوتے ہیں سمان وایو بالذات قایم اور محیط ہیَ یعنی اوسمیں سب فعل ہوتے ہیں اور وہ سب افعال میں محیط ہے سمان اور پران وغیرہ کی تشریح ساتویں ادھیاے کے خلاصہ میں دیکھو

यस्य सर्वे समारंभा: काम संकल्प वर्जिता:॥
ज्ञानाग्नि दग्ध कर्माणं तमाहु:पंडितं बुधा:॥१९॥

فعل سے بریت پانیکا وسیلہ علم معرفت ہے

(۱۹) جو تمام فعلوں کو بغیر کسی خواہش کے کرتا ہے اور دِاسطور پر) اونہیں آتش عرفاں میں جلادیتا ہے دانشمند اوس کو عارف کہتے ہیں۔

آتش عرفان میں کلُ افعال جسکے جلگئے۔	کاملونکی منزلت دُنیا میں حاصل ہیَ اُسے

عارف بیخواہش نتیجہ فعل کرتا ہے اور علم عرفاں کی نظر سے افعال کو ہیچ جانتا ہے فعلوں کی آتش عرفاں میں جلانے کے یہی معنی ہیں۔

त्यक्त्वा कर्म फला संगं नित्य तृप्तो निराश्रय:॥
कर्मण्यभि प्रवृत्तो ऽपि नैव किंचि त्करोति स:॥२०॥

عارف کا فعل کرنا مثل نکرنے کے ہوتا ہے	(۲۰) جو فعل کے نتیجہ سے غرض نہ رکھکر ہمیشہ مطمئن اور آزاد رہتا ہے وہ فعلوں کو کرتے ہوئے بھی کچھ نہیں کرتا۔

جو تمنا دور کرکے ذات میں مسرور رہے		فعل سے برتر ہے لیکن فعل پر مجبور ہے	

نتیجہ پر نظر نہ رکھکر بے تعلقی سے جو فعل کیا جاتا ہے اُسکا کرنا نکرنے کے مساوی ہو جاتا ہے۔

निराशीर्यत चित्तात्मा त्यक्तसर्व परिग्रहः॥
शारीरं केवलं कर्म कुर्वन्नाप्नोति किल्बिषम्॥२१॥

مصدرِ فعل جسم ہے جان فعل سے ہمیشہ بری ہے۔	(۲۱) جو اُمیدوں سے رہائی پاتا ہے اپنے خیال کو مطیع کر لیتا ہے اور سب پابندیوں سے آزاد ہو جاتا ہے وہ صرف جسم سے فعل کرتا ہوا گنہگار نہیں ہوتا

جو عقیدت سے بری مستغنی و دلشاد ہے		مورد عصیاں نہیں افعال سے آزاد ہے۔	

عارف مطالب دنیوی کے حاصل کرنیکی اُمید نہ رکھکر اور قوت متخیلہ کو قابو میں کر کے فعل کرتا ہے اِسطرحپر جو فعل بے تعلقی کی حالت میں اوسکی جسم سے صادر ہوتے ہیں اونکی قید میں وہ نہیں پڑتا پابندی اسوقت ہوتی ہے جبکہ انسان بوجہ پندار کے اپنے آپکو اون کا فاعل مانتا ہے۔ پابندی سے آزاد رہنے کی مراد زن و فرزند و دولت و دُنیا کا چھوڑنا نہیں ہے۔ جسمانی افعال تو عارف کو بھی کرنے پڑتے ہیں ذات کو اون سے علیحدہ اور برتر سمجھنا معرفت ہے۔

यदृच्छा लाभ संतुष्टो द्वन्द्वातीतो विमत्सरः॥
समः सिद्धावसिद्धौ च कृत्वापि न निबध्यते॥२२॥

عارف مسرور اور بے تعلق ہو کر پابند فعل نہیں ہوتا	(۲۲) جو بغیر خواہش کے حاصل ہوئی شے پر قناعت کرتا ہے متضاد خیالات کو دل میں جگہ نہیں دیتا تعصب سے تعلق نہیں رکھتا اور کامیابی و ناکامی میں یکساں رہتا ہے وہ فعل کرنے پر بھی پابند نہیں ہوتا۔

فعل کے ہوتے وہ آلودہ نہیں افعال میں	جو موحد بیغرض درست ہے ہر حال میں

سامانِ قدرت سے جو کچھ پیش آتا ہے عارف اوسی میں خوشحال رہتا ہے نیکی و بدی کامیابی وناکامی رنج وراحت وغیرہ سکے متضادہ خیالات اوس کے دل میں پیدا نہیں ہوتے وہ کسی کے ساتھ اُلفت اور تعصب نہیں رکھتا اور بے تعلق ہوکر فعل کرتا ہے پس اوسمیں نہیں پھنستا۔

गत संगस्य मुक्तस्य ज्ञाना वस्थित चेतसः॥
यज्ञाया चरतः कर्म समग्रं प्रविलीयते ॥२३॥

عارف فعل کا صدور قدرت سے جانتا ہے اور اپنی ذات کو اُس سے بری سمجھتا ہے۔

(۲۳) جو بے تعلق رہنے کے باعث آزاد اور علم ذات میں مستغرق ہو جاتا ہے اور فعل کو ریاضِ قدرت سمجھکر کرتا ہے اوسکے کل فعل معدوم ہو جاتے ہیں۔

اس پہ ہو سکتا ہے کب افعال قدرت کا اثر	علم حق سے پاک باطن ہو چکا ہے جو بشر

ब्रह्मार्पणं ब्रह्म हवि ब्रह्माग्नौ ब्रह्मणा हुतम्॥
ब्रह्मैव तेन गंतव्यं ब्रह्मकर्म समाधिना ॥२४॥

عارف کی تسلیم یعنی گیان یوگ

(۲۴) جو یگ کرنیکے آلہ کو۔ یگ میں ڈالنے کی شے کو۔ یگ کی آگ کو یگ کرنیوالیکو اور یگ کے کرنیکو ذات واحد تصور کرتا ہے اوسکا ذاتِ واحد سے وصال ہوتا ہے۔

ذات کی تسلیم کا ثمرہ وصالِ ذات ہے	فعل و فاعل ظرف و آلہ کُل جمالِ ذات ہے
با دوست رسیدہ را دگر مطلب نیست ہر جا خورشید ہست آنجا شب نیست	صوفی شدہ نیست نیست راند مب نیست رب رس رب شد تمام رب را رب نیست

दैवमेवापरे यज्ञं योगिनः पर्युपासते ॥

ब्रह्माग्नावपरे यज्ञं यज्ञेनैवोपजुह्वति ॥
॥२५॥

صفات پرستی اور اجیا چاپٹ (۲۵)، بعض اشخاص جو کرم کے پابند ہیں دیوتاؤنکا یگ کرتے ہیں بعض ذات واحد کی آتش میں عمل کو عمل کی مدد سے جلاتے ہیں۔

مانتا ہے کوئی تو خالق سے فعلوں کا وجود		کوئی فعلونکو سمجھتا ہے ملایک کا شہود		

श्रोत्रादीनींद्रियाण्यन्ये संयमाग्निषु जुह्वति ॥
शब्दादीन्विषयानन्य इन्द्रियाग्निषु जुह्वति ॥२६॥

تسرتی ساد ہنا اور اشٹانگ یوگ کا طریقہ (۲۶)، بعض قوت سامعہ وغیرہ حواس کو ضبط کی آگ میں جلاتے ہیں بعض صوت وغیرہ محسوسات کو حواس کی آگ میں جلاتے ہیں

ضبط کی آتش میں جلتے ہیں کسیکے سب حواس		انکی زد کو روکتا ہے دل سے کوئی خود شناس		

सर्वाणींद्रिय कर्माणि प्राण कर्माणि चापरे ॥
आत्म संयम योगाग्नौ जुह्वति ज्ञान दीपिते ॥ २७॥

شن وہیان کا طریقہ (۲۷)، بعض سب حواس کے فعلوں اور نفس کے فعلوں کو ضبط دل کی آگ میں جو علم ذات سے روشن ہے جلاتے ہیں۔

بعض شاغل جملہ فعلونکو حواس اور نفس کے		خاک کردیتے ہیں اپنے شعلہ زن عرفان سے		

द्रव्य यज्ञास्तपोयज्ञा योग यज्ञास्तथापरे ॥
स्वाध्याय ज्ञान यज्ञाश्च यतयः संशित व्रताः ॥२८॥

دان تپ اور پاٹھ تحصیل علم (۲۸)، بعض مستقل مزاج طالب خیرات کا یگ زہد کا یگ یوگ

کا یگ اور تحصیلِ علوم معقولات و منقولات کا یگ کرتے ہیں۔

کوئی تو عابد ہے کوئی زاہدِ فیاض ہے	واقفِ رازِ نہاں کوئی ذکی مرتاض ہے

अपाने जुह्वति प्राणं प्राणे ऽपानं तथा परे ॥

प्राणापान गती रुद्ध्वा प्राणायाम परायणाः ॥ २९ ॥

پرانایام کا طریقہ (۲۹) بعض اشخاص جو حبسِ نفس کے شاغل ہوتے ہیں وہ پران اور اپان کی حرکتوں کو روک کر پران کو اپان میں اور اپان کو پران میں جھونکتے ہیں۔

حرکتِ انفاس کو بالا و پائیں روک کر	سوخت کر دیتا ہے کوئی حبسِ دم کی آگ پر

پرانایام کے شغل کی تشریح کے واسطے پانچویں ادھیا کے آخر میں تصویر کو دیکھو۔

अपरे नियताहाराः प्राणान् प्राणेषु जुह्वति ॥

सर्वे ऽप्येते यज्ञविदो यज्ञक्षपित कल्मषाः ॥ ३० ॥

تقلیل غذا سے نفس کے مغلوب کرنیکا طریقہ (۳۰) بعض لوگ جو اندازہ کے موافق غذا کھاتے ہیں پرانوں کو پرانوں میں سوخت کرتے ہیں یہ سب کے سب یگ کے جاننے والے یگ کے ذریعہ سے گناہوں سے پاک ہوتے ہیں۔

نفس کُش کرتے ہیں کم کھانے سے خواہش کو ہلاک	جملہ شاغل شغل کی برکت سے ہو جاتے ہیں پاک

یگ کا اشارہ اُن مختلف اشغال کی طرف ہے جن کا ذکر اوپر ہوا ہے اور پرکے منتروں سے ثابت ہے کہ یگ کے معنی عمل یا ریاضت کے ہیں۔

यज्ञशिष्टा ऽमृतभुजो यांति ब्रह्म सनातनम् ॥

नायं लोको ऽस्त्ययज्ञस्य कुतो ऽन्य कुरुसत्तम ॥ ३१ ॥

ریاضات کا نتیجہ حصول معرفت اور وصال ذات ہے۔

(۳۱) اے ارجن جوگ سے حاصل کئے ہوئے آب حیات کو پیتے ہیں وہ ذات لازوال کو پاتے ہیں اور جو یگ نہیں کرتے اُن سے دنیا بھی نہیں سنبھلتی عقبیٰ کا تو کیا ذکر کیا جائے۔

	دین دنیا میں نہیں اسکے سوا راہِ نجات		شغل کی ظلمات میں ہے وصل کا آبِ حیات	

جن اشغال کا اوپر بیان ہوا ہے اونکا نتیجہ اور ماحصل علم ذات ہے جو شخص اون کے انجام میں علم ذات کو نہیں پاتا ہے وہ وصال ذات سے محروم رہتا ہے اس لئے اشغال کو منزل مقصود جاننا نہ چاہیے بلکہ اون کو علم ذات کے حاصل کرنے کا وسیلہ سمجھنا چاہیے اور جب انسان کا کچھ بھی شغل نہیں ہوتا ہے اور جو اپنے فرائض کے ادا کرنے میں بالکل قاصر رہتا ہے وہ ظاہری اور باطنی دونوں قسم کی خوشی سے محروم رہتا ہے۔

एवं बहुविधा यज्ञा वितता ब्रह्मणो मुखे ॥
कर्म जान्विद्धि तान्सर्वा नेवं ज्ञात्वा विमोक्ष्यसे ॥३०॥

ویدوں میں جو یگ لکھے ہوئے ہیں وہ سب عمل ہیں۔

(۳۲) اسطور پر جو بہت اقسام کے یگ وید میں درج ہیں اون سب کی پیدایش عمل سے خیال کر۔ اس عقدے کے حل کر لینے سے نجات حاصل ہوتی ہے۔

	وہ عمل کی صورتیں ہیں اُنسے تو آزاد ہو		وید نے ظاہر کیا جن بے شمار اشغال کو

جتنے ادراک ذات کے طریقے ویدوں میں بیان کئے گئے ہیں اون میں سے کوئی بھی عمل سے خالی نہیں ہے یعنی ہر ایک میں حواس اور دل وغیرہ میں سے کسی نہ کسی سے فعل کیا جاتا ہے وہ طریقہ جس میں کوئی عمل کرنا نہیں پڑتا گیان یوگ ہے اسکے اصول کی تشریح پانچویں ادہیا کے ۲۰ منتر میں درج ہے

श्रेयान द्रव्य मया द्यागाज्ञान यज्ञः परंतप ॥

सर्वं कर्माऽखिलं पार्थ ज्ञाने परि समाप्यते॥३३॥

علمی ریاضات سے علمی ریاضت اعلیٰ ہے۔	(۳۳) اے ارجن عملی یگ سے علمی یگیہ اعلیٰ ہے اے ارجن سب اعمال علم میں کلیتاً انجام پاتے ہیں ۔

بخشش دولت سے کسب علم اعلیٰ کام ہے	علم میں ارجن تمام اعمال کا انجام ہے

بھگوت گیتا نے ہر جگہہ علم کو عمل پر سبقت اور فضیلت دی ہے اور اوس کو سب سے اعلیٰ کہا ہے اور اوس کا حاصل کرنا انسان کے حیات کا سب سے بڑا فرض بتایا ہے چنانچہ مندرجہ بالا اشغال کا مدعا اور مطلب علم ذات کا حاصل کرنا ہے جس بشر کو اوس علم کی سچی راحت میسر ہوتی ہے اسکی نزدیک تمام اعمال ہیچ ہو جاتے ہیں

तद्विद्धि प्रणिपातेन परि प्रश्नेन सेवया॥
उपदेक्ष्यंति ते ज्ञानं ज्ञानि नस्तत्त्व दर्शिनः॥३४॥

عارفوں سے یہ علم حاصل ہوتا ہے	(۳۴) سمجھ لے کہ حقیقت شناس عارف تعظیم التجا اور خدمت کے کرنے پر تجھے وہ علم (معرفت) بتا ئینگے ۔

خدمت و تعظیم سے جب تو کرے گا التجا	رہبر کامل تجھے دیں گے سبق اُس علم کا

عارفوں کا ادب کرنا اور اون کی خدمت گذاری اسلئے واجب ہے کہ وہ آبحیات اونہیں کی صحبت بابرکت سے ملتا ہے ۔

यज्ज्ञात्वा न पुनर्मोह मेवं यास्यसि पांडव॥
येन भूतान्य शेषेण द्रक्ष्यस्या त्मन्यथो मयि॥३५॥

اِس علم سے غفلت جاتی رہتی ہے اور انسان ذات کے سرور کو پاتا ہے ۔	(۳۵) جس سے واقف ہو کر تو اے ارجن پھر ایسی غفلت میں گرفتار نہیں ہوگا اور جسکے ذریعہ سے تو کل عالم کو اول اپنے اندر بعد ازاں مجھ میں موجود دیکھیگا

جسکے باعث نیچہ غفلت سے تو چھٹ جائیگا	اپنے اندر اور پھر مجھ میں یہ عالم پائیگا ۔

انسان نادانی کی وجہ سے اپنے آپ کو جزو سمجھتا ہے جب علم ذات کے وسیلہ سے اوس کی نادانی رفع ہو جاتی ہے اوسوقت وہ ذات واحد کو کل عالم کی ہستی سمجھتا ہے -

अपि चेदसि पापेभ्यः सर्वेभ्यः पापकृत्तमः॥
सर्वं ज्ञानप्लवेनैव वृजिनं संतरिष्यसि ॥३६॥

گنہگار بھی اس کے وسیلہ سے نجات پاتا ہے

(۳۶) گو تو سب گنہگاروں سے بھی زیادہ گنہگار ہو تاہم علم عرفان کی کشتی کے وسیلہ سے گناہ (کے دریا) سے پار ہوگا -

خواہ تو ہو سب گنہگاروں سے بڑھکر شرمسار	کشتی عرفان میں ہوگا قلزم عصیاں سے پار

باز آ باز آ ہر آنچہ ہستی باز آ	گر کافر و گبر و بت پرستی باز آ	این درگہ ما درگہ نومیدی نیست	صد بار اگر توبہ شکستی باز آ

यथैधांसि समिद्धोऽग्निर्भस्मसात्कुरुतेऽर्जुन ॥
ज्ञानाग्निः सर्वकर्माणि भस्मसात्कुरुते तथा ॥३७॥

علم مثل آتش کے عذاب اور ثواب دونوں کو جلا دیتا ہے

(۳۷) جیسے شعلہ زن آگ لکڑیوں کو خاکستر کر دیتی ہے ویسے ہی آتش عرفان سب فعلوں کو جلا دیتی ہے -

خاک کر دیتی ہے آتش لکڑیونکی ٹال کو	آتش عرفان جلا دیتی ہے کل افعال کو

नहि ज्ञानेन सदृशं पवित्रमिह विद्यते ॥
तत्स्वयं योगसंसिद्धः कालेनात्मनि विंदति ॥३८॥

علم ذات علم صفات سے اعلیٰ ہے اور اپنا شاہد آپ ہے

(۳۸) علم معرفت کی برابر دنیا میں کوئی شے پاک نہیں ہے اسلئے کہ وہ علم انسان کو اوس کے عمل کے تکمیل پانے پر خود بخود حاصل ہوتا ہے -

معرفت سے پاک تر دنیا میں کوئی شے نہیں	خود بخود شاغل کو ہو جاتا ہے یہ عین الیقین

علم ذات قایم بالذات ہے اور سب علوم اور عملیات صفاتی ہیں اور انجام رکھتے ہیں۔

श्रद्धावाँल्लभते ज्ञानं तत्परः संयतेन्द्रियः॥

ज्ञानं लब्ध्वा परां शान्ति मचिरेणाधि गच्छति॥३९॥

شوق اور طلب سے یہ علم جلد حاصل ہوتا ہے

(۳۹) جو تیز فہم اور اہل ارادت ہے اور اپنے حواس پر غالب ہے وہ علم معرفت حاصل کرکے جلد سرور ابدی کو پاتا ہے۔

	علم کی تکمیل سے فی الفور پاتا ہے قرار		طالب روشن ضمیر و صادق و پرہیز گار	
دم نازدن و قدم زسر سے باید	سر رشتہ بدست دوست جابر کف دستش		غواصا را چہار ہنر سے باید	غواصی کن گرت گہرے باید

अज्ञश्चाश्रद्दधान श्चसंशयात्मा विनश्यति॥

नायं लोकोस्ति नपरो नसुखं संशयात्मनः॥४०॥

جاہل علم پاک سے بے نصیب رہتے ہیں

(۴۰) جو شخص جاہل اور بے ارادت ہے اور حواس سے مغلوب رہتا ہے وہ برباد ہو جاتا ہے اپنا دل جسکے قابو میں نہیں اوسے نہ تو دنیا اور عقبیٰ کی آسائشیں میسر ہوتی ہیں اور نہ اوسکے دل کو چین نصیب ہوتا ہے

	راحت دایم کو کھو دیتا ہے بندہ وہم کا		جہل اور بے اعتقادی کا نتیجہ ہے فنا۔

جو شخص جہل پست ہمتی اور بے اعتقادی کیوجہ سے علم معرفت کے حاصل کرنے میں قاصر رہتا ہے اور اپنے دلکے شکوک اور واہمات کو رفع نہیں کرسکتا اسکی اور حیوان کی زندگی میں بہت کم فرق ہے

योग संन्यस्त कर्माणं ज्ञान सञ्छिन्न संशयम्॥

आत्मवंतं नकर्माणि निबध्नंति धनं जय॥४१॥

علم معرفت کی ذریعہ سے افعال کو ترک کردیتے ہیں اور علم حقیقت سے شکوک رفع کرلیتے ہیں وہ مقید افعال نہیں ہوتے

(۴۱) اے ارجن جو انسان افعال سے بے تعلقی اختیار کرتا ہے اور تیغ عرفان کی مدد سے شکوک کو قطع کرتا ہے اور نیز دلکو

قابو میں لے آتا ہے وہ افعال کی قید سے بری ہو جاتا ہے۔

محو کر کے سارے فعلوں کو سکون قلب ہیں جو سراپا ذات کے دیدار میں مسرور رہے		رفع کر کے علم باطن سے شکوک اور تجھی یاد رکھ ارجن وہ آفات عمل سے دور ہے		

جب قوت متخیلہ کلیتاً بطون کی طرف رجوع ہوتی ہے اور بحر عرفان میں سماتی ہے اوسوقت سب فعل خود بخود ترک ہو جاتے ہیں اور جو وسوسات بطون میں وقتاً فوقتاً پیدا ہوتی ہیں اور وہ علم حقیقت کے ادراک سے دور ہو جاتے ہیں۔

तस्माद् ज्ञान संभूतं हृत्स्थं ज्ञानासिनात्मनः॥
छित्वैनं संशयं योग मातिष्ठोत्तिष्ठ भारत॥४२॥

انسان اپنے شکوک کو علم حقیقت سے قطع کرے اور میدان معرفت میں قدم رکھے	(۴۲) پس اے ارجن تو اون شکوک کو جو تیرے دل میں نادانی کیوجہ سے پیدا ہو گئے ہیں علم عرفان کی تلوار سے قطع کر کے افعال سے بے تعلق رہنے کے اصول پر کاربند ہو اور جنگ کرنے پر مستعد ہو۔

وہم کی گردن کو تیغ معرفت سے قطع کر		اور اداے فرض میں مشغول ہوا ناموں		

شکوک جہل کی تیرگی سے پیدا ہوتے ہیں اور علم روشنی بطون ہے اوس روشنی کے مقابل اندھیرا نہیں ٹھیر سکتا علم میں قیام پذیر ہونے کو یوگ کہتے ہیں

इति श्री मद्भगवद्गीता सूपनिषत्सुब्रह्म विद्यायां
योग शास्त्रे श्री कृष्णार्जुन संवादे कर्म संन्यास
योगोनाम चतुर्थोऽध्यायः॥४॥

شری بھگوت گیتا کے مخفی علم الوہیت کی طریقت کے بارہ میں
شری کرشن اور ارجن کی تقریر کی چوتھی ادھیا
کرم سنیاس یوگ نام ختم ہوئی

چوتھی ادھیا کا خلاصہ

آتما لازوال محیط اور قدیم ہے اور مصدر علم سرور ہے اوسکا علم کبھی ضایع نہیں ہوتا البتہ کبھی پوشیدہ اور کبھی آشکارا ہوتا رہتا ہے صرف عارف اِس رمز کو جانتے ہیں۔ جاہل تموگن یعنی صفت اوُنی کے غالب ہونے کی وجہ سے اوس کے سمجھنے سے معذور رہتے ہیں اور انسانوں میں صرف صفت اور فعل کا فرق ہوتا ہے آتما تو سب میں یکساں موجود ہے وہ آتما جسمانی۔ افعال اور اُن کے نیتجہ سے بے تعلق رہتی ہے پس اِنسان بے تعلق ہو کر فعل کرنے سے آتما میں وصل ہو سکتے ہیں کرم سنیاس یعنی ترک فعل کے یہی معنی ہیں۔ فعل دو قسم کے ہیں فعل با تعلق اور فعل بے تعلق اوّل قسم کے فعل میں نیک و بد کا تمیز ہوتا ہے۔ اور وہ اونی ہی دوسری قسم کے فعل میں نظر نیکی و بدی دونوں سے اوٹھ جاتی ہے اور وہ عارفوں کے طریقے کے مطابق ہے اِس طرح پر عمل کرنے سے تمام افعال آتش عرفان میں سوخت ہو جاتے ہیں اور اِنسان ذات میں مستغرق ہو جاتا ہے۔ وید میں جتنے مختلف عملی طریقے درج ہیں اونکا اصلی مطلب اور نیتجہ علم معرفت کا حاصل کرنا ہے اور علم معرفت وہ سب سے اعلیٰ شے ہے جسکے بغیر شکوک رفع نہیں ہوتے اور آرام نہیں ملتا پس اِنسان کو واجب ہے کہ وہ اوسی کا طالب ہو۔

پانچویں ادھیا سنیاس یوگ

अर्जुन उवाच

संन्यासं कर्मणां कृष्ण पुनर्योगं च शंससि ॥
यच्छ्रेय एतयोरेकं तन्मे ब्रूहि सुनिश्चितम् ॥१॥

کرم سنیاس اور کرم یوگ ہے ان دونیں سی کونسا بہتر طریقہ

ارجن نے کہا - (۱) اے کرشن آپ کرم سنیاس کی اور ساتھ ہی کرم یوگ کی ہدایت کرتے ہیں ان میں سے جو طریقہ بہتر ہے وہ ٹھیک طور پر مجھے بتائیے -

	اِن میں بہتر جو روش ہے اوسکو ظاہر کیجئے		ترکِ و ایجابِ عمل دونو بتائے آپ نے	

اوپر کی تلقین سے ارجن نے کرم سنیاس کے معنی فعل کا نکرنا اور کرم یوگ کے معنی فعل کا کرنا خیال کیا یعنی اونکو دو مخالف امر سمجھا اسلئے اوس نے یہ سوال پیش کیا ہے -

श्री भगवानुवाच

संन्यासः कर्म योगश्च निःश्रेयसकरावुभौ ॥
तयोस्तु कर्म संन्यासात्कर्मयोगो विशिष्यते ॥२॥

کرم سنیاس اور کرم یوگ دو نون لازم ملزوم ہیں مگر کرم یوگ اعلی ہے

شری بھگوان نے جواب دیا - (۲) اگرچہ کرم سنیاس اور کرم یوگ دونوں عمدہ ہیں لیکن منجملہ اونکے کرم سنیاس سی کرم یوگ اعلی ہی

	ترک سی دنیا میں ترکِ ترک اعلی کام ہی		گرچہ دونوں ہی طریقوں کا بخیر انجام ہی	

عارف کی نظر میں کرم سنیاس اور کرم یوگ دو مخالف امر ثابت نہیں ہوتے بلکہ لازم ملزوم ہیں کرم سنیاس سے مراد سانکھ یعنی علم حقیقت ہے جو لفظ تت سے مناسبت رکھتا ہے اور

جس سے قلب کی حرکت ساکت کیجاتی ہے کرم یوگ کے معنی ویدانت یعنی علم معرفت ہیں جو لفظ اوم سے نسبت رکھتا ہے اور وصال کی منزل کا بیان ہے۔ وصال سکون قلب سے حاصل ہوتا ہے اور سکون قلب وصال کا لوازمہ ہے۔ افعال سے بے تعلقی اختیار کرتا کرم سیناس ہے اور افعال سے بے تعلقی ہوجاتا کرم یوگ ہے۔

ज्ञेयः स नित्य सन्यासी योन द्वेष्टि न कांक्षति॥
निर्द्वंद्वो हि महाबाहो सुखं बंधात्प्रमुच्यते॥३॥

(۳) ہمیشہ اسکو تارک سمجھنا چاہیے جو رغبت و نفرت نہیں رکھتا اے ارجن جو خیالات متضاد نہیں رکھتا وہ باسانی قید افعال سے آزاد ہوجاتا ہے	سیناسی اوسے کہتے ہیں جو شوق و نفرت کو ترک کر دیتا

ہے وہ تارک جسنے رغبت اور نفرت چھوڑدی		ہے وہ سالک بیخودی میں جسکو آزادی ملی	

سیناسی وہی ہے جو کسی شے سے رغبت نفرت نہیں رکھتا اور واہمات سے نجات پاتا ہے۔ ظاہری سامان کے ترک کردینے سے انسان سیناسی نہیں ہوجاتا۔

सांख्य योगौ पृथग्बाला: प्रवदंति न पंडिता:॥
एक मप्यास्थितः सम्य गुभयो र्विंदते फलम्॥४॥

(۴) سانکھ اور یوگ کو طفل جدا بتاتے ہیں نہ کہ دانشمند جو بسبتر کسی ایک پر قادر ہوتا ہے اوسے دوسرے کا نتیجہ بھی بخوبی حاصل ہوجاتا ہے۔	سانکھ اور یوگ بالمعنی ایک ہیں

مختلف جذب و سلوک اول گو آتا ہے نظر		ایک کی تکمیل سے ملتا ہے دونوں کا ثمر	

علم حقیقت کے بغیر علم معرفت کبھی حاصل نہیں ہوتا اور علم معرفت کے حاصل ہوئے بغیر علم حقیقت درجہ تکمیل پر نہیں پہونچتا اسلئے وہ دونوں طریقے بالمعنی واحد ہیں۔

مقولہ کبیر صاحب

جگ تپ کرم اوپاسنا دھیان جوگ اور سانکھ	سات جتن ہیں سانکھ کہ جون پنچھی کے پانکھ
بنا سانکھ پاوے نہیں پرم تتو کا بھید	کون دیو رچا کرے یہی سانکھ ہے دیو
سانکھ کرے من شدھ ہو برہما جاوی نہ سیو	ترت سلے تت کال پھل ایسا پرگھٹ دیو
نرنے سانکھ بچار کا پھل آنند پہچان	جتنا جسکو سانکھ ہے اوتنا آنند جان
سانکھ یوگ دو مانناہے اوال کا کام	کہنے ماتر جانئے سانکھ یوگ دو نام
سانکھ یوگ کا ساتھ ہے وہی سانکھ ہی یوگ	سانکھ کیا جن دست کا وہی دست ہی یوگ
سانکھ یوگ کی بھید کو پرگھٹ کر دن بکھان	دست ایک جانی نہ تھی اب وہ جانی جان
دست سانکھ بن دور تھی ہوئی سانکھ سے پاس	وہی پارس ہی یوگ ہے ہوا پاس ہیں باس

यत्सांख्यैः प्राप्यते स्थानं तद्योगै रपि गम्यते॥
एकं सांख्यं च योगं च यः पश्यति सपश्यति ॥५॥

(۵) جس مقام پر سانکھ کے عالم پہونچتے ہیں اوسکو یوگی بھی حاصل کر لیتے ہیں سانکھ اور یوگ کو جو واحد دیکھتا ہے وہ بینندہ ہے

دونوں کیفیت قلبی انسان میں باہم پائی جاتی ہیں

جسجگہ سالک پہنچتا ہے وہیں مجذوب بھی	چشم بینا میں ہے یکرنگی سلوک جذب کی

حقیقت اور معرفت ایک ہی کیفیت قلبی کی دو مختلف اشکال ہیں۔

संन्यासस्तु महाबाहो दुःखमाप्तु मयोगतः॥
योग युक्तो मुनिर्ब्रह्म नचिरेणाधि गच्छति ॥६॥

(۶) اے ارجن یوگ کے بغیر سانکھ کا حاصل ہونا مشکل ہے اور یوگ کا جاننے والا عارف ذات میں جلد وصل ہو جاتا ہے۔

علم حقیقت کا حاصل ہونا علم معرفت پر منحصر ہے

قلب بے پندار کی حاجت ہے تارک کے لئے	مطمئن رہتا ہے سالک ذات کے دیدار سے

تحقیقات باطنی کے انجام میں شاغل کو علم ذات حاصل ہوتا ہے اور علم ذات کی آشکارا ہونے سے اُسکی تحقیقات درجہ تکمیل پر پہونچتی ہے

योगयुक्तो विशुद्धात्मा विजितात्माजितेन्द्रियः॥

सर्व भूतात्म भूतात्मा कुर्वन्नपि नलिप्यते॥७॥

یوگی کو افعال کی پابندی نہیں ہوتی

(۷) جو شخص یوگ کے ذریعہ سے صفائی قلب حاصل کرتا ہے اپنے دل پر فتح پاتا ہے حواس کو قابو کر لیتا ہے اور کل مخلوقات کی جان کو اپنی جان تصور کرتا ہے وہ باوجود فعلوں کے کرنے کے اون میں آلودہ نہیں ہوتا۔

صاف باطن فاتح دل واقف ضبط حواس	ذات کی تسلیم میں اعمال سے ہے بے ہراس

नैवकिंचित्करोमीति युक्तो मन्येत तत्ववित्॥

पश्यञ्छृण्वन्स्पृशञ्जिघ्रन्नश्नन्गच्छन्स्वपञ्श्वसन्॥८

प्रलपन्विसृजन्गृह्णन्नुन्मिषन्निमिषन्नपि॥

इन्द्रियाणीन्द्रियार्थेषु वर्तन्त इति धारयन्॥९॥

اوسکی نظر مشاہدہ ذات سے غافل نہیں ہوتی۔

(۸ و ۹) حقیقت شناس عارف جانتا ہے کہ دیکھتے۔ سنتے۔ چھوتے۔ سونگھتے کھاتے۔ چلتے۔ سوتے۔ سانس لیتے۔ بولتے۔ چھوڑتے۔ پکڑتے۔ آنکھہ کھولتے۔ اور بند کرتے وقت حواس کا فعل محسوسات کیجانب ہوتا ہے وہ کچھ نہیں کرتا۔

کھاتے چلتے سانس لیتے سوتے سنتے دیکھتے بولتے چھوتے پکڑتے چھوڑتے اور سونگتے	اپنی پلکیں بند کرتے یا کھلی رکھتے ہوئے بے تعلق اجرسے ہے سالک اپنے فعل سے

یوگی ذات کو صفات قیود سے منزہ جانتا ہے اس لئے وہ تمام جسمانی اور روحانی افعال کے سرزد ہونے پر بھی اون افعال سے بے تعلقی رکھتا ہے اور مشاہدہ ذات میں مسرور رہتا ہے۔

ब्रह्मण्या धाय कर्माणि संगंत्यक्त्वा करोतियः॥

लिप्यते नस पापेन पद्म पत्र मिवां भसा ॥ १०॥

جو اپنے پندار کو فنا کر دیتا ہے وہ الودہ گناہ نہیں ہوتا

(۱۰) جو اپنے افعال قدرت کو تفویض کرکے اونہیں بے تعلقی کے ساتھ کرتا ہے وہ گناہ سے اس طرح بے لوث رہتا ہے جیسے کنول کا پتہ کسی تالاب کے پانی میں

	برگ نیلوفر ہی سیلاب گنہ میں وہ بشر		جو ادا کرتا ہے اپنا فرض خواہش چھوڑ کر	

قدرت کو افعال تفویض کرنے کے یہ معنی ہیں کہ افعال کو اپنے سے منسوب نکرنا اور اونکا صدور قدرت سے جاننا چاہیے۔

कायेन मनसा बुद्ध्या केवलै रिन्द्रियै रपि ॥

योगिनः कर्म कुर्वंति संगं त्यक्त्वात्म शुद्धये ॥११॥

عارف اپنے بطون سے نظر نہیں ہٹاتا اور افعال کی تکمیل جسم وغیرہ میں دیکھتا ہے

(۱۱) یوگی صفائی قلب حاصل کرنے کے لئے بے تعلق ہوکر جسم۔ دل۔ عقل اور حواس سے فعل کرتا ہے۔

	کام لیتا ہے دل و جسم حواس و عقل سے		سالک آزاد بھی اپنے گذارے کے لئے	

عارف کل فعلوں کو جسم۔ دل اور عقل سے متعلق جانتا ہے یعنی اپنی ذات سے اونہیں علیحدہ مانتا ہے

युक्तः कर्मफलं त्यक्त्वा शांति माप्नोति नैष्ठिकीम॥

अयुक्तः काम कारेण फलेसक्तो निबद्ध्यते ॥१२॥

(۱۲) یوگی نتیجہ افعال سے نظر اٹھا کر اطمینان ابدی پاتا ہے جو بشر یوگ سے ناواقف ہے وہ نتیجہ افعال کے خواہش رکھنے کے باعث پابند افعال ہوتا ہے۔	عارف بیم و امید سے نظر اٹھا کر آرام محض پاتا ہے جاہل بیم و امید میں گرفتار رہتا ہے۔

پا توں میں جاہل کی پڑتی ہیں طمع کی بیکڑی	بے ہوس عارف کو حاصل ہے سکون دائمی
چون شیر و شکر بوحدت مرت آمیخت	عارف کہ ہمہ بند دوئی را بگسیخت

عارف نظر بالذات اور آزاد رہتا ہے۔ جاہل نظر بالغیر ہونے کی وجہ سے پابند صفات ہو جاتا ہے۔

सर्व कर्माणि मनसा सन्यस्यास्ते सुखं वशी॥
नव द्वारे पुरे देही नैव कुर्वन्न कारयन॥१३॥

(۱۳) ذات مطلق سب عملوں کو دل سے ترک کر کے نو دروازوں کے شہر میں نہ کچھ کرتی ہوئی اور نہ کچھ کراتی ہوئی مسرور رہتی ہے	جسم مکان ہے جان مکین ہے

ساکن ایسے شہر میں ہیں نو ہیں جسکے راستے	روح انسان بے تعلق ہو کے کل افعال سے
بے من صفتے زپردہ من پیدا در دانہ تو ہزار خرمن پیدا ؛ ؛	جانان در جان چو جان در تن پیدا در پرورش دانہ خود جہد سے کن

جسم انسان مثل ایک شہر کے ہے جسمیں دو آنکھ دو کان دو سوراخ ناک کے ایک منہ اور دو مقام بول و براز نو دروازے ہیں جان بادشاہ ہے قوت مدرکہ ممیزہ وغیرہ اراکین سلطنت ہیں اور محسوسات رعایا ہیں

न कर्तृत्वं न कर्माणि लोकस्य सृजति प्रभुः ॥
न कर्म फल संयोगं स्वभावस्तु प्रवर्तते ॥ १४ ॥

پندار اور افعال کا سبب خاصہ طبعی ہے نہ کہ جان

(۱۴) ذات اس عالم میں پندار[1] فاعلیت کو افعال[2] کو اور افعال[3] اور اُنکے نتائج کے باہمی تعلق کو پیدا نہیں کرتی یہ سب صفات سے پیدا ہوتے ہیں۔

فاعلیت فعل اور اُنکے نتائج کا صدور		جلوۂ قدرت ہے قادر سے نہیں اُنکا ظہور	

ذات پاک پندار اور فعل اور فعل و نتیجہ کے تعلق کا باعث نہیں ہے اور اُنکی آلایش سے برتر ہے وہ سب پرکرتی یعنی امتزاج صفات سے ظہور پاتے ہیں اسی کا نام جہل بسیط ہے جس میں کُل عالم گرفتار ہے

नादत्ते कस्यचित्पापं न चैव सुकृतं विभुः ॥
अज्ञानेनावृतं ज्ञानं तेन मुह्यन्ति जंतवः ॥ १५ ॥

جان پر عذاب و ثواب کا اثر نہیں ہوتا انسان بوجہ جہل اِن کو اُس سے منسوب کرتا ہے۔

(۱۵) اگرچہ ذات کسی کے عذاب اور کسی کے ثواب کو نہیں اوٹھاتی لیکن جہل علم ذات کو پوشیدہ کردیتا ہے (اسوجہ سے) انسان غفلت میں پھنستے ہیں۔

نیک و بد دونوں سے دایم جان رہتی ہے بری		جہل پردہ ڈالتا ہے عقل پر انسان کی

آفتاب ذات ہمیشہ روشن رہتا ہے اور تاریکی اُس کے پاس دخل نہیں پاتی البتہ خاصۂ طبعی کا ابر عقل کے سامنے حایل ہوکر انسان کو عذاب و ثواب کے پھندے میں ڈالدیتا ہے۔ اِس سے بریت پانے کیواسطے عقل کو روشن کرنا لازم آتا ہے کیونکہ جو غلطیاں اندھیرے میں ہوتی ہیں روشنی میں اُن کی صحیت ہوسکتی ہے۔ انسان کو مرض جہل کی دفع کرنیکے لئے دانش کا نسخہ استعمال کرنا ضروری ہے۔ اور وہ نسخہ بھگوت گیتا ہے۔

ज्ञानेनतु तदज्ञानं येषां नाशित मात्मनः ॥

तेषा मादित्य वज्ज्ञानं प्रकाशयति तत्परम् ॥ १६ ॥

(۱۶) علم ذات کے وسیلہ سے جن کا جہل دُور ہو جاتا ہے اُن کا علم اُس واجب الوجود کو اِس طرح عیاں کر دیتا ہے جیسے دنیا کو سورج۔

جب جہل کا پردہ ہٹتا ہے تو قلب میں علم ذات بخوبی آشکارا ہوتا ہے۔

دور ہو جاتا ہے جب عقل بشر کا یہ حجاب		ذات حق کو علم درساتا ہے مثل آفتاب	

عارفان علم ذات کے وسیلہ سے پندار ہستی مٹا دیتے ہیں یعنی جزویت سے کلیت پاتے ہیں اور ذات نامتناہی کو ظاہر اور باطن مثل آفتاب کے منور دیکھتے ہیں۔

तद्बुध्दयस्त दात्मान स्तन्निष्ठा स्तत्परायणा: ॥
गच्छंत्य पुनरावृत्तिं ज्ञान निर्द्धूत कल्मषा: ॥ १७ ॥

(۱۷) جن کی عقل اُس کے ادراک میں مصروف ہوتی ہے دل اُسمیں لگا ہوتا ہے اور جنھیں اعتقاد اور بھروسہ اُس پر ہوتا ہے وہ علم ذات کے وسیلہ سے گناہوں سے پاک ہو کر نجات پاتے ہیں۔

جن کا اِس منزل میں مقام ہوتا ہے وہ رستگار ہیں۔

عقل و دل کو محو کر کے اہل تسلیم ورضا		معرفت سے عالم فانی میں پاتے ہیں بقا	

विद्या विनय संपन्ने ब्राह्मणे गवि हस्तिनि ॥
शुनि चैवश्व पाके च पंडिता: सम दर्शिन: ॥ १८ ॥

(۱۸) باعلم وتہذیب برہمن۔ گئو۔ ہاتھی۔ کتّا اور چنڈال سب میں عارف ذات کو مساوی دیکھتا ہے۔

اُس کو عارف کہتے ہیں جو وحدت کا جلوہ کثرت میں دیکھتا ہے۔

فیل کتا گائے چنڈال اور فاضل برہمن		مختلف جسموں میں ہے اِک نور جاں پرتو فگن	

عارف کل اجسام میں ذات واحد کو محیط دیکھتا ہے اور نیرنگی دنیا کا باعث صفات اور افعال کو جانتا ہے۔

इहैव तैर्जित: सर्गो येषां साम्ये स्थितं मन: ॥
निर्दोषंहि समं ब्रह्म तस्मा द्ब्रह्मणि तेस्थिता: ॥ १९ ॥

جو وحدت کی نظر رکھتا ہے وہ ذات میں وصل ہوتا ہے	(۱۹) جن کا دل اصول مساویت کے تسلیم کرنے میں پکا ہو جاتا ہے وہ اس عالم کو فتح کر لیتے ہیں اور ذات میں وصل ہو جاتے ہیں۔

قلب بے پندار کے قبضہ میں ہے کل کائنات		ایک نقطہ میں سمایا ہے فروغ مہر ذات

کثرت میں وحدت کی تسلیم وصال ذات کی صورت ہے۔

न प्रहृष्येत्प्रियं प्राप्य नोद्विजेत्प्राप्य चाप्रियम् ॥
स्थिर बुद्धि रसं मूढो ब्रह्मविद्ब्रह्मणि स्थितः ॥२०॥

وہ ہر حال میں یکساں رہتا ہے	(۲۰) جو بشر مستقل مزاج ہوش مند عارف اور واصل ذات ہے وہ مرغوب شے کے حاصل ہونے پر خوش اور نامرغوب کے حاصل ہونے پر رنجیدہ نہیں ہوتا۔

ضابطہ ور روشن دل عارف ہوکے واصل ذات میں		مطمئن رہتا ہے آرام اور تکلیفات میں

बाह्य स्पर्शेष्वसक्तात्मा विन्दत्यात्मनि यत्सुखम् ॥
स ब्रह्म योग युक्तात्मा सुख मक्षय मश्नुते ॥२॥

اس کی حواس اور محسوسات پر نظر نہیں رہتی اور وہ ذات کی کیفیت میں مسرور رہتا ہے	(۲۱) جو شاغل حواس بیرونی پر توجہ نہیں کرتا اور مشاہدہ بطون میں مسرور رہتا ہے وہ آرام ابدی پاتا ہے۔

غیریت کو چھوڑ کر جس کو لگن ہے ذات کی		علم باطن میں اسے ملتی ہے لافانی خوشی

ये हि संस्पर्शजा भोगा दुःखयोनय एव ते ॥
आद्यन्तवन्तः कौन्तेय न तेषु रमते बुधः ॥२२॥

لذات و حواس عارضی ہیں اور اصلی آرام دینے والے نہیں ہیں	(۲۲) اے ارجن جتنے لذات حواس ہیں وہ سب تکلیف کے باعث ہیں اور عارضی ہیں اس لئے کوئی دانشمند انپر التفات نہیں کرتا۔

نفس کی لذات ہیں تکلیف دہ اور بے ثبات		اُنپہ اے ارجن نہیں کرتے ہیں عاقل التفات

शक्नोतीहैव यः सोढुं प्राक् शरीर विमोक्षणात् ॥
काम क्रोधोद्भवं वेगं स युक्तः स सुखी नरः ॥२३॥

جوانسان اپنی حیات میں خواہش اور غضب کو مغلوب کرلیتا ہے وہ یوگی ہوجاتا ہے

(۲۳) جو شخص اس دنیا میں جسم کے چھوڑنے سے پیشتر خواہش اور غضب کے جوش کی برداشت حاصل کرتا ہے وہ یوگی کہلانے کے مستحق ہوجاتا ہے اور سچی خوشی رکھتا ہے۔

موت کے آنے سے پہلے حرص وغصہ چھوڑ کر
وصل کی بے انتہا راحت کو پاتا ہے بشر

جو شخص خواہش اور غضب پر قادر ہوجاتا ہے اس کو یوگی کہنا چاہئے اس کے سوائے کسی کو اصلی آرام حاصل نہیں ہوتا۔ علم معرفت نقد کا سودا ہے اور امید عقبیٰ نسیہ کی دوکان۔ انسان کو اپنے فرائض کا مرگ سے پیشتر ادا کرنا واجب ہے عقبیٰ کی امیدیں صرف بیم ورجا ہیں۔

योंत: सुखों ऽतरा राम स्तथां तज्योंति रेवयः॥
सयोगी ब्रह्म निर्वाणं ब्रह्म भूतोऽधि गच्छति॥२४॥

آرام خالص بطون کے استغراق میں حاصل ہوتا ہے

(۲۴) جو یوگی بطون میں مسرور اور مستغرق رہتا ہے اور روشن دل رکھتا ہے وہ ذات میں وصل ہوکر ذات کا سرور حاصل کرتا ہے۔

معرفت کے نور سے معمور ہے جس کا بطون
اس کا حصہ ہے وصال ذات کا اعلیٰ سکون

یوگی لذات حواس کو ناپائیدار اور ہیچ سمجھ کر اور ان سے کنارہ کرکے جمال ذات کے مشاہدہ میں مصروف رہتا ہے جس کو انسان کے قلب کی سب سے اعلیٰ کیفیت سمجھنا چاہئے۔

लभंते ब्रह्म निर्वाण मृषयः क्षीण कल्मषाः॥
छिन्न द्वैधा यतात्मानः सर्व भूत हिते रताः॥२५॥

بطون میں سلسلۂ خیالات کے روکنے سے استغراق حاصل ہوتا ہے

(۲۵) جو عارف گناہوں سے مخلصی پاتے ہیں شکوک سے بریت حاصل کرتے ہیں اپنے دل پر حاوی ہوجاتے ہیں اور کل عالم کی بہتری مدنظر رکھتے ہیں وہ ذات میں حاصل ہوتے ہیں۔

عارفان پاک طینت بے گناہ و باثبات
فیض پہنچاتے ہوئے دنیا کو پاتے ہیں نجات

نروان ایک حالت کیف اور سرور کی ہے جس میں انسان کو اپنے وجود کی مطلق خبر نہیں رہتی جسکے بیان کرنیکی کلام کو طاقت نہیں ہے اور جسکا ثبوت صرف شاغل کو اپنے بطون میں ملتا ہے۔

काम क्रोध वियुक्तानां यतीनां यतचेत साम्॥

अभितो ब्रह्मनिर्वाणं वर्तते विदितात्मनाम् ॥२६॥

(۲۶) جو خواہش اور غضب سے بری اور خیال پر قادر ہو کر تارک ہیں اور علم خود شناسی رکھتے ہیں اُن کو ذات کا سرور حاصل ہے

ترک خیال سے خواہش اور غضب پر فتح ملتی ہے اور یہی وسیلہ وصال ذات کا ہے۔

شوق و نفرت سے بچا کر جس نے روکا ہی خیال ایسے حق بین کو میسر ہی سدا حق کا وصال

تارک وہ ہے جو خیال کے حرکت کو قابو میں رکھکر سب فعلوں کو کرتا ہے نہ وہ شخص جو اسباب ظاہری کو ترک کر دیتا ہے۔

स्पर्शान्कृत्वा बहिर्बाह्यांश्चक्षुश्चैवान्तरे भ्रुवोः ॥
प्राणापानौ समौ कृत्वा नासाभ्यन्तर चारिणौ ॥२७॥
यतेन्द्रिय मनो बुद्धिर्मुनिर्मोक्ष परायणः ॥
विगतेच्छा भय क्रोधः यः सदा मुक्त एव सः ॥२८॥

(۲۷) جو عارف تعلقات بیرونی کو باہر کر کے اور نظر کو بھوؤں کی وسط میں ٹھہرا کے اور ناک میں سے گذرنے والے انفاس بالا و پائیں کو مساوی کر کے۔

بہر کٹی دہیان یعنی سرت سادہنا

(۲۸) حواس دل اور عقل پر قادر ہو جاتا ہے آزادی حاصل کرتا ہے اور خواہش خوف اور غصہ سے مخلصی پاتا ہے وہ ہر وقت نجات رکھتا ہے۔

ابروؤں کے وسط میں لا کر نظر اطراف سے دل حواس و عقل کر دیتا ہے محو علم ذات

جانچتا ہے سانس کو جو ناک سے چلتے ہوئے وہ علایق سے بری ہے اُسکی ہر دم ہی نجات

جو شخص مندرجہ بالا ہدایت کے بموجب محسوسات کا خیال دور کر کے دل کو یکسو کرتا ہے اور اپنی نظر کو اُس مقام پر جہاں ناک کا بانسہ شروع ہوتا ہی ٹھہراتا ہے اور منہ بند کر کے سانس کی آمد و شد ناک سے رکھتا ہے اُسے تھوڑے عرصہ کے بعد سانس کی رفتار میں ایک قسم کا سکون معلوم ہوتا ہے تب اُس کے بطون میں خیالات کا سلسلہ رُکجاتا ہے اور علم اشراق آشکارا ہوتا ہے کرشن بھگوان نے اس عملی طریقہ کو کل ویدوں میں سے انتخاب کر کے اہل دنیا کو اُس پر کاربند

ہونے کی اجازت دی ہے اور یہی بھر کتی دھیان سُرت سادھنا اور سہج اوستھا کے مختلف ناموں سے موسوم ہوا ہے اور اسی کی بدولت کشائش باطن حاصل ہوتی ہے پس جو لوگ اس شغل کے کئے بغیر قیل وقال کرتے ہیں اُنہیں اپنے بیانات کے راست ہونے کا بھر دسہ بالکل نہیں ہوتا رامچندرجی نے بھی رام گیتا میں اس شغل کی تشریح ذیل کے الفاظ میں کی ہے۔

جاگرت دشوا کار کو لاوے تیجس ماہیں پراگ مٹی کو لین کرے تریا اینھ ماہیں		تیجس مٹی کو لین کرے پراگ مکارے ماہیں اسی دیس میں ہو رہے جہاں دوسرا ناہیں

زمانہ سلف کے اکثر عارفوں نے اسی ضمیر کو مختلف کلمات میں ادا کیا ہے جن کی نظر بطون پر ہوتی ہے وہ تو سب کلام میں ایک ہی ضمیر پاتے ہیں اور جو اس سرزمین سے بے خبر ہیں وہ واہمات میں پڑے رہتے ہیں اس موقع پر شائقین کے مطالعہ کے واسطے پران چکر کا ایک نقشہ جس کا حوالہ منتر ۲۹ چوتھی ادھیا میں آچکا ہے دکھایا جاتا ہے اُس کی پوری تشریح مؤلف کے تصنیف کئے ہوئے بھاشا کے برہم درشن نامی گرنتھ میں مل سکتی ہے۔

भोक्तारं यज्ञ तपसां सर्व लोक महेश्वरम्॥
सुहृदं सर्व भूतानां ज्ञात्वा मां शांति मृच्छति॥२९॥

اس شغل کی برکت سے عارف ذات میں وصل ہوتا ہے	(۲۹) یہ جان کر کہ میں یگ اور تپ سے حظ اوٹھانیوالا صاحب اور کل مخلوقات کا دوست ہوں وہ تسکین پاتا ہے۔

میں ہوں سب شغلوں کا مرجع مالک اور پرور دگار	مجھکو جو ایسا سمجھتا ہے وہ پاتا ہے قرار

ذات پاک عمل اور ریاض کو جس کا ظہور قدرت سے ہوتا ہی صرف تمیز کرتی ہے اُن کی فاعل نہیں بنتی وہ کل موجودات میں محیط ہے سارا عالم اُس کی فرع ہے اور اُس کے جاننے سے آرام ابدی ملتا ہے۔

इति श्री मद्भगवद्गीता सूप निषत्सु ब्रह्म विद्यायांयोग शास्त्रे श्री कृष्णार्जुन संवादे कर्म संन्यास योगोनाम पंचमो ऽध्यायः॥५॥

شری بھگوت گیتا کے مخفی علم الوہیت کی طریقت کے بارہ میں

سری کرشن اور ارجن کی تقریر کی پانچویں ادھیا

سنیاس یوگ نام ختم ہوئی

پانچویں ادھیا کا خلاصہ

پانچویں ادھیا نے کرم سنیاس اور کرم یوگ کے مختلف ہونے کے خیال کو غلط ثابت کیا ہے اور ظاہر کیا ہے کہ وہ ایک ہی کیفیت قلبی کی دو صورتیں ہیں سانکھ سے علم حقیقت اور یوگ سے علم معرفت مراد ہے یوگی تمام افعال جسمانی کو کرتے ہوئے بھی نظر باطن رہتا ہے۔ مگر اور طریقوں کے شاغل جب کاروبار دنیوی کی طرف متوجہ ہوتے ہیں نظر بالغیر ہو جاتے ہیں۔ یوگی کے معنی واصل کے اور سنیاسی کے معنی تارک کے ہیں علم معرفت کے بغیر افعال کا ترک نہیں بنتا اور علم حقیقت کے بغیر وصال ممکن نہیں اس لئے سنیاس اور یوگ لازم و ملزوم ہیں ان کے حاصل ہونے پر انسان دریافت کر لیتا ہے کہ جان افعال جسمانی کی فاعل نہیں بنتی۔ اور ان کے نتیجہ سے تعلق نہیں رکھتی مگر وہ جہل کے سبب عوام کو پابند افعال معلوم ہوتی ہے ۲۷ و ۲۸ اور ۲۹ منتر میں جو شغل لکھا گیا ہے اس کی مدد سے مشاہدۂ جان ہوتا ہے اور اسکی تشریح ۱۰ سے ۲۲ منتر تک کی گئی ہے اس منزل کو انسان اپنی زندگی میں پا سکتا ہے زمانۂ مستقبل پر نظر رکھنا صرف بیم و رجا میں پھنسنا ہے۔

چھٹی ادھیا آتم سیم یوگ

श्री भगवानुवाच

अनाश्रित : कर्मफलं कार्यं कर्म करोतिय:॥
ससन्न्यासी च योगी च ननिरग्निर्न चाक्रिय:॥१॥

شری بھگوان فرماتے ہیں

سنیاسی اور یوگی کی تعریف

(۱) سنیاسی اور یوگی وہ شخص ہے جو نتیجہ پر نظر نہ رکھکر فعل کرتا ہے نہ کہ وہ شخص جو آگ کو استعمال میں نہیں لاتا یا مذہبی پابندیاں چھوڑ دیتا ہے۔

سالک و مجذوب ہیں بے واسطہ افعال سے	وہ نہیں تارک جو آگ اور قید مذہب چھوڑ دے

سنیاسی یا یوگی سے جتنے فعل صادر ہوتے ہیں جبر کی حالت میں ہوتے ہیں اور اس کو ان کے نتیجہ سے سروکار نہیں ہوتا۔ انسان کے قلب کی اسی کیفیت کا نام ترک ہے تارک ہونے کیواسطے افعال لازمی کا چھوڑنا ضرور نہیں ہے صرف ان کا بے تعلق ہوکر کرنا کافی ہے پس جو لوگ کاروبار دنیوی سے کنارہ کرکے اپنے آپ کو تارک بتلاتے ہیں وہ تارک نہیں ہیں بلکہ دنیا پرست ہیں انسان صرف کپڑوں کے رنگنے اور مذہبی رسوم کے ترک کرنے سے سنیاسی یا یوگی نہیں ہو سکتا افعال کا بے تعلقی کے ساتھ کرنا ترک کی اصلی مراد ہے۔

यंसंन्यास मिति प्राहु र्योगंतं विद्धि पांडव॥
नह्य संन्यस्त संकल्पो योगी भवति कश्चन॥२॥

سنیاس یعنی ترک خیال کے بغیر یوگ ہونا ناممکن ہے

(۲) جس کو سنیاس کہتے ہیں ارجن اوسی کو یوگ سمجھ کیوں کہ خیالات کے ترک کئے بغیر کوئی یوگی نہیں ہو سکتا۔

ترک کہتے ہیں جسے وہ فی الحقیقت ہے وصال	کوئی واصل ہو نہیں سکتا بلا ترکِ خیال

سلسلۂ خیالات کو روک کر علم ذات کا حاصل کرنا سنیاس کہلاتا ہے۔ یوگ علم و سرور کی اُس حالت کا نام ہے جس میں خیالات بیم و رجا کے پیدا نہیں ہوتے ہیں واقعات کی تصویر پیش نظر رہتی ہے

आरुरुक्षो मुनेर्योगं कर्म कारण मुच्यते ॥
योगारूढस्य तस्यैव शमः कारण मुच्यते ॥३॥

ترکِ خیال کی کوشش کو شغل کہتے ہیں ترکِ خیال کی حالتِ سکون کو کمال کہتے ہیں

(۳) جبتک عارف یوگ کا شاغل ہوتا ہے اُس کا ذریعہ فعل کہلاتا ہے جس وقت وہ یوگ میں کامل ہوجاتا ہے اُس کا ذریعہ سکون کہا جاتا ہے۔

شوق جبتک ہے پس پردہ جمالِ یار ہے		ہٹ گیا پردہ تو پھر دیدار ہی دیدار ہے

جس وقت تک شاغل شغل کی عادات ڈالتا رہتا ہے۔ اُس وقت تک اُس کا وہ فعل اختیاری ہوا کرتا ہے جب کچھ عرصہ کی مزاولت سے شغل کا کرنا اُس کی طبیعت کا خاصہ ہوجاتا ہے تب وہ فعل جبریہ کہا جاتا ہے۔

यदाहि नेन्द्रियार्थेषु नकर्मस्वनुषज्जते ॥
सर्व संकल्प संन्यासी योगारूढस्त दोच्यते ॥४॥

حالتِ سکون کی شناخت

(۴) جس وقت تمام واہمات کے ترک کرنے پر انسان کی توجہ محسوسات اور فعلوں کے طرف نہیں جاتی اُس وقت وہ یوگ میں کامل کہا جاتا ہے۔

وسوسہ جب دل سے مٹ جاتا ہے آتی ہے نظر		سارے عالم میں سراپا ذاتِ واحد جلوہ گر

جس وقت علم ذات کے سرور کے غالب ہونے پر محسوسات کا علم نہیں رہتا اور ذاتِ واحد کا جلوہ کل عالم میں نظر آتا ہے اُس وقت یوگ کی حالت انسان کے دل میں آشکارا ہوتی ہے۔

उद्धरे दात्म नात्मानं नात्मान मवसादयेत्
आत्मैव ह्यात्मनो बंधु रात्मैव रिपुरात्मनः ॥५॥

انسان کا درجہ کمال کو حاصل کرنا فرض ہے

(۵) انسان دل کو عروج دے نہ کہ دل کو پستی میں گرائے دل ہی اپنا

دوست ہے اور دل ہی اپنا دشمن۔

دل ہی اپنا یار ہے جب قلب بے پندار ہے		ہے عدو اپنا ہی دل جب فعل کا مختار ہے

یوگ کا حاصل کرنا دل کو عروج دیتا ہے یوگ سے واقف ہونا اور گرفتار واہمات رہنا دلکو پستی میں گراتا ہے اُس کی ترقی و تنزل انسان کے اختیار میں ہے۔

बंधुरात्मा त्मनस्तस्य येनात्मै वात्मनाजित:॥
अनात्मनस्तु शत्रुत्वे वर्ते तात्मैव शत्रुवत्॥६॥

کامل اور ناقص رہنے کا انحصار انسان کی ذات پر ہے۔	(۶) جو بشر دلپر فتح پاتا ہے اُس کا دل اُس کا دوست بنجاتا ہے مگر جو دلپر قادر نہیں ہوتا اُسکا دل اُسکے ساتھ دشمن کے مانند برتاؤ کرتا ہے

آ گیا قابو میں جس کے دل ہے اُسکا دوستدار		جبکہ قابو میں نہیں ہے دشمنی دل کا شعار

یوگ کے وسیلہ سے دل قابو میں آ کر دوست بنجاتا ہے جو یوگ سے ناواقف ہے اُس کا دل اُس کے قابو میں نہ ہونے کیوجہ سے باعثِ آزار ہو جاتا ہے۔

जितात्मन: प्रशान्तस्य परमात्मा समाहित:॥
शीतोष्ण सुखदु:खेषु तथा मानापमानयो:॥७॥

صاحب کمال اطمینان پاتا ہے	(۷) جو دلپر قادر ہوتا ہے اور اطمینان رکھتا ہے اُس کا دل سردی اور گرمی رنج اور راحت عزت اور اہانت میں مشاہدہ ذات میں مسرور رہتا ہے۔

جس کو اپنے دلپہ قابو اور اطمینان ہے		گرم و سرد و رنج و راحت میں اُسے عرفان ہے

یوگی کی توجہ بیرونی تعلقات کی طرف نہیں ہوتی کیونکہ وہ ہر حال میں یکساں رہتا ہے اور بطون میں ذاتِ بحت کا جلوہ دیکھتا ہے۔

ज्ञान विज्ञान तृप्तात्मा कूटस्थो विजितेंद्रिय:॥
युक्त इत्युच्यते योगी समलोष्टाश्मकांचन:॥८॥

علم و سرور رکھتا ہے۔	(۸) وہ یوگی جس کا دل علم و سرور سے معمور ہے اور جو آزاد رہتا ہے

اور حواس پر قابو رکھتا ہے اور جسکے نزدیک مٹی پتھر اور سونا مساوی ہیں ذات میں وصل کہا جاتا ہے

ہے وہ اصل جس کا دل ہی مرکز علم و سرور	بے تعلق بے طمع بے نفس ہے مست حضور
آنند کے سندھ ہو میں آن بسی تنکو نہ ہو تن کو تپنو جب آپ ہی میں آپ لکھے اپنو تب اپنا ہی جاپ ہو جپنو	جب آپ ہیں آپ سمائے گئے تب آپ ہیں آپ لہو اپنو جب گیان کو بھا پرکاش ہو جگ جیون ہوئے رہو سپنو

सुहृन्मित्रार्युदासीन मध्यस्थ द्वेष्यबन्धुषु ॥
साधुष्वपिच पापेषु सम बुद्धि विशिष्यते ॥ ९ ॥

کل عالم کو مساوی جانتا ہے

(۹) جو محب دوست۔ دشمن اور بے غرض کو دوستی اور دشمنی یکساں رکھنے والے کو بیگانے اور یگانے کو نیک افعال اور بدافعال کو مساوی خیال کرتا ہے وہ علیٰ ہے

جان لیتا ہے مساوی سب کو مرد با کمال	اُس کو کثرت میں نظر آتا ہے وحدت کا جمال

بھو لو سماوہ جاپ بھول گیو پُن پاپ کون ہر کون آپ کہاں لو بکھانئے
برہوں سنجوگ بھئے سوگ اولٹ بھوگ بھئے مرجن یہ جوگ بھی کیسے جی آنئے
جانت ہے دو جا تب چاہت ہی پوجا یہاں ایک ہے نہ دوجا کہو کیسے جی آنئے
جل میں ترنگ جیسے جیو اور برہم ایسے لاکھ روپ دیکھے کو ایک روپ مانئے

योगी युंजीत सतत मात्मानं रहसि स्थितः ॥
एकाकी यत चित्तात्मा निराशीर परिग्रहः ॥ १० ॥

یوگ کے شغل کی ہدایت

(۱۰) یوگی کو واجب ہے کہ وہ گوشہ میں تنہا بیٹھکر قوت خیال اور دل کو روک کر بیم و رجا چھوڑ کر اور بے تعلق ہو کر یوگ کا شغل ہمیشہ کیا کرے۔

بیٹھکر گوشہ میں تنہا باندہ کر اپنا خیال	چھوڑ کر خوف و تمنا کو وہ پاتا ہے وصال

شغل کی مزاولت عارف کے لئے ضروری خیال کی گئی ہے تاکہ بیرونی تعلقات اُس کے دل کو ادراک ذات کی طرف سے نہ ہٹا سکیں۔

رباعی

عزلت زخودی و خویشتن مے باید
تبیک عملے و ہمتے و شوقے
خلوت ہمہ بے جان و بدن مے باید
نے آنکہ دریں محض سخن مے باید

शुचौदेशे प्रतिष्ठाप्य स्थिर मास न मात्मन :॥
नात्युच्छ्रितं नाति नीचं चैलाजिन कुशोत्तरम्॥११॥
तत्रै काग्रं मनः कृत्वा यत चित्तेंद्रिय क्रियः॥
उपविश्यासने युञ्ज्या द्योग मात्म विशुद्धये॥१२॥

یوگ کے لوازمات (۱۱) وہ کسی پاک جگہ چادر پر مرگ چرم پر یا کشا گھاس پر نہ بہت اونچی اور نہ بہت نیچی اپنی نشست بیحرکت قایم کرکے۔

(۱۲) دل کو یکسو کرکے قوتِ خیال اور حواس کے فعلوں کو روک کر جائے نشست پر بیٹھکر صفائی قلب حاصل کرنے میں واسطے یوگ میں مشغول ہو۔

چاہئے اچھی جگہ پر کچھ کشا کا بند و بست
دور کردے دل سے انسان وسوسے اور خواہشیں
ہو بہت اونچی نہ نیچی سیدھی بے حرکت نشست
یوں صفائے قلب کی نیت سے بیٹھے شغل میں

ایک شغل تو پانچویں ادھیا کے ۲۷ و ۲۸ منتر میں بیان کیا جاچکا ہے دوسرا اس موقع پر درج ہوا ہے تیسرے شغل کا آٹھویں ادھیا کے ۱۲ و ۱۳ منتر میں آگے بیان کیا جاوے گا یہ تینوں مختلف طریقے قوتِ خیال کو روک کر ذات میں محو ہونے کے ہیں۔

ہردے ناہھ اور ترکٹی تین دھیان استھان
سُرت لین ہو ترکٹی برحمہ لاہندر میں گیان
سب منوت من سے رہی تج بچار اور گیان
نربے پد کی اوستھا جیون پرکاشے بھان
جیون کا تیوں پہچان کر دوبے چھوٹے کان

سُرت ایکتا ناہہ میں ہردے تج پر دھان
تین دھیان کی ایکتا پرم شانت اور آن
نربے پد کی اوستھا کیوں کر کروں بکھان
رہے دیہہ میں بدیہہ ہوا بناشی نربان
آپ سنبھال کمال نے کھینچے پران آپان

समंकाय शिरोग्रीवं धारयन्न चलं स्थिरम्॥

संप्रेक्ष्य नासिकाग्रं स्वं दिशश्चानवलोकयन्॥१३॥
प्रशान्तात्मा विगतभीर्ब्रह्मचारिव्रते स्थितः॥
मनः संयम्य मच्चित्तो युक्त आसीत मत्परः॥१४॥

ناساگر دھیان کا طریقہ

(۱۳) طالب حق جسم سر اور گردن کو سیدھا اور بیحرکت قایم رکھکر اپنی نظر کو اطراف وجوانب سے ہٹا کر اور ناک کے اگلے حصہ پر جما کر

(۱۴) مستقل مطمئن اور توہمات سے آزاد ہوکر اور دل کو روک کر میرا تصور کرتا ہوا میرے ادراک میں مشغول رہے۔

بیم اور امید سے جب قلب اُس کا پاک ہو	دل کی یکسوئی میں اُس کو ذات کا ادراک ہو
من کے لگائے ہر پاوے	جوگی یا بدہ من کو لگاوے
جیسے پتنگ جرے دیپک میں پریت سے پران جلاوے	جگمگ جوت سہی نہیں جاوے جوت میں آن سماوے
جوگی یا بدہ من کو لگاوے	
جیسے نار پنگھٹ کو جات ہی سر گاگر بھر لاوے	سکھی سنگ سے بولت چالت سرت گاگر سے لاوے
جوگی یا بدہ من کو لگاوے	
جیسے نٹ کلا کے کارن گاڑ ڈھول بجاوے	اپنا بوجھ سادہ سر اوپر سرت بانس سے لاوے
جوگی یا بدہ من کو لگاوے	

شائقین سوچیں کہ گنیش کی مورتی جس کی پوجا اہل ہند سب سے پہلے کرتے ہیں کیا معنی رکھتی ہے انسان کے دھڑ پر ہاتھی کا سر کاٹ کر لگا دینا معقولات کے خلاف ہے۔

واقعات یہ ہیں کہ زمانہ سلف میں جو استعارات تحریر میں آتے تھے گرو کی زبان سے اُن کی تشریح ہوا کرتی تھی افسوس کہ اب گرو ہی معنی سے بیخبر ہیں چیلے کیونکر سمجھ سکتے ہیں۔

شیو پوران میں گنیش جی کی ولادت کی روایت درج ہے جس کے لغوی معنی پر عوام نے اپنا خیال جما لیا ہے۔ اور اصلی مطلب کو گم کر دیا ہے البتہ غور و فکر سے اس روایت کے

معنی بخوبی حل ہو جاتے ہیں۔ ماتا پاروتی پرکرتی یعنی شکتی کا روپ ہے اور پتا مہادیو پورش یعنی شیو کا سروپ ہے۔ پرکرتی کا اُبٹن یا میل پنج مہا بھوت ہیں جنھیں عناصر کثیف کہتے ہیں اور جن سے کُل اجسام کی پیدائش ہے اہنکار یعنی پندار جسم کا دوارپال یا نگہبان ہے اور وہ پرکرتی کا بندہ ہونے کی وجہ سے اپنے پتا آنند روپ شیو کو نہیں پہچانتا اور اپنے انتہ کرن یعنی قلب میں اسکے علم الیقین کو داخل نہیں ہونے دیتا۔ جب اُس پورش کا علم قلب میں دخل پاتا ہے اُسی وقت انانیت کا سر کٹجاتا ہے ہاتھی کے سر کا لگانا اس غرض سے بیان کیا گیا کہ اجسام دو قسم کے ہیں کشر اور اکشر یعنی فانی اور باقی۔ فانی اجسام میں چوہا سب سے چھوٹا اور ہاتھی سب سے بڑا ہے اور دونوں میں کامل مشابہت ہے اسی طرح علم جزویت سب سے چھوٹا اور علم کلیّت سب سے بڑا مسلمہ ہے سنسکرت کی زبان میں اکشر غیر فانی کو کہتے ہیں اور وہ لفظ حروف تہجی کو بھی تعبیر کرتا ہے جنمیں ॐ اونکار سب سے بڑا ہے اور سب سے اوّل آتا ہے۔ اس اسم اعظم کی تحریری شکل پر غور کیا جاوے اور الٹ کر دیکھا جاوے تو وہ ایک دانت والے ہاتھی کے سر کے مثال ہے ہاتھی کا سر کاٹ کر انسان کے دھڑ پر لگانے سے یہ مراد لیگئی ہے کہ اہنکار یعنی جزویت کے پندار کو دماغ سے نکالکر اونکار ॐ یعنی کلّیت کا علم وہاں قایم کیا جاوے۔

گن کے معنی گروہ کے ہیں اور ایش یا پتی کے معنی مالک کے ہیں پس گنیش یا گنپتی کا اشارہ گُرو پر ہے جو مریدوں کے مجمع کا رہنما ہو کر اونکار ॐ کے اسم اعظم کا شغل اُن کو بتاتا ہے اور جزویت کے پندار کو اُنکے سر سے نکالدیتا ہے یا اُسکو مُطیع کر لیتا ہے اس لئے چوہے کو گنیش کی سواری مانا ہے شرتی نے اونکار شبد کا اوچارن سب سے مقدّم بتایا ہے۔ اور سُمرتی نے اُس شبد کی مورتی بنا کر گنیش کی پرتشٹھا کی ہے اور اُسکو گرو کی مہان دی ہے۔

اس تصویر میں ایک طرف گنیش کی صورت ظاہر ہے اور دوسری طرف ناساگر دھیان یعنی شغل طاوسی کی کیفیت معلوم ہوتی ہے جس کا طریقہ مجمل طور پر اس ادھیاے کے تیرھویں منتر میں درج ہے اس تصویر میں پانچوں دیوتاؤں کے نشان ملتے ہیں اور گایتری جاپ کا طریقہ

نفس کی رفتار وسکون کے ذریعہ سے جسے پورک کُنبھک اور ریچک کہتے ہیں دکھایا گیا ہے یوگ کی یہ سب سے آسان اور عمدہ سیڑھی ہے اور اسکی تفصیل اتھرون وید کی یوگ شکھا اُپنشد میں لکھی ہوئی ہے

युंजन्नेवं सदात्मानं योगी नियत मानसः॥
शांति निर्वाण परमां मत्संस्था मधिगच्छति॥१५॥

(۱۵) جو یوگی دل کو روک کر ہمیشہ اس طرح پر شغل کرتا ہے وہ اعلےٰ درجہ کی راحت کو جو مجھ میں موجود ہے حاصل کرتا ہے۔	یوگ سے اعلیٰ درجہ کی راحت حاصل ہوتی ہے

اپنے دلکو تمام کر جو شغل کرتا ہے مدام		اُس کو ملتا ہے وصالِ ذات کا اعلیٰ مقام

مندرجہ بالا شغل کی مزاولت سے انسان وصال ذات کا اعلیٰ سرور حاصل کرتا ہے۔

नात्यश्नतस्तु योगोः स्तिन चैकांत मनश्नतः॥
नचाति स्वप्न शीलस्य जाग्रतो नैव चार्जुन॥१६॥

(۱۶) اے ارجن یوگ نہ تو زیادہ خوراک والے کو حاصل ہوتا ہے اور نہ بہت کم خوراک والے کو نہ زیادہ سونے والیکو اور نہ زیادہ جاگنے والے کو۔	یوگ کے شرائط

کم خوری ہے اور نہ کم خوابی ریاضت کا اصول		پُرخوری سے ہے نہ پُرخوابی سے راحت کا حصول

युक्ताहार विहारस्य युक्त चेष्टस्य कर्मसु॥
युक्तस्वप्ना व वोधस्य योगो भवति दुःखहा॥१७॥

(۱۷) جس شخص کی غذا اور تفریح اعتدال کیساتھ ہوتی ہے اور جو کام میں اعتدال کے ساتھ محنت کرتا ہے اور اعتدال کے ساتھ سوتا اور جاگتا ہے اُس کو راحت دینے والا یوگ حاصل ہوتا ہے۔	اعتدال سے یوگ حاصل ہوتا ہے

اعتدالِ خواب خور تفریح و محنت چاہئے		اعتدالِ فعل میں راحت ہے شاغل کے لئے

شری بھگوان نے اعتدال اختیار کرنے کی ہدایت کی ہے اور تمام حکما کی بھی یہی رائے ہوئی ہے یوگ ایک عشق کی حالت ہے جس میں عاشق محو رہا کرتا ہے یعنی کھانے پینے۔ چلنے بیٹھنے

سوئے۔ جگنے میں اُس کے عشق کی حالت نہیں بدلتی۔

यदा विनियतं चित्त मात्मान्ये वावतिष्ठते ॥

नि:स्पृह: सर्व कामेभ्यो युक्त इत्युच्यते तदा ॥१८॥

یوگ کے کمال کی شناخت

(۱۸) جس وقت خیال رُک کر ادراک ذات میں قایم ہو جاتا ہے اور تمام لذات کا شوق جاتا رہتا ہے اُس وقت انسان یوگی کہا جاتا ہے۔

ذات کے ادراک میں جب ہو گیا قایم خیال		اور دل سے شوقِ لذت مٹ گیا تب ہی کمال

خیال کا قایم ہو جانا اور لذات کے ساتھ شوق و نفرت نہ رہنا یوگ کی شناخت ہے۔

यथा दीपो निवातस्थो नेङ्गते सोपमास्मृता ॥

योगिनो यत चित्तस्य युंजतो योग मात्मन: ॥१९॥

اُوس کی تمثیل

(۱۹) چراغ کی لو بند ہوا میں نہیں ہلتی یہ اُس یوگی کی مثال دی گئی ہے جو خیال پر قادر ہے اور جس کا دل یوگ میں مصروف ہے۔

ایسے شاغل کو جو رکھ سکتا ہے بیحرکت خیال		شمع کی لاجُنب روشن لو سے دیتے ہیں مثال

بند ہوا میں چراغ کی لو ساکن اور مُنوّر ہوتی ہے اور یہ تمثیل یوگی کی ہے جس کا دِل خیالات کی تھپیڑ سے بچا ہوا ہے۔

यत्रो परमते चित्तं निरुध्दं योग सेवया ।

यत्र चै वात्मनात्मानं पश्यन्नात्मनि तुष्यति ॥२०॥

یوگ کے وسیلے سے سکونِ قلب پیدا ہو کر مشاہدہ ذات حاصل ہوتا ہے

(۲۰) جس کی مزاولت کرنے پر شغل کے وسیلے سے قوت خیال رک کر ساکن ہو جاتی ہے اور انسان اپنی ذات کو اپنے بطون میں خود مشاہدہ کر کے مسرور ہوتا ہے۔

شغل کے رشتہ سے جب مضبوط ہوتا ہے خیال		قلب ساکن میں نظر آتا ہے اپنا ہی جمال

सुखमात्यन्तिकं यत्त द्बुद्धि ग्राह्य मतीन्द्रियम ॥

वेत्तियत्र नचैवायं स्थितश्चलति तत्वतः ॥ २१॥

یوگ سے راحت ابدی حاصل ہوتی ہے

(۲۱) جس کی بدولت وہ اُس بے انتہا راحت کو جو اشراق میں تمیز ہوتی ہے اور حواس کے حیطہ سے باہر ہے ادراک کرتا ہے اور اصول پر قایم ہوکر علم حقیقت سے برگشتہ نہیں ہوتا۔

ذات کے دیدار میں وسواس سے فرصت ہی واں		عالم اشراق کی بے انتہا راحت ہے واں

यं लब्ध्वा चापरं लाभं मन्यते नाधिकं ततः ॥

यस्मिन्स्थितो न दुःखेन गुरुणापि विचाल्यते ॥२२॥

یوگ سب سے اعلیٰ ہے اور وہ انسان کو حالت سکون بخشتا ہے

(۲۲) جس کو حاصل کرکے وہ کوئی شے اُس سے اعلیٰ حاصل کرنیکے لئے نہیں پاتا اور جسمیں قایم ہوکر وہ سخت تکلیف سے بھی جنبش نہیں کھاتا۔

بیقراری وطلب سے اُس کا چھٹکارا ہوا		شغل سا اک گوہر نایاب جس کو مل گیا

तं विद्या दुःखसंयोग वियोगं योग संज्ञितम् ॥

स निश्चयेन योक्तव्यो योगोऽनिर्विण्णचेतसा ॥२३॥

یوگ کا حاصل کرنا فرض ہے

(۲۳) اور جو تکلیف کے تعلق کو قطع کرتا ہے اُس کا نام یوگ جاننا چاہئے اُس میں انسان کو استقلال اور ہمت کے ساتھہ مصروف ہونا واجب ہے۔

قلب کی اُس کیفیت کو وصل کہتا ہے بجا		جب تعلق قطع ہوجاتا ہے محسوسات کا

संकल्प प्रभवान्कामांस्त्यक्त्वा सर्वानशेषतः ॥

मनसैवेन्द्रियग्रामं विनियम्य समंततः ॥२४॥

शनैः शनैरुपरमेद्बुद्ध्या धृति गृहीतया ॥

आत्म संस्थं मनः कृत्वा न किंचिदपि चिंतयेत् ॥२५॥

یوگ کا طریقہ ضبط دل ہے۔

(۲۴) شاغل کو چاہئے کہ وہ اُن تمام خواہشوں کو جو خیال سے پیدا ہوں کلیتاً ترک کرکے دل سے حواس کے گروہ کو روک کر۔

(۲۵) استقلال کے ساتھ رفتہ رفتہ حواس سے نظر اٹھاوے، اور توجہ کو بطون میں ٹھیرا کر کسی شے کا خیال نہ کرے۔

لذتِ دنیا سے پہلے دل اٹھانا چاہیئے رفتہ رفتہ جسم سے شاغل نظر اپنی اُٹھائے		دل سے پھر نقشِ تخیل کو مٹانا چاہیئے ہو کے بے وسواس باطن پر توجہ کو لگائے

خیال کی حرکت کو جو باہر کی طرف جاتی ہے روکنے سے خیال ساکن ہو جاتا ہے اور اس وقت انسان اپنے حواس سے بے خبر ہو جاتا ہے۔

यतो यतो निश्चरति मनश्चंचल मस्थिरम् ॥
ततस्ततो नियम्यै तदात्मन्येव वशं नयेत् ॥२६॥

ضبط دل کی مزاولت واجب ہے

(۲۶) جس جس طرف بیقرار اور متحرک دل جاوے اس اس طرف سے روک کر اس کو بطون میں ٹھیرائے

چار سو سے دل میں کوئی اضطراب آنے نہ دے		اور نگاہِ شوق کو مرکز سے ہٹ جانے نہ دے

دِل پرندے کے مانند محسوسات کی طرف پرواز کرتا ہے شاغل کو اس کی بیقراری دُور کرنی لازم ہے

प्रशांत मनसं ह्येनं योगिनं सुख मुत्तमम् ॥
उपैति शांत रजसं ब्रह्मभूत मकल्मषम् ॥२७॥

اس طرح پر یوگ میں کمال حاصل ہوتا ہے اور اعلیٰ درجہ کی راحت ملتی ہے

(۲۷) جب یوگی سکون دل کو حاصل کرتا ہے خواہشات سے بری اور ذات میں وصل ہوتا ہے اور گناہوں سے پاک ہو جاتا ہے تب اُسے اعلیٰ درجہ کی راحت ملتی ہے۔

جب قرار آجائے اور دل سے طلب جاتی رہی		شغل کی تکمیل ہیں تب وصل کی راحت ملے

युंजन्नेवं सदात्मानं योगी विगत कल्मषः ॥
सुखेन ब्रह्म संस्पर्श मत्यंतं सुख मश्नुते ॥२८॥

وصال ذات کی بے انتہا راحت حاصل ہوتی ہے

(۲۸) یوگی اس طرح پر شغل کرنے کی بدولت گناہوں سے آزاد ہو کر

وصال ذات کی بے انتہا راحت کو بآسانی حاصل کرتا ہے۔

شغل کی برکت سے دُھل جاتے ہیں انساں کے گناہ		شغل کی لا انتہا فرحت میں ملتی ہے پناہ

सर्व भूतस्थ मात्मानं सर्व भूतानि चात्मनि ॥
ईक्षते योग युक्तात्मा सर्वत्र सम दर्शनः ॥२९॥

یوگی توحید کا لطف اٹھاتا ہے

(۲۹) جو یوگی ذات میں وصل ہو جاتا ہے اور سب کو مساوی جانتا ہے وہ اپنے آپ کو کل مخلوقات میں اور کل مخلوقات کو اپنی ذات میں موجود دیکھتا ہے۔

عالم کثرت ہی عارف کی نظر میں ایک سا		کل کے اندر جزو ہی اور جزو میں کل ہے چھپا

یوگی ذات واحد کو کل اجسام میں محیط دیکھتا ہے اور اس کو اپنی ہستی جانتا ہے پس وہ اپنے آپکو کل مخلوقات میں پاتا ہے یہ منتر معقولات کی ادراک سے برتر ہے اور اس کے سمجھنے کے واسطے مشاہدہ درکار ہے۔ یعنی وہ حالت سکون جس کا اس ادھیا کے تیسرے منتر میں ذکر ہو چکا ہے حاصل کرنی ضروری ہے۔ اگلا منتر اس منتر کی توضیح کرتا ہے۔

योमां पश्यति सर्वत्र सर्वंच मयि पश्यति ॥
तस्याहं न प्रणश्यामि सच मेन प्रणश्यति ॥३०॥

کثرت میں وحدت کا تماشہ دیکھتا ہے

(۳۰) جو مجھکو سب میں اور سب کو مجھ میں دیکھتا ہے اس سے میں جدا نہیں ہوتا اور وہ مجھ سے جدا نہیں ہوتا ہے۔

مجھکو سب میں اور سب کو مجھ میں جو ہی مانتا		وہ نہیں مجھ سے جدا اور میں نہیں اس سے جدا

सर्व भूतस्थितं योमां भजत्येकत्व मास्थितः ॥
सर्वथा वर्त्तमानोऽपि सयोगी मयि वर्त्तते ॥३१॥

جو موحد ہوتا ہے وہ وصال ذات کا لطف حاصل کرتا ہے

(۳۱) جو یوگی توحید کی نظر سے مجھکو کل مخلوقات میں مقیم مانتا ہے وہ ہر حال میں مجھ میں وصل رہتا ہے۔

جو موحد جانتا ہے میرا عالم میں قیام		فعل کے ہوتے وہ مجھ میں وصل رہتا ہے مدام

आत्मौपम्येन सर्वत्र समं पश्यति योऽर्जुन ॥
सुखं वायदि वा दुःखं सयोगी परमो मतः ॥३२॥

جو موحد رنج و راحت میں مساوی رہتا ہے وہ اعلیٰ ہے۔

(۳۲) اے ارجن جو یوگی ذات کو واحد تسلیم کرکے رنج و راحت کو مساوی جانتا ہے وہ اعلیٰ مانا گیا ہے۔

شادی و غم میں جو رکھتا ہے نگہ توحید کی		شغل میں حاصل ہی ارجن اسکو بیشک پختگی

अर्जुन उवाच । योऽयं योगस्त्वया प्रोक्तः साम्येन मधुसूदन ।
एतस्याहं न पश्यामि चंचलत्वात्स्थितिं स्थिराम् ॥३३

مساوات کے تسلیم کا قایم ہونا مشکل ہی

ارجن نے کہا (۳۳) اے کرشن آپ نے جو یہ یوگ مساویت کے اصول پر بتایا ہے میں انسانی دل کے متحرک ہونیکی وجہ سے اُسکے تسلیم کو استحکام نہیں دیکھتا۔

آپنے تو مجکو تسلیم و رضا تلقین کی		پر دل انسان ہی متحرک یہ دقت آپڑی

चंचलं हि मनः कृष्ण प्रमाथि वलवद्दृढम् ॥
तस्याहं निग्रहं मन्ये वायोरि वसुदुष्करम् ॥३४॥

دل بڑا سرکش ہے اور اُس کا روکنا سخت دشوار ہی

(۳۴) اے کرشن دل متحرک۔ مفسد۔ زبردست اور سرکش ہے۔ میری رائے میں اُس کا قابو میں کرنا مثل ہوا کے روکنے کے مشکل ہے۔

دل ہے سرکش مفسد و عیارِ عالی مقام		بادپائے بے عناں مشکل سی لیتا ہی لگام

श्री भगवानुवाच । असंशयं महावाहो मनोदुर्निग्रहं चलम् ॥
अभ्यासे नतु कौंतेय वराग्येणच गृह्यते ॥३५॥

دل بیشک متحرک ہی مگر شغل اور عشق سے قابو میں آتا ہی

شری بھگوان نے جواب دیا (۳۵) اے ارجن دل بیشک قرار نہیں رکھتا اور مشکل سے قابو میں آتا ہے لیکن وہ شغل اور عشق حقیقی کے وسیلے سے قابو میں آجاتا ہے۔

فطرتاً گو اضطراب و رم ہے اس دلکا شعار		بھولتا ہی چوکڑی جب عشق کی پڑتی ہی مار

असंयतात्मना योगो दुष्प्राप इतिमे मतिः॥
वश्यात्मना तुयतता शक्यो ऽवाप्तु मुपायतः॥३६॥

دل کے قابو میں آنے پر یوگ منحصر ہے

(۳۶) میری رائے میں جو لوگ دل پر قادر نہیں ہیں اونہیں یوگ حاصل ہونا دشوار ہے البتہ جو لوگ دل پر قادر ہیں کوشش کرکے حاصل کرسکتے ہیں۔

ضبط دل پر منحصر ہے علم وحدت کا حصول
جو نہیں ہے دل پہ حاوی اُسکی کوشش ہے فضول

अर्जुन उवाच॥ अयतिः श्रद्धयोपेतो योगाच्चलितमानसः॥
अप्राप्य योग संसिद्धिं कांगतिं कृष्ण गच्छति॥३७॥

جو طالب یوگ کے کمال کو نہیں پاتا اُس کا کیا انجام ہوتا ہے۔

ارجن نے سوال کیا۔ (۳۷) اے کرشن جو اہل ارادت شغل سے ناواقف رہتا ہے اور یوگ میں دل نہیں لگا سکتا یوگ کا درجہ کمال حاصل نہ ہونے سے اُس کا کیا حال ہوتا ہے۔

شاغل مہجور جس کا ہی پراگندہ خیال
کیا بنے گا شغل میں حاصل نہونے سے کمال

कच्चिन्नोभय विभ्रष्ट श्छिन्नाभ्रमिव नश्यति॥
अप्रतिष्ठो महावाहोवाहो विमूढो ब्रह्मणः पथि॥३८॥

وہ ناقص رہکر فنا ہوجاتا ہے یا نہیں

(۳۸) کیا وہ شخص جو سکون نہیں رکھتا اور مطلوب کے راستہ سے بے خبر ہے دونوں طرف سے ناقص رہکر بادل کے ٹکڑوں کے مانند فنا نہیں ہوجاتا۔

جو ہے دلمیں مضطرب اور وصل سے ناآشنا
اپنے ذاتی نقص سے کیا ہو نہیں جاتا فنا

एतन्मे संशयं कृष्ण छेत्तुमर्हस्य शेषतः॥
त्वदन्यः संशयस्यास्य छेत्ता नह्युपपद्यते॥३९॥

یہ شک آپ رفع کیجئے

(۳۹) آپ کو یہ میرا شک کامل طور پر رفع کرنا لازم ہے۔ کیونکہ آپکے سوائے اور کوئی اس شک کا رفع کرنے والا نہیں ہے۔

یہ خلش دلکی مٹا دیں آپ کافی طور سے
کون بہتر آپ سے ہی رفع شک جو کرسکے

पार्थ नैवेह नामुत्र विनाशस्तस्य विद्यते ॥
नहि कल्याण कृत्कश्चि दुर्गतिं तात गच्छति ॥४०॥

شری بھگوان نے فرمایا۔ (۴۰) اے ارجن وہ اس عالم اور اس عالم میں فنا نہیں ہوتا۔ اے عزیز نیکی کرنیوالا ہرگز خرابی میں نہیں آتا۔	نیکی کی طرف رجوع کرنے والا فنا نہیں ہوتا

نیک ہے جس کا ارادہ وہ نہیں ہوتا فنا ہر دو عالم میں برابر اس کا ہوتا ہے بھلا

प्राप्य पुण्य कृतांल्लोका नुषित्वा शाश्वतीः समाः ॥
शुचीनां श्रीमतां गेहे योग भ्रष्टोऽभिजायते ॥४१॥

(۴۱) جو شخص یوگ سے بے بہرہ رہجاتا ہے وہ نیک افعالوں کے عالم میں پہنچکر اور زمانہ دراز وہاں رہکر پاتو نیک فعال دولتمندوں کے گھر میں پیدا ہوتا ہے	اُس کی نیکی کا ظہور آئندہ نیک افعالوں میں ہوتا ہے

نیک افعالوں کا جو عالم ہے پہنچیگا وہاں اُس کی نیکی ہوگی دولتمند نیکوں میں عیاں

अथवा योगिना मेव कुले भवति धीमताम् ॥
एतद्धि दुर्लभतरं लोके जन्म यदी दृशम् ॥४२॥

(۴۲) یا دانشمند یوگیوں کے خاندان میں پیدا ہوتا ہے مگر دنیا میں اس قسم کی تولید بہت نادر ہوتی ہے۔	علم ذات سینہ بسینہ منتقل ہوتا ہے

علم حق سینہ بسینہ منتقل ہو جائے گا عارفان ذی خرد میں جا کے قسمت پائیگا۔

یوگ یعنی علم ذات کے حاصل کرنیکے واسطے نیک افعالی طالب کا شعار ہوتا ہے اور نیک افعالوں کا مسکن کرہ ستوگن میں ہوتا ہے (دیکھو ادھیائے ۱۴ منتر ۱۰) اس لئے جو شخص یوگ کے درجہ کمال کو نہیں پہنچا اُس کی قوت علمی جسم کے ترک کرنیکے بعد کرہ ستوگن میں محو ہو جاتی ہے اور اسی کرہ سے آئندہ نسلوں میں بصورت نیک افعالی ظاہر ہوتی ہے (دیکھو ساتویں ادھیا کے آخر میں پرکرتی یعنی قدرت کے منازل کا نقشہ) یوگیوں کی منزل کرہ ستوگن سے بلند مانی گئی ہے اگر وہ عیالدار فرض کئے جاویں تو اولاد کا ہونا ممکن ہے اور طالب ذات کی قوت علمی جس کو کمال حاصل نہیں ہوا کشش

متقناطیسی (اچھا کارن)، سے یوگیوں کے خاندان میں ظہور پاسکتی ہی۔ (دیکھو ادھیا ۵ اشترہ ۸)
اگر یوگی تارک اور مجرد مانے جاویں تو اولاد کا پیدا ہونا قاعدہ قدرت کے خلاف اور بعید از قیاس
ہو جاتا ہے غور کرنا چاہئے کہ تولید دو قسم کی مانی گئی ہے ایک جسمانی دوسری علمی۔ پہلی قسم کی تولید
باپ سے ہوا کرتی ہے اور دوسری قسم کی تولید گرو سے اس طرح پر علم ایک نسل سے دوسری
نسل میں منتقل ہوتا رہتا ہے اِس موقع پر لفظ پیدائش سے ولادت علمی مراد ہے نہ کہ جسمی آتما تو بالذات
قایم ہی یہ سب تبدل و تغیر پرکرتی میں ہوتا رہتا ہے اہل ہند نے تسلیم کیا ہی کہ گیانی کو آواگون نہیں
ہوتا اگیانی کو ہوتا ہے اس کے معنی پر ذرا غور کرنا چاہئے۔ گیانی کو آواگون نہیں ہوتا یعنی روشنی میں
غلطی نہیں ہوتی اگیانی کا آواگون ہوتا ہے یعنی اندھیرے میں غلطی کا ہونا ممکن ہے۔ گیان مثل
آفتاب کے روشن ہی اس لئے وہاں آواگون جیو کا موہوم ثابت ہوتا ہی اگیان مثل شب تار کے
ہے پس اُس میں آواگون کا وجود فرض ہوتا ہے اب دریافت کرنا چاہئے کہ کونسی تسلیم صحیح ہے۔
بیشک جو کچھ روشنی میں دریافت کیا جاتا ہے قابل تسلیم ہوتا ہے اور جو اندھیرے میں معلوم ہوتا ہے
پایۂ ثبوت نہیں رکھتا آواگون کے معنی آنے اور جانے کے ہیں اور یہ سلسلہ دنیا میں جاری ہے ایک
آتا ہے دوسرا جاتا ہے آواگون کے معنی دوبارہ جسم قبول کرنیکے خود اُس لفظ سے ثابت نہیں
ہوتے۔ البتہ پنرجنم کے معنی دوبارہ جسم اختیار کرنیکے ہو سکتے ہیں جو مراد کہ عوام نے آواگون کے
لفظ سے اخذ کی ہے وہ کلمات متبرک اور کلام عارفان سے ثابت نہیں ہوتی ہے اور جو اُس
لفظ کے معنی اس موقع پر ہیں وہ پندرہویں ادھیا کے ۸ و ۹ منتروں پر غور کامل کرنے کے بعد
دریافت ہو سکتے ہیں۔

तत्रतं बुद्धि संयोगं लभते पौर्वदेहिकम् ॥
यतते च ततो भूयः संसिद्धौ कुरु नंदन ॥ ४३ ॥

علم ذاتی کشش مقناطیسی رکھتا ہے

(۴۳) اے ارجن وہ وہاں پر سابق جسم کی قوت علمی کو حاصل کرتا
ہے اور پھر کمال پانے کے لئے سعی کرتا ہے۔

قوتِ علمی کو حاصل کرکے پہلے جسم کی		پھر کرے گا شغل کی تکمیل میں کوشش نئی

وہ کا اشارہ مجموعہ پرکرتی پر ہے جیو نہ کہیں جاتا ہے اور نہ آتا ہے (دیکھو ادھیائے ۲ منتر ۲۰)

पूर्वाभ्यासेन तेनैव ह्रियते ह्यवशोऽपि सः ॥
जिज्ञासुरपि योगस्य शब्द ब्रह्मातिवर्त्तते ॥४४॥

(۴۴) یوگ کا طالب زمانہ سابق کے شغل کی مدد سے خود بخود چرخ قدرت سے پار ہو جاتا ہے۔ **اس کی کوشش منزل معرفت پر پہنچاتی ہے**

شغل سابق کی مدد سے طالب نیکی شعار		قلزم قدرت سی ہو جاتا ہی پار انجام کار

طالب صادق کمال کی طرف رجوع کرتے کرتے آخر الامر کمال کو حاصل کرتا ہی۔

प्रयत्नाद्यतमानस्तु योगी संशुद्ध कल्बिषः॥
अनेक जन्म संसिद्ध स्ततो याति परां गतिम् ॥४५॥

(۴۵) یوگی کوشش کے ساتھ شغل کرکے اور گناہوں سے پاک ہو کر اور بہت سے پیدائش کے بعد منزل کمال کو پاکر اعلیٰ درجہ پر پہنچتا ہے۔ **وہ کوشش متواتر مسلسل چلی جاتی ہے**

یوگی یکتی کے ذریعہ سے گناہوں سے بری ہو کر بہت سے جنموں میں درجہ کمال حاصل کرتے ہیں۔
اس منتر میں لفظ جنم سے ولادت علمی مراد ہے جس کا اوپر ذکر کیا جا چکا ہے اس کی سب سے عمدہ تاریخی مثال بشسٹ جی مہرشی ان کے فرزند پراشر سوامی اور پوتے وید ویاس منی اور پڑپوتے مہامنی سکھدیو جی ہیں یعنی جو علم بشسٹ جی کو حاصل ہوا تھا وہ رفتہ رفتہ خالص ہو کر سکھدیو جی کے ذات میں درجہ تکمیل پر پہنچا ہے اور ازاں بعد ان کی نسل کا خاتمہ ہو گیا ہے مگر ان کا علم آج تک زندہ اور موجود ہے۔

پاک ہو کر قالبوں میں اور بہت کوشش کیساتھ		عارف کامل کا اعلیٰ مرتبہ آتا ہے ہاتھ

तपस्विभ्योऽधिको योगी ज्ञानिभ्योऽपिमतोऽधिकः।
कर्मिभ्यश्चाधिको योगी तस्माद्योगी भवार्जुन ॥४६॥

یوگی سب سے اعلیٰ ہیں

(۴۶) چونکہ یوگی مرتاضوں سے عارفوں سے اور پابندان فعل سے اعلیٰ مانا گیا ہے لہٰذا اے ارجن تو یوگی ہو۔

زہد و خیرات و عمل پر ہے فضیلت شغل کو		تو ارادہ کرکے یکّا شغل میں سر گرم ہو

योगिनामपि सर्वेषां मद्गतेनान्तरात्मना ॥
श्रद्धावान् भजते यो मां स मे युक्ततमो मतः ॥४७॥

یوگیوں سے واصل ذات اعلیٰ ہے

(۴۷) یوگیوں میں سے بھی وہ شخص جو راسخ الاعتقاد ہے اور سچے دل سے میری یاد میں مستغرق رہتا ہے اعلیٰ درجہ کا یوگی مانا جاتا ہے۔

صدق دل اور پاکبازی سے جو مجھ پر ہو فدا		شاغلوں میں اُسکا درجہ فی الحقیقت ہے بڑا

جو یوگی دوئی کا حجاب بالکل اٹھا دیتا ہو اور ذات نامتناہی کو اپنی ہستی جانتا ہو وہ سب سے اعلیٰ ہے۔

इति श्रीमद्भगवद्गीतासूपनिषत्सु ब्रह्मविद्यायां योगशास्त्रे
श्रीकृष्णार्जुनसंवादे आत्मसंयमयोगो नाम षष्ठो ६
ऽध्यायः

شری بھگوت گیتا کے مخفی علم الوہیت کے طریقت کے بارہ میں کرشن اور ارجن کی تقریر کی چھٹی ادھیا موسوم بہ آتم سمیم یوگ ختم ہوئی

پانچویں ادھیا میں خیال کے روکنے کیواسطے بہرکُٹی دھیان کا عملی طریقہ بیان کیا گیا ہے۔ اِس ادھیا میں دوسرے شغل (ناساگر دھیان) کی تشریح کی گئی ہے اور کرشن بھگوان نے اُس کو دل کے ضبط کرنے کا وسیلہ بتایا ہے اور یوگ کو سب سے اعلیٰ مانا ہے اور اُس کے طالب بننے کا ایما فرمایا ہو اور ظاہر کیا ہے کہ یوگ کا تعلق بیرونی افعال سے صرف اُس وقت تک رہتا ہے جب تک کہ کشائش باطنی حاصل نہیں ہوتی جب شاغل قلب کی سیر دیکھنے لگتا ہے اُس وقت اُسے کل اندرونی قوتیں کام میں لانی پڑتی ہیں۔

ساتویں ادھیا گیان وگیان یوگ (۳۰ منتر)

श्री भगवानुवाच

मय्यासक्तमनाः पार्थ योगं युञ्जन्मदाश्रयः॥
असंशयं समग्रं मां यथा ज्ञास्यसि तच्छृणु ॥१॥

علم ذات کا بیان ذیل میں درج ہے

شری بھگوان فرماتے ہیں (۱) اے ارجن تم مجھ میں دل لگا کر اور میرا طالب ہو کر یوگ کا شغل کرتے ہوئے جیسا مجکو ادراک کریگا اُس کی کیفیت بالتحقیق اور بالتشریح سُن۔

جس نے مجھ میں دل لگایا ایسے طالب کو سدا		شغل میں جیسا نظر آتا ہے جلوہ ذات کا

پانچویں اور چھٹی ادھیا کے اشغال کی تکمیل پانے پر علم ذات شاغل پر منکشف ہوتا ہے کرشن بھگوان نے اُس کی کیفیت اِس ادھیا میں چوتے منتر سے تیرھویں منتر تک ظاہر کی ہے۔

ज्ञानं तेऽहं सविज्ञानमिदं वक्ष्याम्यशेषतः॥
यज्ज्ञात्वा नेह भूयोऽन्यज्ज्ञातव्यमवशिष्यते॥२॥

علم ذات کل علوم میں افضل ہے

(۲) میں وہ علم اشراق تجھے مفصل بتاتا ہوں جسے جانکر دنیا میں پھر اور کچھ جاننا باقی نہیں رہتا۔

اِس کو بالتشریح سُن ارجن یہ ہے علم صفات		اِس کے محرم کو میسّر ہے علایق سے نجات

اِس ادھیا کے اگلے منتروں میں جو علم حقیقت درج ہے وہ عقل کے وسیلہ سے دریافت نہیں ہوتا بلکہ حالت کیف میں بذریعہ انبھو شکتی یعنی قوت اشراقیہ ادراک ہوتا ہے۔ اُس علم سے آگاہ ہو کر انسان دام غفلت سے کلیتاً رہائی پاتا ہے بعد اُسے کسی شے کے حاصل کرنیکی خواہش اور تمنا نہیں رہتی۔

मनुष्याणां सहस्रेषु कश्चिद्यतति सिद्धये॥
यततामपि सिद्धानां कश्चिन्मां वेत्ति तत्त्वतः॥३॥

بہت کم انسان علم ذات کے طالب ہو کر عارف ہوتے ہیں

(۳) ہزاروں انسانوں میں سے کوئی کمال حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے اور کوشش کرنے والوں میں سے جو درجہ کمال پر پہنچتے ہیں اُنمیں سے بھی کوئی مجھے واقعی طور پر جانتا ہے۔

اس میں ہے دشوار کوشش شاذ و نادر ہو کمال ۔ مجھکو ویسا جیسا کہ میں ہوں ہے محال

حقیقت شناس عارف ہر زمانہ میں نادر الوجود ہوتے آئے ہیں۔

رباعی

ہر گاؤ خرے لایق اطلس نبود ۔ لعل و گوہر مناسب خس نبود
عرفان گوہر گہر شناسے باید ۔ بشناس گہر شناس ہر کس نبود

भूमि रापो ऽनलो वायुः खंमनो बुद्धि रेवच ॥
अहंकार इतीयंमे भिन्ना प्रकृति रष्टधा ॥४॥

صفات کی تشریح

(۴) خاک - آب - آتش - باد - خلا - دل عقل اور انانیت یہ آٹھ مختلف اقسام میرے صفات کی ہیں۔

خاک و آب و آتش و باد و خلا ادنی صفات ۔ جذبہ دل عقل اور پندار ہیں اعلیٰ صفات

وید اور دیگر کلمات عارفوں میں پرکرتی کو ہفتگانہ بیان کیا ہے مگر کرشن بھگوان نے اس منتر میں اہنکار یعنی انانیت کو آٹھویں صفت کہا ہے یہ صفت بسیط ہے وہ ساتوں صفتیں اُس میں محدود ہیں اہنکار یعنی انانیت قدیم ہے اور وہ ساتوں صفتیں حادث ہیں پندرھویں ادھیا میں حدوث و قدم کی تعریف کیجائیگی برہم یا بسیہ درشن کی تصویر کو گیارھویں ادھیا کی منتر ۶ کے مقابل دیکھو۔

अपरेय मितस्त्वन्यां प्रकृतिं विद्धिमे पराम् ॥
जीवभूतां महाबाहो ययेदं धार्यते जगत् ॥५॥

ذات کی تعریف

(۵) اے ارجن یہ تو ادنی قوت تھی اس کے علاوہ میری ایک اور اعلیٰ قوت ہے جو کہ مادہ حیات ہے اور جس سے اِس عالم کا قیام ہے۔

اِک مسبب اور سبب ہیں آٹھ سُن اے نیکنام		جان ہے قوت نویں جس سے ہی عالم کا قیام

ذات صفات ہشتگانہ سے برتر اور نویں مہنی ہے اور اُن کے قیام کا باعث ہے وہی کل جاندار وں کی جان اور کل عالم کے ظہور کا سبب ہے اسی کیواسطے پندرہویں ادھیا میں لفظ پرشوتم استعمال کیا گیا ہے جیو کے معنی اس منتر میں ہتی محدود کے نہیں ہیں جو عوام نے فرض کئے ہیں۔

एतद्योनीनि भूतानि सर्वाणीत्युप धारय ॥
अहंकृत्स्नस्य जगतः प्रभवः प्रलयस्तथा ॥ ६॥

ذات خالق عالم ہے

(۶) تو سمجھ لے کہ تمام مخلوقات اِسی سے پیدا ہوتی ہے میں کل عالم کی پیدایش اور فنا کا مخزن ہوں۔

آفرنیش اور فنا کا میں ہوں مخزن مان لے		اِن سے پیدایش تمام عالم کی ارجن جان لے

کل جاندار مثل حباب کے بحر ذات سے برآمد ہوکر پھر اسی میں محو ہو جاتے ہیں یعنی صفات کے امتزاج پانے سے اُن کے مادی اجسام پیدا ہوتے ہیں۔ اور ذات کے محیط ہونے کے باعث وہ حرکت کر سکتے ہیں۔

मत्तः परतरं किंचिन्नान्य दस्ति धनंजय ॥
मयि सर्वमिदं प्रोतं सूत्रे मणिगणा इव ॥७॥

ذات سب سے اعلیٰ اور سب میں موجود ہے

(۷) اے ارجن مجھ سے برتر کوئی شے نہیں ہے اور یہ کل عالم مجھ میں اس طرح پیرویا ہوا ہے جس طرح لڑی میں موتی۔

سارے عالم میں ہوں ساری سطرح اور ہوں نہاں		جیسے موتی کی لڑی میں تار ہے اک درمیاں

اجسام بمنزلہ موتی کے ہیں اور ذات اُن سب میں لڑی کے مانند موجود ہے ہر انسان کو اسکی تلاش اپنے بطون میں واجب ہے (دیکھو نقشہ نمبر ۳ ششمار یا نظام شمسی)

रसो ऽहमप्सु कौंतेय प्रभास्मि शशि सूर्ययोः ॥
प्रणवः सर्व वेदेषु शब्दः खे पौरुषं नृषु ॥ ८॥

ذات کے لطیف ظہور

(۸) اے پسر کنتی میں پانی میں ذائقہ ہوں چاند اور سورج میں روشنی ہوں سب ویدوں میں اونکار ہوں۔ آکاش میں شبد ہوں اور انسانوں میں مردانگی

آب میں ہوں ذائقہ اور مہر ومہ میں روشنی	ویدمیں پرنو خلے میں صوت انساں میں تری

पुण्यो गंधः पृथिव्यां च तेजश्चास्मि विभावसौ।
जीवनं सर्व भूतेषु तपश्चास्मि तपस्विषु॥९॥

ذات کے لطیف ظہور

(۹) خاک میں خوشبو ہوں آگ میں حرارت ہوں سب جانداروں میں مادۂ حیات ہوں اور مرتاضوں میں ریاضت۔

خاک میں خوشبو عیاں آتش میں ہوں سوز نہاں	شغل ہوں میں شاغلوں میں اور جانداروں میں جان

बीजं मां सर्व भूतानां विद्धि पार्थ सनातनम्॥
बुद्धिर्बुद्धि मतामस्मि तेजस्तेजस्विनामहम्॥१०॥

ذات یعنی جان قدیمی تخم ہے

(۱۰) اے ارجن تو مجھے کل مخلوقات کا لازوال تخم سمجھ میں عاقلوں میں عقل ہوں اور صاحب جلال میں جلال۔

ساری مخلوقات کا ہوں میں ہی تخم بے زوال	عاقلوں میں عقل ہوں صاحب جلالوں میں جلال

बलं बलवतां चाहं काम राग विवर्जितम्॥
धर्मा ऽविरुद्धो भूतेषु कामोऽस्मि भरतर्षभ॥११॥

جان کی قوتوں کی تعریف

(۱۱) اے ارجن میں طاقتوروں میں وہ طاقت ہوں جو خواہش اور شوق سے بری ہے اور انسانوں میں وہ خواہش ہوں جو آئین راستی کے مطابق ہے

اہل طاقت میں ہوں میں طاقت شوق وخواہش سے بری	اور انسانوں میں خواہش ہوں بنا بر راستی

ये चैव सात्त्विका भावा राजसास्तामसाश्चये॥
मत्त एवेति तान्विद्धि नत्वहं तेषु ते मयि॥१२॥

سہ گانگی عالم میں جان سے ظہور پاتی ہیں مگر جان اُن سے برتر اور پاک ہے

(۱۲) جتنے ستوگنی رجوگنی اور تموگنی خواص ہیں اُن کا (قیام)

میرے سبب سے سمجھے ہیں اُن میں (مقیم) نہیں ہوں بلکہ وہ مجھ میں مقیم ہیں۔

میرے باعث بود وایجاد و فنا کا ہے نظام		میں مقیم اُن میں نہیں پر مجھ میں ہے اُن کا قیام

ستوگن رجوگن اور تموگن کو طاقت قیام وایجاد و فنا کہنا چاہیے۔ اِن تینوں صفات کا ظہور ذات سے ہوتا ہی جو باوجود اُن کو ظہور دینے کے اُن سے علیحدہ اور برتر رہتی ہے۔

त्रिभिर्गुण मयैर्भावैरेभिः सर्व मिदंजगत्॥

मोहितं नाभिजानाति मामेभ्यः पर मव्ययम्॥१३॥

(۱۳) یہ کل عالم اِن تینوں صفاتی خواص کے سبب سے غافل ہو کر مجھ لازوال کو جو اُن سے برتر ہے نہیں جانتا۔

انسان صفت سہ گانہ سے محجوب ہو کر جان کو لازوال نہیں جانتا۔

موجب غفلت ہیں کل عالم میں یہ تینوں صفات		لازوال اور اُن سے بالاتر ہے ارجن میری ذات

صفت سہ گانہ کا پردہ حائل ہونے کی وجہ سے انسان ذات کی حقیقت سے بیخبر ہو جاتا ہے

दैवी ह्येषा गुणमयी मममाया दुरत्यया॥

मामेवये प्रपद्यंते मायामेतां तरंतिते॥१४॥

(۱۴) میرے اِس عجیب صفاتی طلسم سے عبور کرنا مشکل ہے۔ جو مجھکو پاتے ہیں وہ اِس طلسم پر عبور حاصل کرتے ہیں۔

جو جان کو پاتا ہے وہ سہ گانہ صفت سے آزاد ہوتا ہے

میرے اِس بحر طلسمات صفاتی پر عبور		اُن کو حاصل ہی جو پاتے ہیں مجھے عین سرور

عارف صفت سہ گانہ کی طلسم سے آگاہ ہو کر ادراکِ ذات نامتناہی میں مسرور رہتے ہیں اور دام غفلت سے کلیتاً بریت حاصل کرتے ہیں۔

नमां दुष्कृतिनो मूढाः प्रपद्यंते नराधमाः॥

मायया पहृत ज्ञाना आसुरं भाव माश्रिताः॥१५॥

(۱۵) ادنیٰ درجہ کے اِنسان جو بداعمال اور کم عقل ہیں اور جن کا علم خود شناسی صفاتی طلسم کے وجہ سے جاتا رہا ہے اور جو شیطانی

جو گرفتار طلسم ہو جاتے ہیں وہ اُس سے باہر نہیں نکل سکتے

خاصیت رکھتے ہیں وہ مجھے نہیں پاتے۔

رات دن جو لوگ دلدادہ ہیں محسوسات کے
جہل کے زندان میں ہتے ہیں نہیں پاتے مجھ

جہلاء طلسمی دائرہ میں گرفتار ہوکر عالم علوی کی سیر سے بے نصیب رہتے ہیں۔

चतुर्विधा भजंतेमां जनाः सुकृतिनो ऽर्जुन ॥
आर्तो जिज्ञासुरर्थार्थी ज्ञानीच भरतर्षभ ॥ १६॥

طالبوں کی اقسام (۱۶) اے ارجن مجھے چار قسم کے نیک انسان یاد کرتے ہیں مصیبت زدہ طلبگار عقبیٰ اغراض مند اور عارف۔

یاد کرتے ہیں مجھے یہ چار بہر عافیت
غم رسیدہ طالب دنیا و دیں و معرفت

तेषां ज्ञानी नित्ययुक्त एक भक्तिर्विशिष्यते ॥
प्रियोहि ज्ञानिनो ऽत्यर्थ महं च सच मे प्रियः ॥१७॥

طالبوں میں عارف افضل ہے (۱۷) عارف ذات میں ہمیشہ وصل رہتا ہے اور عشق حقیقی رکھتا ہے اس لئے ان سب میں افضل ہے میں عارف کو از حد عزیز ہوں اور وہ مجھے عزیز ہے

عاشق صادق مرا جو مجھ میں واصل ہوگیا
اس کا میں پیارا ہوں ارجن اور وہ پیارا مرا

عارف ذات کو اپنی ہستی جانکر جان جاناں ہوجاتا ہے دیگر طالبان حق کی نظر میں دوئی قائم رہتی ہے اس لئے وہ کمال کا درجہ حاصل کرنے سے محروم رہتے ہیں۔

उदाराः सर्व एवैते ज्ञानी त्वात्मैव मे मतम् ॥
आस्थितः सहि युक्तात्मा मामेवानुत्तमां गतिम् ॥१८॥

عارف ذات سے جدا نہیں ہوتا۔ (۱۸) یہ سب اچھے ہیں لیکن عارف کو تو میں اپنی جان ہی مانتا ہوں کیونکہ وہ صاحب دل میرے اعلیٰ مقام پر پہونچتا ہے۔

سب ہیں اچھے ہے ولے عارف مری روح رواں
مجھ میں ملکر وہ مجھے پاتا ہے بے نام و نشان

عارف کو دیگر طالبان حق پر علم ذات سے واقفیت ہونے کے باعث فضیلت ہے۔

बहूनां जन्म नामंते ज्ञान वान्मां प्रपद्यते ॥
वासुदेवः सर्वमिति स महात्मा सुदुर्लभः॥ १९ ॥

ایسا عارف جو واصل ذات ہوتا ہے بہت سی پشتوں کے بعد پیدا ہوتا ہے

(۱۹) عارف بہت نسلوں کے بعد کل عالم کو ذات (تسلیم کرکے) مجھ میں وصل ہو جاتا ہے اور ایسا مقدس انسان نادر الوجود ہوا کرتا ہے۔

ہے موحد طالبانِ ذات کا اعلیٰ اشہود		سینکڑوں پشتوں میں ہوتا ہے کہیں ایسا وجود

ہزاروں انسانوں میں سے کوئی ایسا پیدا ہوتا ہے جو علم ذات کے وسیلہ سے نروان یعنی وصال ذات حاصل کرتا ہے۔

कमैस्तै स्तैर्हृत ज्ञाना: प्रपद्यंते ऽन्यदेवता ॥
तंतं नियम मास्थाय प्रकृत्या नियताःस्वया॥२०॥

جہل کے سبب پرستش صفات کی ہوتی ہے

(۲۰) جاہل خاصۂ طبعی سے مجبور ہوتے ہیں اس لئے وہ طرح طرح کے عقیدوں کے پابند ہوکر انواع انواع کے اغراض سے مختلف دیوتاؤں کی پرستش کرتے ہیں۔

جاہل اپنے جہل سے ہوتا ہے پابندِ رجا		ملتیں ہیں بیشمار اور دیوتا بے انتہا

جو لوگ علم ذات سے بیخبر اور ناواقف ہیں وہ صفات کو اپنا معبود قرار دیکر اسی کی پرستش کرتے ہیں۔

योयो यांयां तनुं भक्तः श्रद्धयार्चि तुमिच्छति ॥
तस्य तस्या चलां श्रद्धां तामेव विद धान्यहम॥२१

جس کی جیسی طلب ہوتی ہے اسی کے موافق ذات مطلوب بن جاتی ہے

(۲۱) جو عقیدت منداعتقاد کے ساتھ جس شہود کی پرستش کرنے کی خواہش رکھتا ہے اس کے اسی عقیدہ کو میں سچا کام دیتا ہوں۔

پوجتا ہے جس عقیدے سے مجھے جو آدمی
اس کی نیت کے ثمر کو بخشتا ہوں سچگی،

انسان اپنی سمجھ کے موافق جو عقیدہ رکھتا ہے اُس کا وہی عقیدہ مستحکم ہو جاتا ہے۔

स तया श्रद्धया युक्तस्तस्याराधनमीहते।
लभते च ततः कामान्मयैव विहितान्हितान् ॥२२॥

(۲۲) وہ شخص اپنے عقیدہ کے موافق اوّل اُس شہود کی پرستش کرتا ہے بعد ازاں میرے پیدا کئے ہوئے بہترین مطالب کو حاصل کرتا ہے۔	مطلوب فرضی مخلوق ہوتا ہے پس خالق نہیں ہو سکتا

میرے جس مظہر پہ ٹھیراتے ہیں انساں اعتقاد | اپنے اُس مظہر سے برلاتا ہوں میں اُنکی مراد

صفات پرستی سے دنیوی اغراض حاصل ہوتے ہیں لیکن حقیقت کے نجاننے کی وجہ سے شکوک اور بے اطمینانی رفع نہیں ہوتے علم ذات کا حاصل کرنا انسان کا فرض ہے صفات پرست اُس کو پورا نہیں کرتے ہیں اور جہل میں گرفتار رہتے ہیں۔

अंतवत्तु फलं तेषां तद्भवत्यल्पमेधसाम्।
देवान्देवयजो यांति मद्भक्तायांति मामपि॥२३॥

(۲۳) اُن کم عقلوں کا وہ ثمرہ ختم ہونیوالا ہے صفات پرست صفات کو پاتے ہیں میرے طالب مجھکو۔	فرضی مطلوب ہیچ ہے طالب ذات ذات میں وصل ہو جاتے ہیں

ہیچ ہے ایسی پرستش کا صلہ انجام کار | میرے طالب مجھکو پاکر ہو گئے ہیں رستگار

انسان کا علم صفات کی جس منزل تک پہونچتا ہے اُس میں ٹھیر جاتا ہے۔ عارف کا علم صفات کے دائرہ سے بلند ہو جاتا ہے پس وہ ذات میں وصل ہوتا ہے۔

अव्यक्तं व्यक्तिमापन्नं मन्यंते मामबुद्धयः।
परंभावमजानंतो ममाव्ययमनुत्तमम् ॥२४

(۲۴) کم عقل انسان میری بے زوال اور اعلیٰ سے اعلیٰ حقیقت سے ناواقف ہونے کی باعث اگرچہ میں ظہور سے برتر ہوں	جہلا جان کو ہستی قرار دیتے ہیں اگرچہ وہ ہستی اور نیستی سے برتر ہے

مجھکو ظاہر خیال کرتے ہیں۔

نیستی ہستی کے جھگڑے سے بری ہے میری ذات		فاش نادانی ہے مجکو مان لینا کائنات

ذات ظہور سے برتر اور بے نشان ہے صفات کے نام اور نشان ظاہر ہیں کم فہم ذات اور صفات میں تمیز نہیں کرسکتے اس لئے وہ صفت کو جو عقل و حواس سے مُدرک ہوتی ہے ذات سمجھتے ہیں صفات پرستی دنیا میں علم ذات سے ناواقفیت کی وجہ سے جاری ہوئی ہے۔

नाहं प्रकाशः सर्वस्य योगमाया समावृतः।
मूढोऽयं नाभिजानाति लोको मामजमव्ययम्॥२५॥

صفات کے حجاب سے وہ مُدرک نہیں ہوسکتی ہے	(۲۵) میں صفات کے پردے میں چھپے ہونے کے باعث سب پر آشکارا نہیں ہوں۔ یہ عالم غفلت میں گرفتار ہونے کی وجہ سے

میری ذات کو جو پیدائش و فنا سے برتر ہے۔ نہیں جانتا۔

آفرنیش اور فنا سے میں ہمیشہ ہوں بری		ذات کو محجوب کرتی ہیں صفاتِ ظاہری

جو لوگ پندار خودی کے وجود کو صحیح مان کر محسوسات کی طرف بدل مصروف ہوجاتے ہیں وہ علم ذات سے بے نصیب رہتے ہیں۔ البتّہ جو پندار خودی کی ہستی کو موہوم جان لیتے ہیں اُن کو ادراک ذات کا سرور حاصل ہوتا ہے۔

شعر حافظ

تو خود حجاب خودی حافظ از میان برخیز		میان عاشق و معشوق ہیچ حائل نیست

वेदाहं समतीतानि वर्त्तमानानि चार्जुन।
भविष्याणि च भूतानि मां तु वेद न कश्चन॥२६॥

ذات ماضی و مستقبل و حال میں ایک کیفیت پر رہتی ہے	(۲۶) اے ارجن میں گذشتہ موجودہ اور آئندہ زمانہ کی مخلوقات کا علم رکھتا ہوں۔ لیکن مجھے کوئی نہیں جانتا۔

سارے دنیا دار میری ذات سے ہیں بیخبر		حال ماضی اور مستقبل پہ ہے میری نظر

ذات لاتغیر۔ محیط اور قدیم ہے اور مصدر علم و سرور ہے اُس کا علم ماضی حال اور مستقبل تینوں

زمانوں پر حاوی ہے مگر انسان بوجہ نادانی اپنی ہستی کو محدود خیال کرتا ہے۔ دراصل ذات کل عالم کی ہستی کا سبب ہے۔

इच्छाद्वेषसमुत्थेन द्वंद्वमोहेन भारत ॥
सर्वभूतानि संमोहं सर्गे यांति परंतप ॥२७॥

شوق و نفرت کا تعلق انسان کو غفلت میں ڈال دیتا ہے

(۲۷) اے ارجن شوق اور نفرت سے نظر دوئی کے پیدا ہونے کے باعث دنیا کی کل مخلوق غفلت میں پھنستی ہے۔

شوق و نفرت کی نگہ میں ہے نہاں رازِ دوئی ‖ جس سے پڑ جاتا ہے پردہ عقل پر انسان کی

شوق اور نفرت جہل کا سرچشمہ ہیں اس لئے اِن دونوں کے بند کرنے سے وہ علم ذات جو تینوں زمانوں پر حاوی ہے حاصل ہوتا ہے۔

येषांत्वंतगतं पापं जनानां पुण्य कर्मणाम्।
ते द्वंद्वमोह निर्मुक्ता भजंते मां दृढव्रता:॥२८॥

جنہوں نے نیکی و بدی سے نظر اٹھائی وہ ہرطرف جلوہ دلدار دیکھتے ہیں۔

(۲۸) جن نیک افعال اور با اعتقاد انسانوں کے گنہ معدوم ہوجاتے ہیں وہ نظر دوئی کے نقص سے بری ہو کر مجھے یاد کرتے ہیں۔

جس کے لوحِ قلب سے نقشِ دورنگی مٹ گیا ‖ سب طرف اسکو نظر آتا ہے جلوہ ذات کا

जरामरण मोक्षाय मामाश्रित्य यतंतिये।
ते ब्रह्म तद्विदुः कृत्स्न मध्यात्मं कर्म-चाखिलम्॥२९॥

جو طالب نجات کیواسطے علم حقیقت کی تلاش کرتے ہیں

(۲۹) جو لوگ ضعیفی اور موت سے نجات پانے کیلئے میرے ادراک کی کوشش کرتے ہیں۔ وہ برہم۔ ادھیاتم۔ اور کرم کو تمام و کمال جان لیتے ہیں۔

جس بشر پر جزو و کل اور فعل کا عقدہ کھلا ‖ وقت ترک جسم اس کو موت سے ہے خوف کیا

برہم ادہیاتم وغیرہ کی تصریح اگلی ادہیا کے ۳ و ۴ منتر میں کیجاویگی لہذا اُنکے معنی کے اس موقع پر درج کرنیکی ضرورت نہیں ہے۔

साधिभूताधिदैवं मां साधियज्ञं च ये विदुः।
प्रयाणकालेऽपि च मां ते विदुर्युक्तचेतसः॥३०॥

(۳۰) جو شاغل ادہی بہوت۔ ادہی دیو۔ اور ادہی یگ سے واقف ہوجاتے ہیں وہ مرنیکے وقت بہی میرے ادراک سے بہرہ ور ہوتے ہیں

وہ ان چھ قوتوں کی کیفیت دریافت کرلیتے ہیں

یاد رکھہ مجہ سے ہی فانی اور باقی کا ظہور | | اور اِن دونوں کا شاہد ہی مرا علم وسرور

جو انسان وفات سے پیشتر ذات کی حقیقت کو دریافت کرلیتا ہے دم واپسیں تک اُس کا دِل علم ذات سے معمور ہوتا ہے۔

इति श्री मद्भगवद्गीता सूपनिषत्सु ब्रह्म विद्यायां योगशास्त्रे श्री कृष्णार्जुन संवादे विज्ञान यो-गोनाम सप्तमोऽध्याय:७॥

شری بھگوت گیتا کے مخفی علم الوہیت کے طریقے کے بارہ میں کرشن اور ارجن کی وگیان یوگ نام ساتویں ادہیا ختم ہوئی

خلاصہ وتشریح ادہیائے ہفتم

تیسری ادہیا سے چھٹی ادہیا تک ادراکِ ذات کی طریقت بیان کی گئی ہے اور اُس کیواسطے لفظ یگ

یعنی ریاض استعمال کیا گیا ہے۔ ساتویں ادھیا میں جو علم اشراق درج ہے وہ اس ریاض کا ماحصل ہے جو شخص ریاض یعنی عمل کی منزل کو طے کر کے اشراق کے درجہ پر پہنچتا ہے وہ پرکرتی کے سات طبقوں کی سیر بطون میں کرتا ہے۔ اِس ادھیا کا لُب لباب اُس کے منتر ۴ میں درج ہے اُس میں آٹھ اپرا پرکرتیاں یعنی اجزائے عالم بیان کئے گئے ہیں اور نویں پراپرکرتی مادہ حیات ہے اِس منتر کے معنی گیارہویں ادھیا کے اوّل نقشہ سے کھُلتے ہیں اس لئے سمجھنے کیواسطے اُس کا مطالعہ ضروری ہے۔

مقولہ کبیر صاحب	
سات دہات برنن کئے گیتا میں بھگوان	چتین کو اشٹم کہا یہی بات پرمان

اہنکار کارن یعنی مبداء عالم ہے پرکرتیاں اُس میں محدود ہیں عوام لفظ اہنکار کو غرور کے معنی میں استعمال کرتے ہیں اُس کے لغوی معنی تسلیم جزویت یا انانیت کے ہیں نظر کلیت میں اہنکار کارن ہے منجملہ سات پرکرتیوں کے منؔ اور بدہی سوکشم یعنی لطیف ہیں کہ وہ کسی حس کے ذریعہ سے مدرک نہیں ہوسکتیں بعض کلمات عارفان میں چار انتہ کرن۔ منؔ۔ بدہ۔ چِت۔ اہنکار یعنی قوت مدرکہ۔ ممیزہ۔ متخیلہ۔ اور حافظہ بیان کئے گئے ہیں۔ اور فلسفہ سانکھ نے من اور چِت کو جو بمنزلہ عکس اور معکوس کے ہیں بجائے دو پرکرتیوں کے ایک ہی مانا ہے اور اُس کے لئے صرف لفظ منؔ استعمال کیا ہے باقی پانچ پرکرتیاں۔ آکاش۔ پونؔ۔ اگنی۔ جل۔ اور پرتھوی ہیں جن کو استھول یعنی عناصر کثیف کہتے ہیں۔

قدرت نے کارن سے سوکشم اور سوکشم سے استھول ہو کر غیب سے ظہور کی طرف نزول کیا ہے اور رنگارنگ کے اشیاء پیدا کی ہیں جیسے کہ پانی حرارت طبعی کے کم ہوجانے سے منجمد ہو کر مختلف اشکال برف اور اولہ کے اختیار کرتا ہے۔

پانچ مہابھوت یعنی عناصر بسیط — پانچ گُن یعنی خاصیت عنصری — پانچ گیان اندری یعنی حواس علمی
پانچ کرم اندری یعنی قوت افعالی — پانچ پران یعنی انفاس — اِن پچیس کا نام پرپنچ ہے
اِن کی تفصیل ذیل کے نقشہ میں سہولیت کے لئے درج کیجاتی ہے۔

عنصر	خاصیت عنصر	حواس	قوت افعالی	پران
آکاش	شبد	کان	ہاتھ	سمان
وایو	سپرش	پوست	پانوں	پران
اگنی	روپ	آنکھ	منہ	اپان
جل	رس	جیب	مقام بول	ویان
پرتھوی	گندہ	ناک	مقام براز	اودان

مندرجہ بالا سات پرکرتیاں عالم میں بصورت کُل اور ہر انسان میں بصورت جزو موجود ہیں کُل کا نام تت پدیا ایشر ہے اور جزو کا نام تم پدیا جیو ہے اِنہیں کے امتزاج سے کُل اشکال نمودپاکر پھر کسی وقت اپنے اصلی خزانہ میں ملجاتی ہیں۔

عِلم جزویت کُل پر حاوی نہیں ہوسکتا۔ اور واقعات کو ظاہر نہیں کرسکتا علم کلیت بطون میں مشاہدہ کیا جاتا ہے اور وہ راست ہے جب انسان کی تسلیم جزویت تسلیم کلیت میں مبدل ہوجاتی ہے تب وہ اِس امتزاج کی حقیقت کو جان کر قرار واطمینان پاتا ہے۔

مقولہ کبیر صاحب

پانچ پون کا کھیل ہے جتنا ہے برہمنڈ		جیسے برتیں انڈ میں تیسے برتیں پنڈ

چونکہ پران اِن کے مخزن مانے گئے ہیں اُن کی مجمل کیفیت ذیل میں درج کیجاتی ہے۔

سمان وایو جزو اور کُل میں بصورت خلا ایک حالت پر قایم ہے اور ذیل کی چار وایو کا مبدا ہے

پران وایو عالم میں بصورت ہوا محیط ہے اور انسان کے جسم میں بصورت نفس کے جو باہر سے اندر کی طرف جاتا ہے موجود ہے اُس کا مرکز دل ہے۔

اپان وایو عالم میں بصورت حرارت اور جسم انسانی میں بشکل حرارت غریزی موجود ہے اِس کا فعل پمپ کے مانند اندر آنیوالے پران وایو کو باہر کی طرف لوٹا دیتا ہے پتہ اِس کا مرکز ہے۔

ویان وایو عالم میں بصورت مادہ باردہ اور جسم انسانی میں بصورت بردوت موجود ہے اِس کا فعل غذا

کو اعضا میں پہنچانا اور جسم کو بالیدگی دینا ہے اس کا مرکز پھیپھڑہ ہے۔

اودان وایو عالم میں بصورت زمین اور جسم انسان میں بصورت ذرات خاکی موجود ہے اس کا فعل اعضائے بیرونی کو حرکت دینا ہے جگراس کا مرکز ہے پران کا اودان سے اور اپان کا ویان سے تعلق ہے پران جو محیط اور ساکن ہے اودانکی مدد سے اندر کی طرف کھینچتی ہے۔ ویان اپان کے وسیلہ سے تمام اعضا اور رگوں میں گردش کرتی ہے۔

ان کے علاوہ پانچ اُپ پران یعنی مزید پران بھی مانے گئے ہیں۔ ناگ جوڈکار کے آنیکا سبب ہے کورم جس کی وجہ سے پلک کھلتے اور بند ہوتے ہیں۔ کریکل جس سے بھوک پیدا ہوتی ہے۔ دیودت جس کے سبب جمائی آتی ہے۔ دھننجے جو بعد از مرگ جسم کو پھلا دیتا ہے۔

عارفان زمانۂ گذشتہ ایسے بہت سے عقدوں کو حل کر چکے ہیں جن کا علم اب باقی نہیں رہا ہے جس قدر تحقیقات اُس زمانہ میں ستاروں کی گردش کے بارہ میں بذریعہ علم سینہ ہو چکی ہیں اُس کا صحیح ہونا تو چاند اور سورج کے وقت معینہ پر ظاہر ہونے سے اور نیز غروب وطلوع دیگر ستارگان سے ثابت ہے اونہیں عارفوں نے علم ہندسہ سے چوراسی لاکھ یونی کا عالم میں ہونا بیان کیا ہے جس کی روایت آج تک ہند میں مشہور چلی آتی ہے اس کیواسطے کوئی کافی دلیل ہونی ضروری ہے ہر چند علما سنسکرت سے دریافت کیا گیا جواب شافی نہ ملا۔ اُپنشد و دیگر کلمات عارفان سے جو کچھ حل ہو سکا ذیل میں درج ہے۔

تین گن اور سات پرکرتیوں کو باہم ضرب دینے سے اکیس کا عدد پیدا ہوا ہے۔ چونکہ مخلوقات عالم چار قسم کے ہیں جیرج جس میں انسان اور چارپایہ شامل ہیں انڈج یعنی وہ جاندار جو انڈے سے پیدا ہوتے ہیں مثلاً پرند۔ سویدج جو بدن کے میل سے پیدا ہوتے ہیں مثلاً جوں وغیرہ۔ اودبھج یعنی حشرات الارض اکیس کو ۴ میں ضرب دیکر چوراسی کا عدد بنایا گیا ہے اُس زمانہ میں رواج تھا کہ چیتن یعنی متحرک کو عدد اور جڑہ یعنی غیر متحرک کو صفر سے تعبیر کیا کرتے تھے اور پانچ عنصر جڑہ مانے گئے تھے لہٰذا پانچ صفر کو چوراسی کے عدد پر بڑھانے سے ۸۴۰۰۰۰۰ کا عدد پیدا ہوا۔

انسان بوجہ نادانی اپنی ہستی کو جسم میں محدود خیال کرتا ہے اور جسمانی افعال کا اپنے آپ کو فاعل مانتا ہے دراصل وہی سات پرکرتیاں بصورت کُل عالم میں اور بصورت جزو ہر انسان میں اپنا فعل کرتی ہیں جزو اور کُل کے درمیان تعلق موجود ہے اور اسی کے سبب سے حیات جانداران ہے چنانچہ جب کبھی باہر کی ہوا کا اندر جانا مسدود ہوتا ہے زندگی کا سلسلہ ختم ہو جاتا ہے۔

جبتک حِس اور محسوس کے درمیان کوئی تعلق مانا نہ جاوے دیکھنا سُننا وغیرہ حواس خمسہ کے فعل نہیں ہو سکتے انہیں سات پرکرتیوں کو کاملوں نے وید میں دیوتا یعنی کارپرداز عالم کہا ہے اور مختلف ملکوں کی زبانوں میں مختلف طور پر موسوم کیا ہے ساتویں ادھیا میں جو قانون قدرت مختصر طور پر درج ہے اُسکا نقشہ برائے ملاحظہ شائقین ذیل میں تحریر کیا جاتا ہے۔

نقشہ تقسیم اجزائے عالم

پورش ۱

پرکرتی ۳: ستوگن | رجوگن | تموگن

کارن	انبھو	چیتن	اِچھا	کامنا	تیج	شانتی	اِستھتی	۷ جہت اہنکار
سوکشم	گیان	چیت	شبد	سپرش	روپ	رس	گندھ	۷ ہرنیہ گربھ
استھول	بُدّھی	من	اکاس	پون	اگنی	جل	پرتھوی	۷ پرجاپت

اِسی تقسیم ہفتگانہ کے مطابق ذیل کے مختلف اسماء قرار دیے گئے ہیں۔ ۲۵

سات لوک	بھو	بھوہ	سوہ	مہا	جنا	تپ	ست
” دیوتا	واسدیو	اندر	رُودر	مُرت	اَگنی	درُون	کبیُر
” طبقہ زمین	اتل	بتل	سوتل	تلاتل	رساتل	مہاتل	پاتال
” سمندر	دودھ	دہی	گھی	شہد	شراب	آب شیریں	آب تلخ
” مادہ جسمانی	نطفہ	ہڈی	گوشت	چربی	خون	پسینہ	پیشاب
” سُر	سُر	رکھب	گندھار	مدہم	پنچم	دھیوت	نکھاد
” یوم	شنبہ	یکشنبہ	دوشنبہ	سہ شنبہ	چہارشنبہ	پنجشنبہ	جمعہ
” ستارہ فلک	زحل	مشتری	مرّیخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر

اہل اسلام نے ہفت طبقہ زمین اور نہ فلک مانے ہیں حضرت شمس تبریز نے فرمایا ہے۔

از ہفت مادر زادہ ام از نہ فلک افتادہ ام		از شش جہت آزادہ ام من عاشق دیرینہ ام

اس موقع پر سات پرکرتیوں میں اہنکار اور پورش کو شامل کر کے ۹ فلک کہے گئے ہیں۔ اختلاف لفظی ہے نہ کہ معنوی جتنے سہ گانہ الفاظ مثل برہما۔ وشن۔ مہیش۔ سُرگ۔ انترکش۔ نرک۔ گیاتا گیان گیہ کرتا۔ کرم۔ کاریہ عشق۔ عاشق۔ معشوق وغیرہ استعمال میں آتے ہیں وہ دراصل ستوگن۔ رجوگن۔ اور تموگن کے مختلف اسماء ہیں۔

پورش[1]۔ پرکرتی۔ مہتت[3]۔ ہرنیہ گربھ[4]۔ پرجاپت[5] وغیرہ الفاظ اونپشدوں پرانوں اور دیگر کتب اہل ہنود میں جابجا آئے ہیں۔ اور یہ سب اُن اجزا میں شامل ہیں جو نقشہ بالا میں دکھائے گئے۔ پورش وہ ذات نامتناہی ہے جس کو دیگر اقوام نے برتر از صفات و وہم وخیال اور وحدہٗ لاشریک کہا ہے۔ اور جسکی حقیقت اہل ہند نے اکھنڈ۔ ابناشی۔ نرنجن۔ نراکار۔ اچیت۔ اکریہ۔ نروکار وغیرہ منفی الفاظ سے ظاہر کی ہے۔ پرکرتی[2] سے صفت سہ گانہ مراد ہے۔ مہتت[3] کارن کے درجہ کی سات قوتوں کا نام ہے۔ لفظ ہرنیہ گربھ[4] سات سوکشم اور پرجاپت استھول طاقتوں کے معنی رکھتا ہے۔

آٹھویں ادھیا مہا پورش یوگ

अर्जुन उवाच

किं तद्ब्रह्म किमध्यात्मं किं कर्म पुरुषोत्तम।
अधिभूतं च किं प्रोक्तमधिदैवं किमुच्यते॥१॥

ارجن نے سوال کیا

برہم ادھیاتم کرم ادھی بھوت اور ادھی دیو کے کیا معنی ہیں	(۱) اے پرشوتم برہم کیا ہے۔ ادھیاتم کیا اور کرم کیا ادھی بھوت کس کو کہا ہے اور ادھی دیو کسے کہتے ہیں۔

کس کو کہتے ہیں جزو وکل فعل سے ہے کیا مراد		فانی و باقی کے کیا معنی ہیں اے عالی نژاد

अधियज्ञः कथं कोऽत्र देहेऽस्मिन्मधुसूदन॥
प्रयाणकाले च कथं ज्ञेयोऽसि नियतात्मभिः॥२॥

ادھی یگ کی کیا تعریف ہے آخری وقت کیا کرنا چاہئیے	(۲) اے مدھوسودن اس جسم میں ادھی یگ کون ہے اور کیسا ہی آخری وقت خودشناش کو آپ کا تصور کیونکر کرنا چاہئیے۔

جسم انسان میں محرک کون ہے سمجھائیے		شاغلوں کو نزع میں کس کا تصور چاہئیے

کرشن بھگوان نے ساتویں ادھیا کے انجام میں برہم ادھیاتم وغیرہ الفاظ بیان کئے ہیں۔ ارجن اس ادھیا میں ان کے معنی دریافت کرتا ہے۔

श्री भगवानुवाच

अक्षरं ब्रह्म परमं स्वभावोऽध्यात्ममुच्यते॥
भूतभावोद्भवकरो विसर्गः कर्मसंज्ञितः॥३॥

شری بھگوان نے فرمایا

برہم ادھیاتم اور کرم کی تعریف	(۳) ذات لازوال و برتر کو برہم اور انسان کو ادھیاتم کہتے ہیں

کرم اُس جلوے کا نام ہے جو عالم کی پیدائش اور قیام کا سبب ہے۔		
زندگی ہے پاک جلوہ غیر فانی ذات کا		فعل کی اشکال ہیں پیدائش و بود و فنا

ذات و صفات کے مجموعہ کا نام برہم ہے یعنی وہ دونوں مثل عکس و معکوس کے ہمیشہ موجود رہتے ہیں اور بحالت مجموعی برہم کہلاتے ہیں ادھیاتم سے اِنسان اور دیگر حیوانات مراد ہیں جن کے واسطے عوام لفظ جیو استعمال کرتے ہیں یہ لفظ ساتویں ادھیا کے چوتھے منتر اور پندرھویں ادھیا کے آٹھویں منتر کے سوائے بھگوت گیتا میں اور کہیں نہیں آیا ہے۔ اور اُن دونوں موقعوں پر اس کے معنی جان کے ہیں۔ کرم فعل قدرت ہے جس کے وسیلہ سے موجودات ظہور پاتی ہے۔ تیسری ادھیا کے پندرھویں منتر میں اسی کو بہ الفاظ دیگر برہم یگیہ کہا ہے۔

अधिभूतं क्षरोभावः पुरुषश्चाधिदैवतम् ॥
अधियज्ञो ऽहमेवात्र देहे देहभृतां वर ॥४॥

ادہی بہوت ادہی دیو اور ادہی یگ کی تعریف	(۴) ادہی بہوت جڑھ یعنی جسم فانی ہے اور ادہی دیو جان یعنی چیتن ہے اے نیک مرد اِس جسم میں ادہی یگ میں ہوں۔

میری قدرت کا کرشمہ ہے یہ انسانی وجود		جسکے سب فعلوں کا میں شاہد ہوں برتر از شہود

ادہی بہوت صفات کو کہتے ہیں جس میں کُل اجسام مادی شامل ہیں۔ ادہی دیو جان یعنی ذات واحد ہے جس کی وجہ سے کل اُجسام زندہ کہلاتے ہیں۔ ادہی یگ کا درجہ سب سے بلند ہے اور اُس سے وہ ہستی بحت مُراد ہے جس کو باقی و فانی سے اعلیٰ اور قیاس و فکر سے برتر کہنا چاہئے اوس کا ادراک حواس اور عقل کے وسیلہ سے ممکن نہیں البتہ اُن اشغال کے وسیلہ سے جن کے طریقے پانچویں اور چھٹی ادھیا میں اور نیز اِس ادھیا کے ۹ و ۱۰ و ۱۲ و ۱۳ منتر میں درج ہے اُس کی حقیقت بطون میں دریافت ہو سکتی ہے۔ وہ سب سے اعلیٰ مقام کرشن بھگوان کا ہے۔ اور اسی کو ساتویں ادھیا کے پانچویں منتر میں عالم کی قائم رکھنے والی نویں قوت کہا ہے چونکہ اِن الفاظ کے معنی دقیق ہیں ان کی تشریح ذیل میں مکرر کی جاتی ہے۔

آدہی یگ وہ ہستی بے نام و نشاں ہے جہاں پر فہم کو رسائی نہیں اور جس کی حقیقت حیطۂ ادراک میں نہیں آسکتی برہم میں ادہی دیوا ور ادہی بھوت بصورتِ کلیت شامل ہیں ادہیاتم ادہی دیوا اور ادہی بھوت کے جزو سے بنتا ہے ادہی دیو سے چیتن مُراد ہے جس کو غیر مادّی کہتے ہیں ادہی بھوت کے معنی جڈہ یعنی مادی اشیاء ہیں کرم اجسام مادی میں تغیر و تبدل پیدا کرنیوالی قوت کا نام ہے۔

अन्तकाले च मामेव स्मरन्मुक्त्वा कलेवरम् ॥

यः प्रयाति स मद्भावं याति नास्त्यत्र संशयः ॥ ५ ॥

(۵) جو شخص آخری وقت میرا تصور کرتے ہوئے کالبد عنصری کو چھوڑتا ہے وہ مجھ میں وصل ہوتا ہے اس میں شبہ نہیں ہے	اخیر وقت ادہی یگ کا تصور کرنے سے وصال حاصل ہوتا ہے۔

مجھ میں بیشک وصل ہوتا ہے وہ قالب چھوڑ کر		وقتِ رحلت یاد میں میری جھکتا ہے جو سر

انسان کے دل کی سب سے اعلیٰ کیفیت کا نام جیون مُکت ہے۔ وہ ایک حالت علم و سرور کی ہے جس کے پیدا ہونے پر انسان خوفِ مرگ سے آزاد ہو جاتا ہے اور جس کے مرتے دم تک قائم رہنے سے وہ وصالِ ذات حاصل کرتا ہے چونکہ اس حالت کا مرتے وقت موجود ہونا پیشتر حاصل کئے بغیر ممکن نہیں اسلئے اس کا اپنے جسم کے ترک کرنیسے پیشتر حاصل کر لینا انسان کو واجب ہے۔

यं यं वापि स्मरन् भावं त्यजत्यंते कलेवरम् ॥

तं तमेवैति कौंतेय सदा तद्भाव भावितः ॥ ६ ॥

(۶) جو بشر آخری وقت جس شے کا خیال کرتے ہوئے جسم کو ترک کرتا ہے اے ارجن ہمیشہ وہ اُس کا تصور کرنے کے سبب سے اُسی کو پاتا ہے۔	اس وقت جس شے کا تصور کیا جاتا ہے انسان اُس میں وصل ہوتا ہے۔

اپنی نیّت کے مطابق اسمیں ہوتا ہے وصال		یہ سمجھ لے آخری دم جس کا جیسا ہو خیال

انسان کی قوت علمی جس شے کے تصور میں وقتِ وفات مصروف ہوتی ہے اُسی میں ملجاتی ہے جو لوگ برہم کے منازل کو طے کرکے ادہی یگ کے اعلیٰ درجہ پر پہنچتے ہیں وہ وصال حاصل کرتے ہیں مگر

جن کا علم برہم کے منازل میں محدود رہتا ہے وہ وصال سے محروم رہتے ہیں۔

तस्मात्सर्वेषु कालेषु मामनुस्मर युद्ध्य च ॥
मय्यर्पितमनोबुद्धिर्मामेवैष्यस्यसंशय: ॥ ७ ॥

(۷) لہٰذا جنگ کرتے ہوئے تو ہردم میرا تصور کر۔ دل اور عقل کو مجھ میں تفویض کرنے سے تو بیشک مجھے پائیگا۔	پس ہردم ادھی یگ کی تصور میں مصروف رہنا واجب ہے

محو ہو کر مجھ میں تو ہستی کو میری پائے گا		جنگ میں مشغول ہو اور مجھ میں اپنا دل لگا

حیات بے ثبات ہے اور قابل اعتبار نہیں پس انسان کو لازم ہے کہ وہ اپنے دل کو مطلوب کے تصور میں ہردم لگا رکھے اور اس کے تصور کو مزاولت سے خاصۂ طبیعت بنالے دل اور عقل کے تفویض کرنے یعنی انانیت کو دل سے نکالدینے اور پھر اس کی جگہ ہستی بحت کی تسلیم کو قایم کرنے سے پردہ پندار اُٹھہ جاتا ہے اور وصال کی صورت پیدا ہوتی ہے۔

अभ्यासयोगयुक्तेन चेतसा नान्यगामिना ॥
परमं पुरुषं दिव्यं याति पार्थानुचिंतयन् ॥ ८ ॥

(۸) اے ارجن دل کو شغل کی مدد سے یکسو کر کے اعلیٰ اور حیرت افزا ذات کا تصور کرنے سے وصال حاصل ہوتا ہے۔	لیکن تصور شغل کے ذریعہ سے قایم ہوتا ہے

شغل کی برکت سے ذات حق میں ہوتا ہے وصال		شغل سے یکسو ہوا کرتا ہے انسان کا خیال

منتر ۷ اور ۸ میں وصال کا طریقہ مجمل طور پر بتایا گیا ہے ذیل کے منتر ۹ و ۱۰ میں اس کی تصریح ہے

कविंपुराणमनुशासितारमणोरणीयांसमनुस्मरेद्य: ॥
सर्वस्य धातारमचिंत्यरूपमादित्यवर्णं तमस: परस्तात् ॥ ९ ॥
प्रयाणकाले मनसाचलेन भक्त्यायुक्तो योगबलेन चैव ॥
भ्रुवोर्मध्ये प्राणमावेश्य सम्यक्स तं परंपुरुषमुपैति दिव्यम् ॥ १० ॥

(۹ و ۱۰) جو آخری وقت شغل کی مزاولت کی قوت سے	پس جسم ترک کرنے کے وقت شغل کے وسیلہ سے ادھی یگ کا تصور کرنا چاہئیے

بھوؤں کے درمیان نفس کو بخوبی روک کر علیم - قدیم - محرک - لطیف سے الطف عالم کے قایم رکھنے والے قیاس سے برتر مثل آفتاب کے جلال رکھنے والے اور تاریکی سے مبرا واجب الوجود کا تصور یکسو دل سے عشق کیساتھ کرتا ہے وہ اس کی اعلیٰ اور حیرت انگیز ہستی محبت کو پاتا ہے۔

ہے وہ الطف ہست مطلق مالک غیب و حضور یاد کرتا ہے اُسے جو کوئی وقت انتقال ابروؤں کے وسط میں انفاس کو روکے ہوئے		جہل و تاریکی سے برتر عین علم و عین نور، ہو کے جذب شوق سے روشندل و ساکن خیال بہرہ ور ہوتا ہے وہ کیف وصال ذات سے

اتھرون وید کے برہم ودیا اپنشد اور یوگ سکھا اُپنشد میں یہ شغل درج ہے دونوں آنکھوں کی نظر کو اُم الدماغ کی جانب الٹا کر ٹھہرانے سے اور نفس کو اس مقام پر روک کر اونکار کا دھیان کرنے سے قوت متخیلہ سکون پاتی ہے اور خیال کے ساکن ہوتے ہی شاغل کو ہستی محبت کا دیدار جس کی آٹھ صفتیں اس منتر میں بیان کی گئیں حاصل ہوتا ہے۔

यदक्षरं वेदविदो वदंति विशंति यद्यतयो वीत रागाः ॥
यदिच्छंतो ब्रह्मचर्यं चरंति तत्ते पदं संग्रहेण प्रवक्ष्ये ॥११॥

ذیل کے منتروں میں ادھی یگ اور برہم کا بیان درج ہے

(۱۱) جس کو عالمان وید لازوال بتاتے ہیں جس میں شاغل دل سے تعلقات کو ترک کر کے وصل ہوتے ہیں اور جس کے طالب برہم چرج اختیار کرتے ہیں وہ مقام میں تجھے مختصر الفاظ میں بتاتا ہوں۔

وید کے عالم بیان کرتے ہیں جس کو لازوال جس کے طالب باندھ لیتے ہیں کمر تجرید پر		شاغلان بے تمنا جس میں پاتے ہیں وصال ایسی ہستی کا سن اے ارجن بیان مختصر

ادھی یگ اور برہم کا بیان ذیل کے منتر بارہ سے شروع ہوگا اور منتر ۲۲ تک ختم ہوگا

सर्व द्वाराणि संयम्य मनोहृदि निरुध्य च ॥
मूर्ध्न्याधायात्मनः प्राण मास्थितो योग धारणाम् ॥१२॥
ओमित्येकाक्षरं ब्रह्म व्याहरन्मामनुस्मरन् ॥

यः प्रयाति त्यजन्देहं स याति परमां गतिम् ॥ १३ ॥

ادہی یگ کے ادراک کرنے کا طریقہ،

(۱۲ و ۱۳) جو سب دروازوں کو بند کرکے دل کو قلب میں روک کر اور نفس کو ام الدّماغ میں ٹہیرا کر یوگ کا شغل کرتے ہوئے اور اوم کا اِسم اعظم کہتے ہوئے جسم کو ترک کر جاتا ہے وہ میری اعلیٰ منزل پر پہنچتا ہے۔

شغل کی ترکیب سے دم کو چڑہا کرتا ہے سر کوچ کرکے جسم سے پاتا ہے وہ اعلیٰ مقام		ظاہر و باطن میں دل کی خواہشوں کو روک کر اسم اعظم اوم کا جو ذکر کرتا ہے مدام

دیکھو نمبر ۴۔ برہم بدیا کی تصویر کو جس میں عملی اصول گایتری کے جسے ترکال سندہیا بھی کہتے ہیں مندرج ہیں پورانے مہرشیوں نے اِس ریاضت کو کُل ویدوں سے اختصار کے ساتھ اخذ کیا ہے اور برہمن کشتری اور ویش کے لئے اِس ریاضت کا کرنا فرض بتایا ہے۔

اُوم اسم اعظم مبدا اور انتہا کل کائنات کا ہے۔ اکار اوکار اور مکار تین حروف یعنی زبر پیش اور زیر کے ملنے سے اوم کا شبد بنتا ہے اور چوتھی ندائے غنہ اردہ ماترا کہلاتی ہے جس میں تینوں حروف کے معنی محو ہو جاتے ہیں۔ پرماتما کے بہت سے نام ہیں مگر اُن سب میں جزویت پرماتما کی پائی جاتی ہے۔ کلّیت پرماتما کی اِسی اوم شبد میں ثابت کیگئی ہے اِسی وجہ سے اِس شبد کو ایکاشر برہم کہتے ہیں یہ علم کلّیت سمجھنے کیواسطے سات طبقوں میں تقسیم کیا گیا ہے جنہیں۔ خاک[۱]۔ آب[۲]۔ آتش[۳] ہوا[۴] خلا[۵] دل[۶] اور عقل[۷] کہتے ہیں آٹھواں اہنکار سب کا مبدا اور سب میں بسیط ہے اور اُن کا مجموعہ اوم کی صورت ہے جو بالفاظ دیگر پرجاپت ہرنیہ گربہ اور مہتت کے نام سے بھی موسوم ہوئی ہی گروہمان یا ناساگر دہیان کی تصویر نمبر ۲ جو چھٹی ادہیا میں آچکی ہے اِسی شغل کو دوسری طرح پر دکہاتی ہے اور ساتویں ادہیا کے چوتھے منتر میں اس کی تشریح ہو چکی ہے۔

اِس تصویر میں جو بڑا گولہ سات رنگ کا ہے برہمانڈ کو دکہاتا ہے اُس میں دوسرا چھوٹا دائرہ پنڈ یعنی جسم کو جتاتا ہے جس نے برہمانڈ کے کرشمے کو محجوب کر رکہا ہے برہم ودیا برہمانڈ کی حقیقت کو ظاہر کرتی ہے اور ادہیاتم ودیا پنڈ کے اصلیت کو آشکارا کرتی ہے اور اُس کی تعلیم

بہ قاعدہ قدیم گرو کے اپدیش پر منحصر ہے اِن دونوں ودیاؤں کے ذریعہ سے آتم کی یکتا کرنیکی ریاضت یعنی گایتری سب سے اعلیٰ درجہ کا شغل مانا گیا ہے دو چھوٹی تصویریں مثل عینک جو نیچے بنی ہوئی ہیں اُن میں سے ایک سرستی یا برہمہ ودیا کی ہے اور دوسری اُس کی مقابل ساوتری یا ادھیاتم ودیا کی ہے ان دونوں کے درمیان میں ایک لال رنگ کا نقطہ ہے جو چیتن انش کو دکھاتا ہے اور جس میں دونوں ودیاؤنکو باہم ملاکر محو کردینا گایتری کے شغل کا اصلی مطلب ہے۔

अनन्यचेताः सततं यो मां स्मरति नित्यशः॥

तस्याहं सुलभः पार्थ नित्ययुक्तस्य योगिनः॥१४॥

(۱۴) اے ارجن جو یوگی یکسو دل سے ہمیشہ اور ہر لحظہ میرا تصور کرتا ہے اور ہر وقت اُس تصور میں غرق رہتا ہے وہ مجھے بآسانی پاتا ہے۔	جو شخص اُس کی مزاولت کرتا ہے وہ یوگی ہے

مجھ سے ملنا ایسے شاغل کے لئے آسان ہے		دمبدم تا وقتِ آخر جس کو میرا دھیان ہے

طالب صادق مندرجہ بالا شغل کی مزاولت سے مطلوب کا دیدار بآسانی حاصل کرتا ہے۔

मामुपेत्य पुनर्जन्म दुःखालयमशाश्वतम्॥

नाप्नुवंति महात्मानः संसिद्धिं परमां गताः॥१५॥

(۱۵) صاحب دل کمال کے اعلیٰ درجہ پر پہنچکر اور مجھ میں وصل ہو کر فنا ہونیوالے اور بکرر پیدایش کی تکلیف رکھنے والے عالم میں نہیں آتا۔	یوگی ادھی یگ میں وصل ہوتا ہے

دارِ فانی کو نہیں ہوتی ہے اُس کی واپسی		مجھ میں واصل ہو چکا تکمیل سے جو شغل کی

جو لوگ خود شناس ہو جاتے ہیں وہ قید جسمانی میں نہیں آتے ہیں اور ہستی پاک کو باقی اور اجسام کو فانی اور موہوم جانتے ہیں۔

आब्रह्मभुवनाल्लोकाः पुनरावर्तिनोऽर्जुन॥

मामुपेत्य तु कौन्तेय पुनर्जन्म न विद्यते॥१६॥

(۱۶) اے ارجن برہم کی منزل تک جتنے منازل ہیں وہ سب گردش میں	ادھی یگ لاتغیر ہے برہم میں تغیر و تبدل ہوتا ہے

ہیں لیکن مجھ میں وصل ہو کر پھر پیدایش ممکن نہیں ہے۔

ماسوا تک یہ تمام عالم ہے گردش میں مدام		ہے وہ گردش سے مبرّا مجھ میں ہو جس کا قیام

وہ سات پرکرتیاں جن کا ادھیائے ہفتم میں بیان ہو چکا ہے اس منتر میں لوک یعنی عالم کے نفظ سے تعبیر ہوئی ہیں اور اُن کی ترکیب سے اجسام پیدا اور فنا ہوتے رہتے ہیں سب سے زیادہ کثیف خاک کا طبقہ ہے اور سب سے لطیف عقل کا جس کو مُصنّف نے اس منتر میں برہم لوک بیان کیا ہے ادہی یگ اِن ساتوں سے برتر اور بے لوث ہے جن لوگوں کی قوتِ تصور برہم سے بلند ہو جاتی ہے اور ادہی یگ تک پہونچتی ہے وہ اِس عقدہ کو سمجھکر کہ تغیر و تبدل صرف برہم میں ہوتا ہے اور ادہی یگ ہمیشہ قایم و بیحرکت رہتا ہے پیدایش و فنا سے آزاد ہو جاتے ہیں۔

सहस्रयुग पर्यंत महर्यद्ब्रह्मणो विदुः ॥
रात्रिं युगसहस्रांतां ते ऽहोअविदो जनाः ॥ १७ ॥

یوگی برہم کے تغیر و تبدل کو جانتا ہے

(۱۷) جو برہم کے ہزار جگ کے دن اور ہزار جگ کی رات کو جانتے ہیں وہ دن اور رات کے جاننے والے ہیں۔

ذات کے ہر روز و ہر شب میں ہیں شامل جگ ہزار		اہلِ معنی جانتے ہیں معنیٔ لیل و نہار

اِس نقشے کے دیکھنے اور بغور سوچنے سے منتر ۱۶ کا مطلب جس میں کرۂ زمین سے برہم لوک تک ساتوں کرّے کال چکر میں دکھائے گئے ہیں سمجھ میں آجاویگا۔ منتر نمبر ۱۷ کے اندر جو ہزار جگ والے برہم کے دن اور رات کا بیان ہوا ہے اُس کی مراد اس دن اور رات سے جو گذر رہا ہے نہیں ہے بلکہ نفظ سہسر جو ہزار کے معنی رکھتا ہے بے انتہا تعداد کو آشکارا کرتا ہے یعنی برہم کے دن اور رات کی انتہا نہیں دیکھو نصف کرۂ زمین پر ہمیشہ دن اور دیگر نصف کرۂ پر ہمیشہ رات رہتی ہے مگر ساکنانِ کرۂ زمین کو زمین کی گردش کی وجہ سے دن رات کا چرخ مفہوم ہوتا رہتا ہے۔ برہم لوک کے دن کا اشارہ ظہورِ عالم پر ہے اور رات کا منشا بطون کی کیفیت پر ہے دیکھو منتر ۶۹ دوسری ادھیا کا شرح کرنے والوں نے یگوں کی تقسیم بحوالہ پورانوں کے حسب تفصیل ذیل لکھی ہے

		سال کا	نسبت اعداد
ست جگ کا زمانہ	۱۷۲۸۰۰۰	سال کا	۴
تریتا جگ کا زمانہ	۱۲۹۶۰۰۰	"	۳
دواپر جگ کا زمانہ	۸۶۴۰۰۰	"	۲
کلجگ کا زمانہ	۴۳۲۰۰۰	"	۱
میزان	۴۳۲۰۰۰۰		۱۰

مندرجہ بالا تقسیم کے بموجب شری رامچندر جی کا اوتار تریتا جگ کے آخر میں اور شری کرشن کا اوتار دواپر جگ کے آخر میں ہونا معقولات سے بعید معلوم ہوتا ہے شری بسشٹ مہرشی گرو اور ہمعصر رامچندر جی کے تھے اور اُن کی تصنیف کردہ کتاب جوگ بسشٹ موجود ہے بسشٹ جی کا بیٹا شکتی نام وشوامتر کے ہاتھ سے مارا گیا تھا شکتی کے بیٹے اور مہرشی بسشٹ جی کے پوتے سوامی پراشر منی کی تالیف کی ہوئی کتاب وشنو پوران موجود ہے شری پراشر جی کے بیٹے کرشن دویپاین یعنی وید ویاس جی مہامنی جنھوں نے ویدونکی تالیف کی اور بہت سے پوران لکھے اور کتاب مہابھارت تصنیف کی کرشن اوتار کے ہمعصر ہوئے ہیں اور بسشٹ جی اور وید ویاس جی کے درمیان صرف چار پشتیں گذریں چار پشت میں آٹھ لاکھ چونسٹھ ہزار برس کا گذرنا جو دواپر جگ کی مدت ہے کسی طرح پر ثابت نہیں ہو سکتا۔ کلجگ کے زمانہ کا اندازہ کرنیکے واسطے متقدمین نے اپنے علم نجوم سے سال شمسی کا پیمانہ ۳۶۵ اور سال قمری کا ۳۵۵ دریافت کیا اور ان دونوں کو جوڑ کر اور سات سو بیس کے عدد کو اوسط نکالنے کیواسطے دو سے تقسیم کرکے ۳۶۰ دن کا سال قرار دیا اور اسی عدد کو نظام شمسی کا اصول قایم کرکے گردش ستارگان وغیرہ کی ثابت کی ہے اب اس نقشہ میں اعداد کو دیکھو سب سے چھوٹا دائرہ زمین کا ہے اُس میں ۳۶۰ کے عدد کو کال یعنی زمانہ گذران کا پیمانہ بنا کر اور دیش یعنی بساط کے بارہ خطوں سے ضرب دیکر ۴۳۲۰ کا عدد پیدا ہوا ہے اس دائرہ کا نام بھولوک یا طبقہ زمین ہے اُس سے اوپر کے دائرہ میں جو طبقہ آبی یعنی چندر لوک ہے اور جسے بھورلوک بھی کہتے ہیں ایک صفر کے بڑھنے سے یہی عدد ۴۳۲۰۰ کی صورت پیدا کرتا ہے من اور پران یعنی نفس کی حرکت چندر لوک سے آتی ہے اور یجر وید کے تیتر...

اُپنشد میں انسان کی تعداد انفاس ایک دن رات میں ۲۱۶۰۰ بتائی گئی ہے اور انفاس کی دو حرکت درآمد و برآمد کی ہونے سے اُن کے اعداد دو گنے ہوکر مساوی ۴۳۲۰۰ کے ثابت ہوتے ہیں اُس سے اوپر کے دائرہ میں جو سُرخ رنگ کا ہے اور سوہ لوک یعنی چرخ آفتاب اور کرّہ حرارت کا مانا گیا ہے اُس دائرہ کا ایک صفر بڑھنے سے اوپر لکھے ہوئے اعداد ۴۳۲۰۰۰ کی تعداد بنجاتے ہیں۔ زمین پر شمسی اور قمری دونوں طبقوں کے اثر سے مہینے اور سال بنتے ہیں اور اُن دونوں کے اوسط نکالکر یہ پیمانہ ۴۳۲۰۰۰ کلجگ کا قرار دیا گیا ہے۔ طبقۂ زمین و قمری و شمسی تینوں ملکر ترلوکی کہلاتے ہیں اور اِس میں مار سیاہ کی صورت جو فنا کی علامت ہے دکھائی گئی ہے اور نفس کے غلبہ کی کیفیت کو جسے من کہتے ہیں ایک کے عدد سے نسبت دی گئی ہے اِس ترلوکی سے اوپر سبز رنگ کا چرخ ہوا مہرلوک موسوم ہوا ہے جہاں صورت کا نمود نہ ہونے سے کیفیت بدلجاتی ہے یعنی حواس وہاں دخل نہیں کرسکتے صرف عقل کی رسائی ہو سکتی ہے اس وجہ سے من اور بُدّھی دونوں کے مشمول ہونے سے ۴۳۲۰۰۰ کا عدد المضاف ہوکر ۸۶۴۰۰۰ کا پیمانہ دواپر جگ کا مانا گیا ہے اور یہ عدد ۲ سے نسبت رکھتا ہے اِس میں دو موٹے سانپ کی مشابہت دی گئی ہے کہ یہاں حواس کو دخل نہیں ہے البتہ بیم ورجا کی کیفیت رہتی ہے۔

ہوا کی چرخ سے اوپر جنہ لوک جو اکاس یا خلے کا دائرہ ہے وہاں من ۱ - بدھی ۲ اور چیت ۳ کے باہم موجود ہونے سے ۴۳۲۰۰۰ کا عدد تگنا ہوکر ۱۲۹۶۰۰۰ پیمانہ ترتیاجگ کا ہوجاتا ہے اور تین کے عدد سے مناسبت رکھتا ہے وہاں پر اژدہے کی صورت اِس وجہ سے دکھائی گئی ہے کہ اُس کی نشست اور پھنکار نہایت زبردست ہوتی ہے۔ اور صورت ان کی تاثیر الانظار سے منکشف ہوتی ہے۔

جنھ لوک سے اوپر تپ لوک یعنی روشن کرّہ ہے جو دو دیا رنگ سے دکھایا گیا ہے اور وہ انانیت یا اہنکار کا مقام ہے اور یہاں چار قوتوں کے جنہیں من - بدھی - چیت اور اہنکار کہتے ہیں باہم ہونے سے ۴۳۲۰۰۰ کا عدد چوگنا ہوکر ۱۷۲۸۰۰۰ پیمانہ ست جگ کا تسلیم ہوا ہے اور وہ ۴ کے عدد سے نسبت رکھنے والا مانا گیا ہے۔ شری بہاگوت پوران میں جو دھرم کو بیل سے مشابہت دیکر چار - تین دو - ایک پانوں بیان کئے گئے ہیں اُس کی یہی غرض ہے۔

اِس ست جگ کے دائرے میں شیش ناگ کا اشارہ اُن کششہائے مقناطیسی پر ہے جنہوں نے تمام کائنات کو طناب میں کھینچ رکھا ہے اور جو لہر یہ کی صورت میں آسمان سے زمین کی طرف نزول کرتی ہیں تپ لوک سے اوپر زرد رنگ کا دائرہ گیان کا ہے جسے ستیہ لوک کہتے ہیں اور جو گیان یعنی برہماجی کا مقام ہونے سے برہم لوک بھی کہلاتا ہے یہ ساتواں دائرہ ہے اور یہاں تک سب دائرے گردش میں رہتے ہیں اور پیدائش عالم یہیں سے شروع ہوتی ہے ا و ۲ و ۳ و ۴ کے اعداد کے جمع ہونے سے ۱۰ کا عدد بنتا ہے اور اِس دائرہ سے نسبت رکھتا ہے۔ سب سے اوپر آٹھواں دائرہ جو سب کو گھیرے ہوئے یعنی محیط اور بسیط ہے وہ کارن اہنکار یعنی سب کا مبدا یا خزانہ معنی اونکار کی صورت ہے اور اِس میں سے ناد اور وید کی پیدائش ہوتی ہے یہاں پر علم کو رسائی نہیں اور اِس سطح شفاف میں صورت یا عدد کی نمائش ممکن نہیں اور اُس کی بے انتہائی کی شہادت مشاہدہ باطنی سے ملتی ہے جسے انہو کہتے ہیں یہ دائرہ ہرنیہ گربھہ روپ اور اونکار سروپ ہے اور اس کا دھیان کرنے سے اِنسان کے دل سے خیال موت کا ہٹ جاتا ہے اور آخری وقت جیسے گھڑے کے پھوٹ جانے سے خلا میں نقص پیدا نہیں ہوتا ہے اونکار کے سادھنا کرنے والا برہمہ میں وصل ہو جاتا ہے

अव्यक्ताद्व्यक्तयः सर्वाः प्रभवन्त्यहरागमे।

रात्र्यागमे प्रलीयंते तत्रैवाव्यक्तसंज्ञके ॥१८॥

(۱۸) دِن کے نکلنے پر کل موجودات عدم سے ظہور پاتی ہے رات کے ہونے پر اُسی عدم کے خزانے میں غائب ہو جاتی ہے۔	یہ عالم ظہور پاکر غائب ہوجاتا ہے

رات ہوتے ہی عدم کو لوٹتے ہیں کُل وجود		دِن نکلتے ہی عدم سے سب کا ہوتا ہے نمود

اِس جگہ پر دِن اور رات کا روشنی اور اندھیرے سے تعلق نہیں ہے دِن کے معنی ہیں صفات یعنی کثرت کی طرف توجہ کا ہونا اور رات کے معنی ہیں ذات یعنی وحدت کے مُشاہدہ میں مشغول ہونا جو اس پر نظر کے پڑتے ہی عالم نمودار ہو جاتا ہے اور بطون میں استغراق کے ہونے پر عالم معدوم ہو جاتا ہے ادھیائے دوم کے منتر ۶۹ میں دن اور رات کی تعریف درج ہو چکی ہے۔

भूतग्रामः स एवायं भूत्वा भूत्वा प्रलीयते॥
रात्र्यागमेऽवशः पार्थ प्रभवत्यहरागमे ॥१९॥

ظہور وغیوب کا سلسلہ جاری رہتا ہے

(۱۹) اے ارجن یہ عالم رات کے آنے پر غایب اور دن کے نکلنے پر ظاہر ہوتا رہتا ہے اور ایسا ہونا لازمی ہے۔

رات کو ہوتے ہیں غائب اور دن کو آشکار
ساری موجودات یوں چکر میں ہے بے اختیار

عارف عالم کو باطل جانتا ہے مگر عام لوگ حواس کی شہادت کو درست خیال کرکے عالم کا وجود مانتے ہیں۔

परस्तस्मात्तु भावोऽन्योऽव्यक्तोऽव्यक्तात्सनातनः॥
यः स सर्वेषु भूतेषु नश्यत्सु न विनश्यति॥२०॥

ادہی یگ کی تعریف

(۲۰) اِس عالم ظاہری سے بالا وہ ذات ہے جو پوشیدہ اور لازوال ہے اور جو کل موجودات کے فنا ہونے پر بھی فنا نہیں ہوتی۔

اُن سے ہی بے لوث اِک ذاتِ لطیف و لازوال
ساری دنیا کے فنا ہونے پہ جو ہے بے زوال

عالم ظاہری حادث یعنی فنا پذیر ہے لیکن ذات پوشیدہ اور قدیم ہے۔ تغیر و تبدل صفات میں ہوتا ہے ذات قایم اور بے تغیر ہے۔

अव्यक्तोऽक्षर इत्युक्तस्तमाहुः परमां गतिम्॥
यं प्राप्य न निवर्तन्ते तद्धाम परमं मम॥२१॥

ادہی یگ اور کرشن بھگوان کی احدیت

(۲۱) جس ذات کو میں نے پوشیدہ اور لازوال بتایا ہے اس کا اعلےٰ درجہ بیان کیا گیا ہے مگر جس اعلیٰ مقام پر پہنچکر بازگشت نہیں ہوتی وہ میرا مقام ہے۔

عارضی ہے طالبوں کا اس حقیقت میں قیام
واپسی سے بے تعلق ہے مرا اعلےٰ مقام

ہستی بحت حدوث اور قدم سے برتر ہے اور اس کا وصال حاصل کرنا نجات ہے اِسی کو اہلِ ہند

کے فلسفہ نے اپنی اصطلاح میں ادھی یگ کی لفظ سے تعبیر کیا ہے۔

पुरुषः स परः पार्थ भक्त्या लभ्यस्त्वनन्यया ॥
यस्यांतः स्थानि भूतानि येन सर्वमिदं ततम् ॥२२॥

عشق کے وسیلہ سے ادھی یگ کا اشراق ہوتا ہے

(۲۲) اے ارجن وہ ذات برتر جس سے کل موجودات کا قیام ہے اور جو ہر شے میں محیط ہے صدق ارادات سے مل سکتی ہے۔

عشق سے نزدیک ہے اُس پاک ہستی کا حضور | | سب کے باطن میں جو ہے اور جس سے ہی سب کا ظہور

ادھی یگ کا وصال عشق حقیقی کے بغیر ممکن نہیں۔

यत्र काले त्वना वृत्तिमावृत्तिं चैव योगिनः ॥
प्रयाता यांति तं कालं वक्ष्यामि भरतर्षभ ॥२३॥

آزادی اور پابندی کی حالتوں کا ذیل میں بیان ہے

(۲۳) جس جس وقت رحلت کرنے سے یوگی آزادی اور پابندی کی کیفیت حاصل کرتے ہیں اے ارجن اُس وقت کی تفصیل میں بیان کرتا ہوں۔

موت کا جس جس طرح انجام ہی ہجر و وصال | | اب تجھے میں عارفوں کا کہہ سناتا ہوں وہ حال

अग्निर्ज्योतिरहः शुक्लः षण्मासा उत्तरायणम् ॥
तत्र प्रयाता गच्छंति ब्रह्म ब्रह्मविदोजनाः ॥२४॥

ایک کیفیت قلبی سبب آزادی کا ہے

(۲۴) جو برہم کے جاننے والے آگ کے شعلہ میں۔ دن میں شکل پکش میں یا چھ مہینے اتراین میں انتقال کرتے ہیں وہ برہم کو پاتے ہیں۔

روز روشن میں ہو جب پر تو فگن مہر جلال | | جذب سے ہوتا ہے نور حق میں عارف کا وصال

धूमो रात्रिस्तथाकृष्णः षण्मासा दक्षिणायनम् ॥
तत्र चांद्रमसं ज्योतिर्योगी प्राप्य निवर्तते ॥२५॥

دوسری کیفیت قلبی سبب پابندی کا ہے

(۲۵) جو یوگی دھوئیں میں، رات میں۔ کرشن پکش میں۔ یا چھ مہینے دکھناین

میں رحلت کرتے ہیں وہ کرۂ باردہ تک پہونچکر لوٹتے ہیں۔

وقتِ انتقال	بازگشتِ عارفاں لازم ہے		ظلمتِ شب میں ہو جب جلوہ نما ماہ ہلال

مضمون بالا تیترے اُپنشد اور دہانا رائن اوپنشد سے منتخب ہوا ہے اگر عوام کا یہ مقولہ کہ جو لوگ اترائن میں مرتے ہیں وہ نجات پاتے ہیں اور جو دکہنائن میں انتقال کرتے ہیں وہ دوبارہ جنم لیتے ہیں صحیح تسلیم کیا جائے تو پھر ریاض اور علم معرفت محض بے معنی ثابت ہونگے کیونکہ جو جاہل بیابان قدرت سے اترائن میں وفات پائیگا وہ وصالِ ذات حاصل کرے گا اور جو عارف دکہنائن میں انتقال کرے گا وہ گردش میں رہے گا۔ اِس خیال کے بموجب نجات کا حاصل ہونا ایک امر اتفاقیہ ہو جاتا ہے اور اُس کا انحصار حصول علم ذات پر نہیں رہتا ایسے معنی کا بیان کرنا متکلم کی کم فہمی پر دلالت کرتا ہے فی الحقیقت مصنف نے انہو یعنی عالم ذات کو شعلہ دِن شُکل پکش اور چھ مہینے اترائن بطور استعارہ بیان کیا ہے اور اگیان یعنی جہل کیواسطے دھواں رات کرشن پکش اور چھ مہینے دکہنائن اُنکے مقابل کے الفاظ استعمال کئے ہیں علم ذات کی روشنی سے انسان حق و باطل کو تمیز کرتا ہے جہل کی تاریکی میں وہ گرفتار واہمات رہتا ہے اور اطمینان نہیں پاتا عارفوں کے بطون میں مرتے وقت تک اُس علم کی روشنی موجود ہوتی ہے جس کی بدولت وہ ذات پاک کا وصال حاصل کرتے ہیں جاہل جسم ترک کرنے کے وقت پندار کے حجاب کی وجہ سے ذات تک رسائی نہ پاکر گرداب صفات میں پڑتے ہیں۔ اصطلاح عارفان میں ذات کو ادخشہ یعنی مادّہ حارہ اور صفات کو انجرہ یعنی مادہ بارده کہتے ہیں۔ حرارت کا خاصہ ہے جذب کرنا اور لطیف بنانا برودت کا فعل ہے کثیف کرنا اور بالیدگی دینا حرارت بخارات کو بلند کرتی ہے برودت بارش کی صورت میں پھر اُن کو زمین پر لوٹاتی ہے چونکہ آفتاب حرارت کا مرکز ہے اور چاند برودت کا پس اِن الفاظ کا اسی معنی میں استعمال ہوا ہے افسوس ہے اُن لوگوں پر جو فہم کو کام میں نہیں لاتے استعارہ کو نہیں سمجھتے اور لغوی معنوں کو بجنسہٖ قبول کر لیتے ہیں۔ دیکھو نقشہ نمبر ۶ کو جس میں سب سے باہر کے دائرہ میں اترائن ششماہی سرخ رنگ میں اور دکہنائن ششماہی سیاہ رنگ میں دکھائی گئی ہے اُس کے اندر والے دائرہ میں

تین موسم جاڑا۔ گرمی اور برسات۔ جو اس گردش سے پیدا ہوتے ہیں ظاہر کردیئے گئے ہیں تیسرے اندر کے دائرہ میں ۶ رتو جن میں بسنت گریشم وغیرہ شامل ہیں لکھدئے گئے ہیں اس سے اندر کے دائرہ میں قمری مہینے اور اس سے اندر کی جانب سکرانت یعنی شمسی چرخ اور نیز دن اور رات کی کمی بیشی جو گردش زمین کا نتیجہ ہے صاف طور سے آشکارا کردیئے ہیں جب دن بڑھتا ہے تب اسکے مقابل رات گھٹ جاتی ہے اور جب رات بڑھتی ہے تب دن گھٹ جاتا ہے سرخ رنگ دن کا اور سیاہ رنگ رات کا ہے اور یہ گردش سالانہ زمین کی ازلی ہے۔

शुक्लकृष्णे गती ह्येते जगतः शाश्वते मते॥
एकया यात्यनावृत्तिमन्ययावर्त्तते पुनः॥२६॥

انسان کی دونوں میں سے کوئی ایک حالت ضرور ہوتی ہے	(۲۶) اس دنیا کے روشن اور تاریک دو قدیم راستے مانے گئے ہیں ایک سے مخلصی ملتی ہے اور دوسرے سے بازگشت ہوتی ہے
روشن و تاریک دونو ہیں طریق آخرت	یہ سبیل بازگشت اور وہ طریق مغفرت

شایقین اس منتر سے معلوم کرسکتے ہیں کہ دن پکش اور ششماہی زمانہ سے مراد نہیں رکھتے۔ بلکہ وہ دو مخالف کیفیت قلبی کے نام ہیں جنہیں سے کوئی نہ کوئی ہر انسان میں ضرور موجود ہوتی ہے عارف کا دل روشن دن کے مانند ہوتا ہے اور جاہل کا دل مثل شب تیرہ کے اوّل کیفیت سبب مخلصی اور دوسری باعث پابندی ہے۔

नैते सृती पार्थ जानन्योगी मुह्यति कश्चन॥
तस्मात्सर्वेषु कालेषु योगयुक्तो भवार्जुन॥२७॥

یوگی ان دونوں سے واقف ہوکر	(۲۷) یوگی ان دونوں راستوں سے واقف ہوکر غلطی نہیں کھاتا اِس لئے اے ارجن تو ہر دم یوگ میں مصروف رہ
عارفانِ باخبر دھوکہ نہیں کھاتے کبھی	سب سے اعلیٰ اور سیدھی راہ ہیں عرفان کی

جس کیفیت قلبی سے نجات ملتی ہے اس کا نام یوگ ہے۔

	عاشقاں را عشق تشریف آمدہ		عاقلاں را عقل تکلیف آمدہ

वेदेषु यज्ञेषु तपस्सु चैव दानेषु यत्पुण्यफलं प्रदिष्टम् ॥
अत्येति तत्सर्वमिदं विदित्वा योगी परं स्थानमुपैति चाद्यम् ॥२८

(۲۸) وید کے پڑھنے اور یگ اور تپ اور دان کے کرنیکا جو ثمرہ مانا گیا ہے یوگی مذکورہ بالا (علم معرفت) سے کامل طور پر آگاہ ہو کر اُس کو ہیچ جانتا ہے اور اپنے اصلی اعلیٰ مقام پر پہونچتا ہے۔

اور نتیجہ افعال سے نظر اوٹھا کر وصال پاتا ہے لہٰذا یوگ کرنا چاہیئے؛

عالمِ حادث میں ہیں کل حسب نیت بابدل جا پہنچتا ہے وہ عارف منزلِ جاوید پر		زہد و تقویٰ خیر و خیرات اور تعلیم و عمل فعل کی پاداش سو کرتا ہے جو قطعِ نظر

یوگ کے حاصل ہونے پر انسان کو زہد۔ ریاض۔ خیرات وغیرہ نیک افعال ادنیٰ معلوم ہوتے ہیں نیک افعال لوگوں کی رسائی توصفات تک ہوتی ہے۔ یوگی بذریعہ علم خود شناسی ذات پاک میں وصل ہو جاتا ہے۔

इति श्री भगवद्गीता॰ योगशास्त्रे ऽक्षर ब्रह्म योगो नामाष्टमो ऽध्यायः ॥८

شری مدبھگوت گیتا کے مخفی علم الوہیت کے طریقت کے بارہ میں شری کرشن اور ارجن کی تقریر کی آٹھویں ادھیا موسوم بہ اکشر برہم یوگ ختم ہوئی

آٹھویں ادھیا کا خلاصہ

ادہی یگ یعنی ذات بے نشان کلُ موجودات کے قیام کا باعث ہے اور وہ ہمیشہ ایک صورت پر قایم ہے اُس میں نہ تو تغیر و تبدل کو دخل ہے اور نہ عقل کو وہاں تک رسائی ہے جو کچھ حواس اور عقل کے وسیلہ سے تمیز ہوتا ہے وہ سب برہم میں شامل ہے اور تغیر پذیر ہے ادہی یگ کا مقام سب سے اعلیٰ ہے اور اُس کے ادراک کے لئے ابنہو یعنی علم اشراق کا حاصل ہونا ضروری ہے۔ علم اشراق شغل کے کرنے پر بطون میں پیدا ہوتا ہے تربٹی دہیان اور آتم دہیان دو مختلف اشغال ہیں۔ انسان کو لازم ہے کہ وہ اُن کا عامل ہو کر ادہی یگ کا وصال حاصل کرے جو لوگ شاغل نہ ہونیکی وجہ سے ادہی یگ کی حقیقت سے بے خبر رہتے ہیں اُن کی قوت علمی برہم میں محو ہوتی ہے اور اُس کی منازل میں گردش کرتی رہتی ہے۔

نویں ادھیائے راج ودیا راج گہیہ یوگ

श्री भगवानुवाच

इदं तु ते गुह्यतमं प्रवक्ष्याम्यनसूयवे ।
ज्ञानं विज्ञानसहितं यज्ज्ञात्वा मोक्ष्यसेऽशुभात् ॥१॥

شری بھگوان نے فرمایا

ذیل کے منتروں میں علم اشراق کا بیان ہے	(۱) تیری خصلت نیک ہے اِس لئے میں تجھ کو ذیل میں وہ نہایت مخفی علم اشراق بتاتا ہوں جس سے واقف ہوکر تو مکروہات سے نجات پائیگا۔

میں عیاں کرتا ہوں ارجن اب وہ کیف وصلِ ذات		جس کو حاصل کرکے تو کلفت سے پائیگا نجات

राजविद्या राजगुह्यं पवित्रमिदमुत्तमम् ॥
प्रत्यक्षावगमं धर्म्यं सुसुखं कर्तुमव्ययम् ॥२॥

اُس علم کی یہ تعریف ہے

(۲) یہ علم سب علوم میں افضل ہے اور نہایت مخفی پاک اور اعلیٰ ہے۔ یہ عین الیقین ہوتا ہے اور راست ہے بآسانی حاصل ہو سکتا ہے اور فنا پذیر نہیں ہے۔

علم کی دنیا میں افضل پاک و برتر ہے یہ راز		راست اور عین الیقیں سہل اور فنا سے بے نیاز

انبہو یعنی علم اشراق کل علموں کا سرتاج ہے اور سب سے زیادہ دقیق ہے وہ دل کی کثافت دور کرتا ہے اور انسان کو درجہ کمال پر پہنچاتا ہے کوشش کرنے سے اُس کا نتیجہ فوراً ملتا ہے اور نیز طالب کو اُس کے حاصل کرنے میں بمقابلہ اور علموں کے زیادہ محنت نہیں کرنی پڑتی ہے۔

अश्रद्दधानाः पुरुषा धर्मस्यास्य परंतप ॥
अप्राप्य मां निवर्तन्ते मृत्युसंसारवर्त्मनि ॥३॥

اُس کے حاصل کئے بغیر وصال ناممکن ہے

(۳) اے ارجن جو لوگ اس امر حق کے معتقد نہیں ہیں وہ میری ذات تک رسائی نہ پاکر عالم فانی کے راستہ پر واپس آتے ہیں۔

واپسی پر مزرعۂ اعمال کو مجبور رہیں		مجھ سے ناواقف ہیں جو انسان وہ مجبور رہیں

جو لوگ علم ذات کو حاصل نہیں کرتے وہ آرام ابدی کی منزل پر نہیں پہونچتے اور شکوک اور بے اطمینانی میں گرفتار رہتے ہیں۔ اگلے منتر سے علم ذات کا بیان شروع ہوگا۔

मया ततमिदं सर्वं जगदव्यक्त मूर्तिना ॥

मत्स्थानि सर्वभूतानि न चाहं तेष्ववस्थित: ॥ ४ ॥

(۴) میں پوشیدہ طور پر اس عالم میں محیط ہوں کُل اجسام کا قیام میرے سبب سے ہے نہ کہ میرا قیام اُن کے سبب سے۔	ذات پوشیدہ طور پر عالم میں محیط ہے اور اس کے قیام کا سبب ہے

مجھ سے کل اجسام قایم ہیں نہ اُنسے میری ذات		میں ہوں مخفی طور پر دایم محیط کائنات

جس قدر اجسام کثیف اور لطیف حواس اور عقل کے وسیلہ سے تمیز ہوتے ہیں وہ سب ذات واحد کا عکس ہیں اور عکس کا وجود معکوس کے سبب سے ہے۔ معکوس قایم بالذات ہے اور انانیت کے پردے میں چھپا ہے۔

न च मत्स्थानि भूतानि पश्य मे योग मैश्वरम् ॥

भूत भृन्न च भूतस्थो ममात्मा भूतभावन: ॥ ५ ॥

(۵) تو میری اس قدرت کاملہ کو دیکھ کہ نہ تو موجودات کا میری ذات میں قیام ہے اور نہ	عالم کو ذات کی وجہ سے قیام ہے لیکن اِن دونوں کے درمیان کوئی تعلق نہیں کہا جا سکتا

میری ذات باوجود موجودات کو قیام اور ظہور دینے کے موجودات میں مقیم ہے۔

بود عالم میری ہستی میں مگر نابود ہے میں ہوں بے نام و نشاں عالم نہیں میرا مقام		دیکھ میری قدرتِ کامل کہ گو موجود ہے گرچہ میری وجہ سے ہے سارے عالم کا نظام

اگرچہ عالم کو ذات پاک کے سبب سے نمود ہے مگر عالم کی ہستی اس کو ملوث نہیں کرتی۔ یہ امر واقعی ہے اور انسان کو اس کا عقدہ پندار کے رفع ہونے پر مشاہدہ باطنی میں کھلتا ہے عقل اس نکتہ کے سمجھنے میں قاصر ہے مگر جہاں تک عقل کی رسائی ہے وہ اس نقشہ میں ظاہر

کیجاتی ہے اور بہت غور وفکر سے سمجھ میں آسکتی ہے ادھیاء گیارہ میں جو تصویر نمبر ۱۲ آئیگی وہ مجموعہ کائنات ہے جس کو رگ وید کی پورکھ سوکت نے بیان کیا ہے اور کرشن بھگوان نے چشم باطنی یعنی یوگ شکتی سے ارجن کو مشاہدہ کرایا ہے اِسی کو برہم کی جلالی صورت کہتے ہیں اِس تصویر نمبر ۷ کی جمالی صورت انسان میں پوشیدہ رہتی ہے اور ادھیاتم ودیا یعنی علم خودشناسی کے وسیلہ سے اُس کا اشراق بطون میں ہوتا ہے۔ بارھویں اور ساتویں تصویریں عکس اور معکوس کی مانند ظاہر وباطن کو دکھاتی ہیں۔ نمبر ۱۲ تصویر میں زمین کا کُرہ سب سے چھوٹا ہے اور حیات کا کرہ جسے جیولوک کہتے ہیں سب سے بڑا اور سب کا آدھار ہے اور اِس تصویر میں پرتھوی کا کرہ سب سے بڑا اور چیتن انش سب سے چھوٹا اور سب کے اندر ایسا نظر آتا ہے جیسے کبھی تالاب یا دریا کے کنارے پر کوئی مندر بنا ہوا ہووے تو اُس کے سایہ میں جو مندر کا شکھر سب سے اونچا ہوتا ہے وہ پانی میں سب سے نیچے نظر آتا ہے۔

اِس تصویر میں آٹھ ظاہر کی اور آٹھ باطن کی سولہ کلائیں دکھائی گئی ہیں جن کی وجہ سے کرشن اوتار کو سولہ کلا والا مانا ہے۔ زمین کے دائرہ سے چیتن کی طرف توجہ کا جانا جتن کہلاتا ہے۔ اور چیتن انش کی توجہ باہر کی جانب دائروں پر پڑنے سے کرم میں پابندی ہوتی ہے۔ جتن اور کرم دونوں لفظوں کے معنی میں جو باریک تفاوت ہے وہ بخوبی سمجھ لینا ضروری ہے یعنی فانی سے باقی کی جانب جانا افعال کو فنا کر دیتا ہے۔ اور باقی کا فانی اشیاء کے طرف ناظر ہونا افعال کے طوفان میں انسان کو چکرا دیتا ہے۔

यथाकाशस्थितो नित्यं वायुः सर्वत्रगो महान्॥
तथा सर्वाणि भूतानि मत्स्थानीत्युपधारय॥६॥

(۶) جیسے ہوا چاروں طرف زور سے چلنے پر بھی ہمیشہ خلے میں رہتی ہے ویسے ہی کُل موجودات کا قیام مجھ میں سمجھ لے۔	اُس نادر تعلق کی یہ مثال ہے

تند چوبائی ہوا جیسے خلے میں ہے مدام		مجھ میں موجودات کا ہے ایسی صورت سے قیام

جس طرح ہوا خلے میں حرکت کرتی ہے اور خلے سے تعلق نہیں رکھتی اسی طرح عالم ذات پاک میں قیام رکھتا ہے اور اس کو ملوث نہیں کرتا ذات اور صفات کے تعلق کی یہ سب سے عمدہ مثال ہے۔ دراصل علم ذات کا اشراق جو بطون میں ہوتا ہے اس کے لئے کوئی مثال نہیں ہو سکتی۔

सर्व भूतानि कौंतेय प्रकृतिंयांति मामिकाम् ॥
कल्पक्षये पुनस्तानि कल्पादौ विसृजाम्यहम् ॥७॥

عالم کی پیدائش وفنا صفات سے ہوتی ہے	(۷) اے ارجن کل موجودات ایک زمانہ کے انجام میں میری قدرت میں محو ہو جاتی ہے اور پھر ایک زمانہ کے آغاز میں میں اس کو نمود دیتا ہوں۔

میری قدرت سے ہر رنگ عالم غیب و شہود		گاہ پیدا گاہ پنہاں گاہ بود و گہہ بنود

قدرت ہر آن و ہر لمحہ نئی نئی اشکال کو ظاہر کرتی ہے جو تھوڑے عرصہ کے بعد پھر اپنے اصلی خزانہ میں غایب ہو جاتی ہیں۔

प्रकृतिं स्वामवष्टभ्य विसृजामि पुनः पुनः ॥
भूत ग्राममिमं कृत्स्नमवशं प्रकृतेर्वशात् ॥८॥

ذات صفات سے عالم کو ظہور دلاتی ہے اور خود عامل نہیں بنتی۔	(۸) میں اپنی قدرت کا حاکم بنکر قدرت کے وسیلہ سے ضرور اس کل عالم کو بار بار ظہور دیتا ہوں۔

قادر مطلق ہوں اور میں اپنی قدرت سے ضرور		بار بار اس عالم فانی کو دیتا ہوں ظہور

ظہور و غیوب کا سلسلہ ہمیشہ جاری رہتا ہے کہ وہ لازمۂ قدرت ہے۔ ذات قدرت سے ان سب فعلوں کو کراتی ہے لیکن وہ ان کا حق فاعلیت اپنے ذمہ نہیں لیتی۔

न च मां तानि कर्माणि निबध्नंति धनंजय ॥
उदासीन वदासीनमसक्तंतेषु कर्मसु ॥९॥

ذات ہمیشہ آزاد ہے اور کسی شے کا سبب نہیں بنتی	(۹) اے ارجن چونکہ میں ان فعلوں سے بے تعلق اور آزاد ہوں اس لئے وہ فعل مجھے پابند نہیں کرتے۔

میں سدا ہوں اپنی قدرت سے بری اور بے اثر		اِس لئے پابندیٔ افعال سے ہوں بیخطر

ذات کسی فعل کی فاعل نہیں بنتی اور بے لوث رہتی ہے اور یہ عالم قدرت کا جلوہ ہے۔

मयाध्यक्षेण प्रकृतिः सूयते सचराचरम्।
हेतुनानेन कौंतेय जगद्विपरिवर्त्तते ॥१०॥

عالم میں جس قدر تبدیلیاں ہوتی ہیں اُن کو صفات ذات کی مدد سے پیدا کرتی ہے	(۱۰) اے ارجن چونکہ میری مدد سے قدرت متحرک اور غیر متحرک اجسام کو پیدا کرتی ہے اِس لئے عالم گردش میں رہتا ہے۔

میری قدرت کے لوازم میں ہیں حرکت اور قرار		اِس طرح گردش میں ہے یہ عالمِ ناپائدار

کُل لطیف اور کثیف اجسام کے ظہور و غیوب کا سبب قدرت ہے اور قدرت ذات پاک کی مدد سے قایم ہے۔

अवजानंति मां मूढा मानुषीं तनुमाश्रितम्।
परं भावमजानंतो मम भूतमहेश्वरम् ॥११॥
मोघाशा मोघकर्माणो मोघज्ञाना विचेतसः।
राक्षसीमासुरीं चैव प्रकृतिं मोहिनीं श्रिताः ॥१२॥

بدخصلت لوگ ذات پاک کی پرستش نہیں کرتے	(۱۱و۱۲) میں عالم کا صاحب ہوں اور انسان کے جسم میں مقیم ہوں مگر جن نادانوں کی خواہشیں جھوٹی اور فعل بے نتیجہ اور علم بے معنی ہوتا ہے اور جو کم فہم ہوتے ہیں اور شیطانی اور نفسانی خصلت رکھتے ہیں وہ میری اعلیٰ حقیقت کو نہیں جانتے اور میری یاد نہیں کرتے

صاحب عالم ہوں میں گو جسم انساں میں مقیم جنکی جھوٹی خواہشیں ہیں جنکے لاحاصل ہیں فعل وہ مری اعلیٰ حقیقت سے ہیں بالکل بیخبر		جو بشر نادان ہیں اور اخلاق جنکے ہیں ذمیم علم بے معنی ہے جنکا اور عقیدت جنکی جہل زندگی حرکات شیطانی میں کرتے ہیں بسر

جسم انسان آئینہ جمال ربانی ہے جن کے دیدۂ حق بیں پندار کی وجہ سے کور ہو جاتے ہیں اور جو نفسانی خواہشات کا پورا کرنا زندگی کا ماحصل سمجھتے ہیں وہ لذات حواس میں گرفتار رہتے

ہیں اور مشاہدہ ذات کی طرف رجوع نہیں کرتے۔

महात्मानस्तु मांपार्थ दैवीं प्रकृतिमाश्रिताः।
भजंत्यनन्यमनसो ज्ञात्वा भूतादिमव्ययम् ॥१३॥

(۱۳) اے ارجن جو قابل تعظیم انسان صفت رحمانی رکھتے ہیں وہ مجکو عالم کا مبدا اور فنا سے برتر جانکر میری یاد کرتے ہیں۔	نیک خصلت ذات کو معبود مانتے ہیں

اُن کی نظروں میں ہے کُل عالم کا مبدا میری ذات		طالبان باصفا جن کی ہیں ملکوتی صفات

सततं कीर्त्तयंतो मां यतंतश्च दृढव्रताः।
नमस्यंतश्च मां भक्त्या नित्ययुक्ताउपासते ॥१४॥

(۱۴) ثابت قدم انسان میری حمد و ثنا اور عبادت کرتے ہوئے اور صدق دل سے میری بندگی کرتے ہوئے میری پرستش میں ہمیشہ مشغول رہتے ہیں۔	اور اس کی پرستش کرتے ہیں

اور وہ میری یاد میں رہتے ہیں دائم ہوشیار		ہے میری حمد و ثنا و بندگی ان کا شعار

اوپر کے منتر ۱۳ و ۱۴ میں ان لوگوں کا ذکر ہوا ہے جو کرم اور اوپاسنا یعنی نیک افعال اور خدا پرستی کے پابند رہتے ہیں اور اسی کو اعلیٰ سمجھتے ہیں۔

ज्ञानयज्ञेन चाप्यन्येयजंतो मामुपासते।
एकत्वेन पृथक्त्वेन बहुधा विश्वतो मुखम् ॥१५॥

(۱۵) بعض علمی ریاضت کے کرنے والے میری ذات کی جو کثرت کے باعث عالم میں مختلف اشکال میں نمایاں ہے وحدت کے عقیدے سے پرستش کرتے ہیں۔	عارف کثرت میں وحدت کو دیکھتا ہے

جلوۂ یکرنگ رنگا رنگئی عالم ہوئی ہیچ ہے چشم بصیرت کی نظر میں ما سوا		عارفوں کو جن کی وحدت پر نگہ قایم ہوئی عالم اسباب میں ہوں میں ہی از سر تا بپا

اس منتر میں اون حقیقت شناس عارفوں کا ذکر ہے جو پندار کو موہوم تصور کرکے ذات واحد کو کل اجسام میں محیط مانتے ہیں اور اپنا معبود جانتے ہیں۔

نماز زاہداں سجدہ سجود است	نماز عاشقاں ترک وجود است

अहं क्रतुरहं यज्ञः स्वधाहमहमौषधम् ॥
मंत्रोऽहमहमेवाज्यमहमग्निरहं हुतम् ॥ १६॥

ذات واحد کل عالم میں محیط ہے۔

(۱۶) کرتو میں ہوں۔ یگیہ میں ہوں۔ غلہ میں ہوں۔ بناتات میں ہوں۔ منتر میں ہوں۔ گھی میں ہوں۔ آگ میں ہوں۔ اور آہوتی میں ہوں۔

میں ہی کرتو میں ہی یگ ہوں میں ہی غلہ میں ہی گھی	میں ہی آگ اور میں ہی منتر اور میں ہی آہوتی

اِس یگ کے کرنیکی وید میں ہدایت کی گئی ہے اوسے کرتو کہتے ہیں لفظ یگ سے عام طور پر وہ یگ مراد ہیں جو شاستر وغیرہ میں درج ہیں۔ غلہ۔ بناتات۔ منتر۔ گھی۔ آگ اور آہوتی گیہ کے اشیاء متعلقہ ہیں خواستگار بہشت آگ کو جلاتے اور اشیاء خوردنی اُس میں ڈالتے ہیں۔ عارف عالم کو فعل قدرت یعنی برہم یگ جانکر علمی ریاض کرتا ہے یعنی اپنی پندار کو آتش عرفان میں جلاتا ہے ۱۶ سے ۲۰ منتر تک کے معنی علم اشراق کے حاصل ہونے پر کلیتاً حل ہوجاتے ہیں۔

पिताहमस्य जगतो माता धाता पितामहः ॥
वेद्यं पवित्रमोङ्कार ऋक्साम यजुरेव च ॥ १७॥

ذات واحد کل عالم میں محیط ہے

(۱۷) میں اِس عالم کا باپ۔ ماں۔ محافظ اور بزرگ ہوں جاننے کے قابل اور متبرک اونکار ہوں اور رگ وید۔ سام وید اور یجروید ہوں۔

میں ہوں سب کا والد و مادر بزرگ و پاسبان	میں ہوں تینوں وید رگ۔ سام و یجر کا رازداں

کل مخلوقات کا اور حرف وصوت کا وجود بے بود ہے ذات نامتناہی ہست مطلق ہے اور اُن سب کے ظہور کا سبب ہے۔

गतिर्भर्त्ता प्रभुः साक्षी निवासः शरणं सुहृत् ॥

प्रभवः प्रलयः स्थानं निधानं बीजमव्ययम् ॥१८॥

ایضاً (۱۸) میں منزل مقصود - پروردگار - مالک - شاہد - قیام گاہ - جائے پناہ - مربّی پیدایش وفنا کا مقام - مخزن اور غیر فانی تخم ہوں -

مصدر عالم مقدس اسم اعظم اونکار میں ہی ملجاؤ ماوا اور مربی خلق کا ہ	منزل مقصود مالک شاہد و پروردگار تخم لافانی کی صورت موجب خلق و فنا

اے کہ شاہ دیار یکتائی غیر تو نیست تا ترا بیند چوں بصحرا شدی زخلوت راز	جلوہ گر گشت در مِن ہمائی درحقیقت ترا تو بینائی علمے شہر تست صحرائی در حجاب از کہ ماندۂ ہر گاہ	روز وحدت بکثرت آوردی ہمہ سوئی چرا ہمہ سوئی دیدہ و نور دیدہ جملہ توئی خود تماشا و خود تماشائی	اے تو پنہاں زبس ہویدائی ہمہ جائی چرا ہمہ جائی ؟ از کہ برقہ زروے کشائی

तपाम्यहमहं वर्षं निगृह्णाम्युत्सृजामि च ॥
अमृतं चैव मृत्युश्च सदसच्चाहमर्जुन ॥१९॥

ایضاً (۱۹) اے ارجن طپش میں ہوں - بارش میں ہوں - مادۂ جاذبہ اور مادۂ باردہ میں ہوں - حیات اور ممات میں ہوں - حق و باطل میں ہوں -

میں تپش ہوں میں ہی بارش جاذبہ اور باردہ	زندگی اور موت میں ہی حق و فکر باطلہ ،

زمین قمر اور آفتاب اِن تینوں چرخ کے مجموعہ کا نام ترلوکی ہے اور یہی صورت پرجاپتی کی اوپنشدوں نے ظاہر کی ہے دن رات پکش مہینہ اُترائن دکھناین طپش بارش حیات ممات برودت اور خشکی دنیا میں اِسی کے نتیجہ سے پیدا ہوتے رہتے ہیں

اِس تصویر میں آفتاب کو مرکز قایم کرکے زمین کی گردش اوسکے گرد اور چاند کی گردش زمین کے گرد دکھائی گئی ہے - مگر آفتاب معہ کرۂ زمین و قمر کے اپنے محور پر اور نیز قطب شمالی کے گرد جو اوسکا مرکز ہے چکر کرتا رہتا ہے - اِس تصویر میں ستائیس نکھشتر جنہیں بست و ہفت منزل قمر کہتے ہیں اور بارہ راشی جنہیں بارہ بروج کہتے ہیں دکھائے گئے ہیں راشیان آفتاب سے ایک

سطح میں اور نکھشتر کے خطوط عمودی شکل بنا ہیں جن کا رخ جانب دھرو ستارے کے ہے جیسے گنبد پر گول اور آڑے خطوں سے نقش چوگانہ بنکر تقسیم حصص ہو جاتی ہے علمائے قدیم نے نظام شمسی کو اس عقلی دلائل سے اِس طرح پر راشیوں اور نکھشتروں میں تقسیم کر کے تمام سیاروں کی گردش اور اوقات اور مقامات دریافت کئے ہیں اور اونکے احکام اسوقت تک بموجب اسی قاعدہ کے درست پائے جاتے ہیں۔ بارہ مقام سے آفتاب کی شکل بارہ طرح کی نظر آتی ہے دراصل آفتاب ایک ہی ہے اور بارہ موقعات کے لحاظ سے بارہ نام اُس کے رکھے گئے ہیں۔

اس نقشہ میں تین سیاہی کے دائرے آفتاب کے گرد ہیں اور ایک جانب اوس کے ۳۵۵ کا عدد تین جگہ علیحدہ لکھا ہوا ہے کل دائرہ کی تعداد تین سو پینسٹھ دن یعنی سال شمسی ہی جسمیں زمین اپنا چکر آفتاب کے گرد پورا کرتی ہے مگر چاند اپنی تیز رفتار سے اپنی گردش کو ۳۵۵ دن میں پورا کر لیتا ہے اور ہر گردش میں دس درجہ آگے بڑھ جاتا ہے اس طور سے تین گردشوں میں تیس دن بڑھا کر اوسکی چھتّیس گردشوں میں اپنی ۳۷ گردش کر لیتا ہے اسی وجہ سے منجموں نے دونوں قسم کی گردشوں کی اوسط نکالنے کے لئے ایک لوند کا مہینہ قرار دیکر حساب کو پورا کیا ہے تاکہ تیوہار اور موسم اپنے اپنے مقررہ اوقات پر بدستور آویں اہل اسلام کے تیوہار اس حساب کے نہونے اور صرف قمری مہینوں کی پابندی کے باعث ہمیشہ دیگر موسموں میں بدلتے رہتے ہیں۔

متقدمین نے چاند کی گردش کو ۲۷ حصوں میں اس وجہ سے تقسیم کیا ہے کہ آفتاب کے بارہ راشیوں کے حساب کو پورا کرنیکے واسطے اور کوئی عدد کام نہیں دیسکتا ہے قمری ۲۷×۴=۱۰۸ اور شمسی ۱۲×۹=۱۰۸ دونوں ایک پیمانہ میں آجاتی ہیں ۱۰۸×۱۰=۱۰۸۰ اور ۳۶۰×۳=۱۰۸۰ نکھشتروں کے حساب سے چالیس گردش قمری مہینے کی ۳۷ گردش کے مساوی ہوتے ہیں اور شمسی مہینے کی ۳۶ گردش کے برابر ہو جاتے ہیں ہر نکھشتر کے چار حصہ یعنی ۲۷×۴=۱۰۸ اور ہر راشی کو نو حصہ پر تقسیم کرنے سے ۱۲×۹=۱۰۸ نقشہ کے حاشیہ پر باتشریح دکھا دئے گئے ہیں۔ یہ قانون قدرت ہے جسکو قدیم مہرشیوں نے اپنی قوت علمی سے دریافت کر کے دنیا کے بہبود کے واسطے

قاعدہ باندھ دیتے ہیں۔ اور اُنکے سمجھ لینے سے عقل کو روشنی ہوتی ہے۔

त्रैविद्या मां सोमपाः पूतपापायज्ञै रिष्ट्वा स्वर्गतिं प्रार्थयंते ॥
ते पुण्यमासाद्य सुरेन्द्रलोकमश्नंति दिव्यां दिविदेवभोगान् ॥२०

نیک افعال بہشت کو حاصل کرتے ہیں۔

(۲۰) جو تینوں ویدوں کے معتقد سوم کے رس کو پیکر گناہوں سے پاک ہو کر اور یگ کرکے بہشت کے طالب ہوتے ہیں وہ بہشت کی آرام گاہ میں پہونچکر عمدہ اور دل کش لذات بہشتی حاصل کرتے ہیں۔

وید کے جو معتقد کرتے ہیں پیکر سوم رس اونکا فردوس بریں میں جاکے ہوتا ہے قیام	پاک نیت سے ریاضت اور جنت کی ہوس اور وہ ہوتے ہیں بہشتی لذتوں سے شادکام

ते तं भुक्त्वा स्वर्गलोकं विशालं क्षीणे पुण्ये मर्त्यलोकं विशंति
एवं त्रयीधर्ममनुप्रपन्ना गतागतं कामकामा लभंते ॥२१॥

بعد چندے عالم میں واپس آتے ہیں اور گردش میں پڑتے ہیں۔

(۲۱) اور اُس بلند مقام میں خط نفس اوٹھا کر ثواب کے ختم ہونے پر عالم فانی میں داخل ہوتے ہیں اِس طور پر جو لوگ خواہشوں کے پابند ہیں اور تینوں ویدوں کی ہدایت پر عمل کرتے ہیں وہ آمد و رفت میں رہتے ہیں۔

ختم ہو جاتا ہے جب ایسے ریاضتوں کا ثمر پیروان وید جنکا دل ہے پر از مدعا	واصلان عیش کا جنت سے ہوتا ہے سفر جبر قدرت سے ہیں یوں آواگوں میں مبتلا

جو لوگ بیم اور اُمید رکھتے ہیں اور عقبیٰ کے عیش و آرام کے حاصل کرنیکی غرض سے عقاید مذہبی کی پابندی اور نیک افعالی اختیار کرتے ہیں وہ اپنی خواہش میں کامیاب ہوتے ہیں لیکن علم ذات سے ناواقف ہونے کے باعث وصال ذات کے اعلیٰ اور اصلی آرام سے محروم رہتے ہیں۔

अनन्याश्चिंतयंतो मां ये जनाः पर्युपासते ॥
तेषां नित्याभियुक्तानां योगक्षेमं वहाम्यहम् ॥२२॥

نیک افعال کا ثمرہ ضرور رہتا ہے

(۲۲) جو لوگ دل کو یکسو کرکے میری پرستش کرتے ہیں اور ہمیشہ میری یاد میں مشغول رہتے ہیں انکی امداد اور حفاظت کرتا ہوں۔

یاد کرتے ہیں مجھے جو لوگ باصدق و صفا	اُنکی امداد و حفاظت فرض اوّل ہے میرا

येऽप्यन्यदेवताभक्ता यजंते श्रद्धयान्विताः॥
तेऽपि मामेव कौंतेय यजंत्यविधिपूर्वकम् ॥२३॥

(۲۳) جو اور دیوتاؤں کو مانتے ہیں اور اعتقاد کے ساتھ انکا یگ کرتے ہیں اے ارجن وہ بھی بیقاعدہ طور پر میری ہی پرستش کرتے ہیں۔	نیک افعال انسان صفات پرست اور ادنیٰ ہیں۔

جو ارادتمند دل سے ہیں طلبگار صفات	وہ بھی میری بندگی کرتے ہیں گو بے علم ذات

اگرچہ دیوتاؤں کو پوجنے والے ذات کی حقیقت سے بے خبر ہوتے ہیں تاہم وہ ارادت صادق رکھتے ہیں اس لیئے اون کو طالب ذات کہنا درست ہے۔

अहं हि सर्वयज्ञानां भोक्ता च प्रभुरेव च ॥
न तु मामभिजानंति तत्त्वेनातश्च्यवंति ते ॥२४॥

(۲۴) میں سب یگوں کا قبول کرنیوالا ہوں اور معبود ہوں چونکہ وہ میری اس حقیقت کو نہیں جانتے اونکا تنزل ہوتا ہے۔	چونکہ وہ ذات کی اعلیٰ حقیقت سے بے خبر ہوتے ہیں اس لئے وہ گردش میں رہتے ہیں

میں ہوں معبود اور مجھسے ہی نتایج کا حصول	ہیں صدا گردش میں وہ جنکا نہیں کوئی اُصول

ذات ہست مطلق ہے اور یگ تپ وغیرہ سب ریاضتیں اوسکی قدرت کا جلوہ ہیں دیوتا کے پوجنے والے اس حقیقت کو نہیں جانتے پس وہ وصال ذات سے بے نصیب رہتے ہیں

यांति देवव्रता देवान्पितॄन्यांति पितृव्रताः॥
भूतानि यांति भूतेज्या यांति मद्याजिनोऽपि माम्॥२५॥

(۲۵) دیوتاؤنکے پوجنے والے دیوتاؤں کو پاتے ہیں مُردوں کو پوجنے والے مُردوں کو عنصروں کے پوجنے والے عنصروں کو میرے پوجنے والے مجھ کو۔	انسان جس کا طالب ہوتا ہے اوسیکو پاتا ہے۔

جس کا جو طالب ہے آخر کار پاتا ہے اُسے	ماسوا اُسکا ماسوا کو اور میرا طالب مجھے

دیوتاؤں کے پوجنے والے وہ لوگ ہیں جو اپنی محدود عقل کے بموجب ایجاد و قیام اور فنا وغیرہ مختلف

صفتوں کو جن کا ذات پاک سے نمود ہے اپنا معبود قرار دیکر اونکی پرستش کرتے ہیں اکثر مذاہب اِس زمرے میں شامل ہیں جتنے آدمی بھوت پریت میراں مدار اور دیگر متوفیان کے معتقد ہیں وہ سب مُردوں کے پوجنے والے ہیں - جو اقوام سورج چاند پیپل اور آگ وغیرہ کو پوجتے ہیں وہ عناصر پرست ہیں - جو حق اور باطل کی تمیز حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ طالب ذات ہیں -

पत्रं पुष्पं फलं तोयं यो मे भक्त्या प्रयच्छति ॥

तदहं भक्त्युपहृतमश्नामि प्रयतात्मनः ॥२६॥

علم ذات کے حاصل کرنے میں تھوڑی سی کوشش بھی ضایع نہیں ہوتی

(۲۶) جو صدق ارادت سے پتہ پھول پھل یا جل مجھے پیش کرتا ہے اوسکے صدق ارادت سے دی ہوئی شے کو میں بخوشی قبول کرتا ہوں

پیش کرتا ہے مجھے جو پتر جل پھل یا کہ پھول	ہے یہ راسخ یہ اُس کا مجھکو دلسے ہے قبول

پتہ پھول پھل اور پانی وغیرہ ادنیٰ درجہ کی چیزیں بھی جو سچے عقیدہ سے دیجاتی ہیں پسندیدہ ہوتی ہیں مطلب یہ ہے کہ علم ذات کے حاصل کرنے میں صدق ارادت سے اگر تھوڑی سی بھی کوشش کیجاوے لاحاصل نہیں ہوتی اور جو شے جس کسی معبود کو سچے عقیدے سے پیش کیجاتی ہے اُسکی قبول کرنیوالی ذات ہے

यत्करोषि यदश्नासि यज्जुहोषि ददासि यत् ॥

यत्तपस्यसि कौन्तेय तत्कुरुष्व मदर्पणम् ॥२७॥

انانیت کو ترک کرنا چاہئے

(۲۷) اے ارجن تو جو کچھ کرتا ہے - جو کچھ کھاتا ہے جو کچھ ہومتا ہے جو کچھ خیرات کے طور پر دیتا ہے اور جو ریاضت کرتا ہے اوسے تجھ سے منسوب کر

مجھ سے کر منسوب ارجن فاعلیت فعل کی	دہرم یگ تپ دان اور بھوجن ہیں اصل زندگی

جتنے فعل تجھسے سرزد ہوں تو اون کے فاعل ہونے کے خیال کو چھوڑ دے اور ذات مطلق کی قدرت کو اُن کا فاعل سمجھ -

शुभाशुभ फलैरेवं मोक्ष्यसे कर्मबंधनैः ॥

संन्यास योग युक्तात्मा विमुक्तो मामुपैष्यसि ॥ २८॥

	اس طور پر تو افعال کی قید سے جن کا نتیجہ نیک اور بد ہے چھوٹ جایگا اور علم حقیقت کے طریقہ کا شاغل ہوکر آزادی حاصل کریگا اور مجھ میں وصل ہوگا۔ (۲۸)	افعال کی قید سے آزاد ہونے اور وصال حاصل کرنے کا یہی طریقہ ہے۔

ترک کردیگا جزائے فعل کا بیم ورجا مجھ میں واصل ہو کے تو ہستی کو میری پائیگا		جبکہ تو پابندیِ افعال سے ہوکر رہا لوحِ خاطر سے ترے نقشِ خودی مٹ جائیگا

جب انسان قدرت کو تمام فعلوں کا فاعل مانتا ہے تب وہ افعال اوسے پابند نہیں کرتے یعنی عارف کے سرور میں جو ذات کی ادراک سے حاصل ہوتا ہے فعل کے ہونے سے کوئی نقص واقع نہیں ہوتا اس کل ادھیا میں صرف اتنی ہی عملی طریقت ہے جو اوپر کے منتر میں بیان کی گئی۔

समोऽहं सर्वभूतेषु न मे द्वेष्योऽस्ति न प्रियः ॥
ये भजन्ति तु मां भक्त्या मयि ते तेषु चाप्यहम् ॥ २९ ॥

	میں سب میں مساوی ہوں اور شوق اور نفرت نہیں رکھتا جو مجھے عشق کے ساتھ یاد کرتے ہیں وہ مجھ میں محو ہو جاتے ہیں اور میں اون میں۔ (۲۹)	چونکہ ذات متضادہ صفتوں سے آزاد ہے اسلئے جو لوگ انانیت کو چھوڑ کر افعال کی قید سے آزاد ہو جاتے ہیں وہ ذات میں وصل ہوتے ہیں۔

اُنہیں میں ہوں مجھ میں وہ جسکو محبت ہے مری		سب میں ہیں یکساں ہوں یعنی شوق و نفرت ہے بری

جو مرقومہ بالا طریقت سے ذات پاک کے طالب ہوتے ہیں اون کے حال پر یہ شعر صادق آتا ہے

چوں آئینہ بدست من و من در آئینہ		او در دل منست و دل من بدست اوست

अपि चेत्सुदुराचारो भजते मामनन्यभाक् ॥
साधुरेव स मन्तव्यः सम्यग्व्यवसितो हि सः ॥ ३० ॥

	جو کوئی بد افعال میری ذات واحد کا تصور کرتا ہے اوسکو بھی نیک افعال ماننا چاہیے کیونکہ اوسکا ارادہ نیک ہوتا ہے (۳۰)	جو بد افعال علم ذات کا طالب ہو اوسے نیک افعال خیال کرنا چاہیے

نیک ہے بدکار بھی ملتا ہے نیت کا ثمر		جان کو قربان کرتا ہے جو میرے نام پر

جو بھی کوئی بد افعال علم ذات کا متلاشی ہے اوسے نیک افعال کرنا لازم ہے کیونکہ اوسکا راہ راست پر آنا ثابت کرتا ہے کہ اوسکی بد خصلت مغلوب ہو گئی ہے اور نیک خصلت غلبہ پا گئی ہے۔

क्षिप्रं भवति धर्मात्मा शश्वच्छान्तिं निगच्छति॥

कौन्तेय प्रतिजानीहि न मे भक्तः प्रणश्यति ॥३१॥

چونکہ وہ علم انسان کو جلد نیک افعال بناتا ہے اوسکی حاصل کرنے میں کوشش رائیگاں نہیں ہوتی

(۳۱) وہ جلد نیک افعال ہو جاتا ہے اور دائمی اطمینان پاتا ہے اے ارجن میں تجھے یقین دلاتا ہوں کہ میرا طالب فنا نہیں ہوتا۔

نیک اعمالی میں اسکو جلد آتا ہے قرار
یہ سمجھ لے میرا طالب ہے فنا سے رستگار

علم ذات میں کوشش کرنے سے نیک افعالی بڑھتی ہے شکوک رفع ہوتے ہیں اور حالت سکون ملتی ہے۔

मां हि पार्थ व्यपाश्रित्य येऽपि स्युः पापयोनयः॥

स्त्रियो वैश्यास्तथा शूद्रास्तेऽपि यान्ति परां गतिम् ॥३२॥

عورت ویش اور شودر بھی وصال حاصل کر سکتے ہیں

(۳۲) اے ارجن جب کہ ناقص الوجود عورت اور ویش۔ اور شودر میری پناہ میں آکر اعلیٰ منزل پر پہونچ جاتے ہیں۔

فرقۂ نسواں و ناقص عقل و ویش و شودر جب
سایۂ رحمت میں اعلیٰ منزلت پاتے ہیں سب

عورت ویش اور شودر کیطرف حقارت سے دیکھنا بیجا ہے کہ وہ بھی علم ذات حاصل کر کے درجہ کمال پر پہونچ سکتے ہیں۔

किंपुनर्ब्राह्मणाः पुण्या भक्ता राजर्षयस्तथा ॥

अनित्यमसुखं लोकमिमं प्राप्य भजस्व माम् ॥३३॥

برہمن اور چھتری کا تو کیا ذکر ہے علم ذات کو جو آرام ابدی دیتا ہے حاصل کرنا واجب ہے۔

(۳۳) تو پھر نیک خصلت برہمن اور طالب ذات راج رشی کا کیا ذکر کیا جاوے تو اس عالم کو بے ثبات اور آرام ابدی سے خالی جانکر مجھے یاد کر

نیک خصلت برہمن و باصداقت چھتری
کیا تعجب ہے اگر ہوں رازدار سرمدی
بے ثبات عالم ہے اور مفقود ہے عیش دوام
اتنے نکتہ کو سمجھکر یاد کر میری مدام

اگر برہمن اور چھتری درجہ کمال کو پاویں تو کوئی تعجب کا مقام نہیں کیونکہ وہ علم اونکا ترکہ ہے

جس کے بدولت آسایش ابدی ملتی ہی۔

मन्मना भवमद्भक्तो मद्याजीमां नमस्कुरु॥
मामेवैष्य सि युक्त्वैव मात्मानं मत्परायणः॥३४॥

علم ذات حاصل کرکے ذات میں وصل ہو (۳۴) مجھ میں دلکو لگا۔ میری پرستش کر۔ میرے واسطے یگ کر میری بندگی کر۔ تو اس طریقہ سے اپنی ہستی کو میرے حوالہ کرکے مجھ میں وصل ہوگا۔

مجھ میں اپنا دل لگا اور مجھکو سچا مان لے نقد ہستی کر مجھے تفویض تو ہو جا فنا		میری خاطر کر ریاضت مجھکو مالک جان لے مجھ میں واصل ہوگا میرے قول پر ایمان لا	

ہستی بحت کو اپنے دل میں تسلیم کرنے سے پندار کا حجاب رفع ہوتا ہے اور وصال کی صورت بطون میں پیدا ہوتی ہے۔ علم ذات کے حاصل کرنیکا یہی طریقہ ہے اور اوسی کو مصنف نے اوپر کے ستائیسویں منتر میں دیگر الفاظ میں بیان کیا ہے۔

श्रीमद्भगवद्गीता सूपनिषत्सु ब्रह्म विद्यायां योग
शास्त्रे श्री कृष्णार्जुन संवादे राजविद्या राज-
गुह्य योगो नाम नवमो ऽध्यायः॥ ९॥

شری بھگوت گیتا کے مخفی علم الوہیت کے طریقت کے بارہ میں کرشن اور ارجن کی تقریر کی راج ودیا راج گھیہ یوگ نام نویں ادھیا ختم ہوئی

نویں ادھیا کا خلاصہ

(۱) ہستی بحت حدوث اور قدیم سے برتر او افعال سے بے تعلق ہے کل افعال کی پیدایش اور عالم کا ظہور اور غیوب صفات سے ہوتا ہے۔ ذات اور صفات کے درمیان ایک عجیب تعلق ہے جو کہ ادراک معقولات سے برتر ہے اور پندار کے ترک کرنے کے بعد چشم معرفت سے نظر آتا ہے اسے تعلق اسوجہ سے کہتے ہیں کہ صفات کا ذات کیوجہ سے قیام ہے اور لفظ تعلق درست بھی نہیں ہے کیونکہ ایک دوسرے سے الحاق نہیں۔ مقناطیس لوہے کو دور سے کھینچتا ہے مگر کوئی شخص نہیں بتا سکتا کہ ان

میں کس قسم کا تعلق ہے جو کچھ اوپر بیان کیا گیا ہے وہی علم ذات ہے اور ہر فرد بشر مرد خواہ عورت کو وہ علم حاصل ہو سکتا ہے اور پھر کبھی فنا نہیں ہوتا اوسکا حاصل کرنا انسان کا فرض ہے اور اوس کے حاصل کئے بغیر وصال ممکن نہیں۔

(۲) انسان تین قسم کے ہوتے ہیں بد افعال۔ نیک افعال اور عارف۔ بد افعال لذّات دنیوی میں مصروف رہتے ہیں اور کسی کو اپنے سے اعلیٰ اور واجب التعظیم نہیں سمجھتے اس قسم کے آدمی دام غفلت میں گرفتار اور ذلیل و خوار رہتے ہیں۔ نیک افعال اپنا خالق اور معبود مانتے ہیں اور حواس کو مطیع کر کے اوسکی پرستش میں مصروف رہتے ہیں اونکو اپنی نیک افعالی کے ثمرے میں آرام و آسایش حاصل ہوتے ہیں مگر وہ اصلی نہیں ہوتے یعنی اونکا ہمیشہ قیام نہیں رہتا عارف حق و باطل کو شناخت کرتا ہے اور عالم کو صفات کا جلوہ اور پندار کو ایک موہوم شئے جانتا ہے۔ پس وہ بیم و رجا کا پابند نہیں ہوتا اور علم ذات میں مسرور رہتا ہے اوسکا درجہ نیک افعالوں سے بلند ہے۔

(۳) علم ذات پندار کے ترک سے حاصل ہوتا ہے یعنی جب تک پندار کا حجاب رفع نہیں ہوتا علم ذات اور وصال ہرگز حاصل نہیں ہوتے اِس لئے انانیت کا چھوڑنا انسان کو واجب ہے۔

دسویں ادھیا وبھوتی یوگ

श्री भगवानुवाच

भूयएव महाबाहो शृणु मे परमं वचः॥

यत्तेऽहं प्रीय माणायवक्ष्यामि हितकाम्यया॥१॥

شری بھگوان نے فرمایا

علم ذات کی اس ادھیا میں مکرر تشریح درج ہے۔

(۱) اے ارجن تو میرے اعلیٰ کلام کو دوبارہ سن چونکہ تو مجھے عزیز ہے اسلئے میں تیری بہتری کے خیال سے ذیل میں اسکی تشریح کرتا ہوں۔

سن مفصل راز مخفی ارجن اب بارِ دگر ۔ مجھکو اے پیارے تری بہبود ہے مدِ نظر

دسویں ادھیا میں متکلّم نے عجائبات عالم کو ذات واحد کا جلوہ ثابت کیا ہے۔

न मे विदुः सुरगणाः प्रभवं न महर्षयः॥

अहमादिर्हि देवानां महर्षीणांच सर्वशः॥२॥

صفات پرست اس علم سے ناواقف رہتے ہیں

(۲) میری حقیقت کو دیوتا اور مہرشی نہیں جانتے اسوجہ سے کہ میں سب دیوتاؤں اور مہرشیوں کا مبدا ہوں

مہرشی اور دیوتاؤں کی ہے مجھسے ابتدا ۔ اسلئے میری حقیقت سے ہیں وہ ناآشنا

مہرشی وہ عارف ہیں جنہوں نے باہمی مناظرے سے عالم کی ایجاد قیام اور فنا کو تحقیق کرلیا ہے اور دیوتا اُن لطیف قوتوں کا نام ہے۔ جو انسان اور دیگر حیوانات میں بصورت قوت متخیلہ وعقل وغیرہ موجود ہیں اور جسم میں محدود نظر آتے ہیں وہ سب دراصل ذات نامتناہی کی قدرت کے مختلف اشکال ہیں اور اوس سے ظہور پاکر اوسیکا حجاب ہو رہے ہیں بس جو کچھ اونکے ذریعہ سے دریافت ہوتا ہے اون سب کا مبدا وہ ذات ہے۔

योमामजमनादिंच वेत्तिलोकमहेश्वरम्॥

असंमूढः स मर्त्येषु सर्वपापैः प्रमुच्यते॥३॥

جو لوگ اُس سے واقفیت حاصل کرتے ہیں وہ گناہوں سے آزاد ہو جاتی ہیں

(۳) میں پیدایش اور فنا سے بری اور عالم کا صاحب ہوں جو دانشمند انسان مجھے جان لیتا ہے وہ گناہوں سے رہائی پاتا ہے۔

میں ازل سی ہوں ابد تک مالکِ کون و مکان	معصیت سے پاک و بالا تر ہے میرا راز داں

बुद्धिर्ज्ञानमसंमोहः क्षमा सत्यं दमः शमः ॥
सुखं दुःखं भवो भावो भयं चाभयमेव च ॥४॥
अहिंसा समता तुष्टिस्तपो दानं यशोऽयशः ॥
भवन्ति भावा भूतानां मत्त एव पृथग्विधाः ॥५॥

انسانی طبائع ذات پاک سی ظہور پاتی ہیں

(۴ و ۵) عقل[1]-علم[2]-ہوشیاری[3]-تحمل[4]-راستبازی[5]-نفس کشی[6]-ضبط دل[7] خوشی[8]-رنج[9]-پندار[10]-ترک پندار[11]-خوف[12]-بیخوفی[13]-رحمدلی[14]-سکون[15]-قناعت[16] ریاضت[17]-فیاضی[18]-خیر طلبی[19]-اور بدخواہی[20]- وغیرہ انسان کی مختلف خصلتوں کا ظہور مجھسے ہوتا ہے

علم و دانش ہوشیاری ضبطِ دل رنج و خوشی	بُردباری راستبازی نفسِ امارہ کُشی
خوف بیخوفی سکونِ دل خودی ترکِ خودی	نیک و بد خواہی قناعت رحم اور دریا دلی
مختلف خاصیتوں کا طبعِ انسان میں ظہور	جانتے ہیں مجھسے جنکو جاننے کا ہے شعور

یہ سب خصلتیں مندرجہ بالا طبائع انسان میں ذات واحد کی صفاتی قوتوں سے پیدا ہوتی ہیں اور اون کی امتزاج میں اختلاف ہونے کے سبب سے وہ مختلف ہوتی ہیں۔

महर्षयः सप्त पूर्वे चत्वारो मनवस्तथा ॥
मद्भावा मानसा जाता येषां लोक इमाः प्रजाः ॥६॥

وہ سات اور چار صفاتی قوتوں کی ترکیب سے ظہور پاتی ہیں

(۶) سات قدیم مہرشی اور چار منو میری صفاتی قوتیں ہیں جن سے دنیا میں یہ خصلتیں پیدا ہوتی ہیں۔

میری اعلیٰ طاقتیں چاروں منو ساتوں رشی	ہیں قدیمی جنسے پیدایش ہی مخلوقات کی

سات مہرشی اور چار منو کا اشارہ گائیتری منتر کی سات بہومکا اور چار اوستھا پر ہی جن کے

اختلاط اور ترکیب سے مخلوقات میں تمام خصلتیں پیدا ہوتی ہیں اور وہ مخلوق چندے عالم جز کی سیر کرکے خوابگاہ عدم میں جاتے ہیں گاتیری منتر پر غور کرنے سے مندرجہ بالا معنی صاف طور پر سمجھ میں آسکتے ہیں۔

एतां विभूतिं योगं च मम यो वेत्ति तत्त्वतः॥
सोऽविकंपेन योगेन युज्यते नात्र संशयः॥७॥

جو بشر اون قوتوں کی ترکیب کو سمجھ لیتا ہے وہ اصلی آرام کو پاتا ہے۔

(۷) جو میری قدرت کو اور اوسکے اون جلوونکو ٹھیک طور پر جان لیتا ہے وہ بیشک ایسی حالت سکون کو پاتا ہے جسے کبھی جنبش نہیں ہوتی

قدرت اور جلوونکا میرے علم کامل ہے جنہیں	قطب ہیں وہ اور سکون قلب حاصل ہے جنہیں

جو انسان ان منازل کو تمیز کرلیتا ہے اور اپنے وجود کی کیفیت سے آگاہ ہو جاتا ہے اوسکو ایسا قرار و اطمینان ملتا ہے جسمیں کبھی خلل واقع نہیں ہوتا یہ امر علمی ثبوت رکھتا ہے اور اسمیں شک کی گنجایش نہیں ہے اور انسان کو اس کے بارہ میں شکوک اوسی وقت تک پیدا ہوتے ہیں جبتک اوس نے اسے عملی طور پر ثابت نہیں کیا ہے۔

شعر

ناصح بہ طعن گفت برو ترک عشق کن	معذور دار مست کہ تو اورا ندیدۂ

अहं सर्वस्य प्रभवो मत्तः सर्वं प्रवर्तते॥
इति मत्वा भजंते मां बुधा भाव समन्विताः॥८॥

طالب صادق ذات پاک کے تحقیقات میں علمی بحث کرتے ہیں۔

(۸) جو دانشمند اور طالب صادق ہیں وہ یہ سمجھکر کہ میں سب کا مبدا ہوں اور سب کا مجھ سے ظہور ہے میری یاد کرتے ہیں۔

سب کا میں آغاز ہوں اور مجھسے ہے سب کا ظہور	یہ سمجھکر یاد کرتے ہیں مجھے اہل شعور

وہ صفاتی قوتیں جن کے متعلق عالم کا نظام ہے پرکرت یعنی قدرت سے ظہور پاتی ہیں اور قدرت ذات کا عکس ہے پس ذات کل عالم کا مبدا ہے۔ جو لوگ تحقیقات باطنی کا شوق

رکھتے ہیں وہی اور اک ذات میں مشغول ہوتے ہیں۔

मच्चित्ता मद्गतप्राणा बोधयंतः परस्परम् ॥
कथयंतश्च मां नित्यं तुष्यंति च रमंतिच ॥९॥
तेषां सतत युक्तानां भजतां प्रीतिपूर्वकम् ॥
ददामि बुद्धि योगं तं येन मामुप यांति ते ॥१०॥

وہ علمی بحث کے نتیجہ میں علم ذات حاصل کرتے ہیں

(۹و۱۰) جو مجھ میں دل اور جان کو لگاکر میری بابت باہم گفتگو کرتے ہوئے اور میرا ذکر کرتے ہوتے ہمیشہ خوش وخرم رہتے ہیں اور میرے تصور میں ہر وقت عشق کیساتھ مشغول رہتے ہیں اونہیں میں وہ علم عرفان عطا کرتا ہوں جس کے وسیلہ سے وہ مجھے پاتے ہیں۔

جو عقیدت مند مجھ میں ہیں دل وجان سے فدا		جنکو دایم مشغلہ ہے میرے ذکر و فکر کا ،	
دل سے میری بندگی کرتے ہیں جو صبح و مسا		علم عرفان اُنکو بہر وصل کرتا ہوں عطا	

جو لوگ صدق ارادت سے علم ذات کے بارہ میں گفتگو کرتے ہیں اور سچے دل سے اوسکی تلاش میں مصروف رہتے ہیں آخر کار علم ذات اونکی قلب پر آشکارا ہوجاتا ہے عشق صدق ارادت کا نام اور اپنے آپکو بھول کر اوس کی یاد میں رہنا منزل فنا ہے۔

तेषा मेवानुकं पार्थ महमज्ञानजं तमः ॥
नाशयास्यात्म भावस्थो ज्ञान दीपेन भास्वता ॥११॥

علم ذات جہل و نادانی کو دور کرتا ہے۔

(۱۱) میں اپنی قدرت میں نزول کرکے رحمدلی کے ساتھ معرفت کے روشن چراغ سے اون کے جہل کی تاریکی دور کرتا ہوں۔

تیرگی عقل اُن کی بہتری کے واسطے		دور کردیتا ہوں علم معرفت کی شمع سے	

علم ذات کی روشنی سے نادانی کی تاریکی بالکل رفع ہوجاتی ہے اور سکون کی حالت پیدا ہوتی ہے۔

अर्जुनउवाच-परं ब्रह्मपरं धाम पवित्रंपरमं भवान् ॥
पुरुषं शाश्वतं दिव्यमादि देव मजं विभुम् ॥१२॥
आहुस्त्वा मृषयः सर्वे देवर्षिर्नारदस्तथा ॥
असितो देवलो व्यासः स्वयंचैवब्रवीषि मे ॥१३॥

ارجن نے سوال کیا

کل عارفان متفق الرائے ہیں کہ ذات پاک قدیم محیط اور ہست مطلق ہے۔

(۱۲ و ۱۳) دیورشی۔ نارد۔ اسیت۔ دیول۔ ویاس اور سب رشی آپکو وہ ذات بیان کرتے آئے ہیں جو ہست مطلق سب سے اعلیٰ نہایت پاک قدیم حیرت انگیز۔ پیدایش وفنا سے آزاد اور محیط ہے اور آپ بھی ایسا ہی فرماتے ہیں۔

ذاتِ حق عالم کا مخزن اور سب سے پاک تر	حیرت افزا اشرف واوّل محیط وبے ضرر
مانتے ہیں آپکو ویاس اور نارد مہرشی	دیول واسیت فرماتے ہیں ایسا آپ بھی

सर्वमेतदृतं मन्ये यन्मां वदसि केशव ॥
न हि ते भगवन् व्यक्तिं विदुर्देवा नदानवाः ॥१४॥

بیم وامید رکھنے والے اوسکی حقیقت کو نہیں جانتے ہیں

(۱۴) اے کرشن آپ جو کچھ فرماتے ہیں میں اوسے بالکل صحیح مانتا ہوں اے بھگوان نیک اور بد انسان دونو آپ کی حقیقت سے بے خبر ہیں۔

کرشن میں تسلیم کرتا ہوں ہدایت آپ کی	ہے نہاں جن وملک سے بھی حقیقت آپکی

جب تک انسان نظر عزیت رکھتا ہے اور بیم وامید میں گرفتار رہتا ہے علم ذات اوسکو ہرگز حاصل نہیں ہوتا۔

स्वयमेवात्मनात्मानं वेत्थ त्वं पुरुषोत्तम ॥
भूत भावन भूतेश देवदेव जगत्पते ॥१५॥

لیکن عارف جو بے پندار ہیں جانتے ہیں۔

(۱۵) آپ ذات پاک محرّک اجسام۔ عالم کے صاحب سب سے

اعلیٰ اور سب کے مالک ہیں اور اپنے تیئں خود آپ ہی جانتے ہیں۔

آپ ہی پر منکشف ہوتا ہے عقدہ آپ کا	اے خداوندِ مسبب ذات پاک وکبریا
حجاب روی تو روے تو ہست درہمہ حال	نہانی از ہمہ عالم زبسکہ پیدائی

वक्तुमर्हस्यशेषेण दिव्या ह्यात्मविभूतयः॥
याभिर्विभूतिभिर्लोकानिमांस्त्वं व्याप्य तिष्ठसि॥१६॥

ارجن کرشن جی سے درخواست کرتا ہے کہ آپ اپنی قدرت کے جلوؤنکو مفصل بیان کیجئے۔

(۱۶) اب آپ اون نادر جلوؤں کا مفصل بیان کیجئے جن سے آپ نے اس کل عالم کو معمور کر رکھا ہے۔

ایسے جلوونکو مفصل مجھپہ ظاہر کیجئے۔	جنسے یہ عالم منور کر رکھا ہے آپ نے

कथं विद्यामहं योगिंस्त्वां सदा परिचिंतयन्॥
केषु केषु च भावेषु चिंत्योऽसि भगवन्मया॥१७॥

میں آپکی حقیقت کو کیسے جان سکتا ہوں۔

(۱۷) آپ تو قادر مطلق ہیں میں آپکو کس تصور کی مزاولت سے جان سکتا ہوں اے صاحب بتایئے کہ میں آپ کا تصور کن وسایل سے کروں

کن وسایل سے ملیگا مجھکو منظر آپ کا	ہے تصور کونسی شکلوں میں بہتر آپ کا

विस्तरेणात्मनो योगं विभूतिं च जनार्दन॥
भूयः कथय तृप्तिर्हि शृण्वतो नास्ति मेऽमृतम्॥१८॥

آپکی قدرت کے جلوؤں کا حال سننا چاہتا ہوں۔

(۱۸) اے کرشن آپ اپنی قدرت اور اوس کے جلوؤں کو بالتصریح پھر فرمایئے کیونکہ آپ کا کلام آب حیات کی تاثیر رکھتا ہے اور اوس کے سننے سے میری سیری نہیں ہوتی۔

اپنی قدرت کے کرشمے پھر بیان فرمایئے	قطرۂ کوثر سے تر میرا دہاں فرمایئے

علم ذات بیشک آبحیات ہے کیونکہ جو شخص اوسے نوش کرتا ہے وہ حیات جاودانی پاتا ہے۔

श्रीभगवानुवाच-हंत ते कथयिष्यामि दिव्या ह्यात्मविभूतयः
प्राधान्यतः कुरुश्रेष्ठ नास्त्यंतो विस्तरस्य मे ॥१९॥

شری بھگوان نے فرمایا

قدرت کے جلوؤں کی انتہا نہیں ہے۔

(۱۹) اچھا اب میں تجھے اپنے خاص اور نادر جلوے بتاتا ہوں یوں تو میرے جلوؤں کی انتہا نہیں ہے۔

مجھ سے سن اب تذکرہ تو میرے خاص اعجاز کا | میرے جلوؤں کی نہیں ہے یوں تو کوئی انتہا

ذات بحت کی قدرت کے جلوے کثیر اور بے انتہا ہیں بلکہ کل اجسام نے اوس سے نمود پایا ہے ذیل میں صرف اون جلوؤں کا بیان لیا جاویگا جو اپنی قسم میں سب سے اعلیٰ درجہ رکھتے ہیں۔

अहमात्मा गुडाकेश सर्वभूताशयस्थितः ॥
अहमादिश्च मध्यं च भूतानामंत एव च ॥२०॥

ذات کل اجسام میں پوشیدہ طور پر موجود ہے

(۲۰) اے ارجن میں کل اجسام کے بطون میں مقیم ہوں اور کل اجسام کی ابتدا وسط اور انتہا ہوں۔

اے دلاور سب کے باطن پر تسلط ہے مرا | ابتدا وسط اور آخر میں ہوں کل اجسام کا

ذات کل اجسام میں محیط ہے اور کل اجسام کا ایجاد قیام اور فنا اوس کا کرشمہ ہے۔

आदित्यानामहं विष्णुर्ज्योतिषां रविरंशुमान् ॥
मरीचिर्मरुतामस्मि नक्षत्राणामहं शशी ॥२१॥

اوسکی قدرت کے جلوؤں کا بیان۔

(۲۱) میں نظام شمسی میں وشنو ہوں ستاروں میں روشن آفتاب ہوں ہواؤں میں مریچی ہوں سیاروں میں چاند۔

روشن ہوں بروجوں میں ستارہ ہوں میں مہر جلوہ گر | بادوں میں تار نفس ہوں اور منازل میں قمر

یہ تصویر نمبر ۹ سمجھ میں آنے پر عجب کیفیت دکھاتی ہے اور اس نظارہ میں عالم نورانی کا تماشا پیش نظر ہو جاتا ہے سنسکرت میں چر متحرک کو کہتے ہیں اور کھ آسمان کا نام ہے ان دو لفظوں کے ملانے سے

چرکھ شبد بنتا ہے جسے فارسی دانوں نے چرخ فلک کہا ہے آفتاب کو اِس چرخ کا مرکز سمجھو اور جتنے سیارے اوس کے گرد اجرام کے صورت میں ہیں وہ سب آفتاب سے بہت چھوٹے ہیں لہذا آفتاب سے جو روشنی اون پر پڑتی ہے اُس سے ایک پنکھڑی سی بنجاتی ہے اس طرح ہر طرف پنکھڑیوں کے بننے سے ایک نورانی چرخہ سا بنا ہوا معلوم ہوتا ہے۔ زمین اس چرخہ کا نکلہ ہے جسکے گرد چاند چکر کرتا ہے زمین کا نصف کُرہ مذرورنگ کا ہے وہ دنکی علامت ہے جو سیاہ حصہ ہے وہ راتکی صورت ہے۔ جس مقام پر سُرخی نمودار ہے اور نقط اوشا لکھا ہوا ہے وہ صبح صادق کی اُفق ہے اوسکے مقابل جہاں نقط مترا لکھا ہوا ہے وہ شام کی شفق ہے اور یہ دونوں ہمیشہ قایم رہتے ہیں یعنی زمین کا جو حصہ اِن مقاموں سے گذرتا ہے وہاں شفق اور اُفق محسوس ہوتے ہیں قمر کا مادہ بارد بشکل برف بارش واولہ زمین کے نکلہ پر مثل روئی کے لپٹا رہتا ہے جس سے تمام غلہ جات و نباتات کی پیدایش اور سب جانداروںکی پرورش ہوتی ہے۔ میش راشی کے آفتاب کو وشبھو کے نام سے تعبیر کیا ہے اور موسم بسنت کی زردی اسی کے اثر سے ہوتی ہے۔

ویدنے سات دیوتاؤں کے علاوہ اوشا۔ مترا۔ اوریم تین دیوتا ترلوکی کے اندر مانے ہیں جن کی صورتین اِس تصویر میں دکھائی گئی ہیں اوشا صبح صادق کی اُفق کا نام ہے جس کا تعلق سورج سے ہے اور مترا شام کی شفق کو کہتے ہیں جسکا تعلق چندرماں یا وردن دیوتا سے ہے یم دیوتا اوس قوت جاذبہ کو کہتے ہیں جو زمین سے آفتاب کی جانب بخارات و دیگر مادوں کو کھینچ لیجاتی ہے اوشا اور مترا کی جوڑی کا نام اشونی کمار ہے اور وہ دو خط مستقیم ہیں جو آفتاب سے اس کرہ زمین و دیگر ستارگان کیطرف آتے ہیں اور صبح و شام کو پیدا کرتے ہیں اِن کے درمیانی وقت کا نام دن اور رات ہے کرہ زمین کے مختلف حصے اِن خطوط میں سے گذرتے ہیں مگر یہ خطوط ہمیشہ بدستور قایم رہتے ہیں۔

مُرت کا اشارہ ہوائی طبقہ پر ہے جس میں مریچی یعنی نفس فضیلت رکھتا ہے اور وہ بوجہ اپنے حیثیت تسکتی یعنی روحانی طاقت کی تمام حرکات کا مبدا ہے۔

چاند کا چکر یعنی قمری دوراون ۲۷ حصوں پر جنہیں نکھشتر کہتے ہیں منقسم فرض کیا گیا ہے۔ اور اسکا مجمل بیان تصویر نمبر ۸ میں ہو چکا ہے اور تصویر نمبر اگلے صفحہ پر ناظرین کے ملاحظہ کیواسطے دکھائی جائیگی

روئے زمین کے مانند چاند کے نصف کرہ پر جو مقابل آفتاب کے ہوتا ہے روشنی اور دیگر نصف کرہ پر جو آفتاب سے اوٹ میں ہوتا ہے اندھیرا رہتا ہے مگر روئے زمین کے باشندگان کو اوسکا روشن حصہ اوسقدر دیکھتا ہے جتنے نظر کے سامنے آتا ہے یہی وجہ ہے کہ چاند کی کلائیں گھٹتی اور بڑھتی معلوم ہوتی ہیں اور جن تین دنونمیں اوسکا روشن حصہ زمین کے مقابل نہیں ہوتا اونمیں رویت قمر بالکل نظر نہیں آتی چاند کا کرہ برودت کا مرکز ہے اور وہ زمین سے قریب ہونیکی وجہ سے جذرومد وغیرہ سمندروں میں پیدا کرتا ہے۔

वेदानां सामवेदोऽस्मि देवानामस्मि वासवः॥
इन्द्रियाणां मनश्चास्मि भूतानामस्मि चेतना॥२२॥

الیضاً (۲۲) میں ویدوں میں سام وید ہوں دیوتاؤں میں اندر۔ حواس میں دل ہوں اور جسموں میں جان۔

راجہ اندر دیوتاؤنمیں۔ رچا میں سام ہوں		میں دل وجان حواس خمسہ واجسام ہوں

چونکہ سام وید میں طریقت عشق بمقابلہ اور ویدوں کے زیادہ صاف طور پر درج ہے لہذا وہ قدرت کا خاص جلوہ بیان کیا گیا ہے۔ اندر اوس صفاتی قوت کو کہتے ہیں جو بصورت نفس جسم انسان میں داخل ہوکر حواس پر حکومت کرتی ہے اور دل سے اپنے وزیر کا کام لیتی ہے۔ دل کی غیر حاضری میں حواس خمسہ بیکار ہو جاتے ہیں اسلئے دل اونپر فضیلت رکھتا ہے سب جانتے ہیں کہ ہر ایک جسم جان کی وجہ سے حس وحرکت کرتا ہے اور اشیائے بیرونی کو تمیز کرتا ہے۔ اسلئے جان کو جسم پر بہر نوع عظمت حاصل ہے

रुद्राणां शंकरश्चास्मि वित्तेशो यक्षरक्षसाम्॥
वसूनां पावकश्चास्मि मेरुः शिखरिणामहम्॥२३॥

الیضاً (۲۳) میں رودروں میں شنکر ہوں یکش اور راکشسوں میں کوبیر وسوؤں میں اگنی ہوں اور پہاڑوں میں میرو۔

میں ہی رودروں میں ہوں شنکر یکش وراچھس میں کوبیر	میروسودوں میں ہوں اگنی اور پہاڑوں میں سمیر

شیو ستو گنی شنکر جو گنی اور رودر تمو گنی نام ہے اس تصویر نمبر ۱۱ کے دیکھنے سے شیو پران کا اختصار اور مدعا سمجھ میں آجاوے گا۔ بھارت ورش کی ترکوں مورتی ہے اور شیو کا سرد وپ اوسمیں نظر آتا ہے اور جٹا جوٹ کشمیر کا مقام ہے اور جٹائیں جو دائیں ہاتھ پر پھیلی ہوئی ہیں پہاڑیاں ہیں جنہیں سے گنگا جی اور تمام ندیاں گذرتی ہیں اور سمندر کی طرف جاتی ہیں پھر اون کو آفتاب کی حرارت سمندر سے جذب کر کے بادل کی صورت بناتی ہے تب بارش پہاڑوں پر ہوتی ہے ایسا چکر برابر چلا جاتا ہے تیرتھوں کے مقامات اِس نقشہ میں مندرج ہیں ہاتھ کا ترشول تین مقامات بدرکا شرم کیدارناتھ اور گنگوتری کو جو اِس شکل کے ہیں دکھاتا ہے کمر میں مرگ چھالا لپٹی ہوئی ہے کوبیر دیوتا کو دنیا کا خزانچی یا بھنڈاری پورانوں نے لکھا ہے دنیا پرست جو عقبیٰ سے غافل اور مال دولت کے پوجنے والے ہیں یکھش اور راکھشس کہلاتے ہیں۔

وسو اس حرارت کو کہتے ہیں جو اجسام میں مخفی رہتی ہے اور دو جسموں کے باہم رگڑنے سے ظاہر ہو جاتی ہے۔ یوگ کے اصطلاح میں میرو ڈنڈ کی ہڈی کو کہتے ہیں اور سمیر پربت سے عارفوں کے اصطلاح میں ام الدماغ مراد ہے۔

पुरोधसां च मुख्यं मां विद्धि पार्थ बृहस्पतिम्॥
सेनानीनामहं स्कन्दः सरसामस्मि सागरः॥२४॥

ذات واحد کی قدرت کے نادر جلووں کا بیان	(۲۴) اے ارجن تو مجھے پروہتوں میں اون کا گرو برہسپتی سمجھ میں سپہ سالاروں میں سکند ہوں اور پانی کے مقامات میں سمندر۔

پروہتوں کا رہنما ہوں سب سے بڑھکر عقلمند	ساری جھیلوں میں سمندر فوجداروں میں سکندر

دیوتاؤں کے گرو کا نام برہسپتی ہے۔ سکند نامی ایک بڑا بہادر سپہ سالار دیوتاؤں میں گذرا ہے ظاہر ہے کہ سمندر میں کل دریا جھیل اور ندیاں داخل ہو کر غایب ہو جاتے ہیں اور وہ اِن سب سے بڑا ہے۔

महर्षीणां भृगुरहं गिरामस्म्येकमक्षरम् ॥
यज्ञानां जपयज्ञोऽस्मि स्थावराणां हिमालयः ॥२५॥

ایضاً (۲۵) ہیں مہرشیوں میں بہرگو ہوں لفظوں میں اوم یگیوں میں جپ یگ ہوں اور پہاڑوں میں کوہ ہمالیہ۔

راج رشیو مَیں ہوں بہرگو اکشر دمَیں ہوں اکار		کوہسار و مَیں ہمالہ مشغلوں میں ذکر یار

بہرگو مہرشی ہند کے رشیوں میں بڑے زبردست اور واجب التعظیم گذرے ہیں کتب اہل ہند میں اوم کی ندا کو بڑی فضیلت دی گئی ہے یعنی اوسے اسم اعظم مانا ہے اور اونیشدوں نے اوسکی شناخت اور معنی مفصل بیان کئے ہیں اور ذات وصفات کے تمام علوم کا اوس کے معنی میں مشمول ہونا ثابت کیا ہے۔ کل عملی طریقوں میں جپ یعنی ذکر بالقلب اعلیٰ ہے کوہ ہمالیہ دنیا کے سب پہاڑوں سے بلند ہے اور بلحاظ خوبصورتی اور قدرتی نشو و نما کے قابل تعریف ہے۔

अश्वत्थः सर्ववृक्षाणां देवर्षीणां च नारदः ॥
गंधर्वाणां चित्ररथः सिद्धानां कपिलो मुनिः ॥२६॥

ایضاً (۲۶) میں درختوں میں طوبیٰ ہوں دیورشیوں میں نارد۔ گندھربوں میں چیتررتھ اور کاملوں میں کپل منی۔

برہم رشیو مَیں ہوں نارد برکشوں میں ہوں آشوتھ		میں ہوں منیوں میں کپل گندھرب میں ہوں چیتررتھ

درخت طوبیٰ یعنی کلپ برچھ کی تشریح پندرہویں ادھیا کے اول منتر میں درج ہے اور اسکی مراد علم صفات سے ہے نارد جی عارفوں کے سرتاج تھے کہ اونہوں نے عشق حقیقی کے وسیلہ سے وصال حاصل کیا تھا زمانہ سابق میں جو رقاص یا قوالوں کا فرقہ گندھرب کے نام سے مشہور تھا اون میں ایک شخص چیتررتھ نامی ہوا تھا جو اپنے علم میں کمال رکھتا تھا کپل منی مصنف سانکھ شاستر کے مرتاض کامل اور اعلیٰ درجہ کے فاضل گذرے۔

उच्चैःश्रवसमश्वानां विद्धि माममृतोद्भवम् ॥

ऐरावतं गजेंद्राणां नराणां च नराधिपम् ॥२७॥

(۲۷) تو مجھ گھوڑوں میں اوچے شروا سمجھ جو آبحیات سے پیدا ہوا تھا میں بردست ہاتھیوں میں ایراوت اور رعایا میں بادشاہ ہوں۔

اسپ کی نسلوں میں ہوں میں مرکب عالم پناہ		کوہ تن فیلوں میں ایراوت رعایا میں ہوں شاہ

اہل ہند کی اکثر کتابوں میں سمندر کا متھا جانا اور اوسمیں سے چودہ رتن کا نکلنا بیان کیا گیا ہے عوام اس مضمون کے معنی پر غور کئے بغیر اسے حکایت خیال کرتے ہیں یہ حکایت نہیں ہی بلکہ حضرت انسان کی کیفیت ہی جو ادر پیرایہ میں ظاہر کی گئی ہی سمندر انسان کی ذات ہی اور شیش ناگ اوس میں نفس ہی دیوتا اور دیت صفات ملکوتی و شیطانی ہیں اور کچھوا جسم ہے (دیکھو دوسری دھیائے گاہ ۵ منتر) سمندر کے متھنے سے رتن نکالے گئے ہیں وہ چودہ جوہر پانچ حواس پانچ قوائے افعالی اور چار قوتیں متخیلہ - ممیزہ - مدرکہ اور حافظہ ہیں اور اونمیں سے ایک اوچے شروا ہے یہ ایال دار لمبا دُم دار گھوڑا نہیں ہے بلکہ حضرت انسان کی قوت متخیلہ ہے حاصل کلام یہ ہے کہ جو قوت خیالات کو پیدا کرتی ہی اور جس کے روکنے سے خیالات رکجاتے ہیں اوسے متکلم نے بطور استعارہ گھوڑا بیان کیا ہے اسیکو عارفان گذشتہ نے وشنو کی سواری گرڑ اور برہما کی سواری ہنس اور دُلدل وغیرہ مانا ہے۔ بوعلی شاہ نے لکھا ہے ۔ جہاں تیرہ است درہ مشکل جنیت اعنان درکش دمانے رخت ہستی را بخلوت گاہ جان درکش ۔ ایراوت ہاتھی کا استعارہ بھی قابل غور ہے ایراوت اُن ہاتھیوں میں سے نہیں ہے جو سرکاری توپ خانہ میں کام آتے ہیں بلکہ اون میں سے جو بارش بنکر روئے زمین کو سیراب کرتے ہیں اور دریاؤں میں طغیانی پیدا کرتے ہیں بادل بخارات سے بنتے ہیں اور ہاتھیوں کی فوج کے مانند نظر آتے ہیں جیسے ہاتھی سونڈ سے پانی پیتا ہے اور پھر خارج کر دیتا ہے ویسے ہی بادل بھی پانی کو سمندر سے حاصل کر کے زمین پر ڈالدیتے ہیں اسلئے ایراوت اندر کا ہاتھی بیان کیا گیا ہے۔

आयुधानामहं वज्रं धेनूनामस्मि कामधुक् ॥

प्रजनश्चास्मि कन्दर्पः सर्पाणामस्मि वासुकिः ॥२८॥

الضاً	(۲۸) میں ہتیاروں میں بجر ہوں گئووں میں کامدھینو اسباب تولید میں خواہش ہوں اور سانپوں میں واسوکی۔

بجر ہتیاروں میں اور میں کامدھن گئووں میں ہوں		فعل حیوانی میں خواہش واسوکی سانپوں میں ہوں

بجر زمانہ گذشتہ میں کسی قسم کا نہایت خوفناک ہتیار تہا جس کی صورت اب معلوم نہیں ہوسکتی کامدھن گئو سے چارپایہ کی قسم مراد نہیں جسکی بدولت گھی۔ دودہ۔ دہی۔ وغیرہ دستیاب ہوتے ہیں بلکہ اسکا اشارہ اوس علم حقیقت پر ہے جسکے حاصل کرنے سے تسکین ہوتی ہے اور کسی شے کی تمنا نہیں رہتی۔ تولید کے وسایل میں انسان کی خواہش سب سے بڑا جزو ہے۔ واسوکی ایک قسم کا نہایت زبردست سانپ ہے۔

अनन्तश्चास्मि नागानां वरुणो यादसामहम् ॥
पितॄणामर्यमा चास्मि यमः संयमतामहम् ॥२९॥

الضاً	(۲۹) میں ناگوں میں اننت ہوں۔ مادہ بارہ کے موکلوں میں درون ہوں متوفیوں میں اریمان ہوں اور حاکموں میں یم۔

میں ہوں ناگوں میں اننت اور ابر باران میں ورون		اریما متوفیوں میں حاکموں میں کارکن ؛ ؛

بہاگوت پوران میں یہ بیان درج ہے کہ وشنو بھگوان شیش ناگ کے اوپر آرام کرتے تھے اور لکشمی جی اونکے پاؤں دبا تی تھیں بھگوان کی ناف سے کنول پیدا ہوا اور اوس کنول میں سے برہما جی پیدا ہوئے اور وہ سالہا سال تک اوسکی ڈنڈی میں اوپر تلے دوڑتے رہے ب اگر اسکے معنی پر معقولات اور انصاف کے ساتھ غور کیا جاوے تو ثابت ہوجائے گا کہ یہ بھی حضرت انسان کا بیان ہے وشنو بھگوان پورش یعنی ذات پاک کا نام ہے لچھمی جی پرکرتی یعنی قدرت کاملہ ہے۔ شیش ناگ رگیں ہیں جو کل جسم میں بکثرت پھیل رہی ہیں کنول نرخرہ ہے اور اوسکا پہول دماغ ہے جسمیں برہما جی یعنی بیدار انفاس کے بالا و پائیں حرکتوں کے سبب سے پیدا ہوتا ہے۔

प्रह्लादश्चास्मि दैत्यानां कालः कलयतामहम् ॥
मृगाणां च मृगेन्द्रोऽहं वैनतेयश्च पक्षिणाम् ॥ ३० ॥

ایضاً (۳۰) دیتیوں میں پہلاد ہوں فنا کرنیوالوں میں کال ہوں چارپاؤں میں شیر ہوں اور پرندوں میں گرڑ۔

دیتوں میں ہوں میں پہلاد اور زمانو نمیں فنا		کل پرندوں میں گرڑ شیر ببر ہوں چار پا

پرہلاد بہکت فرقہ جہلا میں پیدا ہو کر اور پرورش پاکر بہی طالب صادق اور عارف کامل ہوئے ہیں اور ایسی پیدائش بیشک عجب ہے زمانہ سے بڑھکر کوئی شے فنا کرنے والی نہیں ہے کیونکہ جو شئے پیشتر ہمارے سامنے تھی اور اب موجود نہیں ہے سمجنا چاہئے کہ وہ زمانہ کے دائرہ فنا میں آئی ہے صاف ظاہر ہے کہ درندوں میں شیر سب سے زبردست ہے اور پرواز کرنیوالونمیں سے سب سے زیادہ اڑنیوالا خیال ہی جسکا نام گرڑ رکھا گیا ہے۔

पवनः पवतामस्मि रामः शस्त्रभृतामहम् ॥
झषाणां मकरश्चास्मि स्रोतसामस्मि जाह्नवी ॥ ३१ ॥

ایضاً (۳۱) تیز رفتاروں میں ہوا ہوں ہتیار باندہنے والوں میں رامچندر ہوں دریائی جانوروں میں مگر ہوں۔ دریاؤں میں گنگا۔

میں ہوا چلنے میں ہوں لڑنمیں دشرتھ کا پسر	میں ہوں دریاؤں میں گنگا مچھلیونمیں ہوں مگر

ہوا کی رفتار کل مادی اشیار سے زیادہ ہے یعنی کوئی مادی شے ذی روح خواہ غیر ذی روح ہوا سے بڑھکر تیز رو نہیں ہے گو روشنی اور طاقت برقی ہوا سے زیادہ رفتار رکھتے ہیں مگر چونکہ وہ وزن نہیں رکھتے مادی اشیار نہیں کہے جاسکتے سری رامچندرجی سپہ گری کے فن میں یکتا تھے اور رامچندر جی اور کرشن جی دونوں ذات واحد کے اوتار تھے کثرت کا خیال جہل و نادانی کا نتیجہ ہے علم ذات وحدت کو ثابت کرتا ہے۔ دریائی جانورون میں مگر زبردست ہے اور تمام دریاؤں میں گنگا سب سے اعلی ہے۔

सर्गाणामादिरन्तश्च मध्यम् चैवाहमर्जुन ॥
अध्यात्मविद्या विद्यानां वादः प्रवदतामहम् ॥३२॥

ایضاً (۳۲) اے ارجن میں موجودات کی ابتدا - وسط اور انتہا ہوں علموں میں علم خود شناسی ہوں - مباحثوں میں بحث ہوں -

میں ہوں موجودات کا آغاز و وسط و خاتمہ		حکمتوں میں خود شناسی منطقوں میں فلسفہ

عالم کا ظہور و غیوب ذات پاک کی قدرت کا تماشہ ہے اور وہ ذات ماضی حال اور مستقبل تینوں زمانوں میں بدستور ہے علم خود شناسی جو اُسکی شناخت کا ذریعہ ہے کبھی فنا نہیں ہوتا اور سب علوم معرض فنا میں آجاتے ہیں -

अक्षराणामकारोऽस्मि द्वन्द्वः सामासिकस्य च ॥
अहमेवाक्षयः कालो धाताहं विश्वतोमुखः ॥३३॥

ایضاً (۳۳) میں حرفوں میں الف ہوں - سماسوں میں میں ڈوند ہوں اور وہ زمانہ ہوں جس کی انتہا نہیں ہے اور عالم کا صانع ہوں جو کہ ہر سمت میں موجود ہے -

میں ہوں حرفوں میں الف ترکیب لفظی میں عطف		ذات لافانی کی صورت نور افگن ہر طرف

انسان سب سے پہلے ندائے الف کا بولنا سیکھتا ہے چنانچہ کل زبانوں کے حروف تہجی میں وہ اوّل حرف قرار دیا گیا ہے - وہ بصورت حرف علت ہر زبان کے الفاظ میں بکثرت استعمال ہوتا ہے - اور دیگر حروف پر فضیلت رکھتا ہے دو لفظوں کی ترکیب سے تیسرے لفظ کے پیدا کرنیکو سماس کہتے ہیں ڈوند اوسکی ایک خاص قسم کا نام ہے ذات باوجود اِس کے کہ وہ عالم کو ظہور دیتی ہے خود زمانہ میں محدود نہیں ہوتی -

मृत्युः सर्वहरश्चाहमुद्भवश्च भविष्यताम् ॥
कीर्तिः श्रीर्वाक्च नारीणां स्मृतिर्मेधा धृतिः क्षमा ॥३४

ایضاً (۳۴) میں سب کو معدوم کرنیوالی موت ہوں اور آنے والی نسل کی پیدائش

کا مخزن ہوں۔ میں عورتوں میں اون کی نیک سیرتی۔ خوبصورتی۔ شیرین زبانی۔ یاد۔ تیزفہمی مستقل مزاجی اور برداشت ہوں۔

میں ہوں پیدایش کا منبع اور مخزن موت کا		عورتوں میں خلق نیکی حافظہ حسلم وحیا

बृहत्साम तथा साम्नां गायत्री छंदसामहम् ॥
मासानां मार्गशीर्षोऽहमृतूनां कुसुमाकरः ॥ ३५ ॥

ایضاً (۳۵) میں سب سُروں میں برہت سُر ہوں اور تالوں میں گایتری تال ہوں مہینوں میں منگسر اور موسموں میں بہار کا موسم۔

تال ہوں گایتری۔ راگوں میں برہت کا ملہار		میں مہینوں میں ہوں منگسر موسموں میں ہوں بہار

سام وید کی مختلف آہنگوں میں سے برہت الحان کو خصوصیت دیگئی ہے جیسے کہ فی زمانہ جوگیا اساوری کو فقرا لوگ قوالی گاؤں میں پسند کرتے ہیں اور اوس کا اثر طبعیت پر زیادہ ہوتا ہے گایتری چھند یعنی وزن بحر نہایت دلپذیر اور عمدہ ہے۔ منگسر کے مہینہ میں اہل ہند کی جسمانی صحت ترقی پاتی ہے مطلع صاف ہوتا ہے۔ اور تپش آفتاب کم ہوتی ہے۔ بہار کا موسم خوشگوار رہتا ہے اور اوسوقت خون میں حرارت پیدا ہونی شروع ہوتی ہے۔

द्यूतं छलयतामस्मि तेजस्तेजस्विनामहम् ॥
जयोऽस्मि व्यवसायोऽस्मि सत्त्वं सत्त्ववतामहम् ॥ ३६

ایضاً (۳۶) میں فریبوں میں قمار ہوں صاحب جلال میں جلال ہوں اور طاقتوروں میں طاقت کوشش اور فتح ہوں۔

شان ہوں میں شان والوں میں فریبوں میں جوا		زور و کوشش کامیابی ہوں میں طاقتدار کا

دنیا ایک قمار خانہ ہے اور اِس میں نقدی وقت ہے جو وقت کو ضایع نہیں کرتا وہ جیتا ہوا قمار باز ہے باقی سب ہارے جواری ہیں۔ اِنسان اپنے آپکو طاقتور سمجھتا ہے اور کوشش اور فتح کا ذریعہ اور فاعل قرار دیتا ہے دراصل وہ طاقت کوشش اور فتح قدرت کی بخشایش ہوتے ہیں۔

वृष्णीनां वासुदेवोऽस्मि पांडवानां धनंजयः॥
मुनीनामप्यहं व्यासः कवीनामुशनाकविः॥ ३७॥

الیفاً (۳۷) میں برشنی کی اولاد میں کرشن ہوں۔ پانڈویں میں ارجن ہوں عارفوں میں ویاس ہوں۔ شاعروں میں اوشنا۔

کرشن ہوں یادو میں ارجن پانڈو میں پیشوا	عارفونمیں ویاس ہوں اور شاعرونمیں اوشنا

یہ کلام ذات نامتناہی کا ہے جو قدیم لازوال اور محیط ہے اور جو کرشن ارجن اور ویاس وغیرہ میں آشکارا ہوئی ہے ارجن اسوقت تک علم ذات سے ناواقف تھا اور اپنے آپ کو اور کرشن بھگوان کو جدا خیال کرتا تھا اس موقع پر ظاہر کر دیا گیا ہی کہ اوسکا یہ پندار غلط ہے کرشن بھگوان اور وید ویاس جی مصنف بھگوت گیتا بھی موحد کی نظر میں جدا نہیں ہو سکتے کیونکہ انانیت کیوجہ سے کثرت نظر آتی ہے استغراق کی حالت میں کل عالم ذات واحد کا جلوہ تمیز ہوتا ہے۔

दंडो दमयितामस्मि नीतिरस्मि जिगीषताम्॥
मौनं चैवास्मि गुह्यानां ज्ञानंज्ञानवतामहम्॥ ३८॥

الیفاً (۳۸) میں حاکموں میں اختیار سزا ہوں۔ راجاؤں میں تدبیر ملکی۔ اسرار میں خموشی ہوں۔ عالموں میں علم۔

ظالموں میں ظلم ہوں راجاؤنمیں فرزانگی	عالمونمیں علم اور اسرار میں ہوں خامشی

جب تک کسی شخص کو اختیارات سزا حاصل ہیں وہ حاکم کہلاتا ہے اختیارات کے چھن جانے پر اوس کی حکومت ختم ہو جاتی ہے۔ ظاہر ہے کہ امن اور فتحیابی تدبیر ملکی پر منحصر ہوتی ہیں خاموش رہنے سے انسان کے دل کا حال پوشیدہ رہتا ہے گفتگو اوسے ظاہر کر دیتی ہے

यच्चापि सर्वभूतानां बीजं तदहमर्जुन॥
न तदस्ति विना यत्स्यान्मया भूतं चराचरम्॥ ३९॥

ذات کل عالم کا غیر فانی تخم ہی اور محیط ہے

(۳۹) اے ارجن کل مخلوقات کا تخم میں ہی ہوں کوئی شے متحرک اور غیر متحرک

ایسی نہیں ہے جس میں میں نہیں ہوں۔

اے دہننجے تخم ہوں میں ساری موجودات کا	کون ساکن اور متحرک میں ہی میرے سوا

नान्तोऽस्ति मम दिव्यानां विभूतीनां परंतप ॥
एष तूद्देशतः प्रोक्तो विभूतेर्विस्तरो मया ॥४०॥

اوسکی قدرت کے جلوے لاانتہا ہیں

(۴۰) اے ارجن میرے نادر جلوؤں کی کوئی انتہا نہیں ہے یہ تونے اپنے جلوؤں کا مختصر بیان کیا ہے۔

درحقیقت میرے نادر شعبدے ہیں بیشمار	گرچہ میں نے اب اُنہیں ظاہر کیا بالاختصار

قدرت کاملہ کے جلوے بے شمار اور حیطہ بیان سے باہر ہیں اس ادھیا میں صرف اون میں سے چند کا مختصر بیان کیا گیا ہے۔

यद्यद्विभूतिमत्सत्त्वं श्रीमदूर्जितमेव वा ॥
तत्तदेवावगच्छ त्वं मम तेजोंऽशसंभवम् ॥४१॥

اوسکی قدرت کے ایک کرشمہ نے کُل عالم کو نمود دیا ہے۔

(۴۱) جو شے کمال یا خوبصورتی۔ یا قوت رکھتی ہے جان لے کہ وہ میرے نور کے ایک شمہ سے پیدا ہوئی ہے۔

جسمیں طاقت خوبی و تکمیل ہے یہ جان لے	اُسکی پیدائش ہے اک شمہ سے میرے نور کے

جن جن اشیاء میں کمال یا خوبصورتی یا زور پایا جاتا ہے سمجھنا چاہئے کہ ذات پاک کے قدرت کی ایک ذرہ نے اون سب کو ظہور دیا ہے۔

अथवा बहुनैतेन किं ज्ञातेन तवार्जुन ॥
विष्टभ्याहमिदं कृत्स्नमेकांशेन स्थितो जगत् ॥४२॥

الغرض کل عالم ذات واحد کا عکس ہے

(۴۲) اے ارجن اِس بیان کو طوالت دینے سے کیا فائدہ حاصل کلام یھہ ہے کہ میں نے ایک شمہ سے اِس کُل عالم کو نمود دے رکھا ہے۔

مجملاً کہتا ہوں میں اب چھوڑ کر طول کلام ،	میرے اک ذرے میں ہی اس ساری عالم کا قیام

حق اندر وے ز پیدائیست پنہان	جہان جملہ فروغ نور حق دان

دسویں ادھیا کا خلاصہ اوس کے آخری منتر میں درج ہے کہ تمام عالم کو قادر مطلق نے اپنے
ایک شمہ قدرت میں قایم کر دکھایا ہے جیسے آنکھ کی پتلی میں سارا عالم سمایا ہوا محسوس ہوتا ہے اسیطرح
جو شمہ قدرت بطون سے باہر کو آتا ہے ساری کائنات اُسی میں مضمر پائی جاتی ہے اب اُسکی تشریح
اس نقشہ میں دیکھو بیچ کے خانہ میں ایک نقشہ ہے جسے سنسکرت میں اشون یا پتین بند کہتے ہیں
یہی شمہ قدرت ہے اور اسیکو مادہ حیات یعنی جیو اور ایک کا اولین عدد شمار میں سمجھنا چاہیے -
قانون قدرت کی کشش سے تجنیس اور افزونی لازمی ہوتی ہے اس لئے بہت سے نقطوں کے مجموعہ کا نام
خط یا ریکھا کہلاتا ہے اور چونکہ خط میں دو نقطہ اول و آخر میں ظاہر ہوتے ہیں اسواسطے وہ دو کا عدد
اور وشنو مورتی کہلایا ہے اوسے تجنیس کے قانون سے جیسے نقطے نے افزوں ہو کر خط بنایا ہے خط نے ایک
اور نیا خط پیدا کر کے مثلث کی شکل اختیار کی ہے - وجہ یہ ہے کہ ایک خط کا ہونا صرف طول کو ثابت کرتا
ہے اور وہ کال یا زمانہ کا روپ ہے جسمیں ماضی و مستقبل دو نقطے لانتہائی ہیں اس خط سے عرض یعنی
ویش ظاہر نہیں ہو سکتا تھا مگر اس دوسرے خط نے اوسی پہلے خط سے ملکر مثلث کی شکل بنائی ہے یعنی
عرض و طول دونوں پیدا کر دیئے ہیں اور یہ شیو کا سروپ ہوا جو ترشول دھاری اور ترنیتر کہلاتا ہے
اور نیز فنا کا دیوتا مانا جاتا ہے چنانچہ جتنے ہتیار کاٹنے والے ہیں اون سب کی شکل مثلث ہوتی ہے -
اسطور پر تین کا عدد ظاہر ہوتا ہے قانون قدرت کے بموجب دنیا میں اصلی عدد تین ہی ہیں اور دیگر
اعداد ان کی اجتماع سے بنے ہیں - ایک عدد کا خیال بغیر اجتماع تین کے ہو نہیں سکتا جب تک
عالم اور علم بینندہ اور بینائی باہم نہ ہوویں تب تک معلوم یا دیدار ظہور میں نہیں آسکتے - یعنی ناظر
نظر و منظور تینوں کے موجود ہوتے بغیر کوئی فعل نہیں بن سکتا بطرز دیگر یوں سمجھے کہ سفید کاغذ
پر ایک خط بنایا جاوے تو وہ کاغذ کی سطح کے دو حصہ کر دیتا ہے یعنی دو سطح اور ایک خط تین
کی موجودگی میں ایک خط کا ہونا ثابت ہو سکتا ہے علی ہذا دو خطوں کے درمیان اگر فصل واقع
نہووے تو دو کا ہونا موہوم ہو جاتا ہے دو خط اور ایک فصل تین کے مشمول ہونے سے دو کا علم

پیدا ہوتا ہی اسیکو ثلیث یا ترپٹی کہتے ہیں اور یہہ تین گن ست رج اور تم کا مجموعہ ہی جو لوگ توحید دوئی اور ثلیث کی بحث کیا کرتے ہیں اگر وہ اسکے معنی کو بخوبی سمجھہ جاویں تو یہ جھگڑا باہمی اس عالم سے معدوم ہوجائے خلاصہ یہ ہے کہ اس ثلیث کو جس کا اوپر بیان ہوچکا ہے عارفوں نے کارن ترپٹی یا ثلیث علم الہیات مانا ہے دوسری تثلیث علم ریاضی یا سوکہشم ترپٹی کہی جاتی ہے یعنی علی مثلث پر جب ایک اور نقطہ حسب قاعدہ قدرت کے افزوں ہوا تب وہ شکل مربع اور چار کا عدد قرار دیا گیا یہی برہما کا روپ اور رجوگن کی مورتی تصور ہوئی اور اسی وجہ سے برہما چار مکہی کہا گیا ہے۔ اس کے بعد جب مثلث پر خط بڑہا یعنی تین اور دو کا اشتمال ہوا تب شکل مخمس پیدا ہوئی اور من کی صورت قرار دیگئی اگرچہ من کی کوئی خاص صورت نہیں ہے مگر جب جسم اس اور پنچ عنصر کی گرہ بندہ جاتی ہے تو وہ مجموعہ من کہلاتا ہے اور اسی بنیاد پر رودر کو جو من کا دیوتا ہے پنج مکہی بنا کر پوجتے ہیں اور یہ پانچ مکہہ خاک[1] آب[2] آتش[3] ہوا[4] اور خلا[5] سمجہنے کے واسطے دکھائی گئی ہیں اور یہ پانچوں من میں موجود ہیں من کا فعل ماننا یعنی تسلیم کرنا ہے ہر شئے کا علیحدہ علیحدہ ماننا من سے ہوتا ہے اور یہ عالم کی صورت ہے جو پنجگانہ ظاہر ہو رہی ہے اسی واسطے یہ پانچ کا عدد قرار دیا گیا۔

ازاں بعد دو مثلثوں کے اکہٹا ہونے سے مسدس کی شکل نمودار ہوئی اور چھ کا عدد ظاہر ہوا جس نے شکل آکاس کی پائی اور اوس کی چھ سمت پورب۔ پچھم۔ دکھن۔ اتر۔ اوپر اور نیچے بسیط ہوگئے۔ تین کا عدد دوبارہ ہو کر چھ کا عدد یعنی کارن سے سوکہشم ترپٹی بن گیا۔

پھر ایک نقطہ علم طبعی یا مادی کا جسے سنسکرت میں استھول کہتے ہیں ازدیاد ہوا اور اوس نے سات کے عدد کو ظاہر کیا یعنی چھ کون والے آکاس میں حرکت پیدا ہونے سے ہوا ابھر گئی اور وہ ساتویں کہلائی۔

بموجب قاعدہ قدرت دو مثلثوں کے مجموعہ پر ایک خط کے افزوں ہونے سے آٹھ کون کی صورت نمودار ہوئی اور اوس نے آٹھ کے عدد کو ظاہر کیا اور وہ آتش کہلائی جو ہوا کی حرکت میں موجود رہتی ہی اور اوسی سے پیدا ہوتی ہے تین مثلثوں کے جمع ہونے سے تین تئے نو کا عدد ظاہر ہوا یعنی پانی جو حرارت سے پیدا ہوتا ہے آشکارا ہوگیا۔ اس کا ظہور ہوتے ہی اول نقطہ یعنی اولین عدد ان سب کے حجاب میں آگیا اور بجائے اس کے دسواں عدد بصورت خاک وجود میں آیا۔

علم ہندسہ کے بموجب تو حرکت یا عدد صفر میں پوشیدہ رہتے ہیں اور ایک کا ہندسہ علیحدہ مفہوم ہوتا
ہے یہی باعث ہی کہ ایک صفر اور ایک کے عدد کے ملانے سے (۱۰) دس کا عدد بنتا ہے ایک کی قیمت
ایک سے زیادہ نہیں ہو سکتی اور صفر کی قیمت کچھ نہیں مانی جاتی پس۔ کچھ نہیں اور ایک عدد کے ملنے سے
دس نہیں بن سکتے ہیں صفر تو اعداد کے بعد پیدا ہوتا ہے تو عدد مخفی طور پر اس میں مشمول رہتے
ہیں اسلیئے وہ ایک کے عدد سے ملکر دس کے عدد کو ثابت کرتا ہے کسی سطح پر آٹھ نقطہ لگاکر اون کو
خطوط سے باہم ملانے سے ہشت پہلو شکل پیدا ہوگی تو نقطوں یا اوس سے زیادہ نقطوں کے لگانی
پر دائرہ یا صفر بننے لگتا ہے۔ یا بالفاظ دیگر دائرہ کا خط کاغذ کی سطح کو دو حصوں میں ایک کو اندر اور
دوسرے کو باہر دکھاتا ہے سطح کو پورکھ یعنی اصل کہتے ہیں اور سیاہی کا خط مایا یا فرع موسوم
ہوا ہے اگر کاغذ کی سطح سے وہ سیاہی مٹا دیجاوے تو کاغذ کا صفحہ صاف ہو جاتے اور اندر اور باہر کا
خیال رفع ہو جائے۔ اگر کسی سے صفر کے معنی پوچھے جاویں تو جواب یہی ملتا ہے کہ کچھ نہیں ان الفاظ
کے معنی سمجھنے چاہئیں یعنی کچھ کہنے کی کیا مراد ہے اور اوسی کے ساتھ نہیں کہنے کا کیا مطلب ہے کچھ اوسے کہتے ہیں
جو حواس ہی جانا جاوے اور نہیں کا کہنا اوسکی نفی ظاہر کرتا ہے۔ یعنی علم ذات کچھ ہے جو یقین میں آسکتا ہی
بیان میں نہیں آتا۔ علم صفات تغیر پذیر اور مثل سایہ کے بے وجود ہے جب لفظ نہیں کا جتاتا ہے۔ اس
اوپر کے اس بیان سے کچھ نہیں کہنے کے معنی کچھ سمجھ میں آجاویں گے المختصر ذات کچھ یعنی ہست ہے جس پر
کوئی اطلاق نہیں آتا اور صفات نہیں یعنی نیست ہے اگرچہ حواس اوسکی شہادت دیتے ہیں۔

اس تصویر میں خاک آب و آتش وغیرہ الفاظ ایک جانب رنگین دائروں کے مقابل لکھے
ہوئے ہیں اور اون سے غرض رنگوں کے امتیاز کی ہے یعنی مٹیالا رنگ ہر تصویر میں خاک کو ہلکا
آبی پانی کو لال رنگ آتش کو ہرا رنگ ہوا کو نیلا رنگ خلا کو اندھیرے کا رنگ من کو زرد
رنگ بدھی کو کتھئی رنگ اہنکار کو گلابی رنگ چیتن یعنی مادہ حیات کو تعبیر کرتا ہے دوسرے خانہ
سے اوپر کے چار درجہ اکھشر یعنی لافانی کو اور نیچے کے چھ اکھشر یعنی فانی کو جتاتے ہیں تیسرے خانہ میں
دیہ شبد دشرتی وغیرہ الفاظ جو لکھے ہیں وہ نشیدگیتی یعنی طریقہ فنا کی منازل کو اسطرح سمجھاتے ہیں

کہ جسم کو اسم میں اور اسم کو خیال میں محو کرنا چاہیے اور اس سے اوپر اشراق کی منزل ہے جس میں علم اشراق کو مادہ حیات میں اور مادہ حیات کو عالم میں اور عالم کو علم میں اور علم کو معلوم میں فقدان کرنے سے آخر میں علم خالص رہجاتا ہے اسی کا نام گیات اوستھا ہے اور اس حالت میں کچھ عرصہ قایم رہنے سے ویگیان یا کیولیہ اوستھا ملتی ہے جسے بقا کا کیف کہتے ہیں اور جو انسانی ادراک کی انتہا ہے۔

درمیانی خانے کے دونوں طرف ایک سے دس تک کے عدد ایک جگہ اوپر سے نیچے تک بڑھتے ہوئے نزول قدرت یا دوہی کو دکھاتے ہیں دوسری طرف کے نیچے سے اوپر کو بڑھتے ہوئے تشید یعنی لے چنتن کے طریقہ کو ظاہر کرتے ہیں اوپر کے نقطہ کی دسویں منزل یعنی انتہا خاک کا کرہ ہے دوسری جانب خاک سے عروج کرتے کرتے دسویں منزل یعنی شدھ برہم کے نقطے کا عین الیقین ہو جاتا ہے نزول کے عددوں سے آگے جو خانہ ہے اوس میں تثلیث کی شکلیں دو طرح سے دکھائی ہیں نقطہ کو ایک شمار کرنے سے تین تثلیث کے بعد دسواں عدد نمایاں ہے۔ اور دو ۲ سے چار تک اور پانچ سے سات تک اور آٹھ سے دس تک جو تین تثلیث نظر آتی ہیں۔ اون میں نقطہ اوپن تثلیثوں سے اوپر اور علیحدہ دکھتا ہے اور تشید کی یکتی سے گن اتیت کہلاتا ہے اسکی شرح ۱۴ ادھیا میں ملیگی مگر اسی خانہ میں تین گنون کی تقسیم بھی کی دبیشی یعنی سامان اور وشیش کے قاعدہ سے ظاہر کر دی گئی ہے یعنی پہلی مہیش کی تربٹی میں ستوگن غالب یعنی پردہان اور رج اور تم مغلوب ہے علی ہذا دوسرے برہما کی تربٹی میں رج غالب اور ست و تم مغلوب ہے اسیطرح تیسرے شیو کی تربٹی میں تم غالب اور رج اور ست مغلوب اپنی اپنی درجے پر آشکارا ہوتی ہیں اور سب سے نیچے تینوں گنوں کا مجموعہ وراٹ ہے جو دسواں عدد بنتا ہے۔

آخری خانہ میں تشبیہہ و تنزیہہ یعنی مورتماں وا مورتماں جنہیں متشکل و غیر متشکل بھی کہتے ہیں اون کی تقسیم دکھائی گئی ہے خاک آب و آتش میں عنصر متشکل ہیں ان سے اوپر کے سب غیر متشکل قرار دیتے گئے ہیں۔ حاشیہ پر جو رنگین دائرہ دکھائے گئے ہیں وہ وید کے بیان کئے ہوئے دیوتاؤں کی صورتیں ہیں جن سے نظام عالم کا ہو رہا ہے اور سب سے چھوٹا سا جو مٹیلے رنگ کا دائرہ زمین سے مشابہت رکھتا ہی

اوسیکو وِیر دیوتا یعنی زمین کا بھنڈاری کہتے ہیں۔

اوس سے نیچے جو دو دائرہ خاکی و آبی ملے ہوئے ہیں وہ تصویر درون دیوتا کی مانی گئی ہے
تین طبقوں کے دائرہ کو جس میں خاکی۔ آبی و آتشی مشتمل ہیں پرجاپتی ترلوکی اور استھول
تریٹی بھی کہتے ہیں چار دائرہ مشتملہ کی صورت مرت دیوتا کی سمجھی گئی ہے اور اُس میں چوتھا چرخ ہوا کا
مشمول ہے پانچ دائرون کی مشترکہ شکل رودر دیوتا کی ہے جو پانچوں عناصر کا مجموعہ ہے۔
چھٹی مورتی اندر دیوتا کی ہے جسمیں ہوا۔ اکاش اور من کی تین امورت یعنی بے شکل چرخ باہم
پیوست ہیں ساتویں واسدیو دیوتا کی صورت ہے جس میں ساتوں طبقہ شامل ہیں اور وہ سب میں
محیط ہونے کی وجہ سے واسدیو کہا جاتا ہے۔
آٹھویں چکر میں آہنکار بدھی اور چیتن اِن تینوں کے ملاپ سے پورکھ کا سروپ مانا گیا ہے اِس
میں آہنکار تو ہرنیہ گربھ کی صورت اور بدھی انہتلے خاک تک جانے سے وراٹ کی مورت
اور چیتن دونوں میں محیط اور بسیط ہونے کی وجہ سے پورکھ یعنی سب میں پورا کہلایا ہے۔
نویں چکر میں بارہ ارونکا نشان ویش یعنی بساط اور دسوین چکر میں سیاہی کا دائرہ کال یعنی
زمانہ کو دکھاتا ہے اِن دونوں کے باہم ملنے سے جیسے کہ دھاگہ کی تانے اور بانے سے وصلہ رنگین اور نقش دار
بن جاتا ہے دستو پیدا ہوتی ہے یعنی برہم کا عکس دیش ہرنیہ گربھ کا عکس کال اور وراٹ کا عکس
دستو کو سمجھ لینا چاہیئے۔
ناظرین جو دقایق اوپر بیان کیے گئے ہیں وہ اِس دسویں ادھیا وبھوتی یوگ نام کے
جلوے اور حقایق کو کھولتی ہیں تا وقتیکہ اِس نقشہ کو سامنے رکھکر ایک ایک عدد اور لفظ کو بغور اور
متواتر نہ سمجھا جاوے اصلی مراد اِن کی سمجھ میں نہیں آتی تاہم ہر ایک شخص جو صرف اسکو پڑھ لیگا
حسب لیاقت اپنے کچھ نہ کچھ معنی اس کے اخذ کر لیگا۔ جو شخص اپنشدوں سے واقف ہوگا وہ
بخوبی معنی اِس کے حل کر سکے گا کہ بھگوت گیتا اوپنشدون کا خلاصہ ہے۔

इति श्री मद्भगवद्गीता सूपनिषत्सु ब्रह्म विद्यायां योग शास्त्रे श्री कृष्णार्जुन संवादे विभूति योगो नाम दशमो ऽध्याय: ॥१०॥

شری بھگوت گیتا کے مخفی علم الوہیت کے طریقت کے بارہ میں کرشن اور ارجن کی تقریر کی دسویں ادھیا موسوم بہ وبھوتی یوگ ختم ہوئی

دسویں ادھیا کا خلاصہ

اجسام صفاتی قوتوں سے بنتے ہیں اور وہ صفاتی قوتیں ذات پاک کی قدرت کی مختلف اشکال ہیں اور ذات اون اجسام میں جو اوس کی قدرت سے ظہور پاتے ہیں اور کثیر نظر آتے ہیں جلوہ گر ہوتی ہے اور اپنا تماشا آپ دیکھتی ہے۔ جو بشر انانیت کو ترک کرکے پہچان لیتا ہے کہ ذات قدیم لازوال اور کل اجسام میں محیط ہے وہ جان جاناں ہو جاتا ہے اور سرور وصال حاصل کرتا ہے اور جو لوگ انانیت کو درست مانکر کثرت پر نظر رکھتے ہیں وہ ذات واحد کے ادراک سے بے نصیب رہتے ہیں پس انسان کو چاہیے کہ وہ انانیت کو ترک کرکے ذات واحد کا دیدار بطون میں حاصل کرے۔

گیارہویں ادھیا وشوروپ درشن

अर्जुन उवाच

मदनुग्रहाय परमं गुह्यमध्यात्मसंज्ञितम् ॥
यत्त्वयोक्तं वचस्तेन मोहोऽयं विगतो मम ॥१॥

ارجن نے کہا

تلقین بالا سے نادانی دور ہوئی — (۱) میرے حال پر مہربانی فرما کر جو آپ نے علم خودشناسی کے اعلیٰ اسرار بیان کئے اون سے میری نادانی رفع ہوئی۔

سُنکے علم خودشناسی کے رموزِ سرمدی	آپکی تلقین سے میری رفع نادانی ہوئی

دسویں ادھیا کے آخری منتر میں بیان ہو چکا ہے کہ ذات پاک نے اپنی قدرت کے ایک حصہ سے کُل عالم کو نمود دے رکھا ہے گیارہویں ادھیا میں اوس کیفیت کا مشاہدہ درج ہے۔

भवाप्ययौ हि भूतानां श्रुतौ विस्तरशो मया ॥
त्वत्तः कमलपत्राक्ष माहात्म्यमपि चाव्ययम् ॥२॥

قدرت کاملہ اور اجسام کا ظہور وغیرہ کی کیفیت دریافت ہوئی — (۲) اے نرگس چشم میں نے آپ سے اجسام کی پیدائش فنا اور نیز غیر فانی قدرت کا مفصل حال سنا۔

راز قدرت اور مخلوقات کا بود و شنا	آپکے الطاف سے میں نے مفصل سُن لیا

एवमेतद्यथात्थ त्वमात्मानं परमेश्वर ॥
द्रष्टुमिच्छामि ते रूपमैश्वरं पुरुषोत्तम ॥३॥

اب آپ کی قدرت کا مشاہدہ چاہتا ہوں — (۳) اے قادر مطلق اور ذات پاک۔ آپ نے اپنی حقیقت جیسے بیان فرمائی ویسی ہی ہے (اب) میں آپ کی قدرت کاملہ کو دیکھنا چاہتا ہوں

آپنے اپنی حقیقت جیسی فرمائی بیان	ویسے ہی ہیں آپ بیشک یہ ہوا مجھ پہ عیاں
ذات پاک اور قادر مطلق کرم فرمایئے	جلوہ اپنی قدرت کامل کا اب دکھلایئے

मन्यसे यदि तच्छक्यं मया द्रष्टुमिति प्रभो ॥
योगेश्वर ततो मे त्वं दर्शयात्मानमव्ययम् ॥४॥

اوسے دکھائیے

(۴) اگر آپ سمجھتے ہیں کہ میں اوس کو دیکھنے کی قابلیت رکھتا ہوں تو آپ مجھے اپنا وہ لازوال ظہور دکھائیے۔

اگر میں لاسکتا ہوں تاب دید خورشید جلال		تو مجھے درسائے اپنا ظہور لازوال

श्रीभगवानुवाच- पश्य मे पार्थ रूपाणि शतशोऽथ सहस्रशः ॥
नानाविधानि दिव्यानि नानावर्णाकृतीनि च ॥५॥

شری کرشن نے فرمایا

جواب مشاہدہ کر بیشمار جلووں کو

(۵) دیکھ میرے ظہور سینکڑوں بلکہ ہزاروں طرح طرح کے عجیب اور مختلف رنگ اور صورت والے۔

ہوش کر اور دیکھ ارجن میرے جلوے بیدرنگ		بعید و بے انتہا اور عجائب رنگ رنگ

पश्यादित्यान्वसून्रुद्रानश्विनौ मरुतस्तथा ॥
बहून्यदृष्टपूर्वाणि पश्याश्चर्याणि भारत ॥६॥

صفاتی قوتوں کو

(۶) اے ارجن تو بہت سے آدیتہ وسو- رودر اشونی کمار اور مرد تونکو دیکھ اور بہت سے عجائبات دیکھ جو تو نے پیشتر نہیں دیکھے۔

سب صفاتی قوتونکو دیکھ اے ارجن عیاں		اہل دنیا کی نگاہوں سے جو یکسر ہیں نہاں

منسلکہ تصویر کو جلوہ جہاں نما کہنا چاہئے اور وہ شائقین کے مطالعہ کے واسطے پیش نظر کی جاتی ہے تاکہ گیارہویں ادھیائے کے معنی بخوبی سمجھ میں آجائیں- اس تصویر کو ہر وقت خیال میں رکھنے کی مزاولت سے اور ہر لفظ کے مراد اور معنی سمجھنے سے کشایش باطنی آخر الامر ہوتی ہے- کرشن اور واجب الوجود میں جو فرق معلوم ہوتا ہے وہ عقل کا نقص ہے جیسے احول کو ہر ایک شے دو نظر آتی ہی اور یہ احولیت اپنے اہنکار یعنی پندار کے فنا کئے بغیر ہرگز جا نہیں سکتی ہی-

اِس تصویر عالم کو برہم یا بیہ درشن اور وراٹ اور جہتو جہیان کہتے ہیں اور یہ اُس صفت جلالی کا بیان ہے جو ایک ایک ذرّے سے ظاہر ہوتی ہے۔

اِسی کو ویدونکی رچاؤں نے جابجا مختلف ضمایر سے ظاہر کیا ہے اور اونپشدوں نے اِس کے عملی طریقہ کو واضح طور سے اور تشریح کے ساتھ کہولا ہے۔

رگ وید کے پورکھ سوکت میں جس آدی پورکھ کی تعریف کی ہے۔ اوس کی یہ مورتی ہے اور اِس میں جو ہزاروں سر اور بے انتہا آنکہیں اور بے شمار پانوں بتاتے گئے ہیں اون سے وہ تمام عالم کو محاصرہ کرکے دس انگل پر مستقیم ہوا ہے وہ پورکھ ماضی اور مستقبل کا جاننے والا اور حیطہ محاسبہ سے باہر ہے اور فضلسے بڑھتا ہے یہ اوس کی قدرت ہے اور وہ ان سے برتر ہے یہ کلُ عالم اوسکے ایک قدم کے برابر ہے اور تین قدم اسکے عالم بالا میں بے زوال ہوکر ٹھیرے ہیں۔

اب غور کرکے سمجھئے کہ تین پاؤں تین ترپٹیاں ہیں جن میں تین گنوں کے حصص لیکر ۹ کا عدد بنا اور دسویں صفر کی صورت میں ظاہر ہوا اور ایک کا عدد قایم بالذات دسواں اُنگل ہی ایک کے عدد پر ایک صفر بڑہانے سے دس اور دو صفر لگانے سے سو اور تین صفر لگانے سے ہزار اور علی ہذا اور صفروں کے بڑہنے سے اننت سنکھیا بنتی ہی اور اونکار کی چار ماترائیں اسی صورت کو دکہاتی ہیں زمین پانی اور آگ کی ایک ترپٹی ترلوکی ہے جس کا نقشہ پر جاپتی مورتی میں اوپر دکہایا جاچکا ہی یہ سب سے اندر کے دائرے اوس تصویر کے ہیں اور اسواسطے اِس تصویر میں ان تینوں دائروں کے گرد ایک حلقہ سفیدی کا دکہادیا گیا ہے اور یہ استھول کہلاتے ہیں۔ دوسرے ترپٹی جو حد نظر سے برتر ہے اوس میں ہوا خلا اور من مشمول ہیں اور وہ سوکہشم ترپٹی ہے اوس کے گرد بھی ایک سفیدی کا خط نمایاں ہے۔ تیسرے ترپٹی جو سب سے اوپر ہے اوسے کارن ترپٹی یعنی علی تثلیث کہتے ہیں جس میں بدّھی اہنکار اور چیتن کے تین دائرے مشمول ہیں یہ تین علم عالم اور معلوم کی قوتیں ہیں اور ان میں کوئی واقعی فاصلہ نہیں ہے صرف تفہیمی ہے اور ان کے مجموعہ کا نام گیات ہے۔ اِنمیں بدّہی برہما کا روپ ہے اہنکار شیو کا اور چیتن وشنو کا سروپ ہے اور یہ

نویں قوت بسیط اور سب کا آدھار ہو کر ایشر اور واسدیو نام سے مشہور ہے اور یہی جیو لوک اور
مادۂ حیات کل جانداروں کی ہے یعنی اوس سے زندگی سب کی ہوتی ہے۔ دسویں قوت جو کاغذ کی مانند
شفاف اور بسیط ہے اور جسپر جزو کل کا نقش بنا ہے اصلی ذات ہے جسے پرشوتم کہتے ہیں۔ اور ان سب
کے محو ہوجانے پر وہ درجہ حاصل ہوتا ہے جسے وگیان بدہیہ مُکت یا نرو کلپ سمادہ کہا گیا ہے اور
جسے کرشن بھگوان نے اپنا پرم دھام بتلایا ہے نیچے کے تین پاؤں اور چوتھے اردہ ماترا اوم کے
اسی کو ظاہر کرتی ہے جو دسویں قوت ہے۔ طالبان کو واضح ہو کہ تیتری منتر میں جو صرف سات
طبق دکھائے گئے ہیں اور یہاں نو طبق ان میں واقعی اختلاف نہیں ہے یعنی دو تریٹیاں تو بدستور
ہیں اور پرواسے ساتویں طبق میں اوس سے اوپر کے دو طبق بھی مشمول ہیں کہ اون میں کوئی تفاوت
مقامی نہیں ہے

نیچے سے دسویں یعنی اوس بعد اور بے انتہا دائرہ کو جس کا کوئی نام و نشان نہیں ہے برہم
کھلایا ہے اور اکھنڈ ابناشی اگوچر الغ کے نفی والے لفظوں سے موسوم ہوا ہے۔ نواں جتین
کا گلابی دائرہ نرنجن نراکار ترونکار نرادہار لفظ نر کے نفی کے ساتھ آشکارا کیا گیا ہے یعنی
باوجود مایا کے ظہور کے وہ اوس سے برتر اور اسنگ ہے اور یہ وشنو کی تعریف ہے۔ آٹھویں
دائرہ کو جو اہنگ اور شیو کا روپ ہے پورکھ سناتن نیتہ دھو وغیرہ ناموں سے متقدمین
نے بیان کیا ہے جو باریک تفاوت ان الفاظ کا ہے وہ ہر ایک کو بلا غور کئے سمجھ میں نہیں
آتا ہے یہ تین قسم کے لفظ علیحدہ علیحدہ مدارج کے موافق ہیں چونکہ مبدا عالم کا اہنکار یا اوم ہے
اسواسطے ویدوں کے چار مہاواک ہیں جن میں تین تین لفظوں کے مجموعے سے بارہ الفاظ دکھلائے
گئے ہیں غرض یہ ہے کہ ان اسماء کا شغل طالبان حق کی رسائی منزل مقصود تک کراتا ہے
جو لوگ پندار جسم میں رہکر ان کا شغل کرتے ہیں اون کو مطلوب کا دیدار حاصل نہیں ہوتا اور
وہ ہمیشہ پندار کے حجاب میں رہتے ہیں۔
اس تصویر کا اب دوسری طرح بیان کیا جاتا ہے۔ سب سے اندر کا دائرہ جو زمین کے

مشابہ ہے اوس کے وسط میں ذرا سی سفیدی نظر آتی ہے یعنی کاغذ کا سفید رنگ ذرہ
سے بھی چھوٹا نمودار ہے اور اوس کی یکتائی صفحہ کاغذ سے واقعی ہے اور وہ ایک نقطہ چیتن بندو
یا آتش ہے اِس نقطہ کی بساطت سے جب ایک خط کھینچا تب کال یا زمانہ کی پیدائش ہوئی ہے
اور اوس کے دوسرے خط کے ساتھ مثلث ہو جانے پر عرض و طول دونوں ظاہر ہوئے کال
کے تین عدد ہیں اور دیش کے چار سمت ۳ اور ۴ کو باہم ضرب دینے سے بارہ خطوط نے دیش
اور کال کو باہم کر دیا اور اون سے یہ صورت تصویر کی جو دکھتی ہے خود بخود پیدا ہو گئی اور وستو
کہلائی بارہ بروج اِسی تقسیم کا نتیجہ ہے یہ بارہ خطوط مثل تانے کے ہیں اور سات دائرہ خاک
آب آتش ہوا خلا من اور بدھی مختلف رنگوں میں دکھائی ہوئی ہیں بانے کی مانند ہیں اِنکے بات
سے جو سنے تیار ہوئی اوس میں ۱۲ اور ۷ کی ضرب سے ۸۴ گھر بنتے ہیں جسے عام طور پر چوراسی کا
چکر کہتے ہیں اور اِن پر پانچ مادی دائروں کے صفر لگانے سے چوراسی لاکھ کا عدد ثابت
ہوتا ہے اور وہ عقل یعنی بدھی تک محدود ہے - انجو یعنی علم اشراق کا حاصل ہونا چوراسی
سے نکلنا کہلاتا ہے اور پندار کے رفع ہونے سے یہ امر ثابت ہوتا ہے - جب تک چیتن کی توجہ
یعنی نظر نیچے کے طبقوں کے جانب رہتی ہے تب تک چوراسی کی گرفتاری کہلاتی ہے جب
چیتن کی درشٹی یعنی نظر تپ کے ذریعہ سے پلٹ کر اوپر کی جانب ہوتی ہے تب چوراسی سے
خلاصی ہوتی ہے اور رستگاری کا مقام حاصل ہوتا ہے اور موت کا خیال صفحہ دل سے
مٹ جاتا ہے - ہر سطر میں بارہ خانوں کے سات سات گھر جو بنے ہوئے ہیں اون کا مختصر
بیان ذیل میں کیا جاتا ہے - اوّل خانے میں نشید کے اعداد درج ہیں دوسرے خانہ میں
بھگوت گیتا کی ساتویں ادھیا کے الفاظ ہیں جن کی بنیاد پر یہ تصویر تیار ہوئی ہے بھومی
یعنی خاک[1] - آپہ یعنی آب[2] - انل یعنی آتش[3] - وایو یعنی ہوا[4] - کھم یعنی خلا[5] - من[6] - بدھی[7] اہنکار[8]
اور قوت حیات[9] - اولین آٹھ قوتیں باعث ایجاد عالم اور نویں قوت اِن کا آدھار ہے -
تیسرے خانہ میں چھہ فلسفہ اور ساتواں علم اپنے اپنے منصب کے بموجب دکھائے گئے ہیں

چوتھے خانہ میں وہ برہم آکرتیاں جن کا بیان تصویر نمبر ۱۱ میں ہو چکا ہے ظاہر کیگئی ہیں۔
پانچویں خانہ میں قدیم سات رشیوں کے نام جن سے نظام و قوانین عالم کی ایجاد ہوئی ہے لکھے گئے ہیں۔
چھٹے خانہ میں وہ ہفت طبقات نیچے کے جو اوس کے مقابل کے سات طبقات بالا کا عکس ہیں بیان کئے گئے ہیں۔
ساتویں خانہ میں اعداد نزول کی کیفیت مندرج ہیں۔
آٹھویں خانہ میں وہ سات مادہ جسم کے جنہیں باستعارہ سات سمندر بھی کہا ہے اپنے اپنے موقعات پر آشکارا کئے گئے ہیں۔
نویں خانہ میں ساتویں لوک جن کی حسب منشاء اتھرون وید کے اوپنشدوں نے تشریح کی ہے جتلائے گئے ہیں۔
دسویں خانہ میں سام وید کی مطابقت سے سات نادیا سات سُر ظاہر کئے گئے ہیں۔
گیارھویں خانہ میں رگ وید کی منشا کے موافق سات دیوتا یعنی منتظمان عالم کے مقامات درج ہیں۔
بارھویں خانہ میں یجروید کے احکام کے موافق سات لوک جن کا عملی طریقہ گایتری اور ترکال سندھیا قرار دیا گیا ہے آشکارا کئے گئے ہیں۔
اس ادھیا کے نمبرہ میں ہزاروں انواع کے عجیب اور مختلف رنگ اور صورت والے اشیاؤں کا بیان اور ۶ منتر میں آدیتوں وسوؤں۔ رودروں۔ اشونی کمار اور مردتوں کا تذکرہ ہوا ہے۔ اس تصویر کو چشم معرفت سے دیکھنے پر ثابت ہو گا کہ جو کچھ ارجن کو دکھایا گیا وہ سب اسمیں موجود ہے۔ آدیتوں کا بیان پرجاپتی کی تصویر نمبرہ میں ہو چکا ہے۔ اشٹ وسو اِس تصویر کے خانہ نمبر ۲ میں مفصل درج ہوئے ہیں رودر کی پنج مکھی صورت تصویر نمبر ۱۱ میں دیکھ لو اور وہ تصویریں

اِس تصویر کے جزو ہیں۔ اشونوں کے جوڑے کا بیان تصویر نمبر ۹ میں ظاہر کر دیا گیا ہے اِس تصویر کا سمجھنا شوق اور کوشش پر منحصر ہے ایک بار پڑھ لینے سے وہ ہرگز سمجھ میں نہیں آسکتی مگر اسکے بار بار دیکھنے اور غور کرنے سے ہر بار نیا لطف حاصل ہوگا اور جب اِس کا نقشہ دل پہ جم جائیگا تب ناظرین و شایقین اپنے دل میں آپ انصاف کر سکیں گے۔

इहैकस्थं जगत्कृत्स्नं पश्याद्य सचराचरम् ॥

मम देहे गुडाकेश यच्चान्यद्द्रष्टुमिच्छसि ॥७॥

ظہور عالم

(۷) اے ارجن تو آج تمام عالم کو معہ اوس کے متحرک اور ساکن موجودات کے اور جو کچھ دیکھنا چاہتا ہے میرے اِس جسم میں موجود دیکھ۔

دیکھ مجھ میں ساری موجودات عالم کا قیام	دیدنی جو کچھ ہے ساکن اور متحرک نظام

شری کرشن جی کے جسم کو تو ارجن اپنی آنکھ سے دیکھ رہا تھا اوسمیں کل عالم کیونکر نظر آسکتا تھا حاصل کلام یہ ہے کہ جس وقت انسان طریقہ فنا سے اپنے جسم کو نور مجسم یقین کرتا ہے اوس وقت تمام عالم اوسے اپنا ہی جلوہ معلوم ہوتا ہے چنانچہ جب ارجن نے کرشن جی کی قدرت کی تصویر کو اپنے دل میں باندھ لیا تو جو کیفیت عالم کی تھی وہ سب اوس کو اپنے اندر نظر آنے لگی

न तु मां शक्यसे द्रष्टुमनेनैव स्वचक्षुषा ॥

दिव्यं ददामि ते चक्षुः पश्य मे योगमैश्वरम् ॥८॥

اِس مشاہدہ کے لیے چشم ظاہری نہیں بلکہ اوہو نیتی علم اشراق درکار ہے

(۸) تو مجھے اپنی اِن آنکھوں سے نہیں دیکھ سکتا اِسلئے میں تجھے عجیب و غریب آنکھ دیتا ہوں کہ تو اوس سے میری قدرت کے جلال کو دیکھے۔

اِسلئے دیتا ہوں چشم معرفت ارجن تجھے	چشم ظاہر سے نہیں تو دیکھ سکتا ہے مجھے

یہ منتر دلچسپ غور طلب اور پر معنی ہے اور اُس کا مطلب ذیل میں بیان کیا جاتا ہے عالم بطون کی سیر چشم ظاہری سے ہرگز نہیں ہو سکتی اوس کے دیکھنے کے لئے گیان نیتر یعنی

چشم معرفت کا حاصل کرنا ضروری ہے اوسی کو عارفوں نے انجوا ور اشراق کہا ہے اور شغل کی مزاولت کے بعد اوس کا انسان کے باطن میں آشکارا ہونا بیان کیا ہے۔

संजय उवाच

एवमुक्त्वा ततो राजन्महायोगेश्वरो हरिः॥

दर्शयामास पार्थाय परमं रूपमैश्वरम ॥९॥

سنجے نے کہا

قدرت کا ملہ مشاہدہ

(۹) اے راجہ دہرت راشٹر، یہ کہکر قادر مطلق کرشن نے ارجن کو اپنی قدرت کا اعلیٰ جلوہ دکھایا۔

قادر مطلق نے ارجن کو یہ فرما کر شہا		اپنی قدرت کا جلالی معجزہ دکھلا دیا

اس موقعہ پر کرشن جی نے ارجن کو اوس کے قلب میں عالم علوی کی سیر کرائی اور اوسکی تصریح ذیل میں ہے۔

अनेक वक्त्र नयनम नेकाद्भुत दर्शनम्॥

अनेक दिव्याभरणं दिव्या नेकोद्यतायुधम ॥१०॥

दिव्यमाल्यांबरधरं दिव्यगन्धानु लेपनम्॥

सर्वाश्चर्यमयं देवमनन्तं विश्वतो मुखम ॥११॥

عالم ملکوتی کی سیر

(۱۰ و ۱۱) جو کہ بے شمار مُنہ اور آنکھیں بے شمار عجیب شکلیں بے شمار نایاب زیور اور بے شمار نادر ہتیار رکھتا تھا اور عجیب مالائیں اور پوشاکیں زیب تن کئے ہوئے اور عمدہ عطر لگائے ہوئے تہا اور نہایت حیرت انگیز اور روشن تہا جسکی کہیں انتہا نہ تھی اور جس کا ہر طرف رخ تہا۔

	عالم ملکوت پر جو ہیں پڑی اُسکی نظر		اُسنے دیکھی ذاتِ واحد شش جہت میں جلوہ گر	
	تہا نہایت حیرت انگیز اور روشن اک وجود		انتہا جسکی نہتی پیدا نہ تہیں جسکی حدود	

زیبِ تن تھے زیورِ نایاب و نادر اسلحہ	تھے وہان وچشم و صورت بحسابِ ہندسہ
تھی عجب پوشاک اور نادر حمائل زیب بر	عطر خوشبودار میں ڈوبا ہوا تھا سر بسر

جو جلال کی کیفیت شاغلوں کے قلب پر ظاہر ہوا کرتی ہے اور اُسوقت ارجن کے دل پر طاری ہوئی تھی اوس کا اس منتر میں بیان کیا گیا ہے اب تک ارجن اپنے اور دیگر اشخاص کے جسم ہاتھ منہ آنکھ وغیرہ کو جدا جدا اون سے متعلق خیال کرتا تھا لیکن انانیت کے ترک کرنے کے بعد اوسے کامل یقین ہو گیا کہ ذات واحد تمام اجسام میں محیط ہوکر دیکھنا سننا وغیرہ حواس خمسہ کے فعلوں کی ناظر ہے اور وہی ہر سمت میں جلوہ گر ہے۔

दिवि सूर्य सहस्रस्य भवेद्युग पदुत्थिता ॥

यदि भाः सदृशी सा स्याद्भासस्तस्य महात्मनः ॥१२॥

جلال کا جلوہ

(۱۲) اگر آسمان میں یکبارگی ہزار سورجوں کی روشنی ہو تو وہ اُس ذات بزرگ کے جلال کے برابر ہو سکے گی۔

ہیں جلالِ ذات اقدس میں نمایاں ذرہ وار	گر فلک پر آفتاب اک دم ہویدا ہوں ہزار

درحقیقت ذات بحت کے جلال کے سامنے ہزار سورجوں کی روشنی بھی ہیچ ہے۔

तत्रैकस्थं जगत्कृत्स्नं प्रविभक्त मनेकधा ॥

अपश्यद्देव देवस्य शरीरे पांडवस्तदा ॥१३॥

عین الیقین کی کیفیت

(۱۳) اُس وقت ارجن نے تمام عالم کو معہ اوس کی نیرنگیوں کے اوس ذات مقدس کے جسم میں موجود پایا۔

عالم کون و مکان و جملہ نیرنگ مبین	پیکر بجد میں جو ہیں ہو گیا عین الیقین

ततः स विस्मयाविष्टो हृष्टरोमा धनंजयः ॥

प्रणम्य शिरसा देवं कृतांजलिरभाषत ॥१४॥

حیرت کا مقام

(۱۴) تب حیرت کے مارے ارجن کے رونگٹے کھڑے ہو گئے اور وہ سر جھکا کر دست بستہ کرشن بھگوان سے کہنے لگا۔

منزلِ حیرت میں وارد ہو کے ارجن کانپ اُٹھا	سر جھکا کر دست بستہ عرض یوں کرنے لگا

अर्जुन उवाच- पश्यामि देवांस्तव देव देहे सर्वांस्तथा भूत-
विशेषसंघान्॥ ब्रह्माणमीशं कमलासनस्थ मृषींश्च सर्वानुरगांश्च-
दिव्यान्॥१५॥

برہما کا مقام یعنی عالم جبروت کی سیر

(۱۵) ارجن نے کہا اے کرشن میں آپ کے جسم میں تمام دیوتاؤں کو ہر قسم کی موجودات کو۔ خداوند کائنات برہما جی کو جو کنول پر نشست رکھتے ہیں اور سب رشیوں کو اور عجیب عجیب سانپوں کو دیکھتا ہوں

اِس وجودِ پاک میں سب دیوتا ہیں جلوہ گر جدِّ امجد مورثِ اعلیٰ خدائے کائنات	اور مخلوقات ہی ہر قسم کی ہیں پیش نظر ہیں کنول کے پھول پر بیٹھے ہوئے اِک پاک ذات

अनेकबाहूदरवक्त्रनेत्रं पश्यामि त्वां सर्वतोऽनंतरूपम्॥
नांतं न मध्यं न पुनस्तवादिं पश्यामि विश्वेश्वर विश्वरूपम्॥१६॥

کثرت اور وحدت کا یکجا ہونا۔

(۱۶) اے عالم کے صاحب میں آپ کو بے شمار بازو۔ شکم۔ دہن اور آنکھیں رکھنے والا محیط کُل پاتا ہوں اور مجھے آپ کی بغایت ظہور کا آغاز وسط اور انجام نظر نہیں آتا۔

سب رشی اور شیش ناگ و رسانپ ہیں از حد مہیب آپ ہیں بے انتہا شکلوں میں ہر جانب عیاں	عالمِ ملکوت کا نظارہ ہے از بس عجیب بیعدد ہیں آپکے بازو شکم چشم و دہان

किरीटिनं गदिनं चक्रिणं च तेजोराशिं सर्वतो दीप्तिमंतम्॥
पश्यामि त्वां दुर्निरीक्ष्यं समंताद्दीप्तानलार्कद्युतिमप्रमेयम्॥१७॥

دشٹو کا مقام یعنی عالم لاہوت کی سیر

(۱۷) میں دیکھتا ہوں کہ آپ تاج پہنے ہوئے ہیں اور ہاتھ میں گدا اور چکر لئے ہوئے ہیں اور بے حد جلال رکھتے ہیں اور ہر سمت کو روشن کرتے ہیں آپ پر آنکھ بالکل نہیں ٹھیرتی کہ آپ کی روشنی شعلہ زن آفتاب کے مانند ہے اور بے انتہا ہے۔

وہ ظہورِ لاتعین آپکا ہے وقفِ دید	جس کا اول درمیاں اور خاتمہ ہے ناپدید
کثرت و وحدت کا نظارہ ہے یکجا سر بسر	رازِ ایکو ہم بہوشیانہ ہے روشن قلب پر
سر پہ ہے تاج آپکے ہاتھوں میں ہیں چکر و گدا	شش جہت افروز ہے نورِ تجلّی آپ کا
آنکھ کی کیا تاب ہے دیکھے وہ روئے ذوالجلال	ہے فروغِ حسنِ عالم سوز جس کا بیمثال

ستو گن تاج - رجو گن گدا اور تمو گن چکر ہے - ان تین لوازمات شاہانہ سے ذات نامتناہی کُل عالم کا انتظام کرتی ہے اور اپنا تماشہ آپ دیکھتی ہے -

त्वमक्षरं परमं वेदितव्यं त्वमस्य विश्वस्य परं निधानम् ॥
त्वमव्ययः शाश्वतधर्मगोप्ता सनातनस्त्वं पुरुषो मतो मे ॥१८॥

لاانتہائی کیفیت

(۱۸) میرے عقیدے میں آپ کی ذات لازوال اعلیٰ اور جاننے کے لائق ہے اور اس عالم کا اصلی مخزن ہے وہ لافانی اور قدیم آئین راستی کی حامی ہے اور بے زوال ہے -

ذاتِ عالی لایزالی ہے عقیدت میں مری	موجب بود و فنا - حامی طرزِ راستی
قابلِ ادراک لافانی قدیم اور استوار	ہے صفت لاانتہائی کی سراسر آشکار

अनादिमध्यान्तमनन्तवीर्यमनन्तबाहुं शशिसूर्यनेत्रम् ॥
पश्यामि त्वां दीप्तहुताशवक्त्रं स्वतेजसा विश्वमिदं तपन्तम् ॥१९॥

صفت جلال

(۱۹) میں دیکھتا ہوں کہ آپ کا آغاز وسط اور انجام نہیں ہے آپکی طاقت بے انتہا ہے آپ کے بازو بے شمار ہیں آنکھیں چاند اور سورج کی سی ہیں اور

چہرہ روشن آگ کی مانند ہے اور آپ اپنے جلال سے اِس عالم کو روشن کر رہے ہیں

دیکھتا ہوں میں عیاں شانِ جلالی آپ کی قوتیں بے انتہا ہیں اور بازو بے شمار	بے بدایت بے نہایت ذاتِ عالی آپکی ماہ و خور چشمانِ روشن روئے تاباں مثلِ نار

द्यावापृथिव्योरिदमंतरं हि व्याप्तं त्वयैकेन दिशश्च सर्वाः॥
दृष्ट्वाद्भुतं रूपमुग्रं तवेदं लोकत्रयं प्रव्यथितं महात्मन्॥२०॥

صفت محیط اور بسیط ہونے کے۔

(۲۰) اے ذات بزرگ آپ زمین آسمان خلے اور تمام اطراف میں محیط ہیں آپ کے اِس عجیب اور جلال والی صورت کو دیکھکر تینوں عالم کانپتے ہیں

ذات برتر آپکی ہے سارے عالم میں بسیط ذرّے ذرّے میں منور ہے شعاعِ لایزال	از زمین تا آسماں سمت و فضا سب میں محیط تینوں عالم کانپتے ہیں دیکھکر شانِ جلال

अमी हि त्वां सुरसंघा विशंति केचिद्भीताः प्रांजलयो गृणंति॥
स्वस्तीत्युक्त्वा महर्षि सिद्धसंघाः स्तुवंति त्वां स्तुतिभिः पुष्कलाभिः॥

صفت معبودی

(۲۱) بعض دیوتاؤں کے گروہ آپ کی پناہ میں آتے ہیں بعض خوف کے مارے ہاتھ جوڑ کر آپ کی تعریف کرتے ہیں بعض صاحب کمال مہرشی خیر باد کہکر آپ کی بہت توصیف بیان کرتے ہیں۔

ہے پناہِ عاطفت میں اک گروہِ دیوتا جانکر معبود اپنا مجمع اہلِ کمال،	دست بستہ خوف سے حمد و ثنا میں دوسرا آپکی توصیف کرتا ہے بیان اے بےمثال

रुद्रादित्यावसवो ये च साध्याविश्वेऽश्विनौ मरुतश्चोष्मपाश्च॥
गंधर्वयक्षासुरसिद्धसंघा वीक्षंते त्वां विस्मिताश्चैव सर्वे॥२२॥

حیرت کا دوسرا مقام

(۲۲) رودر۔ ادیتہ۔ وسو۔ اشونی کمار۔ مروت اور اوشم پا وغیرہ جتنے دیوتا ہیں اور گندھرب، یکش۔ راکشش اور سدھ ہون کے جتنے فرقہ ہیں وہ سب آپ کو حیرت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

رُدر اوشم یا مُرت اُوت وسوا شونی کمار — اور ہیں انکے سوا جتنے ملائک رازدار
راکشس گندھرب یکش وسدھ وانسان بیشمار — دیکھکر اس شکل کو حیران ہیں آئینہ دار

اوّل وہ سات تجلیات کے وجود ہیں جنکا عارفوں نے زمانہ قدیم میں اشراق کی مدد سے مشاہدہ کیا تھا اور آخر چار اسما. فرقہ انسانی ہیں جو اوس زمانے میں مختلف عقاید کے پیرو ہونے کی وجہ سے ان ناموں سے موسوم ہوئے

रूपं महत्तेबहुवक्त्रनेत्रं महाबाहो बहु बाहूरुपादम् ॥
बहूदरं बहुदंष्ट्राकरालं दृष्ट्वा लोकाःप्रव्यथितास्तथाहम् ॥२३॥

شیو کا مقام یعنی عالم لاہوت کی سیر

(۲۳) اے قوی بازو آپ کے اوس بڑے جسم کو دیکھکر جس میں منہ آنکھ - بازو - پانوں - شکم - اور خوفناک دانت بکثرت ہیں عالم کانپتا ہے اور میں بھی کانپتا ہوں -

دل دھڑکتا ہے مرا اے کرشن اسکو دیکھکر — ایک عالم کانپتا ہے ڈالکر اوس پر نظر
آپکا جسم کلاں جس میں بکثرت ہیں عیاں — دست و پا پُرخوف دندان شکم چشم و دہان

नभःस्पृशं दीप्तमनेकवर्णं व्यात्ताननं दीप्तविशालनेत्रम् ॥
दृष्ट्वा हि त्वां प्रव्यथितांतरात्मा धृतिंनविंदामि शमं च विष्णो ॥२४॥

ہیبت کا جلوہ

(۲۴) اے کرشن آپ کے اوس دراز چہرہ کو جو آسمان سے باتیں کرتا ہے اور روشن ہے اور بے شمار رنگ رکھتا ہے اور جس میں بڑی بڑی آنکھیں چمکتی ہیں دیکھکر میرا دل گھبراتا ہے اور مجھے قرار و تسکین نہیں ہے -

فرش سے تا عرش چہرے کی درازی الاماں — مہر و مہ سے جسمیں لاتعداد چشمان کلان
دیکھکر وہ روئے ہیبتناک روشن ہفت رنگ — ہو گیا میں اختلاج قلب سے معذور و تنگ

दंष्ट्राकरालानि च ते मुखानि दृष्ट्वैव कालानलसन्निभानि ॥
दिशो न जाने न लभे च शर्म प्रसीद देवेश जगन्निवास ॥२५॥

ایضاً (۲۵) خوفناک دانتوں والے اور آتش اجل کے مانند روشن دہنوں کو دیکھکر مجھے راہ عافیت نظر نہیں آتی اور میرا صبر و قرار ہاتھ سے جاتا رہا ہے اے دیوتاؤں کے مالک اور عالم کے پشت و پناہ آپ مجھپر کرم کیجئے۔

اُن دہانوں سے نکلتے دیکھ شعلے موت کے	اور اُن پرخوف دنداں پر نگہ کرکے مجھے
موت آتی ہے نظر دل پر نہیں ہے اختیار	تب کیجئے مجھپر کرم اے مالک اے پروردگار

अमी च त्वां धृतराष्ट्रस्य पुत्राः सर्वे सहैवावनिपालसंघैः॥
भीष्मो द्रोणः सूतपुत्रस्तथासौ सहास्मदीयैरपि योधमुख्यैः॥२६
वक्त्राणि ते त्वरमाणा विशंति दंष्ट्राकरालानि भयानकानि॥
केचिद्विलग्ना दशनांतरेषु संदृश्यंते चूर्णितैरुत्तमांगैः॥२७॥

صفت قہاری (۲۶و۲۷) یہ سب دھرت راشٹر کے بیٹے اور اون کے مددگار راجاؤں کے گروہ بھیشم پتامہ۔ درونا چارج۔ رتھ بان کا بیٹا (کرن) اور نیز ہماری فوج کے دلاور آپ کے تیز دانتوں والے مہیب دہنوں میں نہایت تیزی کیساتھ گھسے چلے جاتے ہیں اور اُن میں سے کچھ پسے ہوئے سر دانتوں کے درازوں میں لٹکے نظر آتے ہیں۔

کوروں کے اقربا اور اُن کے حامی راجگان	بھیشم و درون و کرن فوج مخالف کے یلاں
نیز اپنی فوج کے زور آزمائے با وقار	اُن دہانوں میں کھچے جاتے ہیں سب بےاختیار
اور نظر آتے ہیں بعضے سر بہت کچلے ہوئے	تیز دنداں کی درازوں میں الگ لٹکے ہوئے

यथा नदीनां बहवोऽम्बुवेगाः समुद्रमेवाभिमुखा द्रवंति॥
तथा तवामी नरलोकवीरा विशंति वक्त्राण्यभिविज्वलंति॥२८॥

تشبیہہ (۲۸) جیسے دریاؤں کی بیشمار لہریں سمندر میں جا کر گرتی ہیں ویسے ہی یہہ مردان دلاور آپ کے شعلہ زن دہنوں میں داخل ہو رہے ہیں۔

بحر میں ہوتا ہے جیسے ندیوں کا اختتام	یہ دلاور آتشیں دہنوں میں کرتی ہیں قیام

यथा प्रदीप्तं ज्वलनं पतंगा विशंति नाशाय समृद्धवेगाः॥
तथैव नाशाय विशंति लोकास्तवापि वक्त्राणि समृद्धवेगाः॥२९॥

ایضاً

(۲۹) جیسے پروانے جلنے کے لئے بے اختیار ہو کر شعلہ پر گرتے ہیں ویسے ہی یہ سب لوگ جذبہ میں آ کر مرنے کے لئے آپ کے دہنوں میں داخل ہو رہے ہیں۔

شمع پر پروانے ہو جاتے ہیں جیسے جاں نثار	موت کے منہ میں ہیں داخل حاضرین کارزار

लेलिह्यसे ग्रसमानः समंताल्लोकान्समग्रान्वदनैर्ज्वलद्भिः॥
तेजोभिरापूर्य जगत्समग्रं भासस्तवोग्राः प्रतपंति विष्णो॥३०॥

فنا و ظہور کا یکجا مشاہدہ

(۳۰) اے عالم کے صاحب آپ اپنے روشن دہنوں سے سب لوگوں کو کھا کر خوب مزا لیتے ہیں اور آپ کی زبردست جلالی قوتیں سارے عالم کو روشن کرتی ہیں اور حرارت پہونچاتی ہیں۔

ان دہان شعلہ زن کی ساری دنیا ہے غذا	جسمیں اُسکی موت ہے وہ ذائقہ ہے آپ کا
اے خداوند آپ کی بےحد جلالی قوتیں	ہیں برنگ روشنی و سوز موجودات میں

आख्याहि मे को भवानुग्ररूपो नमोऽस्तु ते देववर प्रसीद॥
विज्ञातुमिच्छामि भवंतमाद्यं नहि प्रजानामि तव प्रवृत्तिम्॥३१॥

حیرت کا تیسرا مقام اور سوال کہ آپ کون ہیں

(۳۱) مجھے بتائیے کہ آپ بصورت جلال کون ہیں میرا آپ کو نمسکار ہے اے دیوتاؤں کے سرتاج آپ مجھ پر مہربان ہو جیے میں آپکی اصلیت جاننے کی تمنا رکھتا ہوں اور آپ کے ظہور کو نہیں سمجھ سکتا۔

کون ہو اس صورت پُرخوف میں بتلایئے	بندۂ عاجز پہ اے داور کرم فرمایئے
آپکے دیدار کی از بس تمنا ہے مجھے	آپ کا اعجاز بالاتر ہے میری عقل سے

اوپر کے منتروں میں تت پد یعنی کلیت کا مشاہدہ ارجن کو ہوا تھا اور اب وہ توم پد یعنی

انانیت کے پردہ میں معرفت کا طالب ہوتا ہے۔

श्री भगवानुवाच

कालोऽस्मिलोकक्षयकृत्प्रवृद्धो लोकान्समाहर्तुमिह प्रवृत्तः॥

ऋतेऽपि त्वां न भविष्यन्ति सर्वे येऽवस्थिताः प्रत्यनीकेषु योधाः॥३२॥

شری بھگوان نے جواب دیا

اکال روپ شیو ہوں
یعنی عالم ہا موت کا جب آ ہوں

(۳۲) میں عالم کو معدوم کرنیوالی فنائے کبرا ہوں اور اس موقع پر عالم کو معدوم کرنے میں مصروف ہوں جو تو نہیں لڑے گا پھر بھی جتنے جو افراد دہر دو لشکر میں موجود ہیں وہ سب معدوم ہو جائیں گے۔

میں فرشتہ ہوں اجل کا اور فنا معروف ہوں	اس گھڑی عالم کے استیصال میں مصروف ہوں
آج ہر دو فوج میں جتنے بہادر ہیں کھڑے	وہ بلا کوشش تری ملک عدم کو جائینگے

جسم انسانی کے واسطے پیدائش اور فنا لازمی ہیں لہذا اون کے فنا ہونے کا فکر نہ کرکے امر حق کے لئے جنگ کرنا انسان کا فرض ہے۔

तस्मात्त्वमुत्तिष्ठ यशो लभस्व जित्वा शत्रून्भुङ्क्ष्व राज्यं समृद्धम्॥

मयैवैते निहताः पूर्वमेव निमित्तमात्रं भव सव्यसाचिन्॥३३॥

عالم ناسوتی یعنی اسباب
فانی کا فکر نکرکے جنگ کر

(۳۳) پس اے تیر انداز تو کھڑا ہو اور نیکنامی حاصل کر دشمنوں پر فتح پاکر سلطنت عظیم سے حظ اوٹھا ان کو تو میں نے پہلے ہی مار رکھا ہے تو برائے نام ایک ذریعہ بنجا

ٹھان کر لڑنیکی اب تو اپنی شہرت کو بڑھا	دشمنوں کو زیر کر اور سلطنت کا حظ اُٹھا
اونکو تو پہلے ہی میں نے مرگ تک پہنچا دیا	تو برائے نام کر سامان اُنکی موت کا،

द्रोणं च भीष्मं च जयद्रथं च कर्णं तथान्यानपि योधवीरान्॥

मया हतांस्त्वं जहि मा व्यथिष्ठा युध्यस्व जेतासि रणे सपत्नान्॥३४॥

نتیجہ فتح ہوگی۔ (۳۴) تو درونا چارج - بھیشم پتامہ - جیدرتھ - کرن اور دیگر جوانمرد دونکو جنہیں میں نے پہلے ہی مار رکھا ہے ہلاک کر۔ تامل نکر اور جنگ کر تو لڑائی میں دشمنوں پر فتح پاویگا۔

کرن بھیشم جیدرتھ درون اور دیگر سورما وہ مرے مقتول ہیں تو انکو بیشک قتل کر	جنگ کے میدانمیں جنکا قدم اب آگیا کامیابی تجھکو ہوگی مستعد ہو جنگ پر

संजयउवाच। एतच्छ्रुत्वा वचनं केशवस्य कृतांजलिर्वेपमानः किरीटी॥ नमस्कृत्वा भूय एवाह कृष्णं सगद्गदं भीतभीतः प्रणम्य: ३५

سنجے نے بیان کیا

تب ارجن نے خوف اور عاجزی کے ساتھ عرض کیا (۳۵) کرشن جی کے اس کلام کو سنکر ارجن نے ہاتھ جوڑکر نمسکار کیا اور سر جھکا کر کانپتے ہوئے اور ڈرتے ہوئے لکنت کے ساتھ اُن سے دوبارہ یہ کہا۔

جب بتایا کرشن نے یہ راز تو وہ تاجور کانپتے ڈرتے ہوئے اُسنے جھکا کر اپنا سر	بندگی کرنے لگا ہاتھوں کو اپنے جوڑ کر کرشن کی تعریف یوں لکنت سے کی بار دگر

अर्जुनउवाच। स्थाने हृषीकेश तव प्रकीर्त्या जगत्प्रहृष्यत्यनुरज्यते च॥ रक्षांसि भीतानि दिशो द्रवंति सर्वे नमस्यंति च सिद्धसंघाः॥ ३६॥

کلام ارجن

سب لوگ آپکی عظمت مانتے ہیں۔ (۳۶) اے کرشن مہاراج یہ بجا ہے کہ ایک عالم آپ کی توصیف بیان کرکے خوشی اور دلبستگی حاصل کرتا ہے اور بد افعال آپ کے خوف کے مارے ہر طرف بھاگتے ہیں اور کاملوں کی جماعتیں آپ کو سجدہ کرتی ہیں۔

شانِ تمہاری کے شایاں ہے اگر سارا جہاں بھاگتے ہیں آپکی صورت سے ڈر کر بدخصال	آپکی توصیف میں ہو یا دب رطب اللساں آپکو کرتے ہیں سجدہ صاحبانِ باکمال

कस्माच्च तेन नमेरन्महात्मन्गरीयसे ब्रह्मणोऽप्यादिकर्त्रे ॥
अनंतदेवेशजगन्निवास त्वमक्षरं सदसत्तत्परंयत् ॥ ३७ ॥

آپ لافانی اور حق و باطل سے برتر ہیں

(۳۷) اے بزرگ منش وہ لوگ آپ کی اوس ذات واجب التعظیم کو جو عالم کی صانع کی بھی علت غائی ہے سجدہ کیوں نہ کریں۔ اے بے شمار دیوتاؤں کے حاکم اور عالم کی پناہ آپ لازوال ہیں اور حق و باطل سے برتر ہیں

کیوں نہ یہ تعظیم دیں اُس ذاتِ بابرکات کو
اے خداوندِ ملائک جلوہ آرائے جہاں
جو عدم سے کھینچکر لائی ہے موجودات کو
آپ ہی ہیں حق و باطل ہیں سے تام و نشاں

त्वमादिदेवः पुरुषः पुराणस्त्वमस्य विश्वस्य परं निधानम् ॥
वेत्तासि वेद्यं च परं च धाम त्वया ततं विश्वमनंतरूप ॥ ३८ ॥

آپ کی یہ تعریف ہے

(۳۸) اے محیط عالم آپ صفات کا مبدا ہیں اور ذات قدیم ہیں اور اس عالم کے اصلی مخزن ہیں آپ ناظر منظور اور اعلیٰ مقام ہیں اور عالم میں محیط ہیں

ابتدا ہے سارے عالم کی مگر ازلی ہیں آپ
جملہ مخلوقات فانی ہے مگر ابدی ہیں آپ

वायुर्यमोऽग्निर्वरुणः शशांकः प्रजापतिस्त्वं प्रपितामहश्च ॥
नमो नमस्तेऽस्तु सहस्रकृत्वः पुनश्च भूयोऽपि नमो नमस्ते ॥ ३९ ॥

صفات ہفتگانہ کو آپ سے ظہور ہے۔

(۳۹) وایو۔ یم۔ اگنی۔ ورون۔ چندرما۔ پرجاپتی۔ اور پرپتامہ آپ ہیں میں آپ کو ہزار بار بلکہ بے شمار بار نمسکار کرتا ہوں۔

ناظر و منظور اور ہر دو سے بالاتر ہیں آپ
اے کثیر الشکل ہر صورت میں جلوہ گر ہیں آپ

جب ان ساتوں قوتوں کو اپنے اندر فکر رسا سے دریافت کیا جائے تب اس منتر کے معنی بخوبی حل ہو سکتے ہیں۔

नमः पुरस्तादथ पृष्ठतस्ते नमोऽस्तु ते सर्वत एव सर्व ॥
अनंतवीर्यामित विक्रमस्त्वं सर्वं समाप्नोषि ततोऽसि सर्वः ॥ ४० ॥

(۴۰) اے محیط کُل آپ کو رُو اور پشت اور سب طرف سے نمسکار ہے آپ بے انتہا قوت اور بے اندازہ جلال رکھتے ہیں۔ آپ کُل میں محیط ہیں پس کُل ہیں۔

آپ بے انتہا جلال رکھتے ہیں اور محیط کل ہیں میرا آپکو دل و جان سے نمسکار ہے۔

وایو یم اگنی ورن برہما چیش اور چندر ما
آپکو ہی پشت و رُو اور ہر طرف سے بندگی
شان اور قوت کے اندازے سے برتر آپ ہیں

آپکی شکلوں کو میرے لاکھ سجدے ہیں بجا
ساری دنیا میں عیاں ہی ایک ہستی آپ کی
آپ ہی سب ہیں کہ اندر اور باہر آپ ہیں

یہ اپروکش گیان یعنی حق الیقین کا مقام ہے جہاں نور حقیقی کا جلوہ بے حجابانہ آشکارا ہو جاتا ہے اور ظاہر و باطن حاضر و غائب ناممکنات کا امکان نظر آتا ہے اور حق و باطل کا عقدہ کھل جاتا ہے۔

सखेति मत्वा प्रसभं यदुक्तं हे कृष्ण हे यादव हे सखेति ॥
अजानता महिमानं तवेदं मया प्रमादात्प्रणयेनवापि ॥४१॥
यच्चावहासार्थमसत्कृतोऽसि विहार शय्यासन भोजनेषु ॥
एकोऽथवाप्यच्युततत्समक्षं तत्क्षामये त्वामहमप्रमेयम् ॥४२॥

(۴۱ و ۴۲) اپنا دوست سمجھکر اور آپکی اس عظمت کو نہ جانکر جو میں نے عالم بے خبری میں یا دوستانہ طور پر آپ کو کرشن۔ یادو۔ دوست کہکر اکثر پکارا ہے اور از راہ مذاق کھیلتے۔ سوتے۔ بیٹھتے اور کھاتے وقت خلوت اور جلوت میں آپ کی گستاخی کی ہے اے عالی وقار اوسکی معافی میں آپ کی ذات برتر از قیاس سے مانگتا ہوں۔

جو کچھ مجھسے غلطی اور قصور آپکی خدمتمیں ہوا اُسے معاف فرمائیے

دوستی میں آپکی عظمت نہیں پہچان کر
کرشن اور یادو کا پیارا نام میں لیتا رہا
کھیل و سوت خوابگاہ و بزم میں بھی دل لگی
اے خداوند اب مجھے اُسکی معافی دیجے

اپنی نادانی کے باعث دوستانہ طور پر
دوست کہکر آپ کو میں نے پکارا بارہا
خلوت و جلوت میں جتنی مجھسے گستاخی ہوئی
ناتواں پر قادر مطلق عنایت کیجیے

سو بار تجھے کہکے کنہیا ہے بولایا	میں ہوں وہ گنہگار کہ ہنگام تفرّج
وہ عیش کا جلسہ جو کہ یاروں میں اوڑایا	گلگشت چمن اور وہ کنگاش کی خلوت
یاروں کو جو یاری کا سبق تونے پڑھایا	تھا ترک ادب ایک لوازم میں سے اُسکے
کس لطف سے تونے اونہیں یا تونیں اوڑایا	گر شوخی تھی میری تھی جو گستاخی تو میری
وہ ذات کہ جس نے ابھی عالم کو چلایا	کیا حال میرا ہو جو ذرا قہر میں آوے

पितासि लोकस्य चराचरस्य त्वमस्य पूज्यश्च गुरुर्गरीयान् ॥
न त्वत्समोऽस्त्यभ्यधिकः कुतोऽन्यो लोकत्रयेऽप्यप्रतिमप्रभावः ४३

آپ عالم کے مخزن اور لاثانی ہیں

(۴۳) آپ اس متحرک اور ساکن موجودات کے باپ اور واجب التعظیم بڑے اوستاد ہیں اے لاثانی قدرت رکھنے والے تینوں عالم میں کوئی آپکے برابر بھی نہیں ہے بڑا تو کون ہو سکتا ہے۔

ہیں مربّی لایق تعظیم مرشد اور باپ	ہر دو مخلوقات ساکن اور متحرک کے آپ
کون ہو سکتا ہے افضل آپ کا ثانی نہیں	آپکے تابع ہیں سب از ماہ تا گاوِ زمیں

तस्मात्प्रणम्य प्रणिधाय कायं प्रसादये त्वामहमीशमीड्यम् ॥
पितेव पुत्रस्य सखेव सख्युः प्रियः प्रियायार्हसि देव सोढुम् ॥४४

میں آپ سے بصد التجا معافی مانگتا ہوں

(۴۴) اسلئے میں آپکی ذات با اوصاف سے عاجزی اور تعظیم کے ساتھ التجا کرتا ہوں کہ جیسے باپ بیٹے کا۔ دوست دوست کا۔ شوہر بیوی کا قصور معاف کرتا ہے آپ میرا قصور معاف کریں۔

آپ سے ہی با نیاز و عجز میری التجا۔	ایک عالم میں ہی شہرہ آپ کے اوصاف کا
بخشتا ہی آپ ویسے بخشدیں میرا قصور	جیسے کوئی دوست فرزند اور بیوی کا قصور

अदृष्टपूर्वं हृषितोऽस्मि दृष्ट्वा भयेन च प्रव्यथितं मनो मे ॥
तदेव मे दर्शय देव रूपं प्रसीद देवेश जगन्निवास ॥४५॥

آپکی صورت جلال کو دیکھکر خوف معلوم ہوتا ہے۔

(۴۵) جو جلال کی صورت میں نے کبھی پہلے نہیں دیکھی تھی اُسے دیکھکر خوشی تو ہوئی لیکن میرا دل خوف سے دھڑکتا ہے اے صاحب مجھے وہی صورت دکھائیے اے دیوتاؤں کے مالک اور عالم کے جائے پناہ آپ مجھ پر کرم کیجئے۔

جو کبھی دیکھی نہ تھی ہے وہ تجلّی سامنے	دل تو میرا خوش ہے لیکن کانپتا ہی خوف سے
اے خداوند اب وہی سچ وچ مجھے دکھلائیے	اے بزرگ وصاحب عالم کرم فرمائیے

किरीटिनं गदिनं चक्रहस्तमिच्छामि त्वां द्रष्टुमहं तथैव ॥
तेनैव रूपेण चतुर्भुजेन सहस्रबाहो भव विश्वमूर्ते ॥ ४६ ॥

آپ میرے تصوّر جلال کو ہٹا دیجئے

(۴۶) میں آپ کو ویسے ہی تاج پہنے ہوئے گدا اور چکر ہاتھ میں لئے ہوئے دیکھنا چاہتا ہوں اے ہزار بازو رکھنے والے محیط عالم وہی چار بازو والی صورت اختیار کیجئے۔

تاج برسر آپ کو میں چاہتا ہوں دیکھنا	اپنے ہاتھوں میں دوبارہ لیجئے چکرو گدا
اے محیطِ کل عیاں ہیں آپ کے بازو ہزار	کیجئے وہ چار بازو والی صورت اختیار

چونکہ ارجن وشنو یعنی صورت جمال کے شغل کا عادی تھا اسواسطے اوس نے اوسی صورت کے دیکھنے کی استدعا کی۔

श्रीभगवानुवाच । मया प्रसन्नेन तवार्जुनेदं रूपं परं दर्शितमा-
त्मयोगात् ॥ तेजोमयं विश्वमनंतमाद्यं यन्मे त्वदन्येन न दृष्टपूर्वम् ॥ ४७ ॥

شری بھگوان نے فرمایا

جواب میں نے از راہ کرم تجھے اپنی صورت جلال دکھائی

(۴۷) اے ارجن تجھ پر مہربان ہو کر میں نے تجھکو اپنی قدرت کا وہ اعلیٰ جلوہ دکھایا جو جلال سے بھرا ہوا۔ محیط لاانتہا اور ازلی تھا اور جس کو تیرے سوا اور کسی نے پہلے نہیں دیکھا تھا۔

اپنی خوش نیت سے جب خوش کر دیا تو نے مجھے سب طرف اک نور ہے بے ابتدا بے انتہا		معجزہ میں نے دکھایا تجھکو اپنے فضل سے جسکو انسان نے نہیں دیکھا کبھی تیرے سوا

پندار ماسوا اور پردہ حجاب کا ہے جب یہہ پردہ اوٹھ جاتا ہے جمال ذات نظر آتا ہے۔

صدف نہ رنگ کی ہے یاں نہ کلک صنعت ہے تمام حسن جو پردہ کے پیچھے تھا پنہاں ظہور حسن میں پردہ رہا ہے کا حبا	اگر مصور صورت ہے پردہ پندار نکل پڑا جو ہیں پردہ کی ہٹ گئی دیوار دے یہ لطف کہ عاشق کو ہوگئے دیدار

न वेदयज्ञाध्ययनैर्न दानैर्न च क्रियाभिर्न तपोभिरुग्रैः ॥
एवंरूपः शक्य अहं नृलोके द्रष्टुं त्वदन्येन कुरुप्रवीर ॥४८॥

یہ صورت کسی عمل کے کرنے سے نہیں ہو سکتی

(۴۸) اے خاندان کرو کے جوانمرد وید کی تحصیل کرکے یگ کی رچائیں پڑھ کے اور خیرات نیک اعمال اور سخت ریاضت کرکے بھی تیرے سوا اور کوئی شخص میری اس صورت کو نہیں دیکھہ سکتا۔

علم کی تحصیل نیک اعمال اور خیرات سے کسکو طاقت ہے کہ دیکھے میرے جلوے کو عیاں	زہد اور اشغال کی ناگفتہ تکلیفات سے جو ترا ہی چشم دیدہ اے نسل کورو کے جواں

قومے متحیر اند در راہ یقین می ترسم از ان بانگ بر آید روزے	قومے ست دگر بماندہ اندر غم دین کاے بے خبران راہ نہ آن ست و نہ این

मा ते व्यथा मा च विमूढभावो दृष्ट्वा रूपं घोर माहङ्ममेदम् ॥
व्यपेतभीः प्रीतमनाः पुनस्त्वं तदेव मे रूपमिदं प्रपश्य ॥४९॥

اب بجائے جلال کے تصور کے جمال کا تصور کر۔

(۴۹) میری اس ہیبت ناک صورت کو دیکھکر نہ گھبرا اور بدحواس نہو خودی دل سے دور کر اور اطمینان کے ساتھ میری اوسی صورت کو دوبارہ دیکھہ۔

تو نہ گھبرا میری ہیبت ناک صورت دیکھکر دیکھ پھر میری اسی صورت کو اطمینان سے		ہوش میں آ اور اپنے دل سے خطرہ دُور کر وہ تصوّر تھا جلالی اب جمالی باندھ لے	
کس کی طاقت ہی جو دیکھے روئے اعظم کو عیاں اب تصوّر کو بدل اور دیکھ تو میری طرف		یہ تیرا حصّہ تھا ارجن سب کا تو سردار ہے اے کنہیا پھر وہی تیرا پُرانا یار ہے	

संजय उवाच। इत्यर्जुनं वासुदेवस्तथोक्त्वा स्वकं रूपं दर्श-
यामास भूयः। आश्वासयामास च भीतमेनं भूत्वा पुनःसौम्यवपुर्महा-
त्मा ॥५०॥

سنجے نے کہا

تصوّر کا بدلنا

(۵۰) اے عالی منزلت (دھرتراشٹر) یہ کہکر کرشن نے ارجن کو اپنا جلوہ دوبارہ دکھایا اور خوش نما صورت اختیار کرکے اوس خوف زدہ کو تسکین دی۔

کرشن نے اِسدم دکھایا اپنا جلوہ اور ہی		خوبرو بنکر ہراساں دوست کو تسکیں دی	

अर्जुन उवाच। दृष्ट्वेदं मानुषं रूपं तव सौम्यं जनार्दन॥
इदानीमस्मि संवृत्तः सचेताः प्रकृतिं गतः॥५१॥

ارجن نے کہا

صفت جمالی کا ارجن کے قلب پر ظہور

(۵۱) اے کرشن اب آپ کی اس خوش نما صورت انسانی کو دیکھکر میرے دل کو قرار اور طبیعت کو اطمینان ہوا ہے۔

دیکھکر یہ نور دلکش شکل میں انسان کی		ہوش و اطمینان و دلجمعی مجھے حاصل ہوئی	

श्रीभगवानुवाच। सुदुर्दर्शमिदं रूपं दृष्टवानसि यन्मम॥
देवा अप्यस्य रूपस्य नित्यं दर्शनकांक्षिणः॥५२॥

شری بھگوان نے فرمایا

کرشن جی نے کہا جو صورت جلال وجمال تو نے دیکھی ہے اوس کا دیدار مشکل سے نصیب ہوتا ہے

(۵۲) جس صورت کا دیکھنا دشوار ہے اور جو تو نے دیکھی ہے دیوتا بھی میرے اوس دیدار کی تمنا رکھتے ہیں۔

جیسی میری حیرت افزا شکل تو نے دیکھ لی	آرزو ہے دیوتاؤ نکو بھی اِسکے دید کی

شکر کر ارجن کہ کیا طالع ترا بیدار ہے سب ملائک منتظر مدت سے تھے اِس دید کے کیا عبادت کیا ریاضت کیا سخا سب ہیچ ہیں	تو اوسے دیکھے جب جلوہ سے ننگ و عار ہے یہ تیرا صدقہ ہے اور یہ واجب الاظہار ہے ایسے جلووں میں فقط اک لطفِ حق درکار ہے

منتر نمبر ۹ ۔ ۵۲ کے معنی سمجھنے سے واضح ہوگا کہ جو دوسری صورت کرشن دیو نے ارجن کو دکھائی وہ کوئی اور صورت نہ تھی یعنی جب ارجن صورت جلالی یا جذب کی دیکھکر گھبرایا تب کرشن جی نے اپنی جمالی یا سلوک کی کیفیت دکھا دی تصویر نمبر ۱۳ اور تصویر نمبر ۷ میں کوئی تفاوت نہیں ہے وہ تنزیہی اور یہ تشبیہی ہے اور یہ دونوں عکس اور معکوس ہو کر جیسا کہ تصویر نمبر ۷ میں اوپر بیان ہو چکا ہے واقع ہوئی ہیں اِس تصویر نمبر ۱۳ کی بنیاد پر مورتی دہیان کا طریقہ شروع ہوا ہے جو نہایت ضروری ہے یعنی متشکل صورت کا خیال دل میں بندھ سکتا ہے غیر متشکل کا تصور قایم ہونا نہایت مشکل اور دشوار ہے آسانی کے خیال سے یہ طریقہ پسند کیا گیا مطلب دونوں کا ایک ہی ہے اِس تصویر کو نرگن اور نمبر ۷ کی تصویر کو سرگن روپ سمجھ لینا چاہیے اور انمیں صرف تفاوت تفہیمی ہے اور واقعی نہیں ہے یہ ایک مشہور مقولہ ہے کہ خدا نے اِنسان کو اپنی صورت پر بنایا اور جیسے کسی بیج میں اوسکے درخت کی شکل معہ پھل۔ پھول۔ پتہ کے موجود ہوتی ہے جو آنکھ سے نظر نہیں آتی اِسی طرح ہر ذی روح کے ہردے یعنی قلب میں روح اعظم آشکارا ہوتی ہے مگر آنکھ سے نہیں دکھ سکتی حق الیقین سے نظر آجاتی ہے۔ اب اِس تصویر کے اعداد کی مطابقت کرنے سے یہ عقدہ کھل جائیگا کہ جو کچھ تصویر نمبر ۱۳ میں آشکارا ہوا ہے ویدوں نے اوسی کی حمد و ثنا گائی ہے سرِ مو تفاوت نہیں ہے۔

اس وشنو کی تصویر میں جو حلقہ سفیدی کا ہے وہ صفحہ بسیط اور ایک کا عدد ہے گلابی رنگ
چیتن شکتی یعنی مادّہ حیات کا اشارہ ۲ کے عدد پر ہے شیش ناگ کال گویا ۳ کے عدد کو بتاتا ہے اور
لکشمی زرد رنگ والی ۴ کا عدد اور بدھی کا آکار ہے۔ ان چاروں قوتوں کے مجموعہ سے نابھی یعنی ناف کے
مقام پر مجموعہ انفاس یعنی پرانوں کا ہے جسے سمان وایو کہتے ہیں وہاں قدرتی طور پر اندر کی جانب
باہر سے نفس کو کشش ہوتی ہے جس کی بدولت پران ظہور پاتا ہے اور اوسے مثل ڈنڈی کنول کے
سمجھنا چاہئے اس پران کی ڈنڈی میں برہما یعنی بدھی کا کنول چہار برگہ محسوس ہوتا ہے جس میں اہنکار
چت۔ بدھی۔ اور من کی چار علمی قوتیں ظاہر ہوتی ہیں اور وہ عکس اون پہلی چہار شکتیوں کے ہیں جن کا
بیان اوپر آچکا ہے۔ پران جب گلے کے مقام سے اوپر جاتا ہے تب وہ اودان کہلاتا ہے مگر اس سے پیشتر
وہ ویان سے جو سارے جسم میں سما رہی ہے بلکہ ایک مادّہ پنج تتھی مورتی جسے رودر کہتے ہیں اور جو مجموعہ
پنج عناصر کا ہے ظاہر کر دیتا ہے اس کے بعد اپان شکتی جو سرخ رنگ والی آتش کا مادہ ہے اندر گئی ہوئی
سانس کو جسم سے باہر کر دیتی ہے اور ایسا چکر ہر ذی حیات میں برابر چلتا رہتا ہے اور اس کا نام زندگی
ہے یہ پانچ اور چار کے عدد ملکر مساوی نو کے ہوتے ہیں اور اولین چار کا ایک مجموعہ علم خالص کے دسویں
عدد سے مشابہت کلی رکھتا ہے اس تصویر میں جو ناف سے باہر کی جانب نقوش دکھائے ہیں یہ صرف سمجھانے
کی غرض سے ہیں واقعی یہ سب فعل جسم کے اندر ہو رہے ہیں انسان کا دماغ کنول کا پھول ہے نرخرہ
اوس پھول کی ڈنڈی ہے اور اس میں سارے عجائبات محسوس ہوتے ہیں۔

برہماجی کے سر پر جو تاج سات رنگ کا دکھایا گیا ہے وہ ساتوں بھومکا یعنی طبقات ہیں اور رودر
کے سر پر جو آٹھ رنگ کا تاج ہے وہ پنج مہا بھوت من بدھی اور اہنکار کا مجموعہ ہے یہاں پر ستو گنی
وشنو کا رجو گنی برہما کا اور تمو گنی شیو کا روپ ہے یہ تینوں گن باہم ملکر تماشہ دکھا رہے ہیں جو دیدہ
حق بین سے واشگاف ہوتا ہے سام وید میں جو طریقت عشق کی ظاہر کی گئی ہے وہ بلا صورت پرستی
کے بن نہیں سکتی اور بھگتی کے لفظ سے مشہور ہے سب سے عمدہ اور آسان یہی طریقت مانی گئی ہے
ماسوا پر نظر ٹھیرانا عشق مجازی کہلاتا ہے اور ذات پر توجہ کرنا عشق حقیقی ہے اور کرشن بھگوان کا

ساری گیتا میں یہی فرمان ہوا ہے کہ اپنی انانیت و پندار کو دور کر کے بجائے اُسکے انسان ذات پاک کے مشاہدہ کی مزاولت کرے اور اُسکے حضور سے غائب نہو اسی وجہ سے پرتما پوجن اور گرو کا دھیان جو بالمعنی ایک ہیں طالب کے واسطے لازمی ہے مذہب صوفیہ اہل اسلام نے اس طریقت کو مان رکھا ہے گو وہ کسی الفاظ میں بیان کیجاوے مگر معنی میں فرق نہیں ہے خداشناسی کی اوّل منزل بت پرستی ہے کہ بلا اسکے خداشناسی نہیں ہوتی۔

درونِ ہر بُتے جانیست پنہان	بزیر کفر ایمانیست پنہان

नाहं वेदैर्न तपसा न दानेन न चेज्यया ॥
शक्य एवं विधो द्रष्टुं दृष्टवानसि मां यथा ॥५३॥

اُس دیدار کا حاصل ہونا کس عمل کی ذریعہ سے ممکن ہے

(۵۳) جیسا تو نے مجھے دیکھا ہے ویسا میں وید کے پڑھنے ریاضت کرنے خیرات دینے اور یگ کرنے سے نہیں دیکھا جا سکتا۔

علم کی تحصیل تقویٰ خیر و نیک اعمال سے	دیکھنا مشکل ہے جیسا تو نے دیکھا ہے مجھے

وید پڑھنا جگ کا کرنا خیر اور خیرات سب	ایسے جلوہ میں ہر ایک لاچار ہے بیکار ہے
سب سے یکسو ہو کے جو مجھسے لڑاتا ہے نظر	میں بھی اوس کو دیکھتا ہوں یہ میرا اسرار ہے

भक्त्यात्वनन्यया शक्य अहमेवंविधोऽर्जुन ॥
ज्ञातुं द्रष्टुं च तत्त्वेन प्रवेष्टुं च परंतप ॥५४॥

البتہ عشق حقیقی کے وسیلہ سے علم اور دیدار اور وصال حاصل ہوتا ہے۔

(۵۴) اے ارجن فاتح دشمنان عشق حقیقی کے وسیلہ سے میرا علم اور دیدار کماحقہ حاصل ہوتا ہے اور وصال نصیب ہوتا ہے۔

اضطرابِ دل کے ہوتے میری قربت ہے محال	عشق سے آسان ہے میرا علم و دیدار و وصال

دایم ہمہ جا باہمہ کس در ہمہ حال	می دارد نہفتہ چشم دل جانب یار

मत्कर्म कृन्मत्परमो मद्भक्तः सङ्गवर्जितः ॥

निर्वैरः सर्वभूतेषु यः स मामेति पाण्डव ॥५५॥

(۵۵) اے ارجن جو شخص اپنے فعلوں کو مجھے تفویض کر کے ادا نہیں کرتا ہے میرا طالب ہوتا ہے میرا عشق حقیقی رکھتا ہے اور کُل مخلوقات سے بے تعصب رہتا ہے وہ مجھ میں وصل ہو جاتا ہے۔

مجکو اپنی ہستی تسلیم کرنا عشق حقیقی ہے اور ذریعہ وصال ہے

جو میرا طالب فنا ہوتا ہے مجھ میں عشق سے	جسکی یکساں ہے نظر سب پر وہ پاتا ہے مجھے

مضمون دہیائے یازدہم منظومہ پنڈت پران کشن صاحب ہاکچر ساکن گوالیار

جو کرے سو میری خاطر جو دہرے میرے لئے	سادگی میں میرا عاشق کیا غضب ہوشیار ہے
ہو محبت اوس کو اون سے جن کو میں پیدا کروں	بے طمع ہو بے غرض ہو جب وہ میرا یار ہے
مجھ سے چاہے مجکو اور میری پرستش میں رہے	دوسری صورت سے جب دیکھو جبھی بیزار ہے
جو بتانا تھا بتایا دیکھ کیا باقی رہا	ایک نقطہ ہے جو تیرے حق میں اب درکار ہے
ترک کر سب ملتیں لے مجھ اکیلے کی پناہ	یہ میرا ذمہ ہے ارجن تیرا بیڑا پار ہے

इतिश्री मद्भगवद्गीतासूपनिषत्सु ब्रह्मविद्यायां योगशास्त्रे श्रीकृष्णार्जुनसंवादे विश्वरूप-दर्शनयोगो नाम एकादशोऽध्यायः ॥११॥

شری بھگوت گیتا کے مخفی علم الوہیت کے طریقت کے بارہ میں کرشن اور ارجن کی تقریر کی وشوروپ درشن یوگ نام والی گیارہویں ادہیا ختم ہوئی

گیارھویں ادھیا کا خلاصہ

دسویں ادھیا تک تو علم الیقین کی منزل بیان کی گئی ہے اِس ادھیا میں عین الیقین اور حق الیقین کی اعلیٰ منازل دکھائی گئی ہیں اور طریقت فنا سے اون تک رسائی کا ہونا ممکن ظاہر کیا گیا ہے اور زہد ریاضت نیک اعمال وغیرہ سے اِن کا حاصل ہونا محال بتایا گیا ہے۔ جس وقت یوگ اور سانکھہ اور ویدانت کے قدیم طریقوں پر بخوبی عمل درآمد کا ہونا دشوار ثابت ہو گیا تھا اوس وقت شری بھگوان نے عامۂ خلایق کی مخلصی کے لئے زمانہ آیندہ کے حسب حال اون شاستروں کے اصول کا انتخاب کر کے فنا کے آسان طریقت کو فروغ دیا۔

فنا کے طریقت میں عشق کے وسیلہ سے انانیت ترک کر کے نور حقیقی کو اپنی ہستی تسلیم کرنا ہوتا ہے جب وہ تسلیم بالکُل عین الیقین ہو جاتی ہے بعد ازاں وہ حق الیقین کا درجہ پاتی ہے اوس وقت طالب کُل عالم کو اپنا ہی جلوہ دیکھتا ہے اور اِسی کو وشوروپ درشن یعنی جلوۂ جہاں نما عارفوں نے کہا ہے عین الیقین کی حالت میں کثرت وحدت میں سما جاتی ہے اور وحدت کا جذبہ پیدا ہوتا ہے حق الیقین کی کیفیت میں کثرت میں وحدت ہی موجود نظر آتی ہے۔

بارہویں ادھیا بھکتی یوگ

अर्जुनउवाच

एवं सतत युक्ता ये भक्तास्त्वांपर्युपासते ॥
येचाप्यक्षरमव्यक्तं तेषांके योगवित्तमा: ॥ १ ॥

ارجن نے دریافت کیا

طریقت شغل ذکر تصور اور طریقت فنا

(۱) بعض طالب تو اسطور پر ہمیشہ آپ کی پرستش میں مشغول رہتے ہیں اور بعض ذات لازوال و بے نشان کی پرستش کرتے ہیں ان میں سے کونسے وصال کا بہتر طریقہ جانتے ہیں۔

کچھ بستر عشق حقیقی سے ہیں طالب آپ کے	ذات کے جویا ہیں کچھ ان میں ہیں افضل کونسے	

لفظ اسطور کا اشارہ فنا کے طریقہ پر ہے جو گیارہویں ادھیا میں بیان کیا گیا ہے اور لازوال اور بے نشان ذات کی پرستش سے حصول معرفت کا وہ طریقہ مراد ہے جو زمانہ سابق میں جاری تھا اور جس کے لئے کرم یوگ یعنی عملی طریقت ضروری تھی۔ ذات لازوال کو اور کرشن بھگوان کی حقیقت کو جداگانہ سمجھنا چاہئے یہاں تو صرف طریقت کے اختلاف پر سوال پیدا ہوا ہے۔

श्री भगवानुवाच

मय्यावेश्य मनो ये मां नित्ययुक्ताउपासते ॥
श्रद्धया परयोपेतास्ते मे युक्ततमा मता: ॥ २ ॥

شری بھگوان نے فرمایا

طریقت فنا بہتر ہے

(۲) جو دل کو مجھ میں لگا کر خلوص عقیدت سے ہمیشہ میری پرستش کرتے ہیں وہ واصلوں میں اعلیٰ ہیں۔

میری طاعت میں سدا مشغول ہیں جو آدمی	صدق جنہیں ہے طلب اعلیٰ ہے ان کی زندگی	

جو لوگ فنا کے طریقہ سے طالب ذات ہوتے ہیں وہ اور طریقوں کے پیروان پر سبقت رکھتے ہیں۔

ये त्वक्षरमनिर्देश्यमव्यक्तं पर्युपासते॥
सर्वत्रगमचिन्त्यं च कूटस्थमचलं ध्रुवम्॥ ३॥
सन्नियम्येन्द्रियग्रामं सर्वत्र समबुद्धयः॥
ते प्राप्नुवन्ति मामेव सर्वभूतहिते रताः॥ ४॥

شغل فکر اور تصور کے طریقے سے بھی وصال ہوتا ہے

(۳و۴) جو سب کو یکساں سمجھتے ہیں اور سب کی بہتری مد نظر رکھتے ہیں اور تمام حواس کو روک کر بے زوال ۔حیط کلام سے باہر۔ بے نشان محیط کل۔ قیاس سے برتر۔ پاک قایم اور قدیم ذات کی پرستش کرتے ہیں وہ بھی مجھی کو پاتے ہیں۔

ہستیِ الطف ہی لافانی و برتر از حواس ،	قایم و ساکن محیط و پاک و بیرون از قیاس
محو ہو جاتے ہیں جو اُس میں صفائے قلب سے	چاہتے ہیں خیر سب کی وہ بھی پاتے ہیں مجھے

جو لوگ ضبط حواس اور ریاضت کے وسیلہ سے ذات بے نشان کے متلاشی ہوتے ہیں وہ کرشن بھگوان کی ذات میں جو واقعی بے نشان ہے وصل ہوتے ہیں۔

क्लेशोऽधिकतरस्तेषामव्यक्तासक्तचेतसाम्॥
अव्यक्ता हि गतिर्दुःखं देहवद्भिरवाप्यते॥ ५॥

مندرجہ بالا طریقہ مشکل اور دیر طلب ہیں۔

(۵) لیکن اونھیں ذات بے نشان کے تصوّر قایم کرنے کی وجہ سے زیادہ دقت پیش آتی ہے انسان کے لئے ذات بے نشان کا تصوّر مشکل ہے۔

غیب کی پردہ دری اُنکے لئے دشوار ہے	عقل ظاہر بین سے پنہان ذات کا دیدار ہے

حصول علم ذات کے دو طریقے ہیں ایک میں اپنی ہستی کو برہم یعنی ذات محیط تصوّر کرنا ہوتا ہے دوسری میں انانیت کو ترک کرنا پڑتا ہے پہلے طریقہ میں ضبط حواس کے وسیلہ سے ذات بے نشان کا تصور قایم کیا جاتا ہے اور وہ سخت مشکل ہے۔ دوسرے طریقہ سے بشرطیکہ طالب تیز فہم ہو بہت جلد کشایش باطنی حاصل ہوتی ہے اور اس کے لئے لوازمات بیرونی کا ترک بھی لازمی نہیں ہے

صرف باطنی ریاض کافی ہے پندار کی موجودگی میں ذات بے نشان کا تصوّر قایم ہونا ممکن نہیں ہے
پندار کے ترک کرنے پر جو کچھ باقی رہتا ہے وہ ذات بے نشان ہے ضبط حواس کے طریقت کے پابندوں
کو بھی آخر الامر فنا کی منزل طے کرنی پڑتی ہے (دھیائے پنجم کا منتر ۲ بغور دیکھو)

ये तु सर्वाणि कर्माणि मयि संन्यस्य मत्पराः॥
अनन्येनैव योगेन मां ध्यायंत उपासते॥६॥
तेषामहं समुद्धर्त्ता मृत्यु संसारसागरात्॥
भवामि नचिरात्पार्थ मय्या वेशित चेतसाम्॥७॥

طریقت فنا آسان اور زود رساں ہے

(۶ و ۷) جو میرے طالب اپنے سارے افعال مجھکو تفویض کرکے عشق کامل کے ساتھ مجھے یاد کرتے ہیں اور میری پرستش کرتے ہیں اے ارجن میں اون کو بحر عالم فانی سے جلد پار کر دیتا ہوں۔

جان و ایماں کو فدا کرتے ہیں شوق وصل پر	میرے طالب اپنے سارے کام مجھپر چھوڑ کر
جلد بحر عالم فانی سے میں کرتا ہوں پار	جنکو میرا عشق صادق ہے اُنہیں اے نامدار

جو شخص عشق کی کشتی کو ذکر اور فکر کا چپو اور بادبان لگا کر دریائے فنا کے پار لیجاتا ہے وہ عالم جاودانی کی سلطنت پاتا ہے۔

मय्येव मन आधत्स्व मयि बुद्धिं निवेशय॥
निवसिष्यसि मय्येव अत ऊर्ध्वं नसंशयः॥८॥

دہیان یعنی تصوّر

(۸) دل کو مجھ میں لگا اور عقل کو میری سپردگی میں رکھ اس کے بعد تو بیشک مجھ میں وصل ہوگا۔

راز کھل جائیگا تجھ پر منزل مقصود کا	عقل و دل دونو کو تو میرے تصوّر میں لگا
گم شدن گم کن کمال این است و بس	روز خود گم شو وصال این است و بس

अथ चित्तं समाधातुं न शक्नोषि मयि स्थिरम्॥

अभ्यासयोगेन ततो मामिच्छाप्तुं धनंजय॥९॥

(۹) جو تو میرا تصور قایم نہیں کرسکتا تو اے ارجن تو شغل کی مزاولت سے میرے حاصل کرنے کی کوشش کر۔ | ابھیاس یعنی شغل |

شغل کے ذریعہ سے میرے وصل کی تدبیر کر	باندھنا میرا تصور تجھ کو مشکل ہو اگر
شاید ہمیں نفس نفس واپسین بود	غافل ز احتیاط نفس یک نفس مباش

अभ्यासे ऽप्यसमर्थोऽसि मत्कर्म परमो भव॥
सदर्थमपि कर्माणि कुर्वन्सिद्धिमवाप्स्यसि॥१०॥

(۱۰) جو تو شغل بھی نہیں کرسکتا تو اپنے فعلوں کو مجھسے منسوب کر اون افعال کو مجھسے منسوب کرنے پر بھی تجھے درجۂ کمال حاصل ہوگا۔ | بچار یعنی فکر |

میری خاطر فعل کر عرفان سے ہوگا بہرہ ور	شغل میں تکلیف ہو تو مجھکو فاعل جان کر
فکر کن تا فکر و گردی از جسد	فکر کن تا داری از فکر خود
راہ آن باشد کہ پیش آید شہے	فکر آن باشد کہ بکشاید رہے
نے بہ مخزن ہا و لشکر ہا شود	شاہ آن باشد کہ از خود شہ شود

अथैतदप्यशक्तोऽसि कर्तुं मद्योगमाश्रितः॥
सर्वकर्मफलत्यागं ततः कुरु यतात्मवान्॥११॥

(۱۱) جو یہ بھی نہیں کرسکتا ہے تو پھر میرے وصال کا طالب ہو کر اور اپنے دل پر قادر ہو کر افعال کے نتیجہ سے کلیتاً نظر اوٹھا۔ | تیاگ یعنی فنا |

دور کر شمع طلب سے ظلمت بیم و رجا	یہ بھی گر دشوار ہی طالب ہو میرے دید کا
دریاب ز لفظ معنی و روئے متاب	انسان لفظ است معنیش را دریاب
در بحر وجود محو شو ہچو حباب	رو لفظ فنا ساز و بہ معنی دل بند

श्रेयो हि ज्ञानमभ्यासाज्ज्ञानाद्ध्यानं विशिष्यते॥

ध्यानात्कर्मफलत्यागस्त्यागाच्छान्तिरनन्तरम् ॥१२॥

طریقہ فنا اعلیٰ ہے

(۱۲) شغل سے فکر اعلیٰ ہے فکر سے تصوّر۔ تصوّر سے ترک نتیجہ فعل اور ترک نتیجہ فعل سے محویت۔

شغل و عرفاں سے ہوا آسان تر وسیلہ عشق کا	عشق کا مقصد فنا ہے اور فنا میں ہے بقا

طالب کے لئے ابھیاس یعنی شغل سے بچار یعنی فکر جس کو سیر القلب بھی کہتے ہیں اعلیٰ ہے بچار پر آتم دھیان یعنی ذات بحت کا تصوّر فضیلت رکھتا ہے آتم دھیان سے تیاگ جس کو طریقہ فنا کہتے ہیں عمدہ ہے اور فنا کے بعد بقا ہے۔ شغل کا تعلق دل حواس اور نفس سے ہے فکر کا عقل سے تصوّر قوت متخیلہ کا فعل ہے فنا ترک انانیت کو کہتے ہیں ان چاروں مختلف طریقوں کی تشریح مندرجہ بالا چار منتروں میں درج ہو چکی ہے اور ان سب کی آخری منزل محویت ہے۔

پیش نظر و فکر دل و ذکر زباں بس	یار است ہمیں یار ہمیں یار دگر ہیچ

अद्वेष्टा सर्वभूतानां मैत्रः करुण एव च ॥

निर्ममो निरहंकारः समदुःखसुखः क्षमी ॥१३॥

संतुष्टः सततं योगी यतात्मा दृढनिश्चयः ॥

मय्यर्पितमनोबुद्धिर्यो मद्भक्तः स मे प्रियः ॥१४॥

شاغل

(۱۳ و ۱۴) جو میرا طالب دنیا میں کسی سے حسد اور دشمنی نہیں رکھتا ہے اور رحم دل حلیم اور بے پندار ہے تکلیف و راحت کو مساوی سمجھتا ہے تحمل اور صبر رکھتا ہے اور شغل کرتا ہوا حواس پر قادر اور یقین کا پکا ہے اور اپنے دل اور عقل کو مجھ میں لگائے رہتا ہے وہ مجھے عزیز ہے۔

جس کو کل مخلوق سے ہو انس و لطف و آشتی شغل کی برکت سے ہے جس کا عقیدہ استوار	جس کی چشم مست میں ہمرنگ ہیں رنج و خوشی عقل و دل کو محو کر کے ہو گیا ہے جاں نثار

यस्मान्नोद्विजते लोको लोकान्नोद्विजते च यः ॥

हर्षामर्षभयोद्वेगैर्मुक्तो यः स च मे प्रियः ॥१५॥

ایضاً (۱۵) جس سے اہل دنیا کو آزار نہیں پہونچتا ہے اور جس کو اہل دنیا آزار نہیں پہونچا سکتے ہیں اور جو خوشی اور رنج خوف اور غصّہ سے آزاد رہتا ہے وہ مجھے عزیز ہے۔

اُس کا مسلک صلح کل ہے وہ ہی سب کا دستار	خوف و طیش و رنج و راحت سے بری ہے میرا یار

अनपेक्षः शुचिर्दक्ष उदासीनो गतव्यथः ॥
सर्वारंभपरित्यागीयो मद्भक्तः स मे प्रियः ॥१६॥

طریقہ فکر کا طالب (۱۶) جو میرا طالب بے خواہش۔ پاکباز اور ہوشیار ہے آزاد ہے اور مکروہات سے بری رہتا ہے اور اپنے سب فعلوں کے نتیجہ پر نظر رکھتا وہ مجھے عزیز ہے۔

تارک ہے ادبار انسان ہے مجھکو عزیز	مطمئن بے لوث قانع پاکباز و باتمیز

यो न हृष्यति न द्वेष्टि न शोचति न कांक्षति ॥
शुभाशुभ परित्यागी भक्तिमान्यः स मे प्रियः ॥१७॥

ایضاً (۱۷) جو طالب شوق و نفرت بیم و اُمید نہیں رکھتا ہے اور نیکی اور بدی کو ترک کر دیتا ہے وہ مجھے عزیز ہے۔

وہ دوئی سے پاک ہے اُس سے محبت ہے مجھے	جو بری ہے شوق و نفرت بیم اور اُمید سے

समः शत्रौ च मित्रे च तथा मानापमानयोः ॥
शीतोष्ण सुखदुःखेषु समः संगविवर्जितः ॥१८॥
तुल्यनिंदास्तुति मौनी संतुष्टो येन केनचित् ॥
अनिकेतः स्थिरमतिर्भक्तिमान्मे प्रियो नरः ॥१९॥

طریقہ تصوّر کا طالب (۱۸ و ۱۹) جو طالب دوستی اور دشمنی تعظیم اور اہانت میں یکساں رہتا ہے اور سردی و گرمی شادی و غم سے مساوی بے تعلق ہے مدح و ذم کو برابر خیال کرتا ہے اور سکون رکھتا ہے اور جو کچھ پیش آجاتے اُسی میں خوش رہتا ہے اور کاروبار خانہ داری کے ساتھ دلی تعلق نہیں رکھتا ہوا مستقل مزاج رہتا ہے وہ مجھے عزیز ہے۔

جس کی نظروں میں ہے یکساں دوستی اور دشمنی	گرم و سرد و شادی و غم حرمت و بیحرمتی
باتوکل بے تعلق ہجو اور تعریف سے	صابر و آزادہ رو انساں پیارا ہے مجھے

ये तु धर्म्यामृतमिदं यथोक्तं पर्य्युपासते॥
श्रद्दधाना मत्परमा भक्तास्तेऽतीव मे प्रियाः॥२०॥

طریقہ فنا کا طالب

(۲۰) جو میرے طالبان صادق خلوص عقیدت سے اس کلام کو جسمیں علم الوہیت کا آب حیات بھرا ہوا ہے حرز جان بناتے ہیں وہ مجھے نہایت عزیز ہیں۔

اب جواں میری اس تقریر کا جس نے پیا	وہ کمال عشق سے محبوب کامل بن گیا

عشق بشگافد فلک را صد شگاف	عشق لرزاند زمیں را از گزاف
عاشقان اندر عدم خیمہ زدند	چون عدم یک رنگ نقش واحد اند
عشق قہاراست و من مقہور عشق	چوں شکر شیریں شدم از شور عشق

इति श्रीमद्भगवद्गीतासूपनिषत्सु ब्रह्मविद्यायां योगशास्त्रे श्रीकृष्णार्जुनसंवादे भक्तियोगो नाम द्वादशोऽध्यायः॥१२॥

شری بھگوت گیتا کی مخفی علم الوہیت کے طریقت کے
بارہ میں کرشن اور ارجن کی تقریر کی بھگتی
یوگ نام والی بارہوین ادھیا
ختم ہوئی

بارہوین ادھیا کا خلاصہ

بارہوین ادھیا میں شغل فکر اور تصور کے طریقوں کا جو قدیم زمانہ میں جاری تھے عشق و فنا کے طریقے سے جس کو کرشن بھگوان نے فروغ دیا فرق دکھایا گیا ہے۔ اون طریقوں سے مطلوب کا پانا مشکل اور دیر طلب ہے طریقہ فنا اہل دانش کے لئے آسان ہے اور اوس میں کامیابی بھی جلد حاصل ہوتی ہے منجملہ اون تین طریقوں کے شغل پر فکر کو اور فکر پر تصور کو فضیلت ہے اور فنا کا طریقہ اون سب سے اعلیٰ ہے۔ شغل میں حواس اور دل کو ضبط کرنا ہوتا ہے فکر میں عقل کے ذریعہ سے حق و باطل کا تمیز کرنا پڑتا ہے تصور میں خیال کو یکسو کرکے جان کا مشاہدہ کیا جاتا ہے۔

طریقۂ فنا کے عامل پندار ہستی کو ترک کرکے ذات مطلق میں محو ہو جاتے ہیں۔ طالب کو ہر ایک طریقہ سے درجہ بدرجہ کشائش باطنی اور ذات پاک کی قربت حاصل ہوتی ہے لیکن محویت کے مقام پر پہونچنے کے لئے فنا کی شاہراہ طے کرنی لازمی ہے۔

تیرہویں ادھیا کیشتر گیہ یوگ

अर्जुन उवाच

प्रकृतिं पुरुषं चैव क्षेत्रं क्षेत्रज्ञ मेव च।
एतद्वेदितु मिच्छामि ज्ञानं ज्ञेयं च केशव:॥१॥

ارجن نے سوال کیا

(۱) اے کرشن آپ مجھے صفات - ذات - جسم - جان - علم اور علیم کے معنی سمجھائے

علم توحید و احد ذات و صفات و جسم و جان		اِن منازل کا نشان بتلائیے اے مہربان

ذات اور صفات کی تین تین ظہوروں کو ان مختلف چھ اسما سے بیان کیا ہے۔

کارن	علیم	علم
سوکشم	ذات	صفات
ستھول	جان	جسم

श्री भगवानुवाच- इदं शरीरं कौंतेय क्षेत्रमित्यभिधीयते।
एतद्योवेत्ति तं प्राहु:क्षेत्रज्ञ इति तद्विद:॥२॥

شری بھگوان نے جواب دیا

جسم اور جان کی تعریف

(۲) اے ارجن اس کالبد عنصری کا نام جسم ہے اور جو اس کو جانتا ہے اوسے عارف جان سکتے ہیں۔

مصدر افعال ہونا جسم کی پہچان ہے		شاہد افعال جسمانی سراپا جان ہے

کھیتر زبان سنسکرت میں زمین مزروعہ کو کہتے ہیں اور کھیتر گیہ کے معنی کسان یعنی مزارعہ کے ہیں اس موقع پر کھیتر سے مراد مکان یعنی جسم ہے اور کیھتر گیہ مکین یعنی جان کے معنی رکھتا ہے۔

क्षेत्रज्ञं चापिमां विद्धि सर्व क्षेत्रेषु भारत॥
क्षेत्र क्षेत्रज्ञ योर्ज्ञानं यत्त ज्ज्ञानं मतं मम॥३॥

اجسام کی کثرت جان کی وحدت	(۳) اے ارجن جان لے کہ سب جسموں میں جان میں ہی ہوں میری

رائے میں جسم اور جان کا تمیز کرنا علم معرفت ہے۔

ہاں اے ارجن کہ میں ہوں جان کُل اجسام کی	اِمتیازِ جسم و جان ہے روحِ علم باطنی

ذات کارن سے سوکشم اور سوکشم سے استھول بنکر آشکارا ہوئی ہے اور اپنی ناظر آپ ہی ہے چونکہ استھول اوس کی حدظہور کے طرف ہے لہذا اِس کے معنی اول بیان کئے گئے ہیں سوکشم اور کارن کے معنی آگے بیان کئے جائیں گے اِن تینوں منازل کی تحقیقات میں کل علم معرفت آجاتا ہے۔

तत्क्षेत्रं यच्च यादृक्च यद्विकारि यतश्च यत्।
स च यो यत्प्रभावश्च तत्समासेन मे शृणु ॥४॥

جسم و جان کے علم کا خلاصہ	(۴) وہ جسم جو کچھ ہے جیسا ہے اوس کے جو جو خواص ہیں اوس کا جس سے ظہور ہے وہ جیسی ہے اور جیسی قدرت رکھتی ہے اوس کا مجمل بیان مجھسے سُن

اب بیان کرتا ہوں تجھسے جان کے اعجاز کو	جسم کی خاصیت و نیرنگی و آغاز کو ؛ ؛

اِس ادھیاے کے چھٹے منتر میں بیان ہو گا کہ جسم پانچ عنصروں کا پتلا ہے اور اونمیں قوتوں سے آراستہ ہے ساتویں منتر میں اوس کے خواص کی تشریح درج ہے جسم کا جان سے ظہور ہوتا ہے اور اِس کی حقیقت ۲۲ منتر میں اور تعریف اور قدرت ۳۲ و ۳۳ و ۳۴ منتر میں ظاہر کیجائیگی۔

ऋषिभिर्बहुधा गीतं छन्दोभिर्विविधैः पृथक्।
ब्रह्मसूत्रपदैश्चैव हेतुमद्भिर्विनिश्चितैः ॥५॥

جسم و جان کی علم کی وسعت	(۵) عارفوں نے نئے نئے طرز پر اور ویدوں نے مختلف طور پر اور فلسفہ ویدانت کے مسلوں نے دلیل اور صحت کے ساتھ اِسی راگ کو گایا ہے۔

گا چکے ہیں مختلف الحان میں یہ راگنی ؛	چار وید اور مہرشی اور فلسفی و منطقی ؛ ؛

وید اور فلسفہ اور تمام عارف واجب الوجود کے انہیں تین منازل کو مختلف انواع سے حیطہ بیان

ہیں لاتے ہیں مگر عوام بوجہ عدم واقفیت لفظی بحث بحثی کرتے ہیں درحقیقت علم معرفت ایک ہے اور اس میں اختلاف کا ہونا ممکن نہیں۔

महाभूतान्यहंकारो बुद्धिरव्यक्तमेव च ।
इंद्रियाणि दशैकं च पंच चेंद्रियगोचराः ॥ ६ ॥
इच्छा द्वेषः सुखं दुःखं संघातश्चेतना धृतिः ॥
एतत्क्षेत्रं समासेन सविकारमुदाहृतम् ॥ ७ ॥

اجزار جسمانی

(۶) پانچ عناصر بسیط۔ انانیت۔ عقل۔ قوت متخیلہ۔ دس حواس۔ دل۔ اور پانچ الہ حواس (۷) رغبت اور نفرت۔ آرام اور تکلیف۔ موت۔ زندگی اور پیدائش یہ جسم اور اوس کے خواس کی مجمل تفصیل ہیں۔

پانچ عنصر پانچ اعضا دس حواس مدرکہ شوق و نفرت رنج و راحت ہوش غفلت اور خودی		چار قوت یعنی عقل و دل خیال و حافظہ مختصر الفاظ میں تفصیل ہے اس جسم کی :

خلا۔ باد۔ آب۔ آتش۔ خاک۔ انانیت۔ عقل۔ قوت۔ متخیلہ۔ سامعہ۔ لامسہ۔ باصرہ۔ ذائقہ۔ شامہ۔ ہاتھ پانوں۔ موتھ۔ مقام بول۔ مقام براز۔ دل۔ کان۔ پوست۔ آنکھ۔ زبان۔ ناک یہ چوبیس تو یعنی اجزا جسم انسان کے فلسفہ سانکھ نے تحقیقات کے بعد ثابت کئے ہیں پچیسواں ذات مطلق ہے جس سے ان سب کو نمود ہے۔

ان چوبیس اجزا کی ترکیب سے رغبت و نفرت آرام و تکلیف موت زندگی اور پیدائش کی ساتوں حالتیں پیدا ہوتی ہیں۔

अमानित्वमदंभित्वमहिंसाक्षांतिरार्जवम् ।
आचार्योपासनं शौचं स्थैर्यमात्मविनिग्रहः ॥ ८ ॥

علم کی تعریف

(۸) انکساری۔ راستبازی۔ رحمدلی۔ تحمل۔ سچائی۔ اوستاد کی تعظیم کا خیال صفائی قلب۔ استقلال۔ ضبط دل۔

زہد و تقویٰ راستبازی صلح جوئی انکسار		صحبت انسان کامل ضبط دل صبر و قرار

इंद्रियार्थेषु वैराग्यमनहंकार एवच ॥
जन्म मृत्युजरा व्याधि दुःख दोषानु दर्शनम् ॥ ९ ॥

ایضاً (۹) محسوسات سے بے تعلقی - ترک پندار - پیدائش - موت - بڑھاپے اور بیماری کی تکلیفات کے نقص سے آگاہ رہنا۔

ترک محسوسات و خواہش پاک طینت اور حلم		مرگ و پیدائش علالت اور پیری سب کا علم

असक्तिरनभिष्वंगः पुत्रदार गृहादिषु ॥
नित्यं च समचित्त त्वमिष्टानि ष्टोपपत्तिषु ॥ १० ॥

ایضاً (۱۰) اولاد - بیوی اور متعلقین وغیرہ کی اُلفت میں نہ پھنسنا آزاد رہنا اور خوشی اور رنج کے موقع پر یکساں رہنا۔

اقربا فرزند اور بیوی کی اُلفت چھوڑنا		جذبۂ رنج و خوشی کی ریسماں کو توڑنا

मयिचानन्ययोगेन भक्तिरव्यभिचारिणी ।
विविक्त देशसेवि त्वमर तिर्जन संसदि ॥ ११ ॥

ایضاً (۱۱) عشق حقیقی کے ساتھ میرا ہی طالب ہونا۔ گوشہ گزیں رہنا اہل دنیا سے بے تعلقی رکھنا۔

باندھنا میرا تصور عشق صادق سے مدام		گوشہ گیری از خلائق ترکِ شوقِ اژدہام

अध्यात्मज्ञाननित्यत्वं तत्त्वज्ञानार्थ दर्शनम् ।
एतज्ज्ञान मिति प्रोक्त मज्ञानं यदतोऽन्यथा ॥ १२ ॥

ایضاً (۱۲) علم ذات میں ثابت قدم ہونا اور علم صفات سے واقف ہونا علم کی تشریح ہے جو اس کے برعکس ہے وہ جہل ہے۔

ظاہر و باطن کی معلومات سے بہرہ وری		علم کی تعریف ہے باقی ہیں سب بیدانشی

بطون کی طرف توجہ کا رجوع ہونا گیان یعنی علم ہے۔ حواس سے مغلوب ہو جانا اگیان یعنی جہل ہے۔

ज्ञेयं यत्तत्प्रवक्ष्यामि यज्ज्ञात्वाऽमृतमश्नुते ।
अनादिमत्परं ब्रह्म न सत्तन्नासदुच्यते ॥१३॥

علیم کی تعریف

(۱۳) اب میں اوس علیم کی تعریف بیان کرتا ہوں جس کے جاننے سے زندگانی جاوید ملتی ہے جس کا آغاز نہیں ہے اور جو ذات لازوال ہے اور حق و باطل نہیں کہا جا سکتا

معنی لفظِ اَحد اب تجھ کو کرتا ہوں عیاں	علم وحدت کا نتیجہ ہے حیات جاودان
اوّل و آخر نہیں اُس کا کہ وہ ہے لازوال	حق نہ کہہ سکتے ہیں اُس کو اور نہ باطل اے حال

علیم کا مشاہدہ اوس وقت ہوتا ہے جبکہ علم اور عالم دونوں علیم میں محو ہو جاتے ہیں جب تک علم اور عالم کا تمیز موجود رہتا ہے محویت کا ہونا نہیں کہا جا سکتا۔ عالم پندار ہے اور علم نمود عالم ہے اور یہ دونوں علیم کا حجاب ہو رہے ہیں۔

सर्वतः पाणिपादं तत्सर्वतोऽक्षिशिरोमुखम् ।
सर्वतः श्रुतिमल्लोके सर्वमावृत्य तिष्ठति ॥१४॥

محیط

(۱۴) اوس کے سب طرف ہاتھ پانوں ہیں سب طرف آنکھیں سر اور منہ ہیں سب طرف کان ہیں اور وہ سارے عالم میں محیط ہے۔

ہر طرف گوش و سر و چشم و دہان و دست و پا	ہیں اُسی کے اور وہ ہے شش جہت سے رونما

جتنے انسانوں کے ہاتھ پانوں آنکھ سر اور منہ ہیں یہ سب اوسی علیم کے ہیں جو سب میں محیط ہے۔

ذاتت بہمہ صفات جامع در تو	زان نور حقیقت است لامع در تو
بر خود تو عبث تہمت ہستی داری	حق است کہ شد قایل و سامع در تو

सर्वेन्द्रियगुणाभासं सर्वेन्द्रियविवर्जितम् ।
असक्तं सर्वभृच्चैव निर्गुणं गुणभोक्तृ च ॥१५॥

پاک

(۱۵) وہ سب حواس کے فعلوں کو روشنی دیتا ہے اور سب حواس سے بر تر ہے

سب سے مبرا ہے اور سب کو ظہور دیتا ہے صفات سے منزہ ہے اور صفات کو تمیز کرتا ہے -

جلوہ گر اجسام میں ہی خود مبرا از حواس	باہمہ و بے ہمہ با وصف بیروں از قیاس
عکس روئے تو چو در آئینہ جام افتاد این ہمہ نقش مے و عکس مخالف کہ نمود	عاشق سوختہ دل در طمع خام افتاد یک فروغ رخ ساقی ست کہ در جام افتاد

علیم عالم کی نیرنگی کو آنکھوں سے دیکھتا ہے اقوال کو سنتا ہے زبان سے بولتا ہے اور پاؤں سے چلتا ہے اور باوجود ان سب فعلوں کے کرنے کے اِن میں آلودہ نہیں ہوتا

बहिरंतश्च भूतानामचरं चरमेव च।
सूक्ष्मत्वात्तदविज्ञेयं दूरस्थं चांतिके च तत॥१६॥

لطیف (۱۶) اجسام کے اندر اور باہر ہے اور ساکن اور متحرک ہے وہ کمال لطافت کے سبب معلوم نہیں ہوتا ہے اور دور اور نزدیک موجود ہے -

ساکن و متحرک و مخفی و ظاہر ہے وہ نور	گو لطافت سے نظر آتا نہیں نزدیک و دور

علیم کُل عالم میں اور ہر ذرہ میں محیط ہے اور باوجود اجسام کو حرکت دینے کے خود غیر متحرک ہے وہ بسبب کمال لطافت حواس کے پردہ میں چھپا ہوا ہے اور اون سے تمیز نہیں ہو سکتا وہ قریب سے قریب ہے مگر بوجہ جہل و نادانی نہایت دُور معلوم ہوتا ہے -

अविभक्तं च भूतेषु विभक्तमिव च स्थितम्।
भूत भर्तृ च तज्ज्ञेयं ग्रसिष्णु प्रभविष्णु च॥१७॥

واحد (۱۷) وہ واحد ہو کر اِجسام میں منقسم نظر آتا ہے اور اوسی کو موجودات کے ایجاد قیام اور فنا کا باعث جاننا چاہیے -

وہ یگانہ ہی مگر عالم میں ہے کثرت نما	اُس کے رُخ کا پرتوہ ہی بودو ایجاد و فنا

علیم در اصل واحد ہے مگر جہل کی وجہ سے اوسکی کثرت کا خیال اِنسان کے دِل میں پیدا ہوتا ہے

ज्योतिषामपि तज्ज्योतिस्तमसः परमुच्यते ॥
ज्ञानं ज्ञेयं ज्ञानगम्यं हृदि सर्वस्य धिष्ठितम् ॥१८

منتر (۱۸) وہ سب نوروں کا نور ہے اور ظلمت سے دُور ہے اور عالم علم اور معلوم بنکر سب کے دل میں مقیم ہے۔

جہل کے پردے میں پوشیدہ ہے وہ نوروں کا نور		قلب میں علم سے گانہ اُس سے پاتا ہے ظہور	

इति क्षेत्रं तथा ज्ञानं ज्ञेयं चोक्तं समासतः।
मद्भक्त एतद्विज्ञाय मद्भावायो पपद्यते ॥ १९ ॥

علم اور علیم کا تمیز ذریعہ وصال ہے (۱۹) یہاں تک جسم علم اور علیم کا مجمل بیان ہوا ہے جو میرا طالب اِسے سمجھ لیتا ہے وہ مجھ میں وصل ہوتا ہے۔

جسم و جان اور علم کا جو تذکرہ میں نے کیا		اُسکو سن کر میرا طالب مجھ میں جاتا ہے سما	

جسم اور جان کا بیان منتر ۲ سے ۷ تک علم کا بیان ۸ سے ۱۲ تک اور علیم کا بیان ۱۲ سے ۱۸ تک مختصر طور پر ہوا ہے۔

प्रकृतिं पुरुषंचैव विद्ध्यनादी उभावपि ॥
विकारांश्च गुणाश्चैव विद्धि प्रकृति संभवान् ॥२०॥

ذات و صفات (۲۰) تو سمجھ لے کہ ذات اور صفات دونوں کی ابتدا نہیں ہے اور نیک اور بد خاصیتیں صفات سے ظہور پاتی ہیں۔

آفرینش اور فنا سے پاک ہیں ذات و صفات		جملہ اوصاف و عوارض ہیں صفاتی کائنات	

ذات اور صفات کا باہم ہونا مثل عکس اور معکوس کے ہے ذات قایم ہے اور صفات متحرک اور متغیر۔

कार्यकारणकर्तृत्वे हेतुः प्रकृतिरुच्यते ॥
पुरुषः सुखदुःखानां भोक्तृत्वे हेतुरुच्यते ॥२१॥

ذات مصدر علم اور صفات مصدر فعل ہی	(۲۱) فعل فاعل اور فاعلیت کا سبب صفات بیان کی گئی ہیں اور تکلیف و آرام کی تمیز کرنے کا سبب ذات ہے۔

	فاعلیت فعل اور فاعل ہیں نیرنگ صفات		راحت و تکلیف کے احساس کا باعث ہی ذات

افعال صفات سے پیدا ہوتے ہیں۔ ذات صرف اون کی علیم ہے۔

पुरुषः प्रकृतिस्थो हि भुंक्ते प्रकृतिजान्गुणान् ॥
कारणं गुणासंगो ऽस्य सदसद्योनिजन्मसु ॥ २२॥

ذات اور صفات کا تعلق	(۲۲) ذات صفات میں مقیم ہو کر اون خواص کو جو صفات سے پیدا ہوتے ہیں برداشت کرتی ہے اور خواص کے ساتھ اوس کا تعلق ہونے سے نیک اور بد انسانوں کی پیدایش ہوتی ہے۔

	سیر قدرت دیکھنا ہی ذات حق کا معجزہ		نیک و بد خلقت ہی گویا ایک صفاتی شعبدہ

ذات اور صفات کے الحاق سے کل مخلوقات کی پیدایش ہوتی ہے اور اس الحاق کا نام حیات ہی

उपद्रष्टानुमंता च भर्त्ता भोक्ता महेश्वरः ॥
परमात्मेति चाप्युक्तो देहे ऽस्मिन्पुरुषः परः ॥ २३॥

ذات کا جلوہ	(۲۳) وہ ذات پاک اس جسم انسان میں نزول کرکے شاہد۔ مالک پروردگار علیم۔ قادر مطلق اور ہست مطلق کہلاتی ہے۔

	قالب حادث میں نازل ہوکے وہ ذات قدیم		نامزد ہے فاعل و مفعول معلوم و علیم

ذات انسانی حیات کو اختیار کرکے مندرجہ بالا صفتوں کا ادراک کرتی ہے۔

य एवं वेत्ति पुरुषं प्रकृतिं च गुणैः सह।
सर्वथा वर्तमानो ऽपि न स भूयो ऽभिजायते ॥ २४॥

ذات و صفات کا علم باعث رستگاری ہی	(۲۴) جو انسان ذات اور صفات اور صفات کے خواص کی ماہیت کو سمجھ لیتا ہے وہ چاہے کسی حال میں رہے پھر پیدا نہیں ہوتا۔

	باہمہ اوصاف وہ ہی آفرینش سے بری		علم ہی جسکو حقیقت کا صفات وذات کی

جو بشر ذات اور صفات کے عقدہ کو حل کرلیتا ہے وہ عارف کامل ہوجاتا ہے

موجود بذاتی نہ برآیات صفات	درفانی وباذات تواے طالب ذات
ازخانہ خود بیابی آن آب حیات	این چاہ خودی را دوسہ گز گر بکنی

ध्यानेनात्मनि पश्यंति केचिदात्मानमात्मना ॥
अन्ये सांख्येन योगेन कर्मयोगेन चापरे ॥ २५॥

شغل فکر اور تصور کے طریقے سے وصال ذات ہوتا ہی

(۲۵) بعض آدمی تصور کے وسیلہ سے ذات مطلق کو اپنے باطن میں مشاہدہ کرتے ہیں بعض فکر یا شغل کے ذریعہ سے

	علم اور اعمال کا ثمرہ وصال یار ہے		اہل باطن کو میسر ذات کا دیدار ہی

अन्ये त्वेवमजानंतः श्रुत्वान्येभ्य उपासते ॥
तेऽपि चातितरंत्येव मृत्युं श्रुतिपरायणाः ॥२६॥

سرت سادھنا وصال کا ذریعہ ہے۔

(۲۶) اور جو لوگ اِن طریقوں سے ناواقف ہیں اور غیروں سے سنکر یا دحق کرتے ہیں وہ بھی سرت سادھنا کے ذریعہ سے دریائے اجل سے پار ہوجاتے ہیں۔

	بالیقین بحر اجل سے اُس کا بیڑا پار ہے		یاد خالق سے ہمیشہ جس کا دل سرشار ہی

علم ذات کا حاصل ہونا استعداد اور قابلیت پر منحصر نہیں ہے بلکہ صفائی قلب پر ہی جو کہ اشغال سے حاصل ہوتی ہے بہت سے متقدمین تحصیل علم کے بغیر عارف کامل ہوچکے ہیں جن کے کلام کی ضمیر عالمان ومحققان گذشتہ کی تصانیف کی ضمیر سے مطلق فرق نہیں رکھتی سرت سادھنا کا طریقہ جس کا اِس منتر میں بیان ہوا ہی دیگر اشغال سے مختلف ہی کہ اوسمیں بجائے کسی تصور کے قایم کرنیکی قوت متخیلہ کو اپنے فعل سے باز رکھنا ہوتا ہی اور اسی طریقہ سے کشایش باطنی حاصل ہوجاتی ہی

यावत्सं जायते किं चित्सत्वं स्थावर जंगमम् ॥
क्षेत्र क्षेत्रज्ञ संयोगात्तद्विद्धि भरतर्षभ ॥२७॥

جسم وجان کا اتصال موجب حیات ہے

(۲۷) اے ارجن جتنے حس و حرکت کرنے والے جاندار اور غیر متحرک مخلوق پیدا ہوتے ہیں تو جان لے کہ وہ جسم اور جان کے اتصال سے پیدا ہوتے ہیں۔

بجیس دبا ہوں مخلوقات میں لے نیک فال	آشکارا ہے مسادی جسم وجان کا اتصال

समंस सर्वेषु भूतेषु तिष्ठंतं परमेश्वरम् ॥
विनश्य त्स्वविनश्यतं यः पश्यति स पश्यति ॥२८॥

جسم اور جان کی شناخت

(۲۸) جو شخص دیکھتا ہے کہ قادر مطلق کل مخلوقات میں یکساں ہے اور اون کے فنا ہونے سے فنا نہیں ہوتا وہ اہل بینش ہے۔

چشم بینا کی نظر میں ایک ذاتِ کبریا	سب میں ہے یکساں منوّر نیز برتر از فنا

समं पश्यन्हि सर्वत्र समवस्थितमीश्वरम्
नहिनस्त्यात्म नात्मानं ततो याति परांगतिम् ॥२९॥

نظر کلیت اور وصال

(۲۹) وہ شخص قادر مطلق کو جو سب میں یکسان ہے یکساں دیکھکر اپنے آپکو گرداب فنا سے بچا لیتا ہے اور اعلیٰ منزل پر پہونچتا ہے۔

کثرتِ عالم میں وحدت جس کو آتی ہے نظر	جاگزیں ہوتا ہے وہ روحانیت کے بام پر

प्रकृत्यैव च कर्माणि क्रियमाणानि सर्वशः ॥
यः पश्यति तथात्मान मकर्तारं स पश्यति ॥ ३०॥

طریقہ فنا

(۳۰) جو بشر کل فعلوں کا صدور صفات سے جانتا ہے اور اپنی ذات کو فاعل نہیں مانتا وہ روشن ضمیر ہے۔

اپنے سب افعال کو جو جانتا ہے قدرتی	آپ کو اُن سے مبرا ہے وہ کامل آدمی

यदा भूतपृथग्भाव मेकस्थम नुपश्यति ॥
तत एव च विस्तारं ब्रह्म संपद्यते तदा ॥ ३१ ॥

توحید اور وصال (۳۱) جب اوس کی نگاہ میں عالم کی کثرت وحدت میں سماجاتی ہے اور کثرت وحدت کا جلوہ نظر آتی ہے اوسوقت وہ ذات بے زوال ہوجاتا ہے۔

نقطۂ وحدت میں کثرت کو گھٹا کر دیکھنا	جاننا واحد کو سب میں ہی طریقہ وصل کا
دو عالم چیست نقش صورت دوست بصد آئینہ یک روئے مقابل	چہ جائے نقش صورت بلکہ خود اوست اگرچہ صد نماید لیک یک اوست

अनादित्वान्निर्गुणत्वात्परमात्मायमव्ययः ॥
शरीरस्थोऽपि कौंतेय न करोति न लिप्यते ॥ ३२ ॥

جان کی تعریف (۳۲) چونکہ ذات بے زوال آغاز اور صفت نہیں رکھتی اسلئے وہ جسم میں میقیم ہوکر بھی کوئی فعل نہیں کرتی اور آلودہ نہیں ہوتی۔

جان ہے بے ابتدا بے انتہا اور بے زوال	اُس کی یکرنگی میں ہی فعلونکی آمیزش محال
تخم این پنج عنصر آن ذات ست شجر از دانہ گرچہ شد پیدا	برتر از پنج و ان ہمان ذات ست وانہ باشد ز پنج و شاخ جدا

यथा सर्वगतं सौक्ष्म्यादाकाशं नोपलिप्यते ॥
सर्वत्रावस्थितो देहे तथात्मा नोपलिप्यते ॥ ३३ ॥

لطیف (۳۳) جسطرح خلا ہر شے میں محیط ہونے پر بھی بوجہ لطیف ہونے کے کسی شے سے آلودہ نہیں ہوتا اوسی طرح ذات مطلق سب جسموں میں محیط ہونے پر بھی آلودہ نہیں ہوتی۔

ساری اشیا میں خلا ساری ہی آغشتہ نہیں	جان کل اجسام پر حاوی ہی آغشتہ نہیں
حق مطلق وبے سو بود در گل چو در گل بو بود از پنج عنصر شد جہان آن پنج از حق شد عیان	جان عناصر او بود تحقیق شد تحقیق شد حق را برون زین پنج دان تحقیق شد تحقیق شد

यथा प्रकाशयत्येकः कृत्स्नं लोकमिमं रविः ॥
क्षेत्रं क्षेत्री तथा कृत्स्नं प्रकाशयति भारत ॥ ३४ ॥

منوّر

(۳۴) اے ارجن جیسے ایک سورج تمام عالم کو روشن کرتا ہے ویسے ہی ایک جان سب جسموں کو روشن کرتی ہے۔

ایک سورج ڈالتا ہے جیسے سب پر روشنی	جان واحد ڈالتی ہے سب کے اندر روشنی
در ہزاران جام گوناگون شرابے بیش نیست گرچہ برخیزد ز آب بحر موج بے شمار	گرچہ بسیار اند انجم آفتابے بیش نیست کثرت اندر موج باشد لیک آبے بیش نیست

क्षेत्रक्षेत्रज्ञयोरेवमंतरं ज्ञानचक्षुषा ॥
भूतप्रकृतिमोक्षं च ये विदुर्यांति ते परम् ॥ ३५ ॥

علم معرفت ذریعہ وصال ہے۔

(۳۵) جو لوگ جسم اور جان کا فرق اور عالم موجودات اور صفات سے مخلصی پانے کا طریقہ علم معرفت سے دریافت کر لیتے ہیں وہ اعلیٰ مقام پر پہونچتے ہیں۔

دیکھ لیتا ہی جو بچشم دل سے جسم و جان کا حال	معرفت کی راہ سے پاتا ہے وہ اوجِ کمال

جو لوگ جسم اور جان کی حقیقت کو اپنے بطون میں مشاہدہ کرتے ہیں اور جسمانی افعال کی قید سے رہائی پانے کا طریقہ جان لیتے ہیں وہ کمال کا درجہ پاتے ہیں مگر جسمانی افعال میں مقید ہونے کا سبب جہل اور انانیت ہیں لہذا اون سے آزادی حاصل کرنے کے لئے جہل اور انانیت کا دور کرنا ضروری ہے۔ علم سانکھ میں شردن منن نذہیاسن اور ساکشات چار مدارج ذات میں وصل ہونے کے بیان کئے گئے ہیں شردن کے لغوی معنی سماعت اور اصطلاحی معنی تحصیل علم ذات کے ہیں منن تسلیم کرنے کو کہتے ہیں اور یہاں قوت فکری کے ذریعہ سے حق اور باطل کا تحقیق کرنا مراد ہے جو کچھ تحقیق ہو چکا اوس پر ثابت قدم ہونا نذہیاسن ہے

اوس کے بعد ساکشات کا درجہ ملتا ہے یعنی جس علم میں پیشتر ثابت قدمی حاصل ہوئی تھی
اوس کا جلوہ اب ظاہر و باطن میں نظر آتا ہے۔

**इति श्री मद्भगवद्गीता सूपनिषत्सु ब्रह्म विद्यायां योगशा-
स्त्रे श्री कृष्णार्जुन संवादे प्रकृति पुरुष विवेक योगो
नाम त्रयोदशो ऽध्याय: १३ ॥**

**شری بدھگوت گیتا کے مخفی علم الوہیت کے طریقت کے بارہ میں کرشن
اور ارجن کی تقریر کی تیرہوین ادہیا کشیتر کشیترگیہ یوگ نام ختم ہوئی۔**

تیرہوین ادہیا کا خلاصہ

بارہوین ادہیا میں فنا کا طریقہ عشق کے وسیلہ سے بتایا گیا ہے اور عشق ایک ایسا
خط ہے جس کے انجام پر عاشق و معشوق دو نقطہ ہیں تیرہویں ادہیا میں تمیز سے گانگی سے
توحید کی منزل پر پہونچنے کا طریقہ عیاں کیا گیا ہے اور فلسفہ سانکھ کے دہ اصول مختصر طور پر
بیان کئے گئے ہیں جن کی تشریح ادہیائے دوم میں ہو چکی ہے۔
کبیر صاحب نے اِسی مضمون کو اپنی قوت اشراقیہ سے ذیل کے الفاظ میں بیان کیا ہے۔

ارے او مورکھ کہیتی وارا
پانچ مرگ پچیس مرگنی چنچل تین چکارا
کام کرودھ دو اصل مرگ ہیں نت اوٹھ چرت سویرا
بیدی بید سکل سب بانچین جاسے بہید نرالا
ست کی باڑ دہرم کی کہیتی گرو کا شبد رکہالا

جتن بن مرگون نے کہیت اُجہاڑا
اپنے اپنے رس کے لوبھی چرتے بہرین نیارا نیارا
پریم بان سے چڑہو پارو ہی بہاو بھگت کر بارا
اٹل جوت شن گھر تاپے پرسے پریم پیارا
کہے کبیر سنو بھئی سادھو بریان بہلی سنبھالا

جتن بن مرگون نے کہیت اوجہاڑا

چودھویں ادھیا گن ترے وبھاگ یوگ

श्रीभगवानुवाच

परंभूयः प्रवक्ष्यामि ज्ञानानां ज्ञान मुत्तमम् ॥
यज्ज्ञात्वा मुनयः सर्वे परां सिद्धि मितोगताः ॥ १॥

شری بھگوان نے فرمایا

علم حقیقت کا بیان

(۱) اب میں اوس پاک علم کو دوبارہ بیان کرتا ہوں جو کل علوم میں افضل ہے اور جس کی واقفیت حاصل کرکے تمام طالبان حق دنیوی پابندیوں سے آزاد ہوئے ہیں اور درجہ کمال پر پہونچے ہیں۔

	میں اُس افضل علم کو پھر تجھسے کرتا ہوں بیان	عارفوں نے جس سے پایا ہی عروجِ لامکان	

इदं ज्ञानमुपाश्रित्य मम साधर्म्यमागताः ॥
सर्गेऽपि नोपजायन्ते प्रलये न व्यथन्ति च ॥ २ ॥

علم حقیقت نجات کا وسیلہ ہے۔

(۲) جو لوگ اِس علم کے فیض سے مجھ میں وصل ہو جاتے ہیں وہ پیدائش کی قید میں نہیں آتے اور موت سے امن میں رہتے ہیں۔

	جنکی قسمت میں ہی اُسکے فیض سی پیر او صال	گردشِ بود و فنا میں اُن کا آنا ہی محال ،	

طالب قوت اشراقیہ کی مدد سے مطلوب کو اپنے جسم میں بصورت جان جلوہ گر مشاہدہ کرکے پیدائش اور فنا کے خیال سے آزاد ہو جاتا ہی یعنی وہ اِن کا اطلاق صرف جسم پر مانتا ہے۔

मम योनिर्महद्ब्रह्म तस्मिन् गर्भं दधाम्यहम् ॥
संभवः सर्व भूतानां ततो भवति भारत ॥ ३ ॥

عالم کی پیدائش کا طریقہ

(۳) اے ارجن جب میں اپنی صفات کی بطن کو بارور کرتا ہوں اُسوقت کُل موجودات کا نشو و نما ہوتا ہے۔

	اپنی قدرت کے شکم کو بارور کرتا ہوں جب	ساری موجودات کی بالیدگی ہوتی ہی تب	

آن روح مجرد کہ خلقم بدن است این چرخ فلک باین ہمہ جرم کہ ہست	بے آتش و آب و باد و خاکم وطن است درگردش ازان است کہ جویائے من است

सर्वयोनिषु कौंतेय मूर्तयः संभवंति याः ॥
तासां ब्रह्म महद्योनिरहं बीजप्रदः पिता ॥४॥

ذات سے صفات کا قیام ہے

(۴) اے ارجن جو تمام اقسام کے وجود پیدا ہوتے ہیں صفات اون کی ماں ہے اور میں پیدا کرنے والا باپ ہوں۔

جتنی اشیا ہر طرح کی تجھکو آتی ہیں نظر	قدرت انکی ماں ہے اور میں باپ ہوں اے نامور

درین خانہ ذاتست بس با صفات درین خانہ آن خانہ ساز اے ولی	ہمان نقش نقاش و نقش آوراست ہمون صنع مصنوع و صورت گراست

सत्वंरजस्तम इति गुणाः प्रकृति संभवाः ॥
निबध्नंति महाबाहो देहे देहिन मव्ययम् ॥५॥

صفات سہ گانہ ذات کا حجاب ہیں

(۵) اے قوی بازو۔ ستوگن۔ رجوگن اور تموگن۔ جن کی پیدایش قدرت سے ہوتی ہے غیر فانی جان کو جسم میں مقید کرتے ہیں۔

ہیں سہ گانہ علم و شوق و جہل کی خاصیتیں	روح ناجی کو جو کرتی ہیں مقید جسم میں

ذات پاک صفات سہ گانہ سے عالم کو ظہور دیکر رنج و راحت وغیرہ کو جو اوس سے متعلق ہیں ادراک کرتی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔

तत्र सत्त्वं निर्मलत्वात्प्रकाशकमनामयम् ॥
सुखसंगेन बध्नाति ज्ञानसंगेन चानघ ॥६॥

ستوگن مصدر علم و سرور ہے

(۶) اے نیک مرد منجملہ اون کے ستوگن بسبب لطیف ہونے کے اوس نورانی اور بے زوال جان کو علم و سرور کے تعلقات کا پابند کرتا ہے۔

نور باطن کا جلا ہو جس کے قلب صاف پر	دانش و تسکین کیطرف رہتا اُس کو آتی ہے نظر

ستوگُن یعنی اعلیٰ صفت عقل کو روشنی دیتی ہے اور آسودگی کے سامان پیدا کرتی ہے۔

रजो रागात्म कंविद्धि तृष्णा संगसमुद्भवम्॥
तन्निबध्नाति कौंतेय कर्म संगेन देहिनम्॥७॥

رجوگن خواہش اور افعال کا سبب ہی (۷) اے ارجن تو سمجھ لے کہ رجوگن شوق کی صورت رکھتا ہے خواہش کے ہمراہ پیدا ہوتا ہے اور وہ جان کو افعال کے تعلقات کا پابند کرتا ہے۔

اے دلاور یاد رکھ حرص و ہوائے دل رُبا	ڈالتی ہیں علم کی گردن میں ہار اعمال کا

رجوگُن یعنی صفت درمیانی سے اسباب دنیوی کے ساتھ دل بستگی پیدا ہوتی ہے جو خواہشات کو پیدا کرکے اِنسان کو تدبیر اور کوشش میں مصروف رکھتی ہے۔

तमस्त्वज्ञानजं विद्धि मोहनं सर्वदेहिनाम्॥
प्रमादालस्यनिद्राभिस्तन्निबध्नातिभारत॥८॥

تموگن سے جہل و غفلت کی پیدائش ہی (۸) اے ارجن تو سمجھ لے کہ تموگن سب انسانوں کو غفلت میں پھنساتا ہی وہ جہل سے پیدا ہوتا ہے اور عشرت کاہلی اور نیند کا پابند کرتا ہے۔

جس گھڑی جہل مُرکّب کا اثر ہو عقل پر	نیند سستی اور عیاشی میں رہتا ہی بشر

تموگن یعنی صفت ادنیٰ تیرگی عقل پیدا کرکے عشرت اور کاہلی میں اِنسان کو پھنساتی ہے۔

सत्वं सुखे संजयति रजः कर्मणि भारत॥
ज्ञानमावृत्य तु तमः प्रमादे संजयत्युत॥९॥

ست رج اور تم کے لوازمات (۹) اے ارجن ستوگُن آسودگی پیدا کرتا ہے رجوگُن افعال کو کراتا ہے۔ تموگن علم کو پوشیدہ کرکے عیش و عشرت میں پھنساتا ہے۔

عِلم میں آرام ہی اعمال میں تکلیف ہے	غافل و بدمست کرنا جہل کی تعریف ہے

جن تین صفتوں کا بیان مندرجہ بالا منتروں میں ہو چکا ہے اون کے خواص آسایش تکلیف اور غفلت اِس منتر میں ظاہر کئے گئے ہیں۔

रजस्तमश्चाभिभूय सत्त्वं भवति भारत ॥
रजः सत्त्वं तमश्चैव तमः सत्त्वं रजस्तथा ॥१०॥

ست رج اور تم کی کمی و بیشی

(۱۰) اے ارجن رجوگن اور تموگن کے مغلوب ہونے پر ستوگن غالب ہوتا ہے۔ ستوگن اور تموگن کے مغلوب ہونے پر رجوگن۔ علیٰ ہذا ستوگن اور رجوگن کے مغلوب ہونے پر تموگن۔

ایک کی بیشی سے باقی دو میں ہوتی ہے کمی	علم و شوق و جہل میں ہے اِمتزاج باہمی

کسی ایک صفت کے غلبہ کے ہونے پر باقی دو صفتیں مغلوب ہو جاتی ہیں۔

सर्व द्वारेषु देहेऽस्मिन् प्रकाश उपजायते ॥
ज्ञानं यदा तदा विद्या द्विवृद्धं सत्त्व मित्युत ॥११॥

شناخت حالت ستوگن

(۱۱) جس وقت اِس جسم کے تمام دروازوں کو علم روشن کرتا ہے اُسوقت ستوگن کا غلبہ سمجھنا چاہیئے۔

تو سمجھنی چاہئے اُسمیں حکومت علم کی،	شہرِ تن کے سارے دروازوں پہ جب ہو روشنی

جسوقت انسان علم کی روشنی سے حق و باطل کو تمیز کر سکتا ہے اُسوقت ستوگن کا غلبہ ہوتا ہے۔

लोभः प्रवृत्तिरारंभः कर्मणा मशमः स्पृहा ॥
रजस्येतानि जायंते विवृद्धे भरतर्षभ ॥१२॥

شناخت حالت رجوگن

(۱۲) اے ارجن لالچ۔ تدبیر۔ کوشش اضطراب اور خواہش رجوگن کا غلبہ ہونے پر پیدا ہوتے ہیں۔

شوق کے جذبہ میں دکھلاتی ہیں اپنا راگ و رنگ	آرزو تدبیر کوشش بے قراری اور اُمنگ

جس وقت رگ طمع حرکت میں آکر دل کو اُمید اور کوشش کیطرف رجوع دلاتی ہے اور اضطراب کی حالت پیدا کرتی ہے اُسوقت رجوگن کا غلبہ ہوتا ہے۔

अप्रकाशोऽप्रवृत्तिश्च प्रमादो मोह एव च ॥

तमस्येतानि जायंते विवृद्धे कुरुनंदन ॥ १३ ॥

شناخت حالت تموگن

(۱۳) اے ارجن تیرگی عقل کاہلی بیہودگی اور غفلت تموگن کے غلبہ سے وقت پیدا ہوتی ہیں۔

کاہلی و بیوقوفی حسرت و دیوانگی		جہل کی شدت سے پیدایش ہے ان جذبات کی

جسوقت عقل کا علم سے نفاق اور جہل سے اتفاق ہوتا ہے اور حق سے انکار اور باطل کا اقرار کیا جاتا ہے اسوقت غلبہ تموگن کا سمجھنا چاہیے

यदा सत्त्वे प्रवृद्धे तु प्रलयं याति देहभृत् ॥
तदोत्तम विदां ल्लोकानमलान्प्रतिपद्यते ॥ १४ ॥

ستوگن کا اپنے طبقہ سے اتصال

(۱۴) جو انسان ستوگن کے غلبہ کے وقت جسم کو ترک کرتا ہے وہ عارفوں کے پاک عالم میں پہونچتا ہے۔

جسم کو جو ترک کر دیتے ہیں فرط علم میں		عارفوں کی منزل کمیاب ملتی ہے انہیں

علم و راستی انسان میں ستوگن سے پیدا ہوتے ہیں لہذا جو لوگ علم و راستی کے غلبہ کی حالت میں جسم کو ترک کرتے ہیں انکی وہ اعلیٰ حاصیتیں ستوگن کے طبقہ میں جس سے وہ برآمد ہوئی تھیں جذب ہو جاتی ہیں عارفوں کے پاک عالم کا اسی طبقہ پر اشارہ ہے۔

रजसि प्रलयं गत्वा कर्मसंगिषु जायते ॥
तथा प्रलीनस्तमसि मूढयोनिषु जायते ॥ १५ ॥

رجوگن اور تموگن اپنے اپنے طبقات کی طرف کشش کرتے ہیں

(۱۵) انسان رجوگن کے غلبہ کے وقت وفات پاکر نیک اعمالوں میں پیدا ہوتا ہے تموگن کے غلبہ کے وقت رحلت کرنے سے جاہلوں میں پیدا ہوتا ہے۔

خانہ عامل میں پیدایش ہے الفت کا مآل		جہل کے غلبہ میں رحلت کا نتیجہ ہے زوال

اشیاء دنیوی کے ساتھ انسان کی دل بستگی ہونے کا سبب رجوگن ہے پس جو لوگ حرص و

ہو ایس آخری وقت تک گرفتار رہتے ہیں اون کی اوسط درجہ کی قوتیں رجوگن کے طبقہ میں جو اون کا سرچشمہ ہے شامل ہو جاتی ہیں۔ جہالت اور ناراستی تموگن سے پیدا ہوتی ہیں اسلئے جو شخص مرتے دم تک جہالت اور ناراستی سے رہائی نہیں پاتے اون کی صفات ذمیمہ تموگن کے ادنیٰ طبقہ میں جذب ہوتی ہیں غرضیکہ وقت وفات انسان کی جو صفتیں ہوتی ہیں وہ اوس طبقہ میں جہاں سے کہ انہوں نے نمود پایا ہوتا ہے کھنچ جاتی ہیں یعنی جزو سے کل کی صورت اختیار کرتی ہیں۔

कर्मणः सुकृतस्याहुः सात्विकं निर्मलं फलम्॥
रजसस्तु फलं दुःखमज्ञानं तमसः फलम्॥१६॥

ست رج اور تم کے عملی نتائج

(۱۶) ستوگن کا عمدہ نتیجہ نیک اعمالی ہے رجوگن کا نتیجہ تکلیف تموگن کا نتیجہ افعال بیہودہ ہیں۔

نیک اعمالی کا ثمرہ روشنی طبع ہے	رنج کا باعث معیشت	جہل کا بدوضع ہے

सत्वात्संजायते ज्ञानं रजसो लोभ एव च॥
प्रमादमोहौ तमसो भवतोऽज्ञानमेव च॥१७॥

ست رج اور تم کے عملی نتائج

(۱۷) ستوگن سے علم پیدا ہوتا ہے۔ رجوگن سے حرص و ہوا۔ تموگن سے بیہودگی غفلت اور نادانی۔

علم کا میوہ ہے دانش	شوق کا حرص و ہوا	تیرگی مستی و غفلت ہیں ضمیمہ جہل کا

بہشت اعراف اور دوزخ وغیرہ الفاظ صفات کی تقسیم سہ گانہ سے اختراع ہوتے ہیں وہ دراصل انسان کی انہیں تین حالتوں کے نام ہیں۔

ऊर्ध्वं गच्छन्ति सत्वस्था मध्ये तिष्ठन्ति राजसाः॥
जघन्यगुणवृत्तिस्था अधो गच्छन्ति तामसाः॥१८॥

ست رج اور تم کی منازل

(۱۸) جو ستوگن رکھتے ہیں وہ بلندی پر جاتے ہیں۔ رجوگن کے رکھنے والے وسط میں رہتے ہیں۔ تموگن والے جو اخلاق ذمیمہ کے پیرو ہوتے ہیں پستی میں گرتے ہیں۔

منزلِ عرفان ہی بالا جائے طاعت درمیان	جہل بدکاری کی درجہ میں ہی ذلت و زیان

جن لوگوں کا شعار دانشمندی اور راستبازی ہے اونہیں صفات کی عملداری میں اعلیٰ مرتبہ پر سرفراز سمجھنا چاہئے جو لوگ تعلقات دنیوی میں بدل معروف ہیں وہ اوس عملداری میں متوسط درجہ رکھتے ہیں جو لوگ جہل اور ناراستی کے پیرو ہیں وہ بمقابلہ اون دونوں قسم کے آدمیوں کی جن کا اوپر ذکر ہوا ہے ادنیٰ درجہ کے سمجھے جاتے ہیں۔

नान्यं गुणेभ्यः कर्त्तारं यदा द्रष्टानुपश्यति॥
गुणेभ्यश्च परंवेत्ति मद्भावं सोऽधिगच्छति॥१९॥

ست رج اور تم سے بریت

(۱۹) جو دانشمند صفت سہ گانہ کے سوائے اور کسی کو فاعل نہیں مانتا ہی اور اوس ذات کو جو صفت سہ گانہ سے برتر ہے جان لیتا ہے وہ میرا وصال حاصل کرتا ہے۔

جسکی نظر و نہیں ہی کل مخلوق اعجاز صفات	ذات سب سے بی نیاز اسکو میں دیتا ہوں نجات

جو بشر اپنے افعال کو صفات سے منسوب کرتا ہے اور اپنی ذات کو اون سے برتر جانتا ہے وہ عارف ہے۔

गुणानेतान तीत्यत्रीन्देही देहसमुद्भवान्॥
जन्ममृत्युजरादुःखैर्विमुक्तोऽमृतमश्नुते॥२०॥

دل کی آزادی حیات ابدی کے لئے ضروری ہے

(۲۰) جو انسان اِن تین صفتوں پر جو جسم کے ساتھ پیدا ہوتی ہیں حکومت کرتا ہے وہ پیدایش موت پیری اور بیماری سے نجات حاصل کر کے آب حیات نوش کرتا ہے۔

ضعف و بیماری و مرگ و زیست سے ہو کر رہا	تارکِ اوصاف کے حصہ میں ہی آبِ بقا

عارف اون صدمات کو جو جسم پر عاید ہوتے ہیں اپنی ذات سے متعلق خیال نہیں کرتا اسلئے وہ علم و سرور کی حالت میں زندگی بسر کرتا ہے۔

ارجن نے سوال کیا

अर्जुन उवाच

कैर्लिंगै स्त्रीन्गुणानेता नतीतो भवति प्रभो ॥

किमाचार:कथं चैतां स्त्रीन्गुणानति वर्त्तते ॥२१॥

آزادی کی شناخت

(۲۱) اے صاحب جو شخص اِن تین صفتوں سے آزاد ہے اس کی کیا شناخت ہے اوس کا برتاؤ کیسا ہوتا ہے اور وہ کیونکر اِن تین صفتوں پر حاوی ہوجاتا ہی

	کس طرح اوس کا حساب زندگی بیباق ہی		تارک الدنیا کا کیسا طرز اور اخلاق ہے	

श्री भगवानुवाच

प्रकाशं च प्रवृत्तिं च मोहमेव च पाण्डव ॥

न द्वेष्टि संप्रवृत्तानि नजिवृत्तानिकांक्षति ॥२२

شری بھگوان نے جواب دیا

ترک و اخذ کے خیال سے تعلق نہ رکھنا۔

(۲۲) جو انسان علم۔ شوق اور نادانی کی حالتوں کے طاری ہونے پر اون سے بچنا نہیں چاہتا اور اون کے موجود نہونے پر اون کے ہونیکی تمنا نہیں کرتا۔

	اور اِن سب کی جدائی کا الم کرتا نہیں		علم و شوق و جہل کے حملوں سے جو ڈرتا نہیں

یہ مسئلہ بہت باریک ہے اور بہت غور و فکر سے حل ہو سکتا ہے۔ عارف کے جسم میں اثر سہ گانہ ہوتے رہتے ہیں مگر استغراق ذات میں وہ اونکی موجود ہو جانے اور جاتے رہنے کی مطلق پرواہ نہیں کرتا اون کا تماشہ دیکھتا ہے اور اپنی ذات پر اون کا اثر نہیں مانتا۔

उदासीन व दासीनो गुणैर्योन बिचाल्यते ॥

गुणावर्त्तंत इत्येव यो वतिष्ठति नेंगते ॥२३॥

تغیرات کا اثر نہ ماننا

(۲۳) اور کسی شے کے ساتھ دلبستگی نہ رکھکر صفاتی تغیرات کے اثر کو

قبول نہیں کرتا اور یہ جانکر کہ کُل حرکتیں صفات سے پیدا ہوتی ہیں سکون و قرار رکھتا ہی

گردش عالم میں جس کو ہی سکون دائمی — جو صفاتی دور سے جنبش نہیں کہاتا کبھی

सनदुःखसुखः स्वस्थः समलोष्टाश्म कांचनः ॥
तुल्य प्रियाप्रियो धीर स्तुल्य निंदात्म संस्तुतिः ॥२४॥

مساویت کی تسلیم کا ہونا

(۲۴) اور رنج و راحت میں مساوی اطمینان رکھتا ہے۔ لوہے پتھر اور سونے کو یکساں جانتا ہے بھلائی اور بُرائی کے پیش آنے پر یکساں مستقل رہتا ہے اور اپنی تعریف اور ہجو کو یکساں خیال کرتا ہے۔

راحت و کلفت میں جسکی عقل رہتی ہی بجا — جسکی نظروں میں ہی یکساں آہن و سنگ و طلا
بے تعلق ہی جو اپنی ہجو اور تعریف سے — ہی مساوی کامیابی اور ناکامی جسے

मानापमानयो स्तुल्य स्तुल्यो मित्रारिपक्षयोः ॥
सर्वारंभ परित्यागी गुणातीतः स उच्यते ॥२५॥

افعال سے بے تعلقی

(۲۵) اور جس کے نزدیک عزت اور اہانت دوست اور دشمن مساوی ہیں اور جس کو سب فعلوں سے آزادی حاصل ہے اوس کو صفاتی تعلقات سے آزاد کہنا چاہیے۔

پاک ہی جو شوق و نفرت عزت و توہین سے — تارکِ فعل و صفت اُس کو سمجھنا چاہیے

جو شخص صفتوں کی قید سے آزاد ہو جاتا ہی اوس کی حالت کا بیان اوپر کے چار منتروں میں شناخت کیواسطے ہوا ہے

मां च यो ऽव्यभिचारेण भक्तियोगेन सेवते ॥
स गुणान्समतीत्यैता न्ब्रह्म भूयाय कल्पते ॥२६॥

عشق حقیقی سے حاصل ہوتی ہی

(۲۶) جو بشر عشق حقیقی کے وسیلہ سے میرا طالب ہوتا ہے وہ ان صفات پر عبور پاکر واجب الوجود میں وصل ہوتا ہے۔

عشق صادق سے جو مجھ پر جان کرتے ہیں نثار	اُن کی حق تک ہے رسائی قلزم باطل کے پار

صفت سہ گانہ سے برت عشق حقیقی کے پیدا ہونے پر حاصل ہوتی ہے۔

ब्रह्मणो हि प्रतिष्ठाहममृतस्याव्ययस्य च ॥
शाश्वतस्य च धर्मस्य सुखस्यैकान्तिकस्य च ॥२७॥

ذات میں محویت عشق حقیقی ہے۔	(۲۷) کیونکہ میں اوس واجب الوجود کا ظہور ہوں جو لافانی اور بےزوال ہے اور عین راستی اور آرام خالص کا مخزن ہے۔

ظلمت ہر دو جہاں میں مجھ کو جانو مہر نور	مخزنِ قانونِ قدرت منبع فیض سرور

کرشن بھگوان کی ذات لافانی اور مصدر علم و سرور ہے اور اوس کا عشق عشق حقیقی ہے۔

इति श्रीमद्भगवद्गीतासूपनिषत्सु ब्रह्मविद्या-
यां योगशास्त्रे श्रीकृष्णार्जुनसंवादे गुणत्रय
विभागयोगो नाम चतुर्दशोऽध्यायः॥१४

شری مد بھگوت گیتا کے مخفی علم الوہیت کے طریقہ کے
بارہ میں کرشن اور ارجن کی تقریر کی چودہویں ادھیا
موسوم بہ تقسیم صفات سہ گانہ ختم ہوئی

چودہویں ادھیا کا خلاصہ

تیرہویں ادھیا میں جسم اور جان کی تشریح ہو چکی ہے اِس ادھیا میں اوس تعلق کا بیان ہوا ہے جو جسم اور جان کے درمیان واقع ہے اور اس تعلق سے لوازمات صفات کا جو اثر ذات پر پڑتا ہے ظاہر کیا گیا ہے در حقیقت ذات باوجود اوس صفاتی تعلق کے موجود ہونے کے اوسکے

اثر کو قبول نہیں کرتی اور جو عقل اس اثر کو حواس کی شہادت سے تسلیم کرتی ہے وہ ناقص اور محدود ہے ذات محیط بے زوال پاک اور صفات سے برتر ہے اور جو کچھ ظاہر ہو رہا ہے وہ سب صفات میں شامل ہے چونکہ جان ذات کا جلوہ ہے اور جسم صفات کا کرشمہ ہے پس جان ہمیشہ جسمانی قیود سے آزاد ہے اور ایک حالت پر قایم ہے جبکہ جان جسم میں مقید اور محدود نہیں ہے اور پیدایش وفنا کے حیطہ سے باہر ہے تو پھر عوام کے خیالات جو اوس کے پیدا ہونے اور ایک جسم سے دوسرے جسم میں منتقل ہونیکے نسبت ہیں وہ واقعات پر مبنی نہیں ہیں اور علم حقیقت سے اونکی ناواقفیت ظاہر کرتے ہیں بعض متقدمین نے اپنی تصریحات میں آواگون یعنی تناسخ کے مسئلہ کو ناسمجھون کے بدافعالی سے بچانے کے لئے بیم ورجا کے پیرایہ میں بیان کیا ہے مگر اہل دانش اس کو بیم ورجا کے کلام سے زیادہ رفعت نہیں دیتے آجکل آواگون کے معنی عام طور پر یہ لئے جاتے ہیں کہ جان ایک قالب کو چھوڑ کر دوسرے قالب میں پیدا ہوتی ہے اور جسم سابق کے فعلوں کا نتیجہ وہاں پاتی ہے مگر اس خیال کے ثبوت میں کوئی کافی دلیل نہیں دیجاتی ہے اور جو دلائل پیش کیجاتی ہیں وہ غور وفکر کرنے پر پایہ ثبوت سے گرجاتی ہیں۔ منتر ۱۴ اور ۱۵ کے معنی بہت دقیق ہیں اور اون کے سمجھنے کے واسطے علم حقیقت سے کافی واقفیت درکار ہے اسلئے جو لوگ بیم ورجا کے پابند ہیں وہ دفعتاً ان منتروں کے اصلی مطلب کو تسلیم نہیں کرسکتے۔ جو معنی وید کے ضمیر اور عارفوں کے کلمات کے موافق حل ہوئے ہیں اور معقولات کے بھی خلاف نہیں ہیں بالتصریح ذیل میں درج کئے جاتے ہیں

تناسخ ایک تسلسل کی صورت ہے جو پرکرتی یعنی صفات کے چرخ میں واقع ہے صفات کی تین قسمیں ہیں جنہیں ست رج اور تم کہتے ہیں یہ تینوں اس چرخ میں اپنا اپنا فعل کرتی ہیں اور کل عالم ان کی کشش میں بندھا ہوا ہے چنانچہ ہر ایک صفت اپنا فعل کرتی ہے یعنی اپنی قوت کو پھیلا کر پھر کسیوقت کھینچ لیتی ہے اور اس تسلسل کو قایم رکھتی ہے۔ ستوگن کے طبقہ کو اعلیٰ اور رجوگن کے طبقہ کو اوسط اور تموگن کے طبقہ کو ادنیٰ مانا ہے۔ اعلیٰ۔ اوسط اور ادنیٰ کا قرب

و بعد سے تعلق نہیں ہے وہ سب عقل سے تمیز کیے جاتے ہیں۔ چونکہ ستوگن علم و سرور کا مبدا ہے اِس کیفیت قلبی کو عارفوں نے اعلیٰ تسلیم کیا ہے۔ رجوگن کی حالت میں تعلقات کی پابندی ہوتی ہے لہذا وہ متوسط کہلاتا ہے تموگن جہل اور بیدانشی کا مخزن ہے اور انسان کے دل کو پستی میں گراتا ہے اِسو جہ سے وہ ادنیٰ مانا گیا ہے جس صفت کے غلبہ کے وقت کسی جاندار کے حیات اور جسم کا خاتمہ ہوتا ہے اوسوقت اوسکی جو کچھ حالت ہوتی ہے وہ صفات کے چرخ کے اوس طبقہ میں جس سے کہ اوس کو نمود ہوا ہے جذب ہو جاتی ہے اور آیندہ پیدا ہونے والے وجودوں میں آشکارا ہوکر پیدایش و فنا کا سلسلہ جاری رکھتی ہے جب تک انسان اپنی ہستی کو اِن صفات سہ گانہ میں محدود اور مشمول خیال کرتا ہے تب تک اوس کا علم صفات کے چرخ میں گردش کرتا رہتا ہے۔ جبوقت علم حقیقت آشکارا ہوتا ہے۔ اور عالم کے واقعی صورت پیش نظر ہوجاتی ہے اوسوقت وہ ذات کو صفات سے جدا جان کر ذات میں وصل میں ہو جاتا ہے اسکے بعد جیسے بھنے ہوئے چنے سے پھر چنے کی پیدایش نہیں ہوتی اوس کا علم ہستی یعنی پندار دوبارہ پیدا نہیں ہوتا۔

تناسخ تولید کی شکل میں واقع ہوتا ہے اور تولید دو قسم کی ہے جسمی اور علمی جسمی تولید کا مادی اشیا اور حواس کی قوتوں کے ساتھ تعلق ہے جن کا ظہور تموگن اور رجوگن کے غلبہ سے ہوتا ہے علمی تولید کا اشارہ عقل وغیرہ اُن لطیف قوتوں پر ہے جو ستوگن کے غلبہ میں نمود پاتی ہیں۔ اِن دونوں قسم کی تولید کا الحاق کرم یعنی افعال کے ساتھ ہوتا ہے یعنی باپ کے فعلوں سے بیٹے اور پوتے کی نسل پر اثر پڑتا ہے اِنہیں کو پرالبدسنچت اور کریہ مان کہتے ہیں۔ پرالبد کرم نسل گذشتہ کے فعلوں کا نام ہے جن سے سنچت کرم یعنی نسل موجودہ کے افعال بنے ہیں کریہ مان کرم اون فعلوں کو کہتے ہیں جو نسل موجودہ کے فعلوں سے زمانہ مستقبل کی پیدا ہونے والی نسلوں میں ظاہر ہونگے (دیکھو تیتریہ اپنشد)، اگرچہ فعلوں کی تین قسمیں بیان کی گئی ہیں لیکن فعل کی اصلیت ایک ہی ہے یعنی ماضی حال اور مستقبل کی نظر سے اون کو سہ گانہ کہا ہے تمام عالم اِن تین صفتوں کے تانے بانے سے بنا ہوا ہے اور مجموعی طور پر نظام پا رہا ہے یعنی یہ صفتیں

اختلاط باہمی سے رنگارنگ کی صورتین پیدا کرتی ہیں اور ستوگن کی افزونی سے اِنسان کا وجود منافی ہیں جس میں وہ اپنی ہستی کو محدود خیال کرکے بیم ورجا کی قید میں آجاتا ہے۔ فی الحقیقت ایک قوت (پرکرتی) جسے جو کچھ چاہو کہو کُل اجسام میں محرّک ہے اور اوس کی کشش سے کلُ افعال بحالت جبر ہر ایک بشر سے ظہور پاتے ہیں جبکہ یہ قوت ذات واحد وبے نام ونشان کا جلوہ ہے اور وہ ذات پاک اوس کے ہر ذرہ میں محیط ہے تو پھر وہ آواگون جسے عام لوگ درست سمجھے ہوتے ہیں کس کو اور کیونکر ہو سکتا ہے اس خیال کے پیدا ہونیکا سبب اگیان یعنی نادانی ہے۔ گیان یعنی علم حقیقت کی روشنی میں صاف نظر آتا ہے کہ ذات یگانہ خود ناظر ومنظور بنکر صفات کے پردہ میں عالم کی سیر کر رہی ہے۔

پندرہویں ادھیا پرشوتم یوگ . (منتر ۲۰)

श्री भगवानुवाच

ऊर्ध्वमूलमधःशाखमश्वत्थं प्राहुरव्ययम् ॥
छन्दांसि यस्य पर्णानि यस्तंवेद सवेदवित ॥१॥
अधश्चोर्ध्वं प्रसृतास्तस्य शाखा गुण प्रवृद्धा विषय प्रवालाः ॥
अधश्च मूलान्यनु संततानि कर्मानुबंधीनि मनुष्यलोके ॥ २ ॥

شری بھگوان نے فرمایا

مایا روپی برکش یعنی علم صفات کا درخت

(۱) عارفوں نے علم اشراق سے ایک بے زوال درخت کا ہونا بیان کیاہے جس کی اوپر جڑ ہے اور نیچے شاخیں ہیں اور جس کے پتے وید ہیں اور جس کا جاننے والا ہر چہار وید کا عالم ماناگیاہے۔

(۲) اوس کی شاخیں جو صفات (کی تنہ) سے پھوٹی ہیں اور جن میں محسوسات کے شگوفہ لگے ہوئے ہیں اوپر اور نیچے پھیلی ہوئی ہیں اور اوس کی جڑیں جو کہ انسانوں سے افعال کے صادر ہونیکا سبب ہیں نیچے کی طرف لگی ہوئی ہیں۔

اونچی جڑ نیچے تنہ کا ایک شجر ہے بے زیاں
جسکے ہر سو شاخ و غنچہ ہیں خواص اور لذتیں

جس کے پتے وید ہیں اور جسکا واقف وید داں
حلقہ دام عمل ہیں جسکی آویزاں جڑیں

یجروید کی تیترے اوپنشد اور اتھرون وید کی کٹھوپنشد میں مضمون بالا مفصل طور پر درج ہے اور تفسیر لکھنے والوں نے اپنی اپنی سمجھ کے موافق اوس کے مختلف معنی بیان کئے ہیں اپنشدوں کے مطالعہ سے کامل طور پر ثابت ہے کہ اس درخت کا اشارہ جسم کے پردہ میں ایشور یعنی جان کے نزول پر ہے جسکو عارفوں نے بذریعہ اشراق اپنے بطون میں تحقیق کیا ہے اور جس سے عالم ظاہری کا شہود ہوا ہے اوس کی جڑ پرکرتی یعنی حرکت ابتدائی ہے جو انسان کے دماغ میں پیدا ہوکر علمی قوتوں اور حواس کو روشنی دیتی ہے اور افعال جسمانی کراتی ہے اوس کا تنہ صفات

سہ گانہ ہیں جنکو ست رج اور تم کہتے ہیں اور جن کی تشریح چودھویں ادھیاے میں ہو چکی ہے اوسکی شاخیں چاروں قوت ہائے مدرکہ اور حواس خمسہ ہیں جن کے وسیلہ سے انسان اس عالم میں اطراف و جوانب کی موجودات کو تمیز کرتا ہے۔ اوس کے شگوفہ محسوسات ہیں جنہیں خلا۔ ہوا۔ آگ۔ پانی۔ اور خاک کہتے ہیں۔ اور پتوں سے وہ علوم مراد ہے۔ جو کہ ذات انسان سے پیدا ہوتے ہیں۔ وید کے اصلی معنی اوس علم کے ہیں جو سینہ انسان میں ازل سے چلا آیا ہے اور جو علم کتاب اور سفینہ میں موجود ہے وہ بھی کسی زمانہ میں علم سینہ سے کلام بنکر قلمبند ہوا ہے اور ازلی انہیں کہا جا سکتا کلمہ چار حرکتوں کی ترکیب سے بنتا ہے جن کو زبان سنسکرت میں پرا۔ پشینتی۔ مدہمان۔ اور بیکھری کہتے ہیں ان میں سے اول حرکت اہنکار یعنی قوت حافظہ کا فعل ہے دوسری حرکت چت یعنی قوت متخیلہ سے پیدا ہوتی ہے اور تیسری حرکت بدھ یعنی قوت ممیزہ سے اور چوتھی حرکت من یعنی قوت مدرکہ سے ان چاروں کی ترکیب سے کلمات بنکر گفت و شنود میں استعمال کئے جاتے ہیں اور اسطور پر مطالب دنیوی حاصل ہوتے ہیں وہی کلمات حیطہ تحریر میں آکر متقدمین کے خیالات کو متاخرین پر ظاہر کرتے ہیں بالفاظ دیگر درخت حضرت انسان کی جوہری کیفیت ہے جو شغل (اجپا جاپ) کے کرنے کے بعد اشراق کی حالت میں واقعی نظر آتی ہے۔ اور عام طور پر بھی انسان اوس درخت کی صورت رکھتا ہے جس کی جڑ یعنی دماغ اوپر کی طرف ہے اور حواس اور ہاتھ پاؤں وغیرہ بمنزلہ شاخوں کے نیچے کی طرف پھیلے ہیں۔

جسم انسان میں جان کے نزول کو عارفان گذشتہ نے بغرض اختصار اونکار کے اسم اعظم سے تعبیر کیا ہے اور تحریر میں بھی اوسکی شکل مانند اوس درخت کے ہوتی ہے جسکی جڑ اوپر اور شاخیں نیچے کی طرف پھیلی ہوئی ہیں اونکار کی عظمت پر تو وغیرہ بہت سے اپنشدوں میں تشریح کے ساتھ بیان کی گئی ہے لہذا اوس کا مفصل بیان کرنا اس مقام پر طوالت سمجھا جاتا ہے یہ درخت قدیم ہے مگر ہمیشہ رنگ برنگ کی شاخ اور شگوفہ پیدا کرتا رہتا ہے اور تغیر اور تبدل کا سلسلہ جاری رکھتا ہے۔

چونکہ کل علوم اسی درخت سے پھوٹے ہیں اسلئے جو بشر اس درخت سے واقف ہو جاتا ہے وہ

کُل علایق پر عبور حاصل کرتا ہے۔ گوشائیں ولی رام جی نے اپنی قوت اِشراقیہ سے اِس درخت کے بیان کو زبان فارسی میں یوں منظوم کیا ہے۔

شُد یک درخت ظاہر و باطن و بے نمود	باطن درخت یا شجر و ظاہر شش ثمر
صد جلوہ یار میکند از شش جہت ترا	اے بے خبر ز یار مگر نیست خبر
چشمت اگر بود بکشا در نگاہ باش	درہا کشادہ اند برائے تو بے خبر
از تو دریست جانب عشرت گہ نگاہ	از خویش بگذرد و درونِ خویش درنگر

नरूपमस्येह तथोप लभ्यते नान्तोन चादिर्न च संप्रतिष्ठा ॥
अश्वत्थमेनं सुविरूढ मूल मसंग शस्त्रेण दृढेन छित्त्वा ॥ ३ ॥
ततः पदं तत्परि मार्गितव्यं यस्मिन्गता ननिवर्तन्ति भूयः ॥
तमेव चाद्यं पुरुषं प्रपद्ये यतः प्रवृत्तिः प्रसृता पुराणी ॥ ४ ॥

ایضاً (۳) اِس عالم میں اوس کی شکل نظر نہیں آتی اور اوس کا آغاز انجام اور مقام معلوم نہیں ہوتا۔ (انسان کو لازم ہے) کہ وہ اِس درخت کو جس کی جڑ نہایت سخت ہے تجرید کی مضبوط تلوار سے کاٹ کر۔

(۴) اوس مقام کو تلاش کرے جہاں پر پہونچکر بازگشت نہیں ہوتی اور اوس ذات بے نہایت کو پاوے جس کے باعث اِس عالم کا سلسلہ زمانہ قدیم سے چلا آیا ہے۔

سمت و صورت اوّل و آخر نہیں آتے نظر	تیشہ عرفان سے اُسکی سخت جڑ کو کاٹکر
طالب اُس منزل کو ڈھونڈے جسمیں دایم ہو قیام	وصل ہو اُس اصل میں ہو فرع کا جس سے نظام

اِنسان اپنے بطون میں حرکت ابتدائی سے اون لطیف ظلوں کو جو جان سے سرزد ہوتے ہیں چشم ظاہری سے نہیں دیکھ سکتا اور اُنکی ابتدا اِنتہا اور خاص مقام بتا نہیں سکتا بطون وہ خزانہ معنی ہے جس کو عارفان ہند نے سمان وایو کہا ہے اوس میں ایک قسم کی کشش موجود ہے جو نفس کی بالا و پائیں دو حرکتیں پیدا کرتی ہے اون میں سے ہر ایک حرکت میں ست رج اور تم کی تین صفتیں

نمایاں ہوتی ہیں جس جگہ سے حرکت نفس کی شروع ہوتی ہے وہ ست کا مقام ہے حرکت کی ابتدا
کو رنج اور خاتمہ کو تم کہتے ہیں اِن تینوں صفتوں کی جڑ وہ کشش ہے اور اوسیکو بالفاظ دیگر حرکت
ابتدائی بیان کیا ہے۔ اِن دونوں حرکتوں کے اعتدال سے انسان کی حیات قایم ہے اور حواس
علمی وافعالی اپنا اپنا فعل کرتے ہیں اسطور پر جان کا نزول لطافت سے کثافت کی طرف ہوتا ہے شاغل
کو چاہئے کہ وہ اپنی ہستی کے علم کو اوس حرکت ابتدائی سے جس کے سلسلہ میں دیگر حرکات لطیف کے
پیدا ہونے پر عالم نمایاں ہو جاتا ہے جذبہ معرفت کی مدد سے جُدا سمجھ لیوے اور منزل لامکان
وبے نشان کو اپنا مسکن بناوے (رانگ شستر یعنی تیغ تجرید کی تشریح اتھرون وید کے چھورکا اپنشدوں
میں دیکھو)

گر این ردائے عنصری از تیغ عرفانی بُرّی	قبلۂ حقیقت بیخودی بر خود مبیں در خود ببیں
شمشیر عرفاں صاف کن قطع ہمہ اوصاف کن	رُو با حقیقت بات کُن بر خود مبیں در خود ببیں
از خود گذر در خود نگر بیخود بخود شو باخبر	زیں ہر دو بالا کن نظر بر خود مبیں در خود ببیں
از خود اگر یکسو شوی بیخود سراپا او شوی	از سوئے خود بے سو شوی بر خود مبیں در خود ببیں
بیجا ئے خود در خود خود او خود جلوہ ہائے او بر او	حرف شکوہ ما و تو بر خود مبیں در خود ببیں
او در نشاں لیس بے نشاں او بے نشاں بر ہر نشاں	بل بر تر از وہم و گماں بر خود مبیں در خود ببیں

निर्मान मोहा जितसंग दोषा अध्यात्मनित्या विनिवृत्तकामाः॥
द्वन्द्वैर्विमुक्ताः सुखदुःख सञ्ज्ञैर्गच्छन्त्यमूढा पदमव्ययं तत्॥५॥

مقام محویت پر پہونچنے کا طریقہ

(۵) دانشمند پندار اور نادانی سے بری ہو کر دِل پر فتح پا کر اپنی ذات میں ہمیشہ محو رہ کر خواہشات سے کنارہ کرکے اور رنج و راحت دونوں سے تعلق نرکھکر اوس بے زوال مقام پر پہونچتے ہیں۔

جسکا دل ہو خود نمائی جہل اُلفت سے بری	شوق باطل چھوڑ کر جسکی لگن حق سے لگی
دُور ہو جاتا ہے جب تکلیف و راحت کا خیال	ایسے دانشور کو ملتا ہے مقام لازوال

دریائے قدرت کا بہاؤ حواس اور عالم ظاہری کی طرف جاری ہے اور اوس سے پندار تا دانی خواہشات رنج اور راحت کی لہریں اور بلبلے ہر انسان کے دل میں اوٹھ رہے ہیں شاغل کو چاہئے کہ وہ اپنی علم ہستی کی کشتی کو اوس تلاطم سے بچاتا ہوا دریائے قدرت کے بہاؤ پر چڑھا لیجاوے اور معرفت کے کنارے پر پہونچے دریائے قدرت کے عبور کرنے کا طریقہ اس منتر میں کھول دیا گیا ہے مطلب یہ ہے کہ شاغل حرکت ابتدائی سے اپنی ذات کو برتر اور پاک جاننے کی یعنی انانیت کے خیال کو روکنے کی مزاولت کرتا رہے کہ اس مزاولت سے ہوشیاری پیدا ہوتی ہے خواہش جاتی رہتی ہے دل پر فتح حاصل ہوتی ہے اور رنج و راحت مساوی ہو جاتا ہے اور سرور ابدی نصیب ہوتا ہے

از خود بگذر کہ ہر دو عالم	در گست نہاں چوں قطرہ در یم
خود را ہمگی بخویشتن وہ	ایں داون و ایں دہ از ہمہ بہ
جز و سر خود ز خود بدر کن	از صافی و از کدر گذر کن
از موت و حیات شو کنارہ	کافی ست و لی ہمیں اشارہ

न तद्भासयते सूर्यो न शशांको न पावकः॥
यद्गत्वा न निवर्तंते तद्धाम परमं मम॥ ६॥

مقام محویت کا نشان (۶) جہاں سورج چاند اور آگ کی روشنی کا دخل نہیں ہے اور جہاں پہونچکر باز گشت نہیں ہوتی ہے وہ اعلیٰ مقام میرا ہے۔

آتش و شمس و قمر کی روشنی اوسجا نہیں	جو میری منزل پہ پہنچا وہ کبھی لوٹا نہیں

ذات بے نشان کا جلوہ بطون میں مشاہدہ کیا جاتا ہے جہاں پر سورج چاند اور آگ کی روشنی نہیں پہونچتی ہے اور ذات پاک کا نور چمکتا ہے سورج - چاند اور آگ کی روشنی تو مادی ہے اور حواس کے ذریعہ سے تمیز کیجاتی ہے نور ذات غیر مادی ہے اور وہ علم اشراق کی صورت رکھتا ہے چونکہ اوس کا مقام حواس اور محسوسات کے حیطہ سے برتر ہے لہذا اوسکو اعلیٰ بیان کیا ہے ذات پاک وہاں سے کل عالم کو ظہور دیتی ہے۔

نظم

زخلوت چوں بصحرا زد علم را	منور ساختہ لوح و قلم را
صفات از ذات و ذات از وصف ظاہر	بجز ذاتش بذاتش نیست ماہر
جہاں و جسم و جاں مرآت ذاتش	چہ باشد جسم و جاں عکس صفاتش
زباطن ظاہرش چوں گل شگفتہ	زہے پیدا بہ پیدائی نہفتہ
زباطن ظاہرش چوں سر کشیدہ	لباس ظاہری در بر کشیدہ
من و ما را نمود از بود او شد	دو عالم را وجود از جود او شد
دو عالم چیست عکس نور رویش	زعکس او پدید ایں ہائے ہویش
ہمہ حق است و حق از حق ہویدا	بجز حق ذرہ خود نیست پیدا

ममैवांशो जीवलोके जीवभूतः सनातनः॥

मनः षष्ठानीन्द्रियाणि प्रकृतिस्थानि कर्षति ॥७॥

مقام محویت سے جان کا شہود

(۷) میری غیر فانی طاقت جانداروں کی جان بنکر دل و حواس خمسہ کو جن کا قدرت سے ظہور ہوتا ہے کشش کرتی ہے

یک ذرہ میری ہستی کا ہے جانداروں کی جاں	میری قدرت ہے جو اس خستہ دل ہے عیاں
تن زندہ ز روح و روح از حق زندہ کاریست ترا معرفت نفس خودت	زاں رو دست پدید صاحبی در بندہ پرکار نشستہ چو نقش کندہ

لفظ آتش جس کا ترجمہ یہاں پر طاقت کیا گیا ہے لغوی معنی جزو کے رکھتا ہے مگر اس کا اطلاق صرف مادی اشیاء پر مثل خاک و آب و آتش کے ہوسکتا ہے جن کے ذرہ ایک دوسرے سے جدا ہو جانے ممکن ہیں نور ذات بوجہ غیر مادی اور لطیف ہونے کے منقسم نہیں ہوسکتا ہے لیکن اگیان یعنی نادانی کے باعث اجسام میں منقسم معلوم ہوتا ہے جب ہم دیکھتے ہیں کہ خلا کسی مادی اشیاء کے ذریعہ سے بوجہ لطیف ہونے کے تقسیم نہیں کیا جا سکتا ہے اور اس کا

اثر مطلق قبول نہیں کرتا ہے تو پھر وہ طاقت جسکو جان کہتے ہیں بوجہ لطیف تر ہونے کے کیونکر جزو کی صورت اختیار کر سکتی ہے جیو لوک کا لفظ جو اس منتر میں استعمال کیا گیا ہے اوس کا کل حیوانات کے مادہ حیات پر اشارہ ہے جو اس عالم میں زندہ اور متحرک ہیں اون میں سے کسی جاندار کی حیات و ممات سے کوئی تغیر اوس طاقت جی میں واقع نہیں ہوتا ہے کیونکہ وہ ہمیشہ قایم اور موجود ہے اور ذات بے نشان کا نور ہے (دیکھو ساتویں ادھیا کا پانچواں منتر اور تیرھویں ادھیا کے ۱۴ و ۱۵ و ۱۶ منتر)

शरीरं यदवाप्नोति यच्चाप्युत्क्रामतीश्वरः॥
गृहीत्वैतानि संयाति वायुर्गन्धानिवाशयात्॥८॥

جان کا نزول جسم میں

(۸) جب جان نزول کرکے جسم کو قبول کرتی ہے تب وہ جیسے ہوا بو کو اوڑا لیجاتی ہے اپنے مقام سے اُن کو ساتھ لیجاتی ہے۔

	ساتھ لیجاتی ہے اپنے جیسے نکہت کو صبا		قالبوں سے روح جب ہوتی ہے واصل یا جدا	

جان کا جسم میں نزول قاعدہ ازلی ہے اور نزول کی صورت یہ ہے کہ ابتدا میں جز برہم یعنی مادہ لطیف کے خزانہ سے جو کل عالم میں محیط ہے ایک خواہش انسان میں پیدا ہوتی ہے اور وہ تولید نسل کا سبب ہے اور اوس کے فعل سے لطیف مادہ کثیف ہو کر نطفہ کی شکل اختیار کرتا ہے اور پشت پدر سے شکم مادر میں جاتا ہے اوس وقت وہ اون پانچ حواس اور دل کو جن کا ذکر اگلے منتر میں ہوگا اپنے اندر لیجاتا ہے۔ جیسے بیج میں تنہ۔ شاخ۔ پتہ۔ پھول۔ پھل وغیرہ اور انڈے میں پر و بازو و دیگر اعضاء جسمانی بصورت انقضاء موجود ہوتے ہیں اُسی طرح نطفہ میں تمام حواس اور اعضاء جسمانی ناکمل طور پر مشمول رہتے ہیں۔

	خود عین طلا صورت زیور دیدم چوں مرغ درون بیضہ مضمر دیدم		در باطن دانہ شجر و بر دیدم ایں کثرت عالم است در وحدت حق	

آتیریہ اُپنشد میں انسان کی تولید کا بیان ہے اور اوس کا ترجمہ منشی کنہیا لال الکھ دھاری نے

کیا ہے چونکہ اوس مضمون کا تعلق اس منتر کے مضمون سے تھا وہ ناظرین کے ملاحظہ کے واسطے ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

"نطفہ پشت پدر میں ہوتا ہے اور وہ خلاصہ اجزاء پدر کا ہوتا ہے اوس کی حفاظت باپ کرتا ہے جب ماں کے شکم میں مخلوط ہوتا ہے جو ہر اجزاء بدن پدر کا تولد اوّل کہلاتا ہے (اور ماں کے جیسے عضو جسم کے بنتے ہوتا ہے) غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ شوہر نطفہ کی صورت بنکر شکم میں عورت کے آتا ہے اور حمل کی مدت میں جورو خاوند کی محافظ رہتی ہے اور شوہر اسوجہ سے کہ جو ہر یک دگر سے وہ حمل ہوتا ہے اُلفت اور حفاظت کرتا ہے جب بچہ پیدا ہوتا ہے سمجھنا چاہیے کہ شوہر خود بمرتبہ ثانی تولد ہوتا ہے"۔

श्रोत्रं चक्षुः स्पर्शनं च रसनं घ्राणमेव च ॥

अधिष्ठाय मनश्चायं विषयानुपसेवते ॥ ९ ॥

ایضاً

(۹) وہ (جان) کان۔ آنکھ۔ پوست۔ زبان۔ ناک۔ اور دل کے وسیلہ سے محسوسات کو ادراک کرتی ہے۔

	گوش و چشم و لمس و بینی و زبان کی قوتیں		دل کی حرکت سے وہ لیتی ہیٔ نفس کی لذتیں	

نطفہ زمانہ حمل میں بالیدگی پاکر اور بچہ کی صورت اختیار کرکے شکم مادر سے باہر آتا ہے تب وہ دل اور حواس کے ذریعہ سے موجودات بیرونی کو تمیز کرتا ہے اور اُس کی عقل عمر کے ساتھ ترقی پاتی جاتی ہے۔

उत्क्रामन्तं स्थितं वापि भुञ्जानं वा गुणान्वितम् ॥

विमूढा नानुपश्यन्ति पश्यन्ति ज्ञानचक्षुषः ॥ १० ॥

اشراق وسیلہ ادراک جان ہے۔

(۱۰) کم فہم اوس کی نزول۔ قیام۔ حس و حرکت اور نیک و بد صفت میں پابند ہونے کو نہیں دیکھ سکتے البتہ وہ لوگ جو چشم معرفت رکھتے ہیں دیکھتے ہیں۔

	آمد و شد درک معقولات سے اس روح کی		باخبر مرد ذکی ہے بے خبر مرد غبی ؛	

خواہش کا پیدا ہونا اور نطفہ بنکر شکم مادر میں پہونچنا نزول کی صورت ہے۔ مدت حمل تک شکم مادر میں رہ کر بالیدگی پانے کا اشارہ قیام پر ہے بعد ولادت بچہ کے ہوش اور حواس کا ترقی پانے کا وقت جس میں اوسکو نیک و بد کا علم پیدا نہیں ہوتا حس و حرکت کا زمانہ کہلاتا ہے جب بچہ کو نیک و بد کا تمیز عمر کے بڑھنے پر حاصل ہوتا ہے اور وہ نیک و بد صفتوں کو اپنے سے منسوب کرتا ہے اور اون کا اثر اپنے اوپر پاتا ہے اوسیکو پابندی صفات کا زمانہ کہتے ہیں غرضکہ جان ان چاروں حالتوں میں نزول کرکے اپنی اصلیت کو بھول جاتی ہے اور اپنی ہستی کو مقید خیال کرتی ہے مگر جس وقت جہل کی تاریکی رفع ہوتی ہے اوس وقت وہ اپنے آپ کو پاک اور اس نزول کی کیفیت کو اپنا بازیچہ جانتی ہے۔

यतंतो योगिनश्चैनं पश्यंत्यात्मन्यवस्थितम् ॥

यतंतोऽप्य कृतात्मानो नैनं पश्यंत्यचेतसः ॥ ११ ॥

خودشناسی میں کوشش کرنے سے اشراق حاصل ہوتا ہے

(۱۱) شاغل (علم خودشناسی میں) کوشش کرنے والے اسکو اپنے اندر مقیم دیکھتے ہیں غافل جنکے باطن پر نظر نہیں ہے کوشش کرنے پر بھی اسے نہیں دیکھ سکتے۔

	شاغلان بجز دمحروم ہیں دیدار سے		اہل دل کوشش سے اپنے دلمیں پاتے ہیں اسے	

دیدار ذات صرف کوشش پر منحصر نہیں ہے بلکہ اوس کے واسطے بطون پر نظر ہونی بھی ضروری ہے پس جو لوگ ذات کی تلاش عالم کی طرف کرتے ہیں وہ باوجود کوشش کے ناکام رہتے ہیں

	احوال از چشم دو بین در طمع خام فتاد		راست بین از نظر راست بمقصود رسید	

यदादित्यगतं तेजो जगद्भासयतेऽखिलम् ॥

यच्चंद्रमसि यच्चाग्नौ तत्तेजो विद्धि मामकम् ॥ १२ ॥

اشراق کی حالت

(۱۲) جو آفتاب کا جلال عالم کو روشنی بخشتا ہے اور جو چاند اور آگ میں موجود ہے اوسکو میرا جلال سمجھ۔

	ماہ میں اور شعلۂ آتش میں ہے میری ضیا	مہرِ عالمتاب اک جلوہ ہے میرے نور کا	

شاغل بطون میں مشاہدہ کرتے ہیں کہ جس طور پر جان زندہ اجسام میں علم اور حواس کو روشنی دیتی ہے اوسی طرح وہ آفتاب ماہتاب اور آگ کو روشنی بخشتی ہے۔

गामाविश्य च भूतानि धारयाम्यहमोजसा ॥

पुष्णामि चौषधीः सर्वाः सोमो भूत्वा रसात्मकः ॥१३॥

جمادات اور نباتات کی پیدایش۔

(۱۳) میں زمین میں دخل کرکے جمادات کو سہار رہا ہوں اور مادہ باردہ بنکر نباتات کو بالیدگی دیتا ہوں۔

	عرق بنکر ہے نباتاتی طراوت میرا کام	میری طاقت سے جماداتی طبق کا ہے قیام	

جان زمین میں تصرف کرکے مادہ حارّہ کے غلبہ سے جمادات و معدنیات کو پیدا کرتی ہے زمین کی شکل انڈے کے مانند ہے اور انڈے میں جیسے اوپر چھلکہ اور اندر غدود ہوتا ہے اوسی طرح زمین کا بالائی طبقہ مثل چھلکے کے ہے اور اوس کے اندر مادہ رقیق موجود ہے اِس مادہ کی حرارت سے جو زمین کے بالائی طبق کی طرف آتی ہے اور آفتاب کی طپش سے جو اوس کے اوپر پڑتی ہے اوس میں جواہرات دہات اور پتھر وغیرہ پیدا ہوتے ہیں۔

اِنکی پیدایش کا طریقہ ایسا ہی ہے جیسا کہ پزادہ میں کچّی مٹی کو پکا کر اینٹیں اور ظروف بناتے کا۔ مادہ باردہ کے غلبہ سے سطح زمین پر نباتات کا نشوونما ہوتا ہے۔

अहं वैश्वानरो भूत्वा प्राणिनां देहमाश्रितः

प्राणापानसमायुक्तः पचाम्यन्नं चतुर्विधम् ॥१४॥

حیوانات کا ظہور

(۱۴) میں حرارت عزیزی بنکر حیوانات کے جسم میں مقیم ہوں اور بالا اور بائیں انفاس کی ترکیب سے چاروں قسم کی غذا کو ہضم کرتا ہوں۔

	ہضم کرتا ہوں غذا معدے کی قوت کیطرح	جسم حیوانی میں رہتا ہوں حرارت کیطرح	

حرارت عزیزی حرارت اور برودت کے اعتدال سے بنتی ہے اور وہ غذا کو ہضم کرکے حیات کو قایم

رکھتی ہے اون میں سے حرارت کی پیدایش اپان سے ہوتی ہے اور برودت کی پیدایش پران سے۔ اپان اوس قوت کا نام ہے جو اندر سے سانس کو باہر کی طرف اوچھالتی ہے اور جسکے فعل کے ختم ہوتے ہی پران کا فعل شروع ہو جاتا ہے یعنی سانس کی کشش اندر کی طرف ہونے لگتی ہے۔

सर्वस्य चाहं हृदि सन्निविष्टो मत्तः स्मृतिर्ज्ञानमपोहनं च ॥
वेदैश्च सर्वैरहमेव वेद्यो वेदान्तकृद्वेदविदेव चाहम् ॥ १५ ॥

انسان کا وجود

(۱۵) میں سب کے دل میں مقیم ہوں اور حافظہ تمیز اور سہو کا مخزن ہوں کل ویدوں کے ذریعہ سے میرا ہی جاننا مقصود ہے میں علم توحید کا مصنف اور ویدوں کا عالم ہوں۔

سب کے باطن میں ہے مجھسے عقل و سہو و حافظہ	میں ہی ہوں تثلیث علمی اور اوس کا خاتمہ

جان کل جسموں میں عالم۔ علم اور معلوم بنکر جلوہ گر ہوتی ہے اور تمیز حافظہ اور سہو کو ست رج اور تم ان تین صفتوں سے نمود دیتی ہے سب ویدوں کا مقصد جان کا پہچاننا ہے اور جان سے کل وید پیدا ہوتے ہیں اور جان ہی اون کا علم رکھتی ہے۔

یک مہر بصد سینہ یک رو بصد آئینہ	یک شاہ بصد کشور یک ماہ بصد ایوان

द्वाविमौ पुरुषौ लोके क्षरश्चाक्षर एव च ॥
क्षरः सर्वाणि भूतानि कूटस्थोऽक्षर उच्यते ॥ १६ ॥

ذات وصفات کی تعریف

(۱۶) عالم میں دو قسم کی ہستی ہے حادث اور قدیم کل موجودات حادث مانی گئی ہے اور جو ہستی تغیر و تبدل سے بری رہتی ہے وہ قدیم کہلاتی ہے۔

ہستیِ عالم کی دو شکلیں ہیں حادث اور قدیم	ہے فنا سب کو مگر باقی ہے اک روحِ علیم
اصل تو دگر باشد و فرع تو دگر فرع تو بہ اصل تست ہست و قایم	مطلق اصل است و فرع از رنگ و صور بر صفحہ کاغذ است نقش مسہ

جو کچھ حواس اور عقل کے ذریعہ سے تمیز ہوتا ہے اور تغیر و تبدل اختیار کرتا رہتا ہے وہ سب حادث

اور فانی ہے جس ہستی پر فنا اور تبدل کا اطلاق نہیں ہو سکتا اور جس کی حقیقت صرف اشراق کی حالت میں دریافت کی جاتی ہے اوسے قدیم اور باقی کہتے ہیں۔ ہر شے میں یہ دونوں مشمول ہیں پس کوئی ذرہ اون سے خالی نہیں ہے دو شے کا ایک جگہ ہونا عقل سے محال معلوم ہوتا ہے مگر مشاہدہ بطون سے یہ عقدہ کھل جاتا ہے۔

उत्तमः पुरुषस्त्वन्यः परमात्मेत्युदाहृतः ॥
योलोकत्रय माविश्य बिभर्त्यव्यय ईश्वरः ॥ १७ ॥

ہستی بحت کا نشان (۱۷) جو ذات پاک اون دونوں سے برتر ہے اوسے ہستی بحت کہتے ہیں اور جو ہستی عالم سہ گانہ میں متصرف ہو کر اوسے سہارتی ہے وہ غیر فانی جان ہے۔

ذات حق بے پوش ہے ازاں دونوں مفروضات سے	قادر مطلق وہی ہے اپنے مقبوضات سے

ہستی بحت کا علم انتہائے ادراک انسانی ہے اور اس ذات پاک کو عارفان ہند نے کیول برہم اور پرشوتم وغیرہ ناموں سے تعبیر کیا ہے جسوقت علم خالص رہجاتا ہے اور عالم اور معلوم دونوں محو ہو جاتے ہیں اوسوقت ہستی بحت کا کیف پیدا ہوتا ہے عالم علم اور معلوم کی تمیز کا ہونا ہی جان ہے۔ اور وہ ہستی بحت کا جلوہ ہے۔

यस्मात्क्षरमतीतो ऽहमक्षरादपि चोत्तमः ॥
अतोऽस्मि लोके वेदे च प्रथितः पुरुषोत्तमः ॥ १८ ॥

ہستی بحت کی فضیلت (۱۸) چونکہ میں حدوث اور قدم سے برتر ہوں لہذا مجھے عوام الناس نے اور کتب علوم نے ذات بے نشان کے نام سے تعبیر کیا ہے۔

فانی و باقی کی معلومات سے بالا ہوں میں	اسلئے دیر و حرم میں پاک اور یکتا ہوں میں
از جسم و جان برترم منم برفرق جملہ عنصرم	در ملک وحدت داورم برخود نبیں درخود بہیں

योमामेवम संमूढो जानाति पुरुषोत्तमम ॥
ससर्व विद्भजति मांसर्व भावेन भारत ॥ १९ ॥

عارفان کی کیفیت

(۱۹) اے ارجن جو دانشمند میری اوس مقدس ذات کو جانتا ہے وہ سب کچھ جان لیتا ہے اور سب فعلوں کو کرتے ہوئے میری بندگی کرتا ہے۔

میری ہستی تک ہوا جن اہل دانش کا گذر	علم انکا ہے مکمل وہ ہیں میرے جان نثار

جب عارف ذات بے نشان کے نور کو بطون میں دریافت کرتا ہے تب وہ اوسی کا جلوہ ہر شے میں دیکھتا ہے اور اوس کے مشاہدہ میں مسرور رہتا ہے۔

इति गुह्यतमं शास्त्र मिदमुक्तं मयानघ ॥

एतद्बुध्वा बुद्धि मान्स्यात्कृत कृत्यश्च भारत ॥२०॥

عارف ہونے کے لئے نزول ذات کے اسرار کا جاننا ضروری ہے۔

(۲۰) اے ارجن جو کوئی اوس نہایت دقیق فلسفہ کو جس کی میں اوپر تشریح کر چکا ہوں سمجھ لیتا ہے وہ عالم عمل کی منزل سے پار ہو جاتا ہے۔

میں نے اب تجھکو بتائے ہیں جو اسرار ازل	اُن کو ارجن جان لے علم و عمل کا ماحصل

بطون کی جن کیفیتوں کا اس ادہیا میں بیان ہوا ہے اونہیں کو اسرار غیب سمجھنا چاہئے جب انسان اِن رموز کے معنی کو بخوبی حل کر لیتا ہے اور عارف ہو جاتا ہے تب وہ کسی قسم کی ریاضت اور عمل سے تعلق نہیں رکھتا ہے اور ذات بیحد کے مشاہدہ میں ہمیشہ مستغرق رہتا ہے عارفان گذشتہ نے معرفت کی اِس منزل اعلیٰ کو سہج ورسیہ کلپ ونرو کلپ سمادہی اور نربان اوستہا اور نیز جیون اور بدیہہ مکت کے ناموں سے موسوم کیا ہے اور اوس کی سب منازل پر فضیلت مانی ہے عارف کامل گوشائیں ولی رام جی نے اِس منزل کی کیفیت کو ذیل کے الفاظ میں ظاہر کیا ہے۔

سادھو سہج سمادہ بھلی ہے
گورپر ساد جا دن سے لاگی نیک نہ کبھوں ٹلی ہے

آنکھ نہ موندوں کان نہ روندوں کوئی کشٹ نہ دہارا	اودھگڑے نین پہچانا ہنس ہنس سندر روپ نہارا
جیتا چلوں سوئی پر وکہنا جو کچھ کردں سو پوجا	گرہ اُدیان ایک سم جانا بھاؤ مٹا یا دوجا
سن محل میں آن سمائے ملن باسنا تیاگی	سووت جاگت اوٹھت بیٹھت ایسی تاڑی لاگی

یہ ہی رہنی یہ ہی گہنی دلی پرگھٹ لکھ گائی		دو کھ سو کھ سے جو پرے پرم پد وہ پد ہی سکھ دائی

سادھون سہج سمادہ بھلی ہے

इति श्री मद्भगवद्गीता सू: पुरुषोत्तम योगो नाम पंचदशोऽध्याय: ॥१॥

شری بھگوت گیتا کے مخفی الوہیت کے طریقت کے بارہ میں کرشن اور ارجن کی تقریر کی پندرہویں ادھیا موسوم بہ پرشوتم یوگ ختم ہوئی

پندرہویں ادھیا کا خلاصہ

بدریا قطرہ چوں داصل شود دریاست درمعنی		حباب و موج ہم آب اند بشگاف ایں معمارا

یہ وہی معما ہے جس کے حل کرنے کی کوشش میں تمام وید اور علوم پیدا ہوئے ہیں اور جس کسی نے اِس معمے کو حل کیا ہے اوس نے تمام ویدوں کا ماحصل پایا ہے یہ جان اور جسم اور عالم کے شہود کا ایک عجیب و غریب معما ہے جس کا اپنی حیات میں حل کر لینا ہر فرد بشر کا فرض ہے اِس ادھیا میں یہ معما واسطے رہنمائی طالبان صادق کے علم اشراق کی مدد سے کھولا گیا ہے جبتک اِنسان اپنی ہستی کو مثل حباب دریائے وحدت سے جدا مانتا ہے بیم و رجا کی تلاطم میں غوطہ کہاتا رہتا ہے اور اِس عقدہ کو کھول نہیں سکتا۔

جب بشر دریائے وحدت میں شناوری کرتا ہے اور اوس دریا کی روانگی سے موج و حباب کو ظہور پاتے دیکھتا ہے تب وہ اپنی ہستی کے بلبلا کو اوس سے جدا نہیں پاتا ہے اور جزویت سے کلیت میں سماتا ہے۔

جب وہ دریا کی ماہیت پر نظر ڈالتا ہے اور بلبلے اور موج کی اصلیت دریافت کرتا ہے تب یہ اشعار اوسکے حال پر صادق آتے ہیں۔

ہمیت کہ دریا شدہ امواج بر انگیخت گہ گشت حبابے	گہ گنج شدہ در عالم تکرار در آمد در این مور آن شد
ہر چند بگوییم رہ بیہودہ پوییم رازیست نہفتہ	ہر کس کہ بفہمید سبکبار بر آمد خود جملہ جہان شد

کُل عارفوں نے اِسی رمز کو مختلف کلمات میں کہولا ہے اور چاروں مہا باک یعنی چاروں ویدوں کے اِسم اعظم کا اِس پر اشارہ ہے۔ منجملہ اون کے سام وید کا اِسم اعظم تتوَمسی جو تت توم اور اسی تین لفظوں سے بنا ہے اِس پر دلالت کرتا ہے اوّل لفظ تت کا اشارہ عالم بطون پر ہے جو بالذات لافانی اور باقی ہے اور جس نے کثیف مادّہ کی صورت اختیار کی ہے۔
دوسرے لفظ توم سے عالم ظاہری مُراد ہے جو کہ کثیف مادّے کی شکل رکھتا ہے اور تغیّر پذیر اور فانی ہے۔
تیسرا لفظ اِسی ذات پاک کا نشان بتلاتا ہے جو کہ باقی و فانی سے برتر ہے اور جس کی کمال قدرت نے اِن دونوں کو نمود دیا ہے۔
تُوم پد یعنی عالم ظہور کا علم عقل اور حواس کے ذریعہ سے اِنسان کو حاصل ہوتا ہے اور واقعات پر مبنی نہیں ہوتا اوس کے باعث اِنسان اپنی جان کو جسم میں محدود سمجھتا ہے اور افعال جسمانی کا پابند ہو جاتا ہے۔
تت پد یعنی عالم بطون کا علم اِشراق کی حالت میں پیدا ہوتا ہے اور واقعی صورت کو دکھلاتا ہے جب بشر کی رسائی معرفت کی اِس منزل تک ہو جاتی ہے وہ دیکھتا ہے کہ جس جان کو وہ جیو یعنی اپنی جان جانتا تھا وہ دراصل کُل عالم کی جان یعنی ایشور ہے۔
اِس پد یعنی مقام محویت جزویت اور کُلیّت کے عِلم سے بلند اور برتر ہے اور اِس کا نام وصال ذات ہے۔
محویت کے حاصل کرنے کے لئے اِبتدا میں اجپا جاپ یعنی پاسِ انفاس کی مزاولت کرنی پڑتی ہے اُس کی مزاولت سے طالب کے دِل کو کشایش ہوتی ہے اور نفس کی رفتار میں سکون پیدا ہو جاتا ہے

بعد ازاں وہ حرکت ابتدائی جو کہ تت پد یعنی ایشور کی منزل سے اوٹھتی ہے محسوس ہوتی ہے
اور جب انسان کی رسائی یہاں تک ہو جاتی ہے تب جیو اور ایشور کے جدا ہونیکا خیال
رفع ہو جاتا ہے یعنی اُس کا علم جزویت علم کلیت میں مبدل ہو جاتا ہے۔
طالب کو لازم ہے کہ وہ اوس کو آخری منزل نہ سمجھے اور اپنی ہستی بحث کو اُس حرکت سے جو
جزو کُل کی ہستی کی صورت میں آشکارا ہوتی ہے جدا جانے یعنی جزویت اور کلیت کے علم سے جنہوں نے
کہ علم خالص سے ظہور پایا ہے توجہ کو ہٹا کر علم خالص میں جو سرور وکیف کا چشمہ ہے محو ہو جائے یہی
نکتہ ہے جس کو اِس ادھیا میں مصنف نے اسنگ شستر یعنی تیغ تجرید سے درخت کلیت کا کاٹنا
بطور استعارہ بیان کیا ہے۔

کبیر صاحب کا مقولہ

گیان محل کے دو دروازے سرگن نرگن باری ہی
کبھی اِس در کبھی اُس درباری جھولنکا جہاتک
دوڑے نیچے دوڑے اوپر مدھ نہیں ٹھہرائے
ایسا ٹھور ٹھکانا پڑے پادت نائیں اندہ
گی دیہی گیاتا اہنگ گیان لکھو نج پران

گی گیاتا ہیں دو دروازے آتم وست نیاری ہی
چڈاکاس بیٹھے نہیں لگے نہیں پل آنکھ۔
نانا بدہ کے جتن کرت ہی سوجھے آپ نہ کائے
ٹک کرپا کر آپ بچار و مٹے سکل دُرگندہ
سوتہ پرکاشے جیو ہے ابناشی نربان

جب انسان مندرجہ بالا طریقت سے محویت کی منزل پر پہونچتا ہے تب اوسکو کسی طرح کے عمل
اور شغل سے تعلق نہیں رہتا اور وہ تا قیام جسم سدر ابدی میں مستغرق رہتا ہے۔
گوسائیں چرنداس جی نے وگیان سمادہ یعنی محویت کے درجہ کو ان لفظوں میں بیان کیا ہے

جب لگ تتو بچار کے ہیے ایک اور دوسے
ہیں تو یہ وہ بھول کر رہے جو سہج سو بھائے
گیان رہت گیاتا رہت اور رہت گے جان

برہم برت باندہی رہے تب لگ دھیان ہی ہوتے
آپا دہیہ اوٹھائے کر گیان سمادہ لگائے
لگی کبھی چھوٹی نہیں یہ سمادہ وگیان ؛

سولھویں ادھیا دیواسُر سمپت یوگ

अभयं सत्व संशुद्धिर्ज्ञानयोग व्यवस्थितिः ॥

दानं दमश्च यज्ञश्च स्वाध्यायस्तप आर्जवम् ॥ १ ॥

صفات ملکوتی

(۱) بیباکی۔ پاک۔ باطنی۔ علم اور عمل میں استقامت۔ فیاضی ضبطِ حواس
تکمیل فرائض مذہبی۔ تحصیل علم۔ ریاضت۔ راستبازی۔

अहिंसा सत्यमक्रोधस्त्यागः शांतिरपैशुनम् ॥

दया भूतेष्वलोलुप्त्वं मार्दवं ह्रीरचापलम् ॥ २ ॥

ایضاً

(۲) خیر طلبی۔ سچائی۔ تحمل۔ نیکی۔ اطمینان۔ عیب پوشی۔ رحمدلی
قناعت۔ حلم۔ حیا۔ سنجیدگی۔

तेजः क्षमा धृतिः शौचमद्रोहो नातिमानिता ॥

भवंति संपदं दैवी मभिजातस्य भारत ॥ ३ ॥

ایضاً

(۳) جلال۔ عفو۔ استقلال۔ پاکبازی۔ صلح جوئی۔ اور انکسار
اے ارجن فرشتہ صفت انسانوں میں پائے جاتے ہیں

شوق ذکر و فکر یکسوئی۔ صفائے باطنی صبر سچائی بہی خواہی رضا ترکِ خودی ہمت و صلح و شرافت شان و عفو و انکسار	زہد و ضبط و فیض تعلیم و ریاض و سادگی رحم استغنا سکون حلم و حیا سنجیدگی نیک انسانوں کے یہ اوصاف ہیں ای نامدار

دیوتاؤں کی کوئی نسل یا قوم انسانوں کے علاوہ کبھی پیدا نہیں ہوئی ہے بلکہ جو انسان
ان صفتوں سے موصوف تھے وہ دیوتا کہلاتے ہیں۔

दंभो दर्पोऽभिमानश्च क्रोधः पारुष्य मेव च ॥

अज्ञानं चाभिजातस्य पार्थ संपद मासुरीम् ॥ ४ ॥

صفات شیطانی

(۴) اے ارجن فریب۔ خودنمائی۔ غرور۔ غصہ۔ سنگدلی اور

جہالت شیطانی خصلت رکھنے والے اِنسانوں میں ہوتی ہیں۔

تکبر غصّہ خود پسندی جہل بیرحمی غرور	ایسی خصلت کا بڑے انسانمیں ہوتا ہے ظہور

شیطانی کوئی مجسم شے بد افعالی کی ترغیب دینے والا نہیں ہے بلکہ وہ رجوگن اور تموگن کے غلبہ کا نام ہے جس کی وجہ سے انسان کے دِل میں صفات ناقصہ پیدا ہوتی ہیں۔

दैवी संपद्विमोक्षाय निबंधायासुरीमता ॥
माशुचः संपदं दैवी मभिजातोऽसि पांडव ॥५॥

ملکوتی اور شیطانی صفتوں کے نتائج

(۵) صفات ملکوتی ذریعہ مخلصی کا اور صفات شیطانی باعث گرفتاری کا مانی گئی ہیں۔ اے ارجن تو فکر نکر کہ تیری پیدائش صفات ملکوتی سے ہے۔

معفرت کی راہ نیکی ہے تذلت کی بدی	شکر کر ارجن کہ نیکو ہیں ہے پیدائش تری
خوئے خوش و اخلاق نکو جنت و باغ	خوئے بد و اوصاف بدت دوزخ و داغ

दैभूतसर्गौ लोकेऽस्मिन्दैव आसुर एवच ॥
दैवो विस्तरशः प्रोक्त आसुरं पार्थमे शृणु ॥६॥

دو قسم کے انسان ہیں

(۶) اس دنیا میں دو قسم کے لوگ ہیں فرشتہ صفت اور شیطان خصلت۔ اے ارجن فرشتہ صفت لوگوں کا تو مفصل بیان ہو چکا ہے اب تو شیطان خصلت لوگوں کا حال سُن۔

آدمی دُنیا میں ہیں نیک اور بد دو قسم کے	اُنکی کیفیت سُنائی اب انہیں بھی جان لے

प्रवृत्तिंच निवृत्तिं चजनान विदुरासुराः ॥
न शौचं नापि चाचारो नसत्यं तेषु विद्यते ॥७॥

شیطان خصلت انسان

(۷) شیطان خصلت انسان امر اور نہی کو تمیز نہیں کر سکتے اور پاک باطنی نیک اعمالی اور راستبازی اُنمیں نہیں ہوتی۔

مرد ہائے بد نہیں پہچانتے امر و نہی	اُنکے دِل سے دور رہتے ہیں صفا و راستی

असत्यम् प्रतिष्ठंते जगदाहु रनीश्वरम् ॥
अपरस्पर संभूतं किमन्यत्काम हैतुकम् ॥ ८ ॥

(الضاً) (۸) وہ بیان کرتے ہیں کہ اِس باطل اور حادث عالم کا کوئی صاحب نہیں ہی اور ذروں کے اتصال کے سوائے اوس کی پیدایش کا کوئی اور سبب نہیں ہو سکتا

وہ بتاتے ہیں کہ کوئی صانع عالم نہیں	صنعت کون و مکان بے بود ہی قایم نہیں
امتزاجِ مادّی سے جملہ پیدا ایش ہوئی	علّت و معلول سے قسمونمیں افزایش ہوئی

یہ عقیدہ اون لوگوں کا ہی جو ذروں کی قوت اتصال سے عالم کی پیدایش بتاتے ہیں اور ناستک کہلاتے ہیں۔

एतां दृष्टि मवष्टभ्य नष्टात्मानो ऽल्पबुद्धयः ॥
प्रभवंत्युग्र कर्माणः क्षयाय जगतो ऽहिताः ॥ ९ ॥

(الضاً) (۹) جو اس خیال کے پابند ہو کر اپنی جان کے دشمن بنجاتے ہیں وہ کم عقل بد اعمال اور عالم کو ضرر پہونچانے والے آخر کار غارت ہوتے ہیں۔

دشمن ایمان و جان ہیں جنکا ایسا ہے خیال	وہ سیہ باطن سیہ کاری سے پاتے ہیں زوال

काम माश्रित्य दुष्पूरं दंभमान मदान्विताः ॥
मोहा द्गृहीत्वा सद्ग्राहान्प्रवर्तंते शुचिव्रताः ॥ १० ॥

(الضاً) (۱۰) وہ ایسی نفسانی خواہش میں پھنسکر جو کبھی پوری نہیں ہوتی فریب غرور اور جوش کو کام میں لاتے ہیں اور جہالت کے باعث ناراستی کے طریقہ کو اختیار کرکے بد افعالی میں زندگی گذارتے ہیں۔

ہوکے وہ مادمنی مکر و تکبر کے غلام	جہل سے ناپاک جذبوں سے کیا کرتے ہیں کام

चिंताम परिमेयांच प्रलयांता मुपाश्रिताः ॥

कामोप भोग परमा एतावदिति निश्चिताः॥११॥

ایضاً (۱۱) وہ ایسی فکر میں جو بعید از عقل ہوتی ہے اور مرتے دم تک قایم رہتی ہے گرفتار رہتے ہیں اور حظ نفس کو عمر کا ماحصل جانکر اوس میں مشغول رہتے ہیں۔

مرتے دم تک فکر بے معنی میں رہکر مبتلا	حظِ نفسانی سے پُر کرتے ہیں کاسہ عمر کا

आशापाश शतैर्बद्धाः काम क्रोध परायणाः॥
इहंते काम भोगार्थ मन्याये नार्थ संचयान्॥१२॥

ایضاً (۱۲) وہ اُمید کے صدہا دام میں گرفتار ہوکر اور خواہش اور غضب میں مبتلا ہوکر لذات نفسانی حاصل کرنے کے لیے ناجایز طریقوں سے دولت جمع کرتے ہیں۔

صید ہوکر دام میں وہ شوق محسوسات کے	پھڑپھڑاتے ہیں پرِ دنکو دانۂ زر کے لیے

इदमद्य मयालब्ध मिमं प्राप्स्ये मनोरथम्॥
इदमस्तीदमपि मे भविष्यति पुनर्धनम्॥१३॥

ایضاً (۱۳) میری وہ مُراد تو حاصل ہوگئی ہے اب میں اسے حاصل کرتا ہوں یہ اِسوقت میرا ہے اور آیندہ بھی میرا ہی رہیگا۔

ہو چکا یہ کام اب وہ کام کرنا ہے ہمیں	اپنی دولت ہوگی آیندہ بھی اپنے ہاتھ میں

असौ मयाहतः शत्रुर्हनिष्ये चापरा नपि॥
ईश्वरो ऽहमहं भोगी सिद्धो ऽहंवलवान्सुखी॥१४॥

ایضاً (۱۴) میں نے فلاں دشمن کو تو مار ڈالا اور میں باقی دشمنوں کو بھی مار دونگا میں حکومت کرتا ہوں۔ لذات دنیوی سے حظ اوٹھاتا ہوں۔ صاحب کمال اور زبردست ہوں اور آرام سے زندگی بسر کرتا ہوں۔

ہم حریفونکو نہ چھوڑینگے کرینگے پائمال	ہمکو حاصل ہے حکومت عیش طاقت اور کمال

आढ़यो ऽभिजन वानस्मि को ऽन्यो ऽस्ति सदृशोमया ॥

यक्ष्ये दास्यामि मोदिष्य इत्यज्ञान विमोहिता: ॥१५॥

ایضاً (۱۵) میں دولتمند اور عالی خاندان ہوں میری برابر اور کون ہو سکتا ہے میں یگ کروں گا خیرات دونگا اور عیش سے عمر بسر کرونگا۔ اس قسم کے جاہلانہ خیالات نے جن کی عقل کو تیرہ کردیا ہے

سب سے اعلیٰ ہے ہمارا مرتبہ اور خاندان	زر کا سارا کھیل ہے یہ جنکے دل میں ہے گمان
نفس ہر گہہ دلیر میگردد ÷ عقل بیچارہ ہمچو روباہے	اندریں بیشہ شیر میگردد نشود روبرو بادگاہے ÷

अनेक चित्त विभ्रांता मोहजाल समावृता: ॥

प्रसक्ता काम भोगेषु पतंति नरके ऽशुचौ ॥१६॥

ایضاً (۱۶) اور جو طرح طرح کے واہمات میں سرگرداں اور دام غفلت میں گرفتار ہیں اور عیش و عشرت میں مصروف رہتے ہیں وہ ناپاک دوزخ میں پڑتے ہیں۔

نفس کے قابو میں جنکا قلبِ مضطر آگیا	انکو ملتی ہے جہنم میں معیشت کی سزا

تیرگی عقل اور دام غفلت میں گرفتار ہو کر بُرے فعلوں کا کرنا دوزخ میں پڑنا ہے ورنہ دوزخ کوئی جیلخانے کا سا مکان بنا ہوا نہیں ہے۔

आत्म सभाविता: स्तब्धा धनमान मदान्विता: ॥

यजंते नाम यज्ञैस्ते दंभेना विधि पूर्वकम् ॥१७॥

ایضاً (۱۷) جو مغرور۔ سنگدل اور دولت کے غرور سے مدہوش ہیں اور مکر سے قاعدہ کے خلاف نام کے واسطے یگ کرتے ہیں۔

سنگدل مغرور اور مدہوش مال و جاہ سے	پارسائی کا جو دم بھرتے ہیں شہرت کیلئے

چند چوں گرگ و مار و شیر و پلنگ	تافتہ روز صلح و ماندہ بجنگ

अहंकारं बलं दर्पं कामं क्रोधं च संश्रिताः ॥
मामात्मपरदेहेषु प्रद्विषन्तोऽभ्यसूयकाः ॥१८॥

ایضاً

(۱۸) اور پندار - قوت جسمانی کے جوش - نخوت - خواہش اور غصہ سے مغلوب ہو کر میری ذات کو جو اون کی اور اوروں کے جسموں میں مقیم ہے غیر سمجھکر آزار پہونچاتے ہیں -

عجب و جوش نوجوانی جنکے دلمیں ہی بھرا	شور غصہ اور نخوت نے جنہیں اندھا کیا
اپنی لاعلمی سے جو آزار دیتے ہیں مجھے -	سارے عالم میں میرا جلوہ نہیں پہچانتے

तानहं द्विषतः क्रूरान् संसारेषु नराधमान् ॥
क्षिपाम्यजस्रमशुभानासुरीष्वेव योनिषु ॥१९॥

خصلت شیطانی سے انسان ہمیشہ تنزل پاتا ہے -

(۱۹) اون موذی - بے رحم - اذل الخلایق - بد خصلت انسانوں کا تنزل میں شیطانی نسل میں ضرور کرتا ہوں -

ایسے موذی بدچلن ظالم ذلیل اشخاص کا	نسل شیطانی میں کرتا ہوں تنزل بارہا

ساتویں منتر سے اُنیسویں منتر تک اون لوگوں کا بیان ہوا ہے جو خصلت شیطانی رکھتے ہیں اور عقل کے تیرہ ہو جانے سے اپنی اور عالم کی ہستی کو جُدا اور غیر سمجھکر فساد اور ایذا رسانی کا باعث ہوتے ہیں اور اس طور پر اور بھی زیادہ بد افعالی میں گرفتار ہو کر تنزل کرتے چلے جاتے ہیں -

आसुरीं योनिमापन्ना मूढा जन्मनि जन्मनि ॥
मामप्राप्यैव कौन्तेय ततो यान्त्यधमां गतिम् ॥२०॥

متواتر تنزل سے ترقی ناممکن ہو جاتی ہے

(۲۰) اے ارجن جو بد عقل شیطانی نسل کو کئی مرتبہ پاکر بھی میرا وصال حاصل نہیں کرتے وہ پستی میں گرتے ہیں -

جسم لیکر جو نہیں کرتے ترقی زینہار	مجھسے غافل ہو کے وہ دُنیا میں ہو جاتے ہیں خوار

جو علم تیرگی اور بد افعالی سے جہل کیصورت اختیار کرتا ہے تا وقتیکہ اوس کی کثافت دُور نہو وہ قدرت کے چرخ میں اپنی مرکز پر لوٹ لوٹ کر نسل آئندہ میں ظاہر ہوا کرتا ہے۔

त्रिविधं नरकस्येदं द्वारं नाशन मात्मनः॥
कामः क्रोधस्तथालोभस्तस्मादेतत्त्रयंत्यजेत्॥२१॥

(۲۱) خواہش۔ غصہ اور طمع دوزخ کے تین مختلف دروازے ہیں جن سے اِنسان پر زوال آتا ہے اِسواسطے اون تینوں کا ترک لازم ہے۔

خواہش غصہ اور طمع سے خصلت شیطانی پیدا ہوتی ہے

حرص و خواہش اور غضب دوزخ کے دروازے ہیں تین
اُنسے اپنا دل ہٹا وہ دلکو لیجاتے ہیں چھین

اگر خواہش غصہ اور طمع دوزخ کے دروازے ہیں تو پھر جتنے اِنسان اِن خصلتوں سے مغلوب ہیں وہ گرفتار دوزخ ہیں۔

एतैर्विमुक्तः कौंतेय तमोद्वारैस्त्रिभिर्नरः॥
आचरत्यात्मनः श्रेयस्ततो यातिपरां गतिम्॥२२॥

(۲۲) اے ارجن جو اِنسان تموگن کی اِن تین دروازوں سے بچکر اپنی بہبودی میں کوشش کرتا ہے وہ اعلیٰ منزل پر پہونچتا ہے۔

خواہش غصہ اور طمع کا سرچشمہ جہل ہے

جہل و بدکاری کے الٹے راستونکو چھوڑ کر،
منزل مقصود تک ہوتا ہے نیکوں کا گذر

جو اِنسان خصلت ناقصہ سے مغلوب نہیں ہوتے وہ بہشت پاتے ہیں یعنی علم و سرور کی اعلیٰ منزل کی طرف رجوع کرتے ہیں۔

यः शास्त्रविधि मुत्सृज्य वर्तते कामकारतः॥
नससिद्धिमवाप्नोति नसुखं न परां गतिम्॥२३॥

(۲۳) جو شخص شاستر کے اصول کے خلاف اپنی مرضی کے موافق عمل کرتا ہے وہ کمال کو نہیں پاتاہے اور آسایش اور

جہل کا پیرو درجہ کمال نہیں پاتا۔

اعلیٰ درجہ سے محروم رہجاتا ہے۔

گر گیا اخلاق کی میعار سے جنکا خیال	اُنکی قسمت میں نہیں عرفان راحت او وصالی	
زشت وان نوتے مردم آزاری	گر چنینی تو دائما خواری :	

तस्माच्छास्त्रं प्रमाणं ते कार्याकार्य व्यवस्थितौ॥

ज्ञात्वा शास्त्रविधानोक्तं कर्म कर्तुमिहार्हसि॥२४॥

علم اور نیک اعمالی سبب ستگاری ہیں

(۲۴) اِس لیے تجھے اون اُصول سے واقف ہو کر جو شاستر میں امر و نہی کی تقسیم کے بارہ میں درج ہیں شاستر کی ہدایت کے مواقف عمل کرنا واجب ہے۔

اے دلاور عقل سے پہچان لے امر و نہی	پیروی واجب ہے تجھکو شرع کے احکام کی	

شاستر یعنی فلسفہ نے امر و نہی کا فرق ظاہر کیا ہے اور امر پر کاربند ہونے اور نہی کے چھوڑنے کی ہدایت کی ہے امر سے وہ افعال حسنہ مراد ہیں جو صفات ملکوتی سے پیدا ہوتے ہیں نہی اون افعال ذمیمہ کا نام ہے جو خصلت شیطانی سے سرزد ہوتے ہیں۔

इति श्री मद्भगवद्गीता सू० दैवासुर सपद्वि भाग योगो नाम षोडशोऽध्यायः॥१६॥

شری بھگوت گیتا کے مخفی علم الوہیت کے طریقہ کے بارہ میں کرشن اور ارجن کی تقریر کی سولہویں ادھیا موسوم بہ تقسیم صفات شیطانی وملکوتی ختم ہوئی

سولھویں ادھیا کا خلاصہ

نیک خصلت اور نیک افعال انسان کے دلکو کثافت سے پاک اور روشن کرکے اون اعلیٰ

منزل پر جو بالفاظ دیگر بہشت کہلاتی ہے پہونچاتے ہیں بدخصلت اور افعال ذمیمہ دلکو کثیف اور تیرہ کرکے پستی میں گراتے ہیں اور یہی دوزخ ہے عارف بیم و رجا کی اصلیت سمجھکر اور واقعات کو چشم معرفت کے وسیلہ سے دیکھکر ہرگز افعال ذمیمہ کا مرتکب نہیں ہوتا۔

نظم

خانۂ عمر تو بود بر دمے ‌ ‌ بهر دمے می طلبی عالمے
بهر دمے کینه و کبر و ریا ‌ ‌ بهر دمے این همه حرص و هوا
بهر دمے غصه و بد خوئیت ‌ ‌ بهر دمے با همه بے رویت
بهر دمے این همه شر و فساد ‌ ‌ هفت هزاری شدنت اجتهاد
حیف برین دانش و آئین تو ‌ ‌ کور شده دیدۂ حق بین تو
عقل تو نقش تو ز تو در ربود ‌ ‌ خوئے دو رنگی و دودوائی فزود
خواهش دنیائے تو دراز دیاد ‌ ‌ آخرت از یاد تو رفته چو باد
ناز بر ایام جوانی کنی ‌ ‌ فخر بر آرائے دخانی کنی
سرد شود گرم دکانی تو ‌ ‌ خواب و خیال است جوانی تو
پاره کن این جامۂ هستی خویش ‌ ‌ اوج طلب چند به پستی خویش
صاف شو از لوث دو رنگی همه ‌ ‌ موم صفت باش ز سنگی همه
صدق و صفا را به یقین پیشه کن ‌ ‌ واقف خود شو بخود اندیشه کن
رهبر خود من عرفت اینجا بساز ‌ ‌ خودی خود را همه در خود بباز
محرم خود شو که تو خود چیستی ‌ ‌ چون همه خود اوست تو خود کیستی
غافلی از صورت و معنی خویش ‌ ‌ چند شوی فرش ره کفر و کیش

سترھیں ادھیائے شردھا ترئی وبھاگ یوگ

अर्जुन उवाच

ये शास्त्रविधिमुत्सृज्य यजंते श्रद्धयाऽन्विताः।

तेषां निष्ठा तु का कृष्ण सत्त्वमाहो रजस्तमः॥१॥

عقیدے کی بابتہ سوال | ارجن نے سوال کیا (۱)، اے کرشن جو عقیدت مند انسان شاستر کے موافق عمل نہیں کرتے اون کا عقیدہ ستوگنی رجوگنی اور تموگنی میں سے کونسا ہوتا ہے۔

جو عقیدت مند حکم شرع سے ہے منحرف	شوق و علم و جہل میں کس صفت سے ہی متصف

श्री भगवानुवाच

त्रिविधा भवति श्रद्धा देहिनां सा स्वभावजा।

सात्त्विकी राजसी चैव तामसी चेति तां शृणु॥२॥

جواب عقیدے تین قسم کے ہیں | شری بھگوان نے جواب دیا (۲)، عقیدہ انسانونکا طبعی خاصہ ہی اور اُس کی تین قسمیں ہیں ستوگنی رجوگنی اور تموگنی اب تو اونکا حال مجھسے سُن۔

یہ سمجھ ارجن کہ اِنساں میں سہ گانہ اعتقاد	شوق و علم و جہل کی ترکیب سے ہی طبع زاد

सत्त्वानुरूपा सर्वस्य श्रद्धा भवति भारत।

श्रद्धामयोऽयं पुरुषो यो यच्छ्रद्धः स एव सः॥३॥

عقیدہ لازمہ بشریت ہی | (۳) اے ارجن ہر بشر کا عقیدہ اوس کی طبیعت کے موافق ہوتا ہی اور عقیدہ کا ہونا جزو بشریت ہے پس جس کا جو عقیدہ ہے وہی اُس کی ہستی ہے۔

قابلیت کے برابر فکر ہے ہر شخص کا	فکر جزو بشریت ہی فکر سے اِنسان بنا

طبیعت صفات سہ گانہ کی امتزاج کا نام ہے جو ہر انسان کو اپنی ماں اور باپ سے ورثہ میں ملتا ہی بعد میں وہ صحبت کے اثر سے ایک خاص یقین کو پیدا کرتا ہے جسکا عقیدہ نام ہے ہر شخص کا کچھ نہ کچھ عقیدہ ہوتا ہی اور جس کا عقیدہ ہوتا ہی وہی اوس کی ہستی ہوتی ہے۔

	نابقی تو استخوان وریشہ		اے برادر تو ہمہ اندیشہ	

यजंते सात्विका देवान्यक्षरक्षांसि राजसाः।

प्रेतान्भूतगणांश्चान्ये यजंते तामसाजनाः॥४॥

پرستش سہ گانہ (۴) ستوگنی انسان دیوتاؤں کو رجوگنی یکش اور راکشسوں کو اور تموگنی بھوت اور پریتوں کو پوجتے ہیں۔

	راکشش اور یکش کی پوجا ہے طرز جاہلاں پوجتے پھرتے ہیں بھوت اور پریت کو وہ جابجا		دیوتاؤں کی پرستش ہے طریق عالماں دیدۂ دانش پہ جنکے جہل کا پردہ پڑا	

نیک خصلت انسان صفات علوی کی پرستش کرتے ہیں اور نیک افعال کے پابند رہتے ہیں اہل غرض سفلی قوتوں کو اپنا معبود بناتے ہیں اور اوسکی رضامندی حاصل کرنے کے لئے دیگر جانداروں کو تکلیف اور ایذا پہونچاتے ہیں بدخصلت لوگ مُردے بھوت جن وغیرہ کی پرستش کے جہل میں گرفتار رہتے ہیں۔

अशास्त्रविहितं घोरं तप्यंते ये तपोजनाः।

दंभाहंकारसंयुक्ताः कामरागबलान्विताः॥५॥

कर्षयंतः शरीरस्थं भूतग्रामम चेतसः॥

मांचैवांतः शरीरस्थं तान्विद्ध्यासुरनिश्चयान्॥६॥

تموگنی عقیدہ (۵) جو بدعقل اوس سخت ریاضت کے جسکی شاستر میں اجازت نہیں ہے پابند ہوتے ہیں مکرو پندار رکھتے ہیں خواہش اور تمنا سے مغلوب ہیں۔

(۶) اور عناصر جسمانی اور میری ذات کو جو اون کے دل میں مقیم ہے تکلیف پہونچاتے ہیں اونکا عقیدہ تموگنی سمجھ۔

	مکر نخوت حرص اور خواہش سے جو مغلوب ہیں جسم کو تکلیف دیکر جان لے شیطاں انہیں		جنکے ایذا دہ مشاغل شرع میں معیوب ہیں وہ مجھے آزار پہنچاتے ہیں اپنے قلب میں	

ابیات

بے خردے چند ز خود بے خبر		عیب پسندند بر عِلم و ہنر
دود شوند ار بد ماغے رسند		باد شوند ار بہ چراغے رسند

आहारस्त्वपि सर्वस्य त्रिविधो भवति प्रियः ॥
यज्ञस्तपस्तथा दानं तेषां भेदमिमं शृणु ॥७॥

سہ گانہ تقسیم (۷) غذا یگ تپ اور دان جو تین تین قسم کے ہیں ہر ایک کو جُدا گانہ پسند ہوتے ہیں اب تو اونکا تفاوت سمجھ لے ۔

ہیں سہ گانہ زہد و اعمال و متفاوت اور غذا		اب بتاتا ہوں کہ کن کو شوق ہے کس قسم کا

غذا یگ تپ اور دان کی ستوگنی رجوگنی اور تموگنی تین تین قسمیں ہیں اور ہر قسم کے انسان کو اپنی قسم کی شے مرغوب ہوتی ہے ۔

आयुः सत्त्वबलारोग्य सुख प्रीति विवर्धनाः ॥
रस्याः स्निग्धाः स्थिरा हृद्या आहाराः सात्विकप्रियाः ॥८॥

ستوگنی غذا (۸) جو غذا عمر قوّت تولید طاقت صحت آسایش اور خوشی کو بڑھاتی ہے اور ذایقہ دار مرغّن مقوّی اور خوشگوار ہوتی ہے وہ ستوگنی کو مرغوب ہوا کرتی ہے ۔

جسکی خاصیت ہے ایزادیٔ نسل و زندگی		تندرستی زورِ جسمانی طمانیت خوشی
جسکو کہتے ہیں مقوّی و مُفرّح سرد و تر		عقلمندونکو بہت مرغوب ہے وہ ماحضر

कट्वम्ललवणात्युष्ण तीक्ष्ण रूक्ष विदाहिनः ॥
आहारा राजसस्येष्टा दुःख शोका मय प्रदाः ॥९॥

رجوگنی غذا (۹) جو غذا کڑوی کھٹی نمکین گرم چرپری روکھی اور جلن پیدا کرنے والی ہے اور تکلیف رنج اور بیماری کا باعث ہوتی ہے وہ رجوگنی کو مرغوب ہوا کرتی ہے ۔

جو غذا ہو گرم کھٹی خشک کڑوی چرپری		جسمیں ہو سوزش کی خاصیت نمک کی زیادتی

نقص صحت رنج اور تکلیف ہو جسکا اثر
رال ٹپکاتے ہیں دُنیا دار اُسکی چاٹ پر

यातयामं गतरसं पूति पर्युषितं च यत् ॥
उच्छिष्टमपि चामेध्यं भोजनं तामसप्रियम् ॥१०॥

تموگنی غذا

(۱۰) باسی۔ بد ذائقہ۔ متعفن۔ جھوٹی اور ناپاک خوراک تموگنی کو مرغوب ہوتی ہے۔

جھوٹی بدبودار باسی بدمزہ ناخوردنی
ایسا کھانا شوق سے کھاتے ہیں جاہل آدمی

अफलाकांक्षिभिर्यज्ञो विधिदृष्टो य इज्यते ॥
यष्टव्यमेवेति मनः समाधाय स सात्त्विकः ॥११॥

ستوگنی یگ

(۱۱) جو یگ اوسکے نتیجہ کی اُمید ترک کر کے اور فرض سمجھکر باقاعدہ طور پر کیا جاتا ہے وہ ستوگنی ہے

فرض کی تکمیل بے بیم و رجا باقاعدہ
جان اے ارجن کہ ہے اہل خرد کا مشغلہ

अभिसंधाय तु फलं दंभार्थमपि चैव यत् ॥
इज्यते भरतश्रेष्ठ तं यज्ञं विद्धि राजसम् ॥१२॥

رجوگنی یگ

(۱۲) اے ارجن جو یگ مطلب برآری کے واسطے جھوٹے عقیدے سے کیا جاتا ہے اوسے رجوگنی سمجھ۔

جو کیا جاتا ہے چالاکی سے مطلب کے لئے
اہل دُنیا کا عمل اُسکو سمجھنا چاہئے

विधिहीनमसृष्टान्नं मंत्रहीनमदक्षिणम् ।
श्रद्धाविरहितं यज्ञं तामसं परिचक्षते ॥१३॥

تموگنی یگ

(۱۳) جو یگ آہوتی۔ منتر۔ دچھنا اور عقیدے کے بغیر بے قاعدہ طور پر کیا جاتا ہے اوسے شاستر تموگنی کہتے ہیں۔

بے تواضع بے قرات بے شوق اور بیقاعدہ
بے درم اعمال میں احمق کو آتا ہے مزہ

देवद्विजगुरुप्राज्ञपूजनं शौचमार्जवम् ॥

ब्रह्मचर्यमहिंसा च शारीरं तप उच्यते ॥१४॥

کایک تپ یعنی زہد جسمانی

(۱۴) دیوتا برہمن گرو اور عالم کی تعظیم کرنا پاک اور صاف رہنا نیک افعالی کا پابند اور علم الٰہی کا طالب ہونا اور کسی کو ایذا نہ پہونچانا زہد جسمانی کہلاتا ہے۔

دیوتا برہمن گرو اور پنڈتوں کو پوجنا	خوب پاک و صاف رکھنا اپنے کل اعصاب کا
حالت تجرید میں رہنا مظالم سے بری	ہیں نے ارجن زہد جسمانی کی یہ تفسیر کی

अनुद्वेगकरं वाक्यं सत्यं प्रियहितं च यत् ॥
स्वाध्यायाभ्यसनं चैव वाङ्मयं तप उच्यते ॥१५॥

واچک تپ یعنی زہد زبانی

(۱۵) صلح آمیز - راست - شیریں اور مفید کلام کا ادا کرنا اور علوم کا پڑھنا زہد زبانی ہے۔

راست شیریں مصلحت آمیز و پاکیزہ کلام	نیز علمی گفتگو زہد زبانی ہے تمام

मनःप्रसादः सौम्यत्वं मौनमात्मविनिग्रहः ॥
भावसंशुद्धिरित्येतत्तपो मानसमुच्यते ॥१६॥

مانسک تپ یعنی زہد قلبی

(۱۶) اطمینان رکھنا حلم اور قرار سے کام لینا حواسوں کو مغلوب کرنا اور صفائی قلب میں مشغول ہونا زہد قلبی کہلاتا ہے۔

ترک محسوسات اطمینان خاموشی سرور	اور صفائی باطنی ہیں زہد قلبی کا ظہور

श्रद्धया परया तप्तं तपस्तत्त्रिविधं नरैः ।
अफलाकाङ्क्षिभिर्युक्तैः सात्विकम् परिचक्षते ॥१७॥

ستوگنی زہد

(۱۷) مندرجہ بالا تین قسموں میں سے جس کسی قسم کا زہد نتیجہ کی تمنا کو چھوڑ کر اختیار کیا جاتا ہے اُسے عارف ستوگنی کہتے ہیں۔

جذب کا پھل ہو نتیجہ کی غرض جس میں نہ ہو	فوقیت دیتے ہیں دانشمند ایسے زہد کو

درحقیقت اِس قسم کے زُہد کی ہدایت کی گئی ہے۔

सत्कारमानपूजार्थं तपो दम्भेन चैव यत् ॥

क्रियते तदिह प्रोक्तं राजसं चलमध्रुवम् ॥१८॥

رجوگنی زہد — (۱۸) جو زُہد ناموری افتخار اور عزت کے واسطے فریب سے کیا جاتا ہے اور بے ثبات اور فانی ہے اوسے شاستر رجوگنی کہتے ہیں۔

جسکا مقصد ہو نمایش عزت و نام آوری	بے حقیقت اور باطل ہے وہ زُہد دُنیوی

اِس قسم کا نمایشی زُہد آجکل عام طور پر کیا جاتا ہے۔

मूढग्राहेणात्मनो यत्पीडया क्रियते तपः ॥

परस्योत्सादनार्थं वा तत्तामसमुदाहृतम् ॥१९॥

تموگنی زہد — (۱۹) جو زہد حماقت کی وجہ سے اپنے آپکو تکلیف دیکر اوروں کو تکلیف پہونچانے کے لیے کیا جاتا ہے وہ تموگنی کہلاتا ہے۔

احمقوں کے زُہد کی پہچان ہے دیوانگی	خود کو تکلیفات دیگر غیر کی ایذا دہی

اِس طرح کا زہد حماقت کا نتیجہ ہوا کرتا ہے۔

दातव्यमिति यद्दानं दीयतेऽनुपकारिणे ॥

देशे काले च पात्रे च तद्दानं सात्त्विकं स्मृतम् ॥२०॥

ستوگنی خیرات — (۲۰) جو خیرات فرض سمجھکر معاوضہ کی اُمید نہ رکھکر اور موقع وقت اور اِستحقاق کا خیال کرکے دیجاتی ہے وہ ستوگنی ہے۔

فرض منصب جانکر خواہش صلہ کی چھوڑ کر مستحق اشخاص کو خیرات دیتا ہے جو زر	واجب و معقول مسکن اور موزوں وقت پر عارفانہ ہے سخاوت کیطرت اُسکی نظر

ناظرین اِس منتر کی ہدایت کو ملاحظہ کرکے ذرا غور کریں کہ اوس کی آجکل کہاں تک پابندی ہو رہی ہے۔

यत्तु प्रत्युपकारार्थं फलमुद्दिश्य वा पुनः ॥
दीयते च परिक्लिष्टं तद्राजसमुदाहृतम् ॥२१॥

راجوگنی خیرات (۲۱) جو خیرات معاوضہ کی اُمید سے نتیجہ کی توقع پر۔ مجبوری کی حالت میں دیجاتی ہے اوسے عارف رجوگنی کہتے ہیں۔

جس میں حیلہ کی لگن یا آرزو یا داشت کی		یا مجبوری ہو جو خیرات ہو وہ دُنیوی	

رنج بیماری اور تکلیف کے موقعوں پر اس قسم کی خیرات اکثر ہوا کرتی ہے۔

अदेशकाले यद्दानमपात्रेभ्यश्च दीयते ॥
असत्कृतमवज्ञातं तत्तामसमुदाहृतम् ॥२२॥

تموگنی خیرات (۲۲) جو خیرات موقع اور وقت کا لحاظ نکرکے غیر مستحق کو توہین اور تضحیک کے ساتھ دیجاتی ہے وہ تموگنی کہلاتی ہے۔

جبکہ کرنمیں نہو وقت اور موقع کا خیال جیسے ہوتا ہو عمل توہین اور تضحیک سے		جس سے پُورا ہو کبھی بد وضع اِنسان کا سوال ایسی بخشش کا تعلق ہے دل تاریک سے	

اہل ہند اون فقرا یتیم اور بیکسوں کو جو مستحق خیرات کے ہیں محروم رکھکر اور لوگوں کی نفس پروری کرتے ہیں جو مکار گمراہ کرنے والے اور مفت خور ہیں اس قسم کی خیرات نیکی میں داخل نہیں ہے اور بُردن کو بُرائی سکھاتی ہے۔

ॐ तत्सदिति निर्देशो ब्रह्मणस्त्रिविधः स्मृतः ॥
ब्राह्मणास्तेन वेदाश्च यज्ञाश्च विहिताः पुरा ॥२३॥

اِسم اعظم اوم تت ست (۲۳) زمانہ قدیم میں برہم کی اِسم اعظم اوم تت ست کا تصور تین طرح پر کیا گیا اور اوس سے برہمن وید اور یگ بنائے گئے۔

اوم تت ست ذاتِ واحد کا اسم لفظی نام ہے		علم و شوق و فعل کی تعبیر اِس کا کام ہے	

اوس برہم نے جو کہ عِلم خالص ہے علم عالم معلوم تین صفتوں میں ظہور پایا ہے اور اوم تت

ست کے اسم اعظم کا ان پر اشارہ ہے۔ ان تین صفتوں کے اجتماع سے برہمن بھاگ منتر بھاگ اور قواعد یگ بنائے گئے اوم اوس ذات پاک کو معہ اوس کے شہود کے ظاہر کرتا ہے اور تت سے عالم باطنی اور ست سے عالم ظاہری مراد ہے (پندرھویں ادھیا کے خلاصہ میں تت توم آسی کا بیان دیکھو)

तस्मादोमित्युदाहृत्य यज्ञदान तपःक्रियाः।
प्रवर्तंते विधानोक्ताः सततं ब्रह्म वादिनाम् ॥ २४॥

اوم کا تصور

(۲۴) اس لئے عارف ہمیشہ اوم کہکر یگ دان اور تپ کے عملوں کو جن کی وید میں ہدایت کی گئی ہے شروع کرتے ہیں۔

جس گھڑی ہو زہد و خیرات و عمل کی ابتدا
اوم کہتے ہیں خلوص دل سے ارباب صفا

عارف ہر کام کو شروع کرتے وقت اوم تت ست زبان سے ادا کرتے ہیں اور نیز اپنی توجہ کو اس عمل کی طرف منبذول کرتے ہیں جو لفظ اوم سے تعبیر کیا گیا ہے۔

तदित्यनभिसंधाय फलं यज्ञ तपः क्रियाः।
दान क्रियाश्च विविधाः क्रियंते मोक्ष कांक्षिभिः॥२५॥

تت کا تصور

(۲۵) طالبان نجات تت کے لفظ کو زبان سے ادا کرکے اور نتیجہ کی توقع کو چھوڑ کر یگ دان اور تپ کے مختلف عملوں کو شروع کرتے ہیں۔

طالبان عاقبت ہو کر بری اُمید سے
کرتے ہیں آغاز ایسے کام تت کہتے ہوئے

جب کسی کام کی ابتدا میں طالب علم معرفت اوم تت ست کہتے ہیں تب وہ اوس علم حقیقت کو مد نظر رکھتے ہیں جس پر تت کا لفظ دلالت کرتا ہے۔

सद्भावे साधुभावे च सदित्येतत्प्रयुज्यते।
प्रशस्ते कर्मणि तथा सच्छब्दः पार्थ युज्यते॥२६॥

ست کا تصور

(۲۶) اے ارجن ست کا لفظ راستی نیکی اور افعال حسنہ کے معنی

میں استعمال کیا جاتا ہے۔

اے دِلا ور لفظِ ست ہی مرکزِ صدق وصفا		عالمِ فانی میں ساری نیکیوں کا رہنما

دنیادار لوگ فرزند کی پیدائش - زنّار بندی - شادی - تعمیر مکان وغیرہ خوشی کے موقعوں پر مذہبی رسوم اور دیگر فرایض کو اوم تت ست کہکر شروع کرتے ہیں اور اُن کے بخیرو خوبی انجام پانے کی تمنا کرتے ہیں۔

यज्ञे तपसि दाने च स्थितिः सदिति चोच्यते॥
कर्म चैव तदर्थीयं सदित्ये वाभिधीयते ॥२७॥

عقیدہ کا ظہور ست سے ہے (۲۷) نیک اعمال ریاضت اور خیرات پر اعتقاد رکھنا اور اونکا عمل میں لانا بھی ست کہلاتا ہے۔

زُہد و خیرات وعمل کی باعقیدت پیروی		عالمِ باطل میں ہے تعمیل حق کے حکم کی

ست یعنی حق سے عالم کا ظہور ہے اور اوسیکی وجہ سے عالم کو قیام ہے پس یگ، تپ وغیرہ عملوں کی پیدایش حق سے ہے اور اونکا اعتقادِ راسخ بھی حق پر مبنی ہے۔

अश्रद्धया हुतं दत्तं तपस्तप्तं कृतं च यत्॥
असदित्युच्यते पार्थ न च तत्प्रेत्यनो इह ॥२८॥

بے اعتقادی است سے ہوتی ہے (۲۸) جو نیک اعمال خیرات اور زہد بے اعتقادی سے کئے جاتے ہیں وہ است کہلاتے ہیں اور اون کا زمانہ حال و آیندہ میں وجود نہیں ہوتا۔

زہد و خیرات و پرستش اور نیک اعمال کو ذی خرد منسوب کرتے ہیں است کے لفظ سے		جنمیں عامل کا عقیدہ راسخ و کامل نہو کیونکہ وہ بے سود ہیں دُنیا و عقبیٰ کے لئے

حق اور باطل کی تمیز کا نہونا بے اعتقادی ہے اور وہ ہیچ ہے اسلئے جو عمل بے اعتقادی سے کئے جاتے ہیں ہیچ ہوتے ہیں۔

इति श्री मद्भगवद्गीता० श्रद्धात्रयविभाग योगो
नाम सप्तदशोऽध्यायः ॥१७॥

شری مدبھگوت گیتا کے مخفی علم الوہیت کے طریقہ کے
بارہ میں کرشن اور ارجن کی تقریر کی سترہویں
ادھیا شردھا ترے وبھاگ یوگ یعنی
عقیدوں کی سہ گانہ تقسیم ختم ہوئی

سترہویں ادھیا کا خلاصہ

ہر انسان کا کچھ نہ کچھ عقیدہ ضرور ہوتا ہے اور جس کا جو عقیدہ ہو جاتا ہے اُسکو وہ اپنے خیال کے موافق درست اور راسخ سمجھتا ہے مگر عقیدہ راسخ اوسی کو کہنا چاہیے جو حق پر مبنی ہو اور جس کا نتیجہ بھی ویسا ہی ہو۔

چونکہ یہ امر حق و باطل کی تمیز کئے بغیر ممکن نہیں ہے۔ اِس لئے جنہوں نے حق و باطل کا تمیز نہیں کیا ہے اون کا عقیدہ راسخ نہیں ہے انسان اپنے باطل عقیدہ کو ثابت نہیں کر سکتا ہے اور توہمات اور شکوک میں غلطاں و پیچاں رہتا ہے مگر حق کی تمیز حاصل کرکے وہ تمام شکوک سے رہائی پاتا ہے اور عقیدہ راسخ کے پیدا ہونے پر حق کو حق مشاہدہ کرتا ہے۔

اٹھارہویں ادھیاموکش سنیاس یوگ

अर्जुन उवाच

संन्यासस्य महाबाहो तत्त्वमिच्छामि वेदितुम्॥
त्यागस्य च हृषीकेश पृथक्केशिनिषूदन ॥ १ ॥

سنیاس اور تیاگ کے بارہ میں سوال

(۱) ارجن نے سوال کیا (۱) اے قوی بازو کرشن کیشی (راکشش) کے ہلاک کرنے والے آپ مجھے سنیاس اور تیاگ کی حقیقت علٰحدہ علٰحدہ سمجھائے -

ترک و ترکِ ترک کے معنی عیاں فرمائے		مجھے اِن دونوں منازل کا بیان فرمائیے

سنیاس اور تیاگ دونوں لفظوں کے معنی قریب قریب ہیں ارجن اونکے باریک تفاوت کو دریافت کرتا ہے -

श्री भगवानुवाच

काम्यानां कर्मणां न्यासं संन्यासं कवयो विदुः॥
सर्वकर्मफलत्यागं प्राहुस्त्यागं विचक्षणाः॥ २॥

شری بھگوان نے جواب دیا

سنیاس اور تیاگ کا تفاوت

(۲) جو فعل خواہش سے کئے جاتے ہیں اونکے ترک کرنے کو علماء سنیاس مانتے ہیں اور تمام فعلوں کے نیتجہ کے ترک کرنے کو دانشمند تیاگ کہتے ہیں

فاعلیت کا مٹانا تارکوں کی راہ ہے		اجر سے دلکو ہٹانا سالکوں کی راہ ہے

فعل کے کرنے کی خواہش نکرنا سنیاس ہے فعل کے نیتجہ سے نظر اوٹھا لینا تیاگ ہے - سنیاسی اون خواہشوں کو جو دل میں پیدا ہو کر فعل کراتی ہیں روکتا ہے تیاگی جن افعال کو کرتا ہے اونکے نیتجہ سے تعلق نہیں رکھتا -

त्याज्यं दोषवदित्येके कर्म प्राहुर्मनीषिणः ॥
यज्ञदानतपः कर्म न त्याज्यमिति चापरे ॥३॥

الیضاً (۳) بعض عارف فعل کے صدور کو ایک نقص سمجھکر اوسکے ترک کرنے کی ہدایت کرتے ہیں بعض نیکی خیرات اور زہد کے فعلوں کے ترک کرنیکی اجازت نہیں دیتے

بعض کہتے ہیں کہ سب اعمال ہیں علمی حجاب زہد خیرات اور نیکی کو فرائض جانکر	اِسلئے واجب ہے پندارِ خودی سے اجتناب بعض عارف زور دیتے ہیں ادائے فرض پر

سنیاسی اوس حرکت قلب کو جس سے تمام فعل سرزد ہوتے ہیں حجاب ذات سمجھتے ہیں تیاگی اوس حرکت کا صدور ذات سے مانتے ہیں۔

निश्चयं शृणु मे तत्र त्यागे भरतसत्तम ॥
त्यागो हि पुरुषव्याघ्र त्रिविधः संप्रकीर्तितः ॥४॥

تیاگ کی تین قسمیں ہیں (۴) اے ارجن تو اون میں سے تیاگ کی بابت میرے عقیدے کو سن اے شیر مرد تیاگ تین قسم کا بیان کیا گیا ہے۔

راہِ سالک ہے مرے نزدیک اِن دو نوں میں فرد	اسکی تقسیم سہ گانہ صاف ہے اے نیکمرد

سری کرشن بھگوان نے سنیاس پر تیاگ کو ترجیح دی ہے۔

यज्ञदानतपःकर्म न त्याज्यं कार्यमेव तत् ॥
यज्ञो दानं तपश्चैव पावनानि मनीषिणाम् ॥५॥

تیاگ کے معنی ترک فعل نہیں ہیں۔ (۵) نیک اعمال خیرات اور زہد عارفوں کے قلب میں صفائی پیدا کرتے ہیں پس نیک اعمال خیرات اور زہد کے فعلوں کا ترک واجب نہیں بلکہ اُنکا کرنا ہی واجب ہے۔

زہد و تقویٰ بخشش و اعمالِ نیک و بے ریا اِسلئے اُنکا نکرنا ہے سراسر ناروا	عالموں کے قلب کو دیتے ہیں نورانی صفا بلکہ دانائی سے کرنا فرض ہے انسان کا

एतान्यपि तु कर्माणि संगंत्यक्त्वा फलानिच॥
कर्त्तव्यानीति मे पार्थ निश्चितं मतमुत्तमम् ॥६॥

تیاگ ستو ترتب بالقصد مرادہی (۶) مگر اے ارجن وہ فعل دلی تعلق اور نتیجہ کو چھوڑکر کرنے چاہئیں اسلئے کہ یہ سب سے اعلیٰ اصول ہے اور اس پر شری بھگوان کا یقین ہے -

دُور کرکے ثمرۂ اعمال کا شوقِ دلی
فرض کی تکمیل ہے میری سمجھ میں لازمی

नियतस्य तु संन्यासः कर्मणो नोपपद्यते ॥
मोहात्तस्य परित्यागस्तामसः परिकीर्तितः ॥७॥

تموگنی تیاگ (۷) لازمی فعل کا چھوڑنا مناسب نہیں ہے - غلطی سے اوس کو چھوڑ دینا جہالت میں داخل ہے -

نامناسب ہی ادائے فرض سے منہ موڑنا
فعلِ لاحاصل ہے نادانی سے اُسکا چھوڑنا

جہالت کی وجہ سے جو فعل حسنہ ترک کئے جاتے ہیں اونکا انجام خراب ہوتا ہے -

दुःखमित्येव यत्कर्म कायक्लेशभयात्त्यजेत् ॥
स कृत्वा राजसंत्यागं नैव त्यागफलं लभेत् ॥८॥

رجوگنی تیاگ (۸) جو شخص لازمی فعل کو دقّت جانکر تکلیف سے بچنے کے لئے چھوڑتا ہے وہ بنظر خودغرضی تارک ہونے کے باعث ترک فعل کا نتیجہ نہیں پاتا ہے -

تارک لذّت ہے جو آسایش تن کے لئے
ترک بالعوض سے کچھ حاصل نہیں ہوگا اُسے

جو شخص تن آسانی کے خیال سے لازمی افعال کو ترک کرتا ہے اوس کو اون افعال کے ترک سے کوئی فائدہ حاصل نہیں ہوتا -

कार्यमित्येव यत्कर्म नियतं क्रियतेऽर्जुन ॥
संगं त्यक्त्वा फलं चैव स त्यागः सात्त्विको मतः ॥९॥

ستوگنی تیاگ (۹) اے ارجن لازمی فعل کو فرض سمجھکر کرنا اور اوس سے اور اوسکے

نتیجہ سے تعلق نہ رکھنا اصلی ترک مانا گیا ہے۔

فرض کی تکمیل اصلی ترک ہے اے نامور	فعل اور اسکے نتایج سے تعلق توڑ کر

جہالت کے باعث اور تن آسانی کے خیال سے افعال حسنہ کا ترک کرنا محض غلطی ہے۔ افعال حسنہ کو فرض سمجھکر کرنا اور اونکے معاوضہ کی اُمید نہ رکھنا اصلی ترک ہے۔ عارف اہل دنیا کی بہبودی پر نظر کرکے افعال حسنہ کا ترک روا نہیں رکھتے مگر اونکے ساتھ دلی تعلق نہیں کرتے چنانچہ ایک عارف کا قول ہے۔

ترکِ دُنیا ترکِ عقبیٰ ترکِ مولیٰ ترکِ ترک	سر برہنہ نیستم دارم کلاہ چار ترک

न द्वेष्ट्यकुशलं कर्म कुशले नानुषज्जते ॥
त्यागी सत्त्वसमाविष्टो मेधावी छिन्नसंशयः ॥ १० ॥

ستوگنی تیاگی کی تعریف (۱۰) جو تارک اعلیٰ خصلت اور روشن عقل رکھتا ہے اور شکوک سے مبّرا ہے وہ اچھے فعلوں کے ساتھ موانست اور بُرے فعلوں سے نفرت نہیں کرتا۔

نیک و بد سے دوستی اور دشمنی رکھتا نہیں	تارک ساکن دل و روشن ضمیر و با یقین

اچھے فعلوں سے رغبت اور بُرے فعلوں سے نفرت کا ہونا تعلق ہے عارف توحید کو مدِ نظر رکھکر بھلے اور بُرے فعلوں کو ہیچ جانتا ہے اور اپنی ذات پر اون کا اثر نہیں مانتا۔

नहि देहभृता शक्यं त्यक्तुं कर्माण्यशेषतः ॥
यस्तु कर्मफलत्यागी स त्यागीत्यभिधीयते ॥ ११ ॥

ترک افعال ناممکن ہے نتیجہ افعال سے بے تعلقی کا نام تیاگ ہے (۱۱) انسان جملہ افعال کو ترک نہیں کرسکتا پس جو شخص نتیجہ افعال کو ترک کرتا ہے وہی تارک کہلاتا ہے۔

چھوڑ دی خواہش صلہ کی جسنے تارک ہے وہی	کون ہوسکتا ہے دُنیا کے مشاغل سے بری

افعال لازمہ جسمانی ہیں اور اون کا کلیتاً مسدود ہونا ناممکن ہے اِسلئے نتیجہ افعال سے بے تعلق رہنا ہی ترک افعال ہے۔

अनिष्टमिष्टं मिश्रंच त्रिविधंकर्मणः फलम्॥
भवत्य त्यागिनां प्रेत्य न तु संन्यासिनां क्वचित्॥१२॥

تیاگی اور اگیانی کی حالت کا فرق

(۱۲) جو لوگ تارک نہیں ہوتے ہیں اونکے نزدیک عاقبت میں فعلوں کا بھلا بُرا اور متوسط درجہ کا نتیجہ ہوتا ہے لیکن تارک کے لئے اوسکا وجود نہیں ہوتا

نیک۔ بد اور نیک و بد ان تین قسموں کی جزا
سبکے قسمت میں لکھی ہے عارفاں کے ماسوا

جو انسان ترک بالقلب کے معنی نہیں سمجھتے ہیں اور افعال کے ساتھ تعلق رکھتے ہیں وہ اون کا نیک اور بد نتیجہ فرض کرتے ہیں۔ تارک فعل اور اُسکے نتیجہ دونوں کو ہیچ جانتا ہے۔

पंचैतानि महाबाहो कारणानि निबोध मे॥
सांख्ये कृतान्ते प्रोक्तानि सिद्धये सर्वकर्मणाम्॥१३॥

علم سانکھ کے اصول فعل کے بارہ میں

(۱۳) اے ارجن میں تجھے ذیل میں اون پانچ سببوں کو جو علم سانکھ میں ہر فعل کی تکمیل کیواسطے لازمی بیان کئے گئے ہیں بتاتا ہوں۔

لے دھننجے پانچ باعث ہیں صدورِ فعل کے
لازمی جنکو بتایا علم معقولات نے۔

अधिष्ठानं तथा कर्त्ता करणं च पृथग्विधम्॥
विविधाश्च पृथक् चेष्टा दैवं चैवात्र पंचमम्॥१४॥

فعل کے پانچ سبب

(۱۴) ظرف۔ فاعل۔ مختلف آلہ فعل مختلف۔ اور جداگانہ حرکات اور قوت ہائے بسیط۔

۱۔ ظرف سے دیش یعنی مقام مراد ہے۔ ۲ فاعل اہنکار یعنی انانیت ہے۔
۳۔ کان۔ پوست۔ آنکھ۔ زبان۔ ناک۔ ہاتھ۔ پاؤں۔ منہ۔ اور مقام بول و براز یعنی پانچ حواس علمی اور پانچ حواس افعالی مختلف آلہ فعل مانے گئے ہیں۔
۴۔ مختلف حرکات کا اشارہ سامعہ لامسہ باصرہ ذائقہ اور شامہ وغیرہ حواس کی قوتوں پر ہے
۵۔ قوت ہائے بسیط اون قوتوں کا نام ہے جو عالم میں محیط ہو کر صدورِ فعل کا

سبب ہیں اور جن کو محققوں نے دیوتا کہا ہے۔

امتزاجِ مادّی وانفرادِ عنصری		اختلافِ ظرف و آلہ نیز پندارِ خودی

چت یعنی قوت متخیلہ کا دیوتا واسدیو۔ من یعنی قوت مدرکہ کا دیوتا اندر۔ اکاس یعنی خلا کا دیوتا ردر۔ پون یعنی ہوا کا دیوتا مرت۔ اگنی یعنی آگ کا دیوتا سورج۔ جل یعنی پانی کا دیوتا ورن۔ پرتھوی یعنی خاک کا دیوتا کبیر مانا گیا ہے۔

शरीरवाङ्मनोभिर्यत्कर्म प्रारभते नरः॥
न्याय्यंवा विपरीतं वा पंचैते तस्य हेतवः॥ १५॥

فعل کا پانچ سببوں سے صدور ہے (۱۵) انسان جس نیک یا بد افعال کو جسم زبان اور دل سے کرتا ہے اوسکے باعث یہ پانچوں ہوتے ہیں

دل زبان و تن سے جن فعلوں کا ہوتا ہے ظہور		خواہ نیک و خواہ بد۔ یہ انکے باعث ہیں ضرور

तत्रैवं सतिकर्त्तारमात्मानं केवलं तु यः॥
पश्यत्यकृतबुद्धित्वान्न स पश्यति दुर्मतिः॥१६॥

ذات مصدر فعل نہیں ہے (۱۶) جب کہ یہ واقعات ہیں تو پھر جو بدعقل ذات پاک کو اپنی کم فہمی کی وجہ سے فاعل قرار دیتا ہے وہ چشم بینا نہیں رکھتا ہے۔

ذات کو فاعل جو کم فہمی سے دیتا ہے قرار		ایسے مرد تیرہ دل کا احمقوں میں ہے شمار

यस्य नाहंकृतो भावो बुद्धिर्यस्य न लिप्यते॥
हत्वापि स इमाँल्लोकान्न हंति न निबध्यते॥ १७॥

گیانی گناہ سے بری ہے (۱۷) جو اپنے آپ کو کسی فعل کا فاعل نہیں مانتا ہے اور جس کی عقل آلودگی سے صاف ہوجاتی ہے وہ سارے عالم کو مار کر بھی نہ قاتل بنتا ہے اور نہ گنہگار۔

شخصیت کو ترک کرتا ہے جو روشن ضمیر		باوجود قید دنیا وہ نہیں اسمیں اسیر

جو شخص دعویٰ فاعلیت نہیں رکھتا اور جسکی عقل روشن ہے اور جو ذات کو ہر ذرہ میں دیکھ رہا ہے وہ کس کو مار سکتا ہے اسموقع پر عالم کے مارنے کے معنی پندار ہستی کے فنا کر دینے کے ہیں جب پندار فنا ہوا عالم کہاں باقی رہا

ज्ञानं ज्ञेयं परिज्ञाता त्रिविधा कर्म चोदना॥
करणं कर्म कर्तेति त्रिविधः कर्म संग्रहः॥१८॥

علم اور فعل کا تعلق	(۱۸) عالم۔ علم اور معلوم تین محرک فعل ہیں فاعل مفعول اور آلہ فعل کے ... فعل بنتا ہے

علم کی تثلیث سے افعال پاتے ہیں ظہور		فعل کی تثلیث میں محدود ہے انکا صدور	

حرکت ابتدائی بطون میں بصورت عالم علم اور معلوم پیدا ہو کر انسان کی توجہ کو فعلوں کی طرف رجوع دلاتی ہے اور جسم اور حواسوں سے فعل کراتی ہے۔

ज्ञानं कर्म च कर्त्ता च त्रिधैव गुण भेदतः॥
प्रोच्यते गुणसंख्याने यथावच्छृणु तान्यपि॥१९॥

گیان۔ کرم۔ اور کرتا یعنی علم فعل اور فاعل کی تقسیم سہ گانہ	(۱۹) علم۔ فعل اور فاعل اپنی صفتوں کے لحاظ سے سانکھہ شاستر میں تین قسم کے بیان کئے گئے ہیں اونکو تو سجھہ لے۔

عامل و علم و عمل تینوں کی تین اقسام کا		مجھسے سن لے جو بیان اہل شریعت نے کیا	

सर्व भूतेषु येनैकं भाव मव्य यमीक्षते॥
अविभक्तं विभक्तेषु तज्ज्ञानं विद्धि सात्विकम्॥२०॥

ستوگنی گیان	(۲۰) جس علم کے ذریعہ سے جملہ مخلوقات کی کثرت میں ذات بحت واحد اور غیر منقسم نظر آتی ہے اوسے اعلیٰ درجہ کا علم خیال کر۔

کثرتِ عالم میں جس سے وحدت حق ہو عیان		قلب صافی میں رہا کرتا ہے وہ سہر نہاں	

पृथक्त्वेन तु यज्ज्ञानं नाना भावान्पृथग्विधान्॥
वेत्ति सर्वेषु भूतेषु तज्ज्ञानं विद्धि राजसम्॥२१॥

رجوگنی گیان	(۲۱) جو علم کثرت کی نظر سے ذات واحد کو تمام مخلوقات میں جدا جدا

اور کثیر تسلیم کرتا ہے اوسے اوسط درجہ کا سمجھ۔

جسم وجان دونوں کی کثرت ہو عیاں جس علم سے	اُسکا مخزن قلبِ مضطر کو سمجھنا چاہئے

यत्तु कृत्स्नवदेकस्मिन्कार्ये सक्तमहैतुकम्॥
अतत्त्वार्थवदल्पं च तत्तामसमुदाहृतम् ॥२२॥

تموگنی گیان (۲۲) جو علم ایک محدود صورت کو بلا دلیل محیط تسلیم کرکے اوس میں گرفتار ہو جاتا ہے اور راستی سے خلاف اور ہیچ ہے وہ ادنیٰ بیان کیا گیا ہے۔

جُزو میں کُل کو مقید مان لینا بے دلیل	خاصہ اُس علم کا ہے جو ہے ناچیز و ذلیل

नियतं संगरहितमरागद्वेषतः कृतम्॥
अफलप्रेप्सुना कर्म यत्तत्सात्त्विकमुच्यते॥२३॥

ستوگنی کرم (۲۳) نتیجہ پر نظر نہ رکھنے والے جس لازمی فعل کو بھلا اور برا نہ سمجھکر بے تعلقی سے کرتے ہیں وہ اعلیٰ درجہ کا کہلاتا ہے۔

دُور کرکے دل سے پندار و ریا ہیچ درجا	فرضِ انسانی ادا کرنا ہے اعلیٰ مشغلہ

جن اشخاص کا علم منتر ۲۰ کے مطابق اعلیٰ درجہ کا ہوتا ہے اونسے اعلیٰ درجے کے فعل سرزد ہوتے ہیں

यत्तु कामेप्सुना कर्म साहंकारेण वा पुनः॥
क्रियते बहुलायासं तद्राजसमुदाहृतम्॥२४॥

رجوگنی کرم (۲۴) خواہش مند اور مغرور انسان جن فعلوں کو بہت مشقت سے کرتے ہیں وہ اوسط درجہ کے کہلاتے ہیں۔

جنمیں بہبودی کی خاطر آرزومند آدمی	شوق سے کرتے ہیں محنت ہو وہ کارِ دُنیوی

جن لوگوں کا علم منتر ۲۱ کے موافق محدود ہوتا ہے اونسے بیچ درجا کے فعل صادر ہوتے ہیں۔

अनुबंधं क्षयं हिंसामनवेक्ष्य च पौरुषम्॥
मोहादारभ्यते कर्म यत्तत्तामसमुच्यते ॥२५॥

تموگنی کرم (۲۵) مآل کار۔ نقصان۔ ایذا اور ذاتی طاقت کا لحاظ نکرکے جو فعل جہالت سے کیا جاتا ہے اوس کو ادنیٰ درجہ کا فعل کہتے ہیں۔

جس سے پیدا ہو خرابی زغم کلفت و زیاں		ایسا ادنیٰ کام کرنا ہے طریق جاہلاں	

جن لوگوں کے جہل کا بائیسویں منتر میں بیان ہوا ہے اونکے افعال بھی ذلیل اور ادنیٰ درجہ کے ہوتے ہیں۔

मुक्तसंगोऽनहंवादी धृत्युत्साहसमन्वितः॥
सिद्ध्यसिद्ध्योर्निर्विकारः कर्त्ता सात्विक उच्यते॥२६॥

ستوگنی کرتا (۲۶) جو فاعل تعلق اور پندار سے بری ہے۔ استقلال اور ہمت رکھتا ہے اور کامیابی اور ناکامی میں مطمئن رہتا ہے اوس کا اعلیٰ درجہ بیان کیا گیا ہے۔

مردم بافیض اپنا فرض کرتا ہے ادا		ہو کے بے بیم و رجا اور واقف تسلیم و رضا	

اس منتر کا بیسویں اور تئیسویں منتروں سے تعلق ہے۔

रागीकर्मफलप्रेप्सुर्लुब्धो हिंसात्मकोऽशुचिः॥
हर्षशोकान्वितः कर्त्ता राजसः परिकीर्तितः॥२७॥

رجوگنی کرتا (۲۷) جو فاعل غرضمند افعال کا نتیجہ چاہنے والا حریص۔ بیرحم اور ناپاک ہے اور خوشی اور رنج کو مانتا ہے اوسے اوسط درجہ کا کہتے ہیں۔

دنیوی عامل ہے کم ہمت غرضمند آدمی		بیحیا حاسد حریص اور تابع رنج و خوشی	

یہ منتر اکیسویں اور چوبیسویں منتر سے تعلق رکھتا ہے

अयुक्तः प्राकृतः स्तब्धः शठो नैष्कृतिकोऽलसः॥
विषादी दीर्घसूत्री च कर्त्ता तामस उच्यते॥२८॥

تموگنی کرتا (۲۸) جو فاعل جاہل۔ بے تمیز۔ ضدی۔ فریبی۔ کینہ ور۔ کاہل۔ روتی شکل اور سست ہے وہ ادنیٰ درجہ کا کہلاتا ہے۔

عاقل ادنیٰ ہے جاہل بد تمیز و بے ہنر	سمست روی شکل صدی مہر پسند و کینہ ور

یہ منتر اوپر کے بائیسویں اور پچیسویں منتروں سے متعلق ہے۔

बुद्धेर्भेदं धृतेश्चैव गुणतस्त्रिविधं शृणु ॥
प्रोच्यमानमशेषेण पृथक्त्वेन धनंजय ॥ २९ ॥

بدھی یعنی عقل اور دھرتی یعنی استقلال کی تین قسمیں

(۲۹) اے ارجن میں عقل و استقلال کی تین قسموں کو جو کہ صفاتی مدارج کے لحاظ سے قرار دی گئی ہیں علیحدہ علیحدہ اور با تفصیل ذیل میں بیان کرتا ہوں۔

عقل و استقلال کے تینوں مدارج کا بیان	حسب تقسیم صفاتی مجھ سے سن اے مہربان

प्रवृत्तिं च निवृत्तिं च कार्याकार्ये भयाभये ॥
बंधं मोक्षं च या वेत्ति बुद्धिः सा पार्थ सात्त्विकी ॥ ३० ॥

ستوگنی بدھی

(۳۰) اے ارجن جو عقل پابندی اور آزادی امر اور نہی خوف اور بےخوفی قید اور نجات کو تمیز کرتی ہے وہ اعلیٰ ہے۔

آشکارا جس سے ہوں قید نجات امر و نہی	وصل و ہجراں ترک و اخذ اعلیٰ ہے وہ فرزانگی

جس عقل نے منتر ۲۰ و ۲۳ اور ۲۶ کے معنی حل کر لئے ہیں وہ کامل ہے۔

यया धर्ममधर्मं च कार्यं चाकार्यमेव च ॥
अयथावत्प्रजानाति बुद्धिः सा पार्थ राजसी ॥ ३१ ॥

رجوگنی بدھی

(۳۱) اے ارجن جو عقل راستی ناراستی امر اور نہی کی حقیقت کو نہیں جانتی وہ اوسط درجہ کی ہے۔

حق و باطل نیک و بد کو جو نہیں پہچانتی	درجۂ اوسط کی کہلاتی ہے وہ دانشوری

اس قسم کی عقل منتر ۲۱ و ۲۴ و ۲۷ کے معنی کو جنکا اوس سے تعلق ہے کامل طور پر نہیں سمجھ سکتی۔

अधर्मं धर्ममिति या मन्यते तमसावृता ॥
सर्वार्थान्विपरीतांश्च बुद्धिः सा पार्थ तामसी ॥ ३२ ॥

تموگنی بدہی (۳۲) اے ارجن جو عقل تیرہ ہو کر ناراستی کو راستی مانتی ہے اور ہر شے کو اوس کے برعکس سمجھتی ہے وہ ادنیٰ درجہ کی ہے۔

حق کو باطل جاننا جھوٹے کو سچا ماننا		فاصدہ ہے لے دلا ور سب سے بُری عقل کا	

یہ وہ عقل ہے جس کا منتر ۲۲ و ۲۵ و ۲۸ سے تعلق ہے اور جس نے جہالت کا طوفان سارے عالم میں مچا رکھا ہے۔

धृत्या यया धारयते मनःप्राणेंद्रियक्रियाः॥
योगे नाव्यभिचारिण्या धृतिः सा पार्थ सात्विकी॥३३॥

ستوگنی دہرتی (۳۳) اے ارجن جس سچے استقلال کی مدد سے دل نفس اور حواس فعل۔ بذریعہ یوگ ضبط کئے جاتے ہیں وہ اعلیٰ ہے۔

ضبطِ دل ضبطِ نفس ضبط حواس ظاہری		ہیں یہ اعلیٰ برکتیں لاجنب استقلال کی	

اس قسم کے استقلال کی بدولت علم۔ فعل۔ فاعل۔ اور عقل کے وہ اعلیٰ درجے جن کا بیان منتر ۲۰ و ۲۳ و ۲۶ اور ۳۰ میں ہو چکا ہے حاصل ہوتے ہیں۔

यया तु धर्मकामार्थान्धृत्या धारयतेऽर्जुन॥
प्रसंगेन फलाकांक्षी धृतिः सा पार्थ राजसी॥३४॥

رجوگنی دہرتی (۳۴) اے ارجن جس استقلال کے وسیلہ سے اہل غرض دلی شوق کے ساتھ عقائد مذہبی۔ خواہشات نفسانی اور مطالب دنیوی کو پورا کرتے ہیں وہ اوسط درجے کا ہے۔

باغرض ہے وہ ارادت جس سے کوئی خود پسند		دین و دنیا عیش عشرت کیلئے ہو کاربند	

اس قسم کے استقلال کی مدد سے علم۔ فعل۔ فاعلیت اور عقل کے وہ متوسط درجے جن کا ۲۱ و ۲۴ و ۲۷ اور ۳۱ منتر میں ذکر ہوا ہے حاصل ہوتے ہیں۔

यया स्वप्नं भयं शोकं विषादं मदमेव च॥

न विमुंचति दुर्मेधा धृतिः सा पार्थ तामसी ॥ ३५॥

تموگنی دھرتی (۳۵) اے ارجن جس کچے استقلال سے خواب غفلت - خوف - رنج - تکلیف اور حماقت نہیں چھٹتی وہ ادنیٰ ہے -

خوف وخطرہ رنج وکلفت غفلت وبیہودگی		راتدن انکی غلامی ہے دلیل بزدلی	

اِس قسم کا کچا استقلال اِنسان کا تنزل علم - فعل - فاعلیت اور عقل کے اون ادنیٰ درجوں میں کرتا ہے جن کی کیفیت منتر ۲۲ و ۲۵ و ۲۸ اور ۳۲ میں ظاہر کی گئی ہے اور وہ جہالت کو بڑہاکر اِنسان کو اعلیٰ درجہ کی طرف ترقی کرنے سے باز رکھتا ہے -

सुखं त्विदानीं त्रिविधं शृणु मे भरतर्षभ ॥
अभ्यासाद्रमते यत्र दुःखान्तं च निगच्छति ॥ ३६॥
यत्तदग्रे विषमिव परिणामेऽमृतोपमम् ॥
तत्सुखं सात्त्विकं प्रोक्तमात्मबुद्धिप्रसादजम् ॥ ३७॥

ستوگنی سکھ (۳۶) اے ارجن اب تو مجھسے آرام کی تینوں قسموں کا حال سن جو آرام (شغل کی) مزاولت سے میسر ہوتا ہے تکلیف کا خاتمہ کرتا ہے -

تجھکو آرام سہ گانہ کا سُنادوں تذکرہ		شغل سے ہوتا ہے جسمیں کا ہشوں کا خاتمہ	

(۳۷) ابتدا میں زہر کی مانند اور انجام میں آبحیات کی مانند معلوم ہوتا ہے اور علم ذات کے سرور سے پیدا ہوتا ہے وہ اعلیٰ درجہ کا بیان کیا گیا ہے -

ابتدا میں زہر سا ہو آخرش آب حیات		سب سے درجہ میں بڑا ہے وہ سرور علم ذات	

تینتیسویں منتر میں دل - نفس اور حواس کو استقلال کے ساتھ ضبط کرنیکی جو ہدایت کی گئی ہے اوس پر عمل کرنے سے یہ آرام حاصل ہوتا ہے ابتدا میں ضبط کی مزاولت دقت طلب اور ناگوار معلوم ہوتی ہے مگر جب شاغل اوس کو استقلال کے ساتھ روزمرہ بڑہاتے ہیں تب اوس سے بطون میں ایک کیف پیدا ہوتا ہے جس کو آرام خالص کہنا چاہئے -

विषयेंद्रिय संयोगाद्यत्तदग्रे ऽमृतोपमम् ॥
परिणामे विषमिव तत्सुखं राजसं स्मृतम् ॥३८॥

راجسی سکھ (۳۸) جو آرام حس اور محسوس کے باہمی تعلق سے پیدا ہوتا ہے اور ابتدا میں آبحیات اور انجام میں زہر معلوم ہوتا ہے وہ اوسط درجہ کا انا گیا ہے۔

نفس کو محسوس ہو اوّل جو آبِ زندگی		ستم قاتل ہے وہ آخرکار لطفِ دُنیوی	

جسمانی آسایش اور دنیاوی خوشی اصلی آرام نہیں ہیں اور وہ انجام میں تکلیف دہ ہوتی ہیں مگر اہل دُنیا انہیں کو اعلیٰ درجہ کا آرام جانتے ہیں۔

यदग्रे चानुबंधे च सुखं मोहनमात्मनः ॥
निद्रालस्य प्रमादोत्थं तत्तामस समुदाहृतम् ॥३९॥

تموگنی سکھ (۳۹) جو آرام ابتدا اور انجام دونوں میں انسان کو غافل کر دیتا ہے اور نیند سستی اور عیش و عشرت سے پیدا ہوتا ہے وہ ادنیٰ درجہ کا کہا گیا ہے۔

عیش و عشرت خواب و خور بیداشتی و کاہلی		جس سے پیدا ہوں وہ آسایش ہے ادنیٰ قسم کی

ایسی آرام طلبی انسان کو شروع میں خوار کرتی ہے اور آخر میں آزار پہونچاتی ہے۔

नतदस्ति पृथिव्यां वादिवि देवेषु वा पुनः ॥
सत्वं प्रकृतिजैर्मुक्तं यदेभिः स्यात्त्रिभिर्गुणैः ॥४०॥

صفت سہ گانہ سے عالم کا وجود ہے (۴۰) زمین۔ عالم فضا اور عالم ملائک میں کوئی وجود ایسا نہیں ہے جو کہ قدرت کی صفت سہ گانہ سے بری ہو۔

کون ہے ارض و سما اور عالم ملکوت میں۔		جلوہ گر جسمیں نہیں تینوں صفاتی قوتیں

زمین کی موجودات میں کل جمادات نباتات اور حیوانات شامل ہیں

عالم فضا میں خلا۔ ہوا۔ بادل۔ بجلی۔ ستارے داخل ہیں۔

دیولوک یعنی عالم ملائک کا اشارہ ادن سات لطیف قوتوں پر ہے جو حس اور محسوس بنکر

مجموعی طور پر عالم کو نظام دیتی ہیں۔

ब्राह्मण क्षत्रिय विशां शूद्राणां च परंतप ॥

कर्माणि प्रविभक्तानि स्वभाव प्रभवैर्गुणः ॥४१॥

صفات سہ گانہ کی تقسیم سے چاروں کی پیدائش ہے	(۴۱) اے ارجن برہمن چھتری ویش اور شودر کے افعال قدرت کی صفات کے بموجب تقسیم کیے گئے ہیں۔

برہمن چھتری ویش و شودر کے افعال میں	قاعدہ سے رونما ہیں مختلف خاصیتیں

انسان کی چار فرقوں میں تقسیم قانون قدرت کے بموجب ہوئی ہے پس دنیا میں کوئی ملک ان چار فرقوں سے خالی نہیں ہے جن لوگوں کو قدرت نے علم الوہیت اور اوس کی تلقین کا مادہ بخشا ہے وہ رہنمائے حق اور پیشوائے مذہب قرار دیے گئے ہیں۔

جن لوگوں کو قدرت نے شجاعت اور حکمرانی کا اقتدار عطا کیا ہے وہ حاکم سردار اور والئے ملک مانے گئے ہیں جن انسانوں نے تجارت اور کاروبار دنیوی کی قابلیت قدرت سے حاصل کی ہے وہ تاجر اور کاشتکار ہو گئے ہیں۔

جن اشخاص کو مندرجہ بالا صفتوں میں سے کوئی بھی حاصل نہیں ہوئی وہ خدمت کا پیشہ اختیار کرکے اون تینوں فرقوں کے مددگار بنگئے ہیں۔

ان چاروں فرقوں کے بغیر دنیوی کاروبار اور ضروریات کا پورا ہونا ممکن نہیں ہے ویدنے برہمن کو منھ چھتری کو بازو۔ ویش کو ران اور شودر کو پاؤں بیان کیا ہے اور وہ ایک تلازمہ ہے جیسے ان چاروں فرقوں کا ایک جسم قرار دیکر ہر ایک فرقہ کو بلحاظ منصب اوس کا خاص حصہ بتایا ہے برہمن کو منھ اسواسطے کہا ہے کہ کلام کا ادا ہونا اور تعلیم و تلقین کے سلسلہ کا جاری رہنا زبان سے تعلق رکھتا ہے۔

چھتری کو بازو اس لئے فرض کیا ہے کہ شجاعت کا صدور اور قوت کا ظہور بازو سے ہوتا ہے ویش کو ران سے تعبیر کرنے کی وجہ یہ ہے کہ برہمن اور چھتری دونوں کے فرائض منصبی کا

ادا ہونا اوس کی کوشش پر منحصر ہے۔
شودر کو اس وجہ سے پانوں مانا ہے کہ برہمن چھتری اور ویش تینوں کے کاروبار کا اوسکی خدمت پر دار و مدار اس طور پر ہے جیسے تمام جسم کا بوجھ پانوں پر ہوتا ہے اور جسم پانوں کے بغیر معذور ہو جاتا ہے۔

शमो दमस्तपः शौचं क्षान्तिरार्जवमेव च ॥
ज्ञानं विज्ञानमास्तिक्यं ब्रह्मकर्म स्वभावजम् ॥४२॥

برہمن کی تعریف (۴۲) دل اور حواس کا ضبط کرنا زہد۔ پاک باطنی۔ حلم۔ راستی۔ علم اشراق اور تسلیم الوہیت برہمن کا فرض ہے۔

ضبط نفس و دل صفا و زہد صدق و انکسار	علم ظاہر عشق باطن ہی برہمن کا شعار

جو انسان ان آٹھ صفتوں سے موصوف ہے وہ اصلی برہمن ہے باقی منصوعی ہیں۔

शौर्यं तेजो धृतिर्दाक्ष्यं युद्धे चाप्यपलायनम् ॥
दानमीश्वरभावश्च क्षात्रं कर्म स्वभावजम् ॥४३॥

چھتری کی تعریف (۴۳) شجاعت۔ جلال۔ استقلال۔ زیرکی۔ جنگ میں قدم نہ ہٹانا خیرات دینا اور حکمرانی کرنا چھتری کا فرض ہے۔

شان استقلال حیا کی شجاعت زیرکی	فیض اور فرمانروائی ہیں صفات چھتری

ان اوصاف کے رکھنے والے چھتری کا ملنا موجودہ زمانہ میں مشکل بلکہ تقریباً ناممکن ہے۔

कृषिगोरक्ष्यवाणिज्यं वैश्यकर्म स्वभावजम् ॥
परिचर्यात्मकं कर्म शूद्रस्यापि स्वभावजम् ॥४४॥

ویش اور شودر کی تعریف (۴۴) کھیتی۔ گلہ بانی اور بیوپار ویش کا فرض ہے۔ خدمت کے متعلق جو کام ہیں اون کا کرنا شودر کا فرض ہے۔

گلہ بانی کھیتی اور بیوپار ہے ویشو کا فرض	خدمت فرمانبرداری ان سبکی ہے شدر کا فرض

स्वे स्वे कर्मण्यभिरतः संसिद्धिं लभते नरः ॥
स्वकर्मनिरतः सिद्धिं यथा विंदति तच्छृणु ॥४५॥

فرض متعلقہ کا پورا کرنا کامیابی کا ذریعہ ہے

(۴۵) انسان اپنے فرض کو ادا کر کے کمال کے درجہ پر پہونچتا ہے وہ اپنا فرض کرتے ہوتے جس طریقے سے کمال کو حاصل کرتا ہے اوس کا حال سُن۔

	جس طریقت کی بموجب میں سناتا ہوں وہ حال		سب کو ملتا ہے ادائے فرض سے اوجِ کمال

यतः प्रवृत्तिर्भूतानां येन सर्वमिदं ततम् ॥
स्वकर्मणा तमभ्यर्च्य सिद्धिं विंदतिमानवः ॥४६॥

کمال کو حاصل کرنیکا طریقہ

(۴۶) جس سے کل مخلوقات نے وجود پایا ہے اور جو اس سارے عالم میں محیط ہے انسان اپنے فرض کی تکمیل سے اوس کی اطاعت کا اظہار کر کے کمال کو حاصل کرتا ہے۔

	اسکی طاعت کی بجالانیمیں ہے کسب کمال		سب کی پیدایش ہی جس سے سب میں ہے جسکا جمال

۴۵ اور ۴۶ منتر سے صاف ثابت ہے کہ قدرت نے کمال کا حاصل کرنا کسی ایک فرقہ کے واسطے مخصوص نہیں کیا ہے بلکہ طالب میں صرف اون صفتوں کا موجود ہونا جن کا حوالہ منتر ۳۳ کی تشریح میں دیا گیا ہے ضروری ہے اور لازمی ہے۔

श्रेयान्स्वधर्मो विगुणः परधर्मात्स्वनुष्ठितात् ॥
स्वभावनियतं कर्म कुर्वन्नाप्नोति किल्बिषम् ॥४७॥

فرض متعلقہ کو فرض غیر متعلقہ پر ترجیح ہے

(۴۷) اپنے فرض کا ناکمل طور پر ادا کرنا کسی دوسرے فرض کے کامل طور پر ادا کرنے سے بہتر ہے اپنے طبعی فرض کے ادا کرنے سے انسان گنہگار نہیں ہوتا۔

	پیرو احکام قدرت ہے گنہ ہونے بری		کام بیجا پر ادائے فرض کو ہے برتری

جو شخص اپنے منصبی فرض کو چھوڑ کر دوسروں کے فرایض اختیار کرلیتا ہے وہ احکام قدرت

کی مخالفت کرتا ہے نیکی کو غارت کرتا ہے اور بدی کا باعث ہو جاتا ہے ۔

सहजं कर्म कौंतेय सदोषमपि न त्यजेत् ॥
सर्वारंभा हि दोषेण धूमेनाग्निरिवावृता: ॥४८॥

ادنیٰ فرائض کا ادا کرنا لازمی ہے۔

(۴۸) اے ارجن اپنے فرض کا گو وہ ادنیٰ درجہ کا ہو چھوڑنا لازم نہیں ہے کیونکہ کل فرائض عیب سے ایسے گھرے ہوتے ہیں جیسے کہ آگ دھوئیں سے گھری ہوتی ہے ۔

فرض گو ادنیٰ ہو نا واجب ہے اسکا چھوڑنا	لازم و ملزوم ہیں نار و دخاں فعل و جزا

چاروں فرقوں میں سے کسی کا اپنے منصب پر غرور کرنا بجا نہیں ہے ۔

असक्तबुद्धि: सर्वत्र जितात्मा विगतस्पृह: ॥
नैष्कर्म्य सिद्धिं परमां संन्यासेनाधिगच्छति ॥४९॥

دونوں کے فرائض کو صفائی اور جان کو ذاتی جوہر جاننا فعل سے بریت ہے

(۴۹) جو سب سے بے تعلقی اختیار کرتا ہے اپنے دل کو قابو میں لے آتا ہے اور خواہشوں کو چھوڑ دیتا ہے وہ تارک ہو کر فعل سے بری ہونے کے اعلیٰ درجہ پر پہونچتا ہے ۔

بے طمع روشن دل و آزادہ رو ہی جو بشر	جا گزیں ہوتا ہے ترکِ ترک کی معراج پر

ہر شخص کے لئے کمال کا حاصل کرنا دل کے قابو کرنے پر منحصر ہے ۔

सिद्धिं प्राप्तो यथा ब्रह्म तथाप्नोति निबोध मे ॥
समासेनैव कौंतेय निष्ठा ज्ञानस्य या परा ॥५०॥

فعل سے بریت پانا برہم میں وصل ہونیکا ذریعہ ہے

(۵۰) اے ارجن انسان کمال کو حاصل کر کے جیسا برہم کو پاتا ہے اور جیسے علم ذات سے ماہر ہوتا ہے اوس کا مجمل بیان سن

ذات میں ہوتا ہے جس سے مرد کامل کا وصال	مجملاً اس علم حق کا اب بیان کرتا ہوں حال

عقل بوجہ پندار کی آلائش کے کثیف ہو جاتی ہے آلائش کے رفع ہونے پر عقل سلیم پیدا ہوتی ہے اور اسی کا نام برہم میں وصل ہونا ہے ۔

बुद्ध्या विशुद्धया युक्तो धृत्यात्मानं नियम्य च ॥
शब्दादीन्विषयांस्त्यक्त्वा रागद्वेषौ व्युदस्य च ॥ ५१ ॥
विविक्तसेवी लघ्वाशी यतवाक्कायमानसः ॥
ध्यानयोगपरो नित्यं वैराग्यं समुपाश्रितः ॥ ५२ ॥
अहंकारं बलं दर्पं कामं क्रोधं परिग्रहम् ॥
विमुच्य निर्ममः शांतो ब्रह्मभूयाय कल्पते ॥ ५३ ॥

برہم میں وصل ہونیکا طریقہ (۵۱) جو اپنی عقل کو کثافت سے پاک کرکے دل کو استقلال کے ساتھ مطیع کرکے۔ صوت وغیرہ محسوسات سے بے تعلق ہوکر اور شوق و نفرت کو چھوڑ کر۔

(۵۲) تنہائی اختیار کرتا۔ قلیل غذا کھاتا ہے۔ زبان جسم اور دل کو قابو میں لاتا ہے اور ہمیشہ تصوّر میں مشغول اور عشق حقیقی میں مسرور رہتا ہے۔

(۵۳) وہ انانیت۔ تکبر۔ خود نمائی۔ خواہش۔ غصہ اور شوق سے بری ہوکر واجب الوجود میں وصل ہو جاتا ہے

عقل کو دیکر جلا کوشش سے دلکو تھام کر جسکا شیوہ یادِ حق ہے دل زبان جسم سے زعم انانیت تکبر حرص غصہ خواہشات		شوق نفرت چھوڑ کر قادر ہے جو احساس پر اعتدال و سادگی وجہ مسرت ہیں جسے رفع ہو جاتے ہیں جسدم اسکو ملتی ہے نجات

واجب الوجود میں وصل ہونیکا جو عملی طریقہ اس منزل میں مجمل طور پر بیان کیا گیا ہے اوسکی تشریح یہ ہے کہ شاغل ضبط حواس کی مدد سے پہلے حواس کا تعلق محسوسات سے ہٹاتا ہے پھر وہ اپنی توجہ کو حواس کی طرف جانے سے روک کر قرار اور سکون حاصل کرتا ہے اور اپنی قوت متخیلہ کو آتم دھیان یعنی ذات کے تصوّر میں لگاتا ہے اس کے بعد انھو یعنی علم اشراق جو واجب الوجود کا جلوہ ہے اوسپر آشکارا ہو جاتا ہے اور وہ اوسی میں دلبستگی رکھتا ہے۔

ब्रह्मभूतः प्रसन्नात्मा न शोचति न कांक्षति ॥

समः सर्वेषु भूतेषु मद्भक्तिं लभते पराम् ॥५४॥

(۵۴) جو بشر واجب الوجود میں وصل ہو کر اطمینان حاصل کرتا ہے بیم و رجا کو چھوڑ دیتا ہے اور کُل مخلوقات کو مساوی سمجھتا ہے اُسکے دل میں میرا سچا عشق پیدا ہوتا ہے۔	برہم میں وصل ہونیکے بعد انسان کی حالت

دُور ہوں جب قلب سے وہم خودی بیم و رجا	عینیت سے پاک مسکن ہے وہ میرے عشق کا

صفات ایک سمندر کی مانند ہے اور افعال بمنزلہ لہروں کے اوس سے پیدا ہوتے ہیں اور ذات مثل آفتاب کے ہے جس کا عکس اوس سمندر میں پڑتا ہے اور لہروں کی حرکت کے باعث ہلتا ہوا معلوم ہوتا ہے لہروں کے مٹ جانے پر آفتاب کا عکس سمندر میں قایم نظر آتا ہے اور عکس کے مشاہدہ سے آفتاب کا سمندر اور لہروں سے علیحدہ ہونا ثابت ہو جاتا ہے۔

भक्त्या मामभिजानाति यावान्यश्चास्मि तत्त्वतः॥

ततो मां तत्त्वतो ज्ञात्वा विशते तदनन्तरम् ॥५५॥

(۵۵) وہ اُس عشق کی بدولت میری حقیقت سے کامل طور پر واقف ہو جاتا ہے اور پوری واقفیت حاصل کر کے مجھ میں وصل ہو جاتا ہے۔	ذات میں وصل ہونیکا طریقہ

جذب کامل سے ہو جب پیش نظر میرا جمال	عشق کر دیتا ہے مجھ میں میرے طالب کا وصال

جب انسان کی رسائی علم کُلیت کی منزل تک ہو جاتی ہے اُسوقت اوسے خورشید ذات کا پرتو اپنے بطون میں نظر آتا ہے اور اوس کے دیدار کا عشق پیدا ہوتا ہے جس کے وسیلہ سے وہ اپنی ہستی کے ذرّے کو اوسکے بے انتہا جلال میں فنا کر دیتا ہے۔

نظم

در بادیٔ عشق صد هزاران	زیبا نه بود به پیش جانان
آنکو که فدائے عشق یار است	اور ا به تن و بجان چه کار است
بیجان و تن است در تن و جان	آرام گهش کنارِ جانان

در بحر فنا قدم گذارد	پروائے وجود و جان ندارد
در راہِ یگانہ خاک گشتہ	از موت و حیات پاک گشتہ
باید کہ دلست صفا پذیرد	جز رنگ یگانگی نگیرد
این است دلی رہ خدائی	جز این ہمہ باطل و ہوائی

सर्वकर्माण्यपि सदा कुर्वाणो मद्व्यपाश्रयः ।।
मत्प्रसादादवाप्नोति शाश्वतं पदमव्ययम् ।।५६।।

وصال ذات

(۵۶) جو میری پناہ میں آتا ہے وہ سب فعلوں کو کرتا ہوا بھی میرے فضل سے قدیم اور لازوال منزل پر پہونچتا ہے۔

میرا بندہ کاروبار دنیوی کرتا ہوا	میری رحمت سے ہے رہ بہرہ منزل جاوید کا
خواہی کہ درون خویش مولیٰ یابی	باخاص باخلاص نشین تا یابی
در چہل چلہ آنچہ نہ پیدا یابی	از یک نظر خاص ہویدا یابی

चेतसा सर्वकर्माणि मयि संन्यस्य मत्परः ।।
बुद्धियोगमुपाश्रित्य मच्चित्तः सततं भव ।।५७।।

وصال ذات کیلئے علم حقیقت حاصل کرنا ضروری ہے۔

(۵۷) تو اپنے سب فعلوں کو دل سے میرے حوالے کرکے میرا طالب ہو اور معرفت کے طریقہ سے میرے تصور میں ہمیشہ مشغول رہ۔

عشق و عرفان کے وسیلہ سے تمام افعال کا	ذمہ ور مجھکو بنا کر مجھ میں اپنا دل لگا

فاعلیت کا پندار ترک کرنے سے فنا کی منزل تک رسائی ہوتی ہے اس کے بعد جو علم ذات آشکارا ہوتا ہے اور ہمیشہ تصور کے قائم رکھنے سے وصال کا اعلیٰ درجہ حاصل ہوتا ہے۔

मच्चित्तः सर्वदुर्गाणि मत्प्रसादात्तरिष्यसि ।।
अथ चेत्त्वमहंकारान्न श्रोष्यसि विनंक्ष्यसि ।।५८।।

علم حقیقت سے کشایش باطن ہوتی ہے۔

(۵۸) تو میرا تصور کرکے میرے فضل سے سب مشکلات پر عبور پاویگا

समः सर्वेषु भूतेषु मद्भक्तिं लभते पराम् ॥५४॥

برہم میں وصل ہونیکے بعد انسان کی حالت

(۵۴) جو بشر واجب الوجود میں وصل ہوکر اطمینان حاصل کرتا ہے بیم و رجا کو چھوڑ دیتا ہے اور کُل مخلوقات کو مساوی سمجھتا ہے اُسکے دل میں میرا سچا عشق پیدا ہوتا ہے۔

دُور ہوں جب قلب سے وہم خودی بیم و رجا		عینیت سے پاک مسکن ہے وہ میرے عشق کا	

صفات ایک سمندر کی مانند ہے اور افعال بمنزلہ لہروں کے اوس سے پیدا ہوتے ہیں اور ذات مثل آفتاب کے ہے جس کا عکس اوس سمندر میں پڑتا ہے اور لہروں کی حرکت کے باعث ہلتا ہوا معلوم ہوتا ہے لہروں کے مٹ جانے پر آفتاب کا عکس سمندر میں قایم نظر آتا ہے اور عکس کے مشاہدہ سے آفتاب کا سمندر اور لہروں سے علیحدہ ہونا ثابت ہو جاتا ہے۔

भक्त्या मामभिजानाति यावान्यश्चास्मि तत्त्वतः॥

ततो मां तत्त्वतो ज्ञात्वा विशते तदनंतरम् ॥५५॥

ذات میں وصل ہونیکا طریقہ

(۵۵) وہ اُس عشق کی بدولت میری حقیقت سے کامل طور پر واقف ہو جاتا ہے اور پوری واقفیت حاصل کرکے مجھ میں وصل ہو جاتا ہے۔

جذبِ کامل سے ہو جب پیش نظر میرا جمال		عشق کر دیتا ہے مجھ میں میرے طالب کا وصال	

جب انسان کی رسائی علم کُلیت کی منزل تک ہو جاتی ہے اُسوقت اوسے خورشید ذات کا پرتوہ اپنے بطون میں نظر آتا ہے اور اوس کے دیدار کا عشق پیدا ہوتا ہے جس کے وسیلہ سے وہ اپنی ہستی کے ذرّے کو اوسکے بے انتہا جلال میں فنا کر دیتا ہے۔

نظم

در بازیِ عشق صرفہ جان		زیبا نہ بود بہ پیش جانان
آنکو کہ فدائے عشق یار است		اور ابہ تن و بجان چہ کار است
بیجان و تن است در تن و جان		آرام گہش کنارِ جانان

در سجدہ فنا قدم گذارد		پرواے وجود و جان ندارد	
در راہ یگانہ خاک گشتہ		از موت و حیات پاک گشتہ	
باید کہ دولت صفا پذیرد		جز رنگ یگانگی نگیرد	
این است دلی رہ خدائی		جز این ہمہ باطل و ہوائی	

सर्वकर्माण्यपि सदा कुर्वाणो मद्व्यपाश्रयः॥
मत्प्रसादादवाप्नोति शाश्वतं पदमव्ययम् ॥५६॥

وصالِ ذات

(۵۶) جو میری پناہ میں آتا ہے وہ سب فعلوں کو کرتا ہوا بھی میرے فضل سے قدیم اور لازوال منزل پر پہونچتا ہے۔

میرا بندہ کاروبار دنیوی کرتا ہوا		میری رحمت سے ہے رہ ہر منزلِ جاوید کا
خواہی کہ درون خویش مولی یابی		باخاص باخلاص نفیس تا یابی
در ہیچ چلہ انچہ نہ پیدا یابی		از یک نظر خاص ہویدا یابی

चेतसा सर्वकर्माणि मयि संन्यस्य मत्परः॥
बुद्धियोगमुपाश्रित्य मच्चित्तः सततं भव ॥५७॥

وصالِ ذات کیلئے علم حقیقت حاصل کرنا ضروری ہے۔

(۵۷) تو اپنے سب فعلوں کو دل سے میرے حوالے کرکے میرا طالب ہو اور معرفت کے طریقہ سے میرے تصوّر میں ہمیشہ مشغول رہ۔

عشق و عرفان کے وسیلہ سے تمام افعال کا		ذمہ دار مجھکو بناکر مجھ میں اپنا دل لگا

فاعلیت کا پندار ترک کرنے سے فنا کی منزل تک رسائی ہوتی ہے اس کے بعد جو علم ذات آشکارا ہوتا ہے اوسمیں تصوّر کے قائم رکھنے سے وصال کا اعلیٰ درجہ حاصل ہوتا ہے۔

मच्चित्तः सर्वदुर्गाणि मत्प्रसादात्तरिष्यसि ॥
अथ चेत्त्वमहंकारान्न श्रोष्यसि विनंक्ष्यसि॥५८॥

علم حقیقت سے کشائش باطن ہوتی ہے۔

(۵۸) تو میرا تصوّر کرکے میرے فضل سے سب مشکلات پر عبور پاویگا

جو تو پندار کے سبب سے میرے اِس کلام کو نہیں مانیگا برباد ہوگا۔

اوس بشرکی دل سے جو میرا تصور باندھے گر تو میری اس نصیحت پر نہو گا کاربند		مشکلات آسان ہو جائینگی میرے فضل سے زعم سے اپنے فنا ہو جائیگا اے ہوشمند	

تصور ذات کے قایم رکھنے سے مکتی یعنی نجات حاصل ہوتی ہے۔ پندار کی وجہ سے واہمات میں گرفتار رہو جاتا بندہ یعنی قید ہے۔

यदहंकारमाश्रित्य न योत्स्य इति मन्यसे ॥
मिथ्यैषव्यवसायस्ते प्रकृतिस्त्वांनियोक्ष्यति ॥५९॥

(۵۹) پندار کی وجہ سے جو تیرا خیال ہے کہ میں نہیں لڑوں وہ غلط ہے کیوں کہ خاصہ قدرت تجھسے جنگ کرائیگا۔

علم حقیقت کے حاصل کئے بغیر افعال اختیاری معلوم ہوتی ہیں۔

میں نہیں لڑونگا ایسا عزم باطل چھوڑ دے		خاصہ تیری طبیعت کا لڑائیگا تجھے۔	

ارجن کا جنگ سے انکار کرنا اور اپنے آپ کو جنگ کرنیوالا ماننا پندار اور نادانی کا فعل تھا۔

स्वभावजेन कौंतेय निबद्धः स्वेन कर्मणा ॥
कर्तुंनेच्छसि यन्मोहात्करिष्यस्यवशोऽपितत् ॥६०॥

(۶۰) اے ارجن جس فعل کے کرنے سے تو بوجہ نادانی انکار کرتا ہے وہ تجھے اپنے طبعی فرض سے مجبور ہو کر بے اختیاری کی حالت میں کرنا ہوگا۔

علم حقیقت فعل کے صدور کی جبر قدرت ثابت کرتا ہے۔

تیری ناقص فہم کو جو فعل نا منظور ہے۔		اُس کے کرنیکے لئے قدرت سے تو مجبور ہے	

چونکہ ارجن قوم کا چھتری تھا اور چھتری کا جنگ راستی سے قدم نہ ہٹانا فرض تھا اور اوس فرض نے اوسکو جنگ پر آمادہ کیا تھا اسلئے میدان میں آکر اوس کا جنگ سے انکار کرنا حکم قدرت کے برخلاف اور فعل نادانی تھا۔

ईश्वरः सर्वभूतानां हृद्देशेऽर्जुन तिष्ठति ॥

भ्रामयन्सर्वभूतानि यंत्रारूढ़ानि मायया ॥६१॥

(۶۱) اے ارجن واجب الوجود سب مخلوقات کے دل میں مقیم ہو کر اونکو اپنی قدرت کاملہ کے چرخ پر پھراتا ہے

قادر مطلق حرکات قلبی کے جبر سے فعل کرتا ہے

قادرِ مطلق ہے کل جسموں کے اندر جلوہ گر	سب کو حکمت سے پھراتا ہے صفائی چرخ پر
ذاتت بہمہ صفات جامع در تو	زان نور حقیقت است لامع در تو
بر خود تو عبث تہمت ہستی داری	حق است کہ شد قایل و سامع در تو

तमेव शरणं गच्छ सर्वभावेन भारत ॥
तत्प्रसादात्परां शांतिं स्थानं प्राप्स्यसि शाश्वतम् ॥६२॥

(۶۲) اے ارجن تو سب طرح سے اوسی کی پناہ میں آ کیونکہ اوس کے فضل سے تو اعلیٰ سکون (قلب) کے بے زوال مقام پر پہونچے گا۔

قلب میں قادر مطلق کی تلاش واجب ہے

اے دلا ہر نفس میں لے اُسی کا آسرا	مرکزِ تسکین و استغنا تجھے ملجائے گا
سالک کہ ز راہ چشم دل بینا شد	در چشم دلش حقیقتے پیدا شد
دانست کہ من قطرہ دریا ہستم	دانستہ ہمان چشم زدن دریا شد

इति ते ज्ञानमाख्यातं गुह्याद्गुह्यतरं मया ॥
विमृश्यैतदशेषेण यथेच्छसि तथा कुरु ॥६३॥

(۶۳) یہ نہایت پوشیدہ معرفت کے اسرار میں نے بیان کئے ہیں پہلے تو اونکو خوب سمجھ لے پھر تیری جیسی مرضی ہو ویسا کر۔

تلاش سے اطمینان حاصل ہوتا ہے۔

آشکارا کر دیئے میں نے جو اسرار خفی	اُن سے واقف ہو کے اب کر جیسی مرضی ہو تیری

اسرار معرفت کے سمجھنے کی ہدایت تو اس موقع پر ارجن کو کی گئی ہے مگر اوس کا اطلاق ہر وقت ہر جگہ اور خاص و عام پر ہے جو کوئی ایسے باریک رموز کو سمجھکر اون پر کاربند ہوتا ہے وہ تمام لازمی اشغال کرتا ہوا بھی بیشک منزل مقصود پر پہونچتا ہے۔

सर्वगुह्यतमं भूयः शृणु मे परमं वचः ॥
इष्टोऽसि मे दृढमिति ततो वक्ष्यामि ते हितम् ॥६४॥

علم الوہیت کے حاصل کرنیکا سب سے اعلیٰ طریقہ

(۶۴) اب تو میرے اعلیٰ کلام کو جو سب سے زیادہ غور طلب ہے سمجھ لے چونکہ تو میرا پکا دوست ہے تیری بہبودی کے خیال سے میں یہ پھر ظاہر کرتا ہوں۔

اے عزیز من تری مشکل کشائی کے لئے
راز سب سے برتر مکرر رکھ سناتا ہوں تجھے

मन्मना भव मद्भक्तो मद्याजी मां नमस्कुरु ॥
मामेवैष्यसि सत्यं ते प्रतिजाने प्रियोऽसि मे ॥६५॥

فکر عشق اور فنا

(۶۵) مجھ میں دل لگا میرا طالب ہو مجھکو اپنے اعمال تفویض کر اور میری پرستش کر۔ اے میرے پیارے میں تجھسے سچا وعدہ کرتا ہوں کہ تو اس ہدایت پر کاربند ہونے سے مجھ میں وصل ہوگا۔

میری خاطر کر ریاضت مجھ میں اپنا دل لگا
میرے پیارے مجھکو دے تعظیم مجھ پر ہو فدا
تجھسے میں کرتا ہوں وعدہ اسکو سچا جان لے
بہرور ہوگا تو آخر کار میرے وصل سے

سررشتہ دولت اے برادر بکف آر
ایں عمر گرامی بخسارت مگذار
دائم ہمہ جا باہمہ کس در ہمہ حال
میدار نہفتہ چشم دل جانب یار

सर्वधर्मान्परित्यज्य मामेकं शरणं व्रज ॥
अहं त्वा सर्वपापेभ्यो मोक्षयिष्यामि मा शुचः ॥६६॥

ترک خودی اور وصال

(۶۶) تو سب عقیدوں کو چھوڑ کر میری ذات واحد کا طالب ہو۔ میں تجھے سب گناہوں سے ضرور آزاد کر دوں گا۔

نقش ہستی کو مٹا دے سایۂ رحمت میں آ
بخشدونگا تجھکو میرے قول پر ایمان لا
ہٹا کر ماسوا سے دل کو میرے آسرے میں آ
کر دونگا میں تجھے آزاد بیشک سب گناہوں سی

بھگوت گیتا کے کل اصول کا عملی نتیجہ اس منتر میں موجود ہے یعنی اوس کے وسیع معنی مطلب

کی ابتدائی منزل سے جس کا بیان دوسری ادھیا کے گیارہویں منتر میں ہوا ہے وصال کے اعلیٰ درجہ تک تمام منازل کا ادراک شامل ہے اور علم توحید کی تلقین بھی اِس پر ختم ہوئی ہے چونکہ یہ منتر منتخب ہو کر دیباچہ میں آچکا ہے لہٰذا اوس کی دوبارہ تشریح کرنا طوالت ہے عاقل کو تو اِس نکتہ کے سمجھنے کے لئے ایک اشارہ کافی ہے کند ذہن وید۔شاشتر اور تمام دنیا کے مذہبی علوم کے مطالعہ سے بھی اِس منتر کا عقدہ حل نہیں کر سکتا۔

بس کنم خود زیرکان را این بس است ‖ بانگ یک کردم اگر در دہ کس است

इदं तेनातपस्काय नाभक्ताय कदाचन ॥
नचाशुश्रूषवे वाच्यं नच मां योऽभ्यसूयति॥६७॥

جو طالب نہو اوسکے لئے تلقین لاحاصل ہے

(۶۷) جو شخص ریاضت کش۔طالب اور معتقد نہو اور میرے علم الوہیت سے انکار کرتا ہو اوسے یہ (علم) ہرگز بتانا نہیں چاہئے۔

زہد و ایماں شوق و دانش سے نہو جو بہرہ ور ‖ ناروا ہے انکشافِ راز ایسے شخص پر

جو جہالت کے اندھیرے میں بھٹکتے پھرتے ہوں اونہیں اِس آبِ حیات کا حصہ کیونکر نصیب ہو سکتا ہے۔

نازپرورد تنعم نبرد راہ بدوست ‖ عاشقی شیوۂ رندان بلاکش باشد

य इदं परमं गुह्यं मद्भक्तेष्वभिधास्यति ॥
भक्तिं मयि परां कृत्वा मामेवैष्यत्यसंशयः॥६८॥

طالبوں پر اِس کا ظاہر کرنا ضروری ہے

(۶۸) جو یہ عالی اسرار میرے طالب کو بتائیگا وہ میرے عشقِ حقیقی کی بدولت بیشک مجھ میں وصل ہوگا۔

میرے طالب کو رموزِ عشق جو بتلائیگا ‖ میرے صادق عشق سے بیشک وہ مجھکو پائیگا۔

جو لوگ فہم رسا رکھتے ہیں اور اِس آبِ حیات کے مستحق ہوں اونکو اِس علم کے بتانے سے دریغ کرنا جایز نہیں۔

नच तस्मान्मनुष्येषु कश्चिन्मे प्रियकृत्तमः॥

भविता न च मे तस्मादन्यः प्रियतरो भुवि ॥६९॥

جو طالبوں پر اِن رموز کو ظاہر کرتا ہے وہ مجھکو عزیز ہے۔

(۶۹) نہ تو وہ جہان بھر میں مجھ سے زیادہ کسیکو عزیز سمجھتا ہے اور نہ روئے زمین پر مجھے اوس سے زیادہ کوئی عزیز ہوتا ہے۔

مجھسے بڑھکر حدِ امکاں میں نہیں اُسکا عزیز	اُس سے بڑھکر نوعِ انساں میں نہیں میرا عزیز

ذات پاک کا اقرار ہے کہ جو یہ آب حیات اوس کے پیاروں کو تقسیم کرتا ہے اوس سے زیادہ اوسکو کوئی عزیز نہیں۔

عاشق ام کہ چو آواز دہی جان مرا	دوست از سینہ ام آواز بر آرد کہ منم

اے عزیزوں آب حیات کا دریا کوزہ میں بند ہے اور وہ صدق طلب سے ملسکتا ہے۔ اِس سے تشنہ کام رہنا زندگی میں بے نصیبی ظاہر کرتا ہے اور آخر وقت کف افسوس ملواتا ہے۔

کہ این وقت است و این کار است و این گو	زمیدان ہر کہ بردہ آدم است او

अध्येष्यते च य इमं धर्म्यं संवादमावयोः ॥
ज्ञानयज्ञेन तेनाहमिष्टः स्यामिति मे मतिः ॥७०॥

بھگوت گیتا کا مطالعہ کرنیوالا حق کو عزیز جاننے لگتا ہے۔

(۷۰) جو شخص ہم دونوں کی اِس تقریر کو جس سے نیکی پیدا ہوتی ہے پڑھیگا میری رائے ہے کہ وہ علمی ریاضت سے مجھے عزیز بنا لیگا۔

میری اِس معجز بیانی کو پڑھیگا جو بشر	بخشدونگا میں اُسے علمی ریاضت کا ثمر

زبان سنسکرت کے ایسے علماء جو اِس صحیفہ عالیہ کے معنی اور مراد بخوبی سمجھا سکیں اِس زمانہ میں نایاب ہوگئے ہیں اور علم الوہیت کے طالب اوس قدیم زبان سے عموماً ناواقف ہونے کے باعث خود اِس کے مطالعہ سے معذور ہیں اِسلئے اِس کا ترجمہ اردو میں جو کہ زبان رائج الوقت ہے مرتب کیا گیا اور جہاں تک موجودہ زبان کی وسعت تھی اوس کی باریکیاں ظاہر کردی گئیں۔ جو کوئی سچے اعتقاد سے اِس کا بار بار مطالعہ کریگا وہ اُس کے معنی کو زیادہ صاف طور پر سمجھنے سے ہر دفعہ نیا لطف حاصل کریگا اور رفتہ رفتہ عشق کی کشش سے منزل مقصود پر پہونچ جائیگا۔

श्रद्धावाननसूयश्च शृणुयादपि यो नरः॥
सोऽपि मुक्तः शुभाँल्लोकान्प्राप्नुयात्पुण्यकर्मणाम्॥७१॥

(۷۱) جو با اعتقاد اور بے تعصب انسان اس (تقریر) کو سنے گا وہ بھی (برے فعلوں سے) آزاد ہی پاکر نیک افعالوں کے بہترین عالم میں پہونچے گا۔ | نیک افعالی اختیار کرتا ہے

	عالم قدسی کو وہ آزاد ہو کر جائے گا		شوق سے اس مخزن اسرار کو جس نے سنا	

جو لوگ اس صحیفہ کے معنی نہیں سمجھتے تاہم اعتقاد کے ساتھ اوسے سنتے ہیں وہ اپنے راسخ اعتقاد کے اثر سے بد افعالی چھوڑ کر نیک افعال کی طرف ترقی کرتے ہیں۔

कच्चिदेतच्छ्रुतं पार्थ त्वयैकाग्रेण चेतसा॥
कच्चिदज्ञानसम्मोहः प्रनष्टस्ते धनंजय॥७२॥

(۷۲) اے ارجن تو نے اس صحیفہ کو یکسو دل سے سنا یا نہیں اور تیری نادانی اور غفلت رفع ہوئی یا نہیں۔ | ارجن اسکو سمجھا یا نہیں

	ہٹ گیا کیا تیرے دل سے پردہ وہم خودی		کیا میری تقریر گوش ہوش سے تو نے سنی	

अर्जुन उवाच

नष्टो मोहः स्मृतिर्लब्धा त्वत्प्रसादान्मयाच्युत॥
स्थितोऽस्मि गतसंदेहः करिष्ये वचनं तव॥७३॥

ارجن نے جواب دیا

(۷۳) اے کرشن آپ کی برکت سے میری غفلت دور ہوئی اور میں نے اپنے آپکو پہچانا مجھے اطمینان حاصل ہوا اور میرے شکوک رفع ہوئے جو کچھ آپ کا ارشاد ہے میں بجا لاؤنگا۔ | ہاں سمجھ گیا

	میں نے کامل طور پر اپنی حقیقت جان لی بے تامل آپکا ارشاد لاؤں گا بجا		آپ کی برکت سے میری عقل روشن ہو گئی مجھکو اطمینان و استقلال حاصل ہو گیا	

دریا جو حقیقت کا ہی بھرا سب عالم اسکی موجیں ہیں		میدان میں جنگ کو استادہ گیان اور اگیانی فوجیں ہیں

संजय उवाच

इत्यहं वासुदेवस्य पार्थस्य च महात्मनः॥
संवाद मिमम श्रौष मद्भुतं रोम हर्षणम् ॥७४॥

سنجے نے کہا

(سنجے کی گفتگو راجہ دھرت راشٹر کیساتھ)
دھرت راشٹر میں نے قابل تعظیم کرشن اور ارجن کی یہ باہمی گفتگو جو حیرت انگیز اور رونگٹے کھڑے کرنے والی تھی سنی۔

قابل تعظیم کنتی کے پسر اور کرشن کی		یہ عجیب و روح افزا گفتگو میں نے سنی

بھگوت گیتا مہابھارت کا وہ حصہ ہی جسمیں سنجے نے راجہ دھرت راشٹر سے جنگ کے شروع کے واقعات بیان کئے ہیں۔

व्यास प्रसादा च्छ्रुतवाने तद्गुह्य महं परम।
योगं योगेश्वरा त्कृष्णात्साक्षा त्कथयतः स्वयम् ॥७५॥

राजन्संस्मृत्य संस्मृत्य सम्वाद मिम मद्भुतम्।
केशवार्जुनयोः पुण्यं हृष्यामिच मुहुर्मुहुः ॥७६॥

(ایضاً)
(۷۵و۷۶) اے راجہ (دھرت راشٹر) میں اوس نہایت مخفی طریقت کو جو صاحب کمال کرشن نے خود بیان کی ویاس جی کی مہربانی سے سنکر اور کرشن اور نیز ارجن کی اوس حیرت انگیز اور نیکی پیدا کرنیوالی گفتگو کا بار بار خیال کرکے اپنے دل میں خوش ہوتا ہوں۔

جس حقیقت کو وکھایا اک نظر میں کرشن نے ایسی دلکش گفتگو پر عابد و معبود کی		میرے کانوں تک وہ پہونچی ویاس کی اعلانیے غور کرنے سے مجھے ہر بار ہوتی ہے خوشی

तच्च संस्मृत्य संस्मृत्य रूप मत्यद्भुतं हरेः॥
विस्मयो मे महान् राजन् हृष्यामि च पुनः पुनः ॥७७॥

ایضاً	(۷۷) اے مہاراجہ دھرت راشٹر کرشن کی اوس نہایت حیرت انگیز صورت کا بار بار خیال کرنے سے مجھکو بار بار حیرت اور خوشی ہوتی ہے۔

	دم بدم ہوتی ہے فرحت اور حیرانی مجھے		کرشن کے اوس جلوۂ کثرت نما کی یاد سے	

यत्र योगेश्वरः कृष्णो यत्र पार्थो धनुर्धरः ॥
तत्र श्रीर्विजयो भूतिर्ध्रुवा नीतिर्मतिर्मम ॥७८॥

ایضاً	(۷۸) جدھر صاحب کمال کرشن اور تیرانداز ارجن ہیں مجھے کامل یقین ہے کہ اوسی طرف اقبال فتحمندی شوکت اور انصاف ہے۔

	بایقین اقبال و دولت عدل و نصرت ہیں وہاں		باکرامت کرشن تیرانداز ارجن ہیں جہاں	

इति श्री मद्भगवद्गीता सूपनिषत्सु ब्रह्मविद्यायां योग शास्त्रे श्री कृष्णार्जुन संवादे मोक्ष संन्यास योगो नामाष्टादशोऽध्यायः १८

شری بھگوت گیتا کے مخفی علم الوہیت کے طریقت کے بارہ میں کرشن اور ارجن کی تقریر کی اٹھارہویں ادھیا موسوم بہ کیف نجات ختم ہوئی

اٹھارہویں ادھیا کا خلاصہ

ویدوں کی اوس حصہ کی جو علم الوہیت سے متعلق ہے اوپنشدوں میں تشریح درج ہے اور اون اوپنشدوں کا خلاصہ شری بھگوت گیتا ہے اور اس ساری کتاب کے اصول مجمل طور پر اوسکی اٹھارہویں ادھیائے میں بیان کئے گئے ہیں اور اوس ادھیا کا لب لباب اوس کے ۶۵ و ۶۶ منتر میں موجود ہے صرف طلب صادق اور فہم رسا ہونی ضرور ہی تاکہ وہ نکتہ کو دریافت کرے اور سمندر کو کوزہ میں بند دیکھ سکے جن میں آتش شوق بالکل بجھی ہوئی ہے اونکے لئے نہ تو اس صحیفہ کا مطالعہ مفید ہو سکتا ہے اور

نہ اون کی اس طرف توجہ ہوتی ہے یعنی وہ لوگ علم الٰہی کے غیر مستحق ہونیکی وجہ سے کبھی اوس سے مستفید نہیں ہوتے ہیں مگر جن میں شوق کی ایک چنگاری بھی باقی ہے وہ اس چنگاری سے خرمن جہل کو سوخت کرسکتے ہیں بشرطیکہ اوس چنگاری پر برابر پھونک لگائے جائیں۔

رباعی

آخر یابد ہر کہ زصدق تش جوید
گویند کہ ہر کہ یافت حرفے نکند

گفتم کہ بجا فتاد آخر روید
ایں نیز غلط است ہر کہ یابد گوید

خلاصہ کتاب

بھگوت گیتا کے اٹھارہ ادھیاؤں میں آتم بودھ یعنی علم خود شناسی کے مختلف مسائل پر سوال وجواب کے پیرایہ میں بحث ہوچکی ہے اور ہر ادھیا کا خلاصہ اوس کے انجام میں درج ہوچکا ہے مگر چونکہ شایقین کو اونکے مطالعہ سے ادھیاؤں کا باہمی تعلق صاف طور پر دریافت نہیں ہوسکتا ہے اس لئے تمام ادھیاؤں کے اصول اختصار کے ساتھ بالترتیب ذیل میں تحریر کئے جاتے ہیں۔

پہلی ادھیا میں موقع جنگ کا بیان ہوا ہے اور ارجن کے جنگ سے انکار کرنے کا ذکر کیا گیا ہے۔

دوسری ادھیا میں شروع سے گیارہ منتر تک ارجن کی غمگینی کی حالت دکھلائی گئی ہے اور گیارہ سے تیس منتر تک علم سانکھ کے قاعدہ سے جان کا غیر فانی ہونا اور جسم کا بے ثبات اور فانی ہونا بیان کیا گیا ہے اکتیس سے اڑتیس منتر تک جنگ کے فعل کو موقع اور وقت کے مناسبت اور فرض منصبی کے لحاظ سے درست ثابت کرکے اوس پر کاربند ہونے کی ہدایت کی گئی ہے اونتالیس منتر سے ادھیا کے انجام تک علم معرفت کے حاصل کرنے کا طریقہ اور طالب معرفت کے مختلف منازل اور اوس کی انتہائی درجہ کی کیفیت ظاہر کی گئی ہے۔

تیسری ادھیا میں مصنف نے کرم یعنی فعل کا حیات کے لئے لازمی ہونا اور اوس کا

ترک غیر ممکن ہونا دکھایا ہے اور جس طرح پر اوس کا صدور قدرت سے ہوتا ہے بیان کیا ہے اور عارف کے لئے افعال جسمانی کا باعث حجاب ہونا ثابت کیا ہے۔

چوتھی ادھیا میں علم معرفت کے وسیلہ سے انسان کا لازمی افعال کی قیود سے آزادی پانا ممکن بیان کیا ہے اور علم معرفت کے حاصل کرنے سے مختلف عملی طریقوں کو مجمل طور پر دکھایا ہے۔

پانچویں ادھیا میں افعال کی قیود سے آزادی حاصل کرنیکے علمی اور عملی دو قدیم طریقے بتائے ہیں اور دونوں کے نتیجوں کا واحد ہونا ظاہر کیا ہے اور اوسکے آخر حصے میں بھرکٹی دھیان کے شغل کی جسکے ذریعہ سے جان کا جسمانی افعال سے بے تعلق ہونا معلوم ہوتا ہے ہدایت کی ہے۔

چھٹی ادھیا میں فعل سے بریت کے قایم رکھنے کے لئے دل کا قابو کرنا ضروری کہا ہے اور دل کے ضبط کرنے کے واسطے ناساگر دھیان کا طریقہ بیان کیا ہے۔

ساتویں ادھیا میں اوس اشراق کا بیان ہے جو طالب کو بھرکٹی دھیان اور ناساگر دھیان کی مزاولت کرنے پر حاصل ہوتا ہے اور جس میں قدرت کے ساتھ طبقے تمیز ہوتے ہیں۔

آٹھویں ادھیا میں اوس قدرت کو جو اِن ساتوں کو نمود دیتی ہے اور جس کے وسیلہ سے اُنہوں نے امتزاج پایا ہے بیان کیا ہے اور ذات پاک کو سب سے برتر بتایا ہے۔

نویں ادھیا میں معرفت کی اُس حالت کو دکھلایا ہے جس کا سمجھنا حیطہ عقل سے باہر ہے اور جس میں عارف ذات پاک کو ہر ذرہ میں محیط اور ہر شے سے بری دیکھتا ہے۔

دسویں ادھیا میں اوس کیف کو بیان کیا ہے جو معرفت کے استغراق کے بعد یعنی عالم کی کثرت میں وحدت کے نظر آنے پر عارف کے بطون میں پیدا ہوتا ہے اور جس کی مدد سے وہ اپنی ہستی بحت کو ماضی و مستقبل میں موجود اور عالم کے ظہور کا باعث جانتا ہے۔

گیارہویں ادھیا میں وصال کی جلالی اور جمالی دو صورتیں جو کہ علم معرفت کے حاصل ہونے پر دریافت ہوتی ہیں ارجن کی عین الیقین کرادی گئیں اور اوس نے اونمیں سے جمالی پسند کی

بارہویں ادھیا میں جمالی وصال کے قایم رکھنے کے لئے عشق حقیقی کا ہونا لازمی بتایا گیا ہے

تیرھویں ادھیا میں عشق حقیقی کی شناخت کے واسطے جسم اور جان تشریح کی گئی ہے اور جان کے ساتھ عشق کا ہوتا حقیقی اور جسم سے عشق کا ہونا مجازی بتایا گیا ہے۔

چودھویں ادھیا میں جان کا صفات سہ گانہ کے ساتھ تعلق ظاہر کیا گیا ہے اور باوجود تعلق اوس کا اون صفات سے بری ہونا دکھلایا گیا ہے۔

پندرھویں ادھیا میں صفت سہ گانہ کے وسیلہ سے جان کے جسم میں نزول کرنے اور عالم کے شہود دینے کی کیفیت بیان کی گئی اور ذات پاک کا جسم اور جان دونوں سے برتر ہونا اور اوس میں وصل ہونیوالے کا فعل وعمل کی تمیز سے آزادی پانا ثابت کیا گیا ہے۔

سولھویں ادھیا میں فعل کی امر ونہی دو قسمیں جو کہ جان کے جسم میں نزول کرنے سے پیدا ہوتی ہیں بیان کی گئی ہیں۔

سترھویں ادھیا میں عقیدوں کی وہ تین قسمیں دکھلائی گئیں ہیں جن کی پیدائش جان کے جسم میں نزول کرنے پر صفات سہ گانہ سے ہوتی ہے۔

اٹھارھویں ادھیا میں ذات پاک کا وصال حاصل کرنے والے کی حالت جو یعنی نجات ہے ظاہر کی گئی ہے۔

خاتمہ کتاب

طالبان حق ذرہ دل میں سوچیں کہ حیات انسانی کے کیا معنی ہیں جسم کہاں سے کیونکر اور کس واسطے پیدا ہوا ہے اور اوس کا عالم بیرونی سے کیا تعلق ہے اور وہ کب تک رہسکتا ہے اور اوس کا انجام کیا ہوگا - اس دنیا میں انسان کی پیدایش اسواسطے نہیں ہوئی ہو کہ وہ مثل دیگر جاندار و نکے جسمانی ضروریات کے پورا کرنے کی کوشش کرتا رہے اور اسی جدوجہد میں ساری عمر گذار کر قالب عنصری ترک کردے وید شاستر اور عارفوں کے کلمات نے اون عقدوں کے حل کرلینے کو زندگی کا ماحصل بتایا ہے اور ان کے حل کرنیکی بالاتفاق ہدایت کی ہے مگر اون کا حل ہونا شوق استقلال اور کوشش کے بغیر ممکن نہیں ضعیف الاعتقادی - کاہلی اور تلون مزاجی انسان کو روحانی ترقی کیطرف رجوع ہونے نہیں دیتی اور دنیوی تعلقات میں تاحیات قید رکھتی ہے -

اہل ہند گذشتہ آٹھ نو صدی سے ایسی غفلت کی نیند سوتے رہے ہیں کہ وہ اپنی آبا و اجداد کی اون انمول جواہرات کو جو اون کا ترکہ تھے غیروں سے نظر کرکے خود محروم الارث ہوچکے ہیں مگر اب اونکے بیدار ہونے کا وقت قریب آتا جاتا ہے اور اون کے دل میں آبائی ورثہ کے کھوئے گئے کارنج اور اوس کے تلاش کرنے کا شوق پیدا ہونا شروع ہوگیا ہے لیکن عرصہ دراز کے گذر جانے اور بہت بڑا انقلاب واقع ہو جانے کے باعث علم موروثی کے حاصل کرنے کے ذریعہ بہت کم رہگئے ہیں اور طالبوں کو اوس کے حاصل کرنے میں طرح طرح کی دقتیں پیش آتی ہیں -

اولؔ عوام الناس زبان سنسکرت سے ناواقف ہونیکی وجہ سے اون تصانیف متقدمین کو جنمیں اہل ہنود کے اصول اخلاق اور رموز علم باطن درج ہیں مطالعہ نہیں کرسکتے -

دومؔ جو اونکے ترجمہ دیگر زبانوں میں موجود ہیں وہ بوجہ اس امر کے کہ علم خود شناسی کے رموز نہایت دقیق ہیں اور اونکے سمجھنے کے لئے تیز فہم اور نیز عملی طریقت سے واقفیت ضروری ہے اصلی نکتوں کو ظاہر نہیں کرتے اور چونکہ سنسکرت الفاظ عموماً کثیر معنی رکھتے ہیں اسلئے مترجم کو گنجایش اس بات کی ہوتی ہے کہ وہ اپنے خیال کے موافق ضمیر کلام کو جس طرف جاہے کھینچ لیجائے -

سوم جو لوگ آجکل علماء سنسکرت ہیں وہ تعلقات دنیوی اور حصول معاش میں اِسقدر معروف ہو رہے ہیں کہ علم معاد کی کتب کا مطالعہ کرنا اور اوس کی تعلیم اوروں کو دینا جسمیں ذاتی فائدے کی اُمید نہیں کیجا سکتی فضول خیال کرکے اوس سے دست بردار ہو چکے ہیں۔

چہارم ایسے فقراء صاحبدل کا ملنا جو طالب کی کشایش باطنی کرکے اوسکو جلد منزل مقصود پر پہونچا سکیں سامان وقت سے بہت مشکل ہو گیا ہے اور بجائے اون کے بہت سے چالاک اور مکار دنیا پرستوں نے فقرا کی صورت شکم پروری کے واسطے اختیار کر لی ہے اور وہ اہل دنیا کو اُمید کے جال میں پھنسا کر اپنا معتقد بنا لیتے ہیں۔

پنجم جیسے زمانہ گذشتہ میں عارف اور عامل دور دراز مقامات سے آکر کبھی خاص مقام پر جمع ہوا کرتے تھے اور علوم باطنی کے عقدوں کو سچے دل سے بحث کرکے حل کیا کرتے تھے اوس کی تقلید اب بالکل بے سود ہے کیونکہ جہاں کہیں آجکل علماء کا مجمع ہوتا ہے اور بحث کا موقع آتا ہے ہر ایک اپنی فضیلت کا اظہار کرتا ہے اور دوسرے پر ترجیح چاہتا ہے اور انجام کار بجائے نیک نتیجہ پیدا ہونیکے بُرے آثار نظر آتے ہیں۔

ششم اس ملک میں بہت سے نئے نئے مذہبی طریق جابجا پیدا ہو گئے ہیں اور ہوتے جاتے ہیں جنکی وجہ سے طالبان حق مختلف راستوں پر بھٹکتے پھرتے ہیں اور اون کو راہ راست نہیں ملتی اور ان مختلف فرقوں اور جماعتوں کے پیدا ہونے سے اتفاق کی قوت گھٹتی جاتی ہے اور جہل مرکب ترقی پاتا ہے۔

اے بند بپا و قفل بر دل ہشدار	وے دوختہ چشم پائے در گل ہشدار
عزم سفر مغرب و رو در مشرق	اے راہ رو پشت بہ منزل ہشدار

موجودہ حالت پر نظر کرکے اِس سے بہتر اور کوئی اصلاح کی تدبیر خیال میں نہیں آتی کہ طالبان حق اوّل شری بھگوت گیتا کی ۱۶ و ۱۷ ادھیاؤں کو جن میں امر و نہی کی تشریح اور عقیدہ سہ گانہ کی تقسیم درج ہے وقتاً فوقتاً بغور مطالعہ کرکے اپنے اخلاق کے درست کرنے کی کوشش کریں بعد ازان ساتویں ادھیا کو جس میں تت بودہ یعنی عالم کے اجزاء کی تقسیم دکھائی گئی ہے معقولات کی نظر سے مطالعہ کریں اور

چودھویں ادھیا سے اون اجزا کی امتزاج اور جسم اور عالم کے تعلق کو بخوبی سمجھ لیویں ان دھیاؤں
کے معنی پر عبور حاصل کرنے سے اون میں علم خود شناسی کے سمجھنے کی جس کا دیگر ادھیاؤں میں بیان
ہوا ہے قابلیت پیدا ہو جائیگی

عارفانِ سابق نے اپنے روشن ضمیری اور علم اشراق سے جو پیشین گوئی کی تھی وہ اِس زمانہ کی
حالت کے دیکھنے سے بالکل صادق معلوم ہوتی ہے اور اونہیں عارفوں نے اِس زمانہ میں وید
شاستر اور دیگر تصانیف کے مطالعہ کرنیکو بہت ہی مشکل اور دقت طلب امر سمجھکر بھگوت گیتا یعنی کلام
الٰہی کے صحیفہ کو جس میں اون سب کا لب لباب موجود تھا کتاب مہابھارت سے اِنتخاب کیا اور اہلِ دنیا کو
اوس کے مطالعہ کرنے اور اوس کے احکام کی تعمیل کرنے کی ہدایت کی۔

اگرچہ اِس ہدایت کی تعمیل ہندوستان میں کسی درجہ تک ہوتی ہے لیکن اوس صحیفہ کے معنی
حل نہونے کی وجہ سے طالبوں کی توحید کی منزل تک رسائی نہیں ہوتی۔ منزل توحید پر پہونچنا
اِس کے صرف پڑھ لینے سے ممکن نہیں ہے بلکہ اوس کے واسطے اُصول کا بخوبی سمجھنا اور اون پر
کاربند ہونا بھی ضروری ہے۔

طالب کو لازم ہے کہ وہ تیسری ادھیا کے ۶ و ۷ منتر کی منشاء کے موافق ظاہری پرستش پر جو
دلی شوق کے بغیر ہند میں کیجاتی ہے زور دینے کے بجائے حواس کو روک کر دل کے قابو کرنے میں
کوشش کرے۔

ضبطِ حواس کے ذریعہ سے دل کے قابو کرنے کا طریقہ جسے سُرت سادھنا کہتے ہیں پانچویں ادھیا کے
۲۷ و ۲۸ منتر میں درج ہو چکا ہے اوسکی مزاولت سے دل کو سکون حاصل ہوتا ہے مگر وہ سکون اُسیوقت
تک قایم رہتا ہے جب تک طالب شغل میں مصروف رہتا ہے حالت سکون کو قایم رکھنے کے واسطے
طالب کو چاہئے کہ وہ ناساگر دہارنا کو جس کا چھٹی ادھیا کے ۱۲ و ۱۳ و ۱۴ منتر میں بیان ہوا ہے اختیار
کرے اُسکا طریقہ یہ ہے کہ شاغل اپنی دونوں آنکھوں سے ناک کے سرے پر نظر جماوے اور سانس کے
اندر جاتے وقت جو سو کی آواز اور باہر آتے وقت ہم کی ندا قدرتی طور پر اوس جگہ پیدا ہوتی ہے اوس پر خیال

رکھے یعنی وہ نظر ٹھیرا کر سانس کی رفتار اور اُن دونوں آوازوں کو ایک جگہ مشاہدہ کرتا رہوے تھوڑی دیر کے بعد نور کے ذرّے نمودار ہونے لگتے ہیں اور شاغل کو اپنی ہستی غیر محدود اور عالم میں محیط معلوم ہوتی ہے ان دونوں اشغال کی تکمیل کے بعد طالب تیسرے شغل کو جس کی تشریح آٹھویں ادھیاکے ۱۲ و ۱۳ منتر میں درج ہے کر سکتا ہے جس کی چندے مزاولت کرنے سے معرفت کی منزل مقصود تک اوسکی رسائی ہو جاتی ہے اور وہ جان کو جسم سے علیحدہ تیز کرتا ہے جسے جیون مکت کہتے ہیں۔

چونکہ اس زمانہ کے نوجوان علم کی تحصیل کرتے ہوئے اور روزگار پیشہ انسان دنیوی فرائض کو ادا کرتے ہوئے اِن اشغال کی پابندی نہیں کر سکتے لہٰذا اونکو واجب ہے کہ وہ عرصہ اجپا جاپ کے سہل طریقہ پر وقتاً فوقتاً کاربند ہوتے رہیں اور عشق و فنا کی ضمیر کو ہر وقت دل میں جگہ دیتے رہیں اور حقیقت کے دریافت کرنیکی فکر میں رہیں ان چاروں ضمائر کا بیان مختصر طور پر بارھویں ادھیاکے ۸ و ۹ و ۱۰ اور ۱۱ منتر میں ہو چکا ہے لیکن چونکہ طالب اون سے عملی اصول کو اخذ نہیں کر سکتا اس لئے اونکی تشریح ذیل میں کیجاتی ہے۔

اجپا جاپ یعنی پاس انفاس ایک شغل قدرتی ہے جو کہ ہر جاندار میں انفاس کی حرکت سے سوہم کی ندا کو پیدا کرتا ہے اور شب و روز برابر جاری رہتا ہے۔ اِس ندا کے دریافت کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ طالب منہ کو بند کرکے سانس ناک سے لیوے اور دل سے خیالات کو دور کرکے سانس آمد و شد پر توجہ کرے۔ اوسوقت سانس کے اندر کی طرف کھینچنے سے سو کی ندا اور اوس کے اندر سے باہر کی طرف آتے وقت ہم کی ندا پیدا ہوتی ہوئی غور کرنے پر محسوس ہوگی شاغل اس کی مزاولت کو جہانتک ہو سکے اور جس قدر موقع ملے بڑہاتا جاوے کہ اِس شغل کی برکت سے کشایش باطنی حاصل ہوتی ہے اور ذیل کی تین ضمائر کے دل نشین ہونے پر ادراک اِنسانی کے انتہائی درجہ تک اوس کی رسائی ہو جاتی ہے لفظ عشق سے یہ مراد ہے کہ شاغل جسوقت شغل سے خالی ہو اوس کے دوبارہ کرنے کے موقع کا منتظر رہے اور اِس خیال کو ہمیشہ دل میں متمکن رکھے۔

فنا کے معنی یہ ہیں کہ شاغل اپنی ہستی کو جو کچھ تسلیم کرتا رہا ہو اوسے غلط سمجھے یعنی پندار کے نقش کو

جہانتک ممکن ہو اپنے صفحہ دل سے مٹادے۔

پندار کے نقش مٹنے پر جو حرکات قلب میں تمیز ہوں اونکی حقیقت کا دریافت کرتا کہ وہ کہاں سے اور کیونکر پیدا ہوتی ہیں اور کس کا فعل ہیں فکر کہا گیا ہے۔

اٹھارہویں ادہیائے ۶۵ و ۶۶ منتر میں جو علم الوہیت کے اصلی نکتہ کو دکھلاتے ہیں اِس عملی طریقت کی ہدایت کی گئی ہے اور کُل عارفون نے بالاتفاق اسیکو شاہراہ علم الوہیت بتایا ہے اِس طریقے سے مَن بدُھ چت اور اہنکار یعنی دِل عقل قوت متخیلہ اور انانیت چاروں صفاتی قوتوں کا تعلق قطع ہو جاتا ہے تب ایک نقطہ میں کُل عالم سمایا نظر آتا ہے اور انسان زیست و مرگ کے خوف سے آزاد ہوکر مشاہدہ باطن کا سرور ابدی پاتا ہے جس کا بیان قیل و قال سے باہر ہے اور جو طالب کو خود معلوم ہو سکتا ہے یہ طریقہ سب سے اعلیٰ اور آسان ہے اور اس پر عمل کرنے میں کسی قسم کی تکلیف اور نقصان کا ہرگز اندیشہ نہیں ہے علاوہ بریں اوسکی تکمیل میں نہ تو کوئی شے ہارج ہو سکتی ہے اور نہ اوس کے واسطے کسی سامان کی ضرورت ہے اہل ہند اس طریقے پر کاربند ہونیکو ایک امر ناممکن خیال کرتے ہیں اور جب تک اونمیں اخلاقی ضعت باقی ہے اونکو بیشک ایسا ہی معلوم ہوتا رہیگا مگر ہمت والے کے لئے کوئی امر دشوار نہیں ہے۔ جب انسان دن رات کے چوبیس گھنٹوں میں تمام دینوی مشکلات کو حل کرتا ہے تو پھر علی الصباح سہر شام یا سوتے وقت کم از کم ۱۵ یا ۲۰ منٹ اِس شغل کے واسطے مقرر کرنا اوسکے لئے کوئی مشکل بات نہیں ہے صرف شوق استقلال اور کوشش کا ہونا ضروری ہے۔

باید طلب اندر رہ دلدار درست	ہمت درکار باید اے یار درست
اخلاص درست و ضمیر ناچار درست	زین چار درست میشود کار درست

شری مد بھگوت گیتا کی اس پستک کے

ملنے کا پتہ

(۱) بابو رادھا رمن بہار گو۔ منیجر متھرا پریس و مالک رام نراین پریس محلہ سیتلا گھاٹی متھرا

(۲) بابو سدرشن لعل بہارگو مالک بہارگو بک ڈپو سوامی گھاٹ متھرا

اِلتماس

رام نراین پرس متھرا میں ہر قسم کی چھپائی کا کام اُردو - ہندی - انگریزی - گجراتی مرہٹی - بنگلہ وغیرہ مختلف زبانوں میں لیتھو و ٹائپ کا سب مقررہ وقت میں سستی قیمت پر کیا جاتا ہے نقشہ اور تصویر چھاپ ورک سب طرح کا کام رنگین و سادہ بھی حسب خواہش خریداران صاحب مقررہ وقت میں کیا جا سکتا ہے - اس بات کے لکھنے کی ضرورت نہیں ہے کہ اس پریس میں ساٹھ برس سے جیسا کچھ کام ہو رہا ہے وہ عام پبلک سے پوشیدہ نہیں ہے بلکہ اس امر کے ظاہر کرنے میں بھی پریس اپنی کچھ ناموری نہیں سمجھتا کہ جن اصحاب کا کام ایکمرتبہ یہاں ہو گیا ہے وہ دوسری جگہ کام کرانیکی کبھی کوشش نہیں کرتے خواہ اونکا کام دوسری جگہ کتنی ہی کم لاگت پر طیار کر دینے کا لالچ کیون نہ کوئی صاحب اونکو دیں اس سے زیادہ تکلیف دینے کی پریس کو کوئی خاص وجہ ظاہر اندر نہیں آتی کہ ایکبار تھوڑا سا کوئی کام بطور امتحان اسکی صداقت کو آپکا کرانا فرض ہے - اسکے علاوہ رشتہ تعلیم کی ہر قسم کی کتابیں اسٹیشنری کا عمدہ اور سستا سامان دیسی کتابیں کلکتہ - لکھنؤ - دہلی - آگرہ - بنارس وغیرہ کی اور سب قسم کے ناول - قصہ و سوانگ وغیرہ ہا تھرا سکے بھی ہر وقت آرڈر آنے پر روانہ کیجاتے ہیں جس چیز کی ضرورت ہو آپ بلا دریغ ہمسے طلب فرما کر آزمائیے اور موجودہ بہت سے نقصانوں کے برداشت کرنے سے پرہیز کیجئگا -

راد ہارمن بہارگو مالک رام نراین پریس متھرا

مخزن اسرار

مخزن اسرار یعنی شری مد بھگوت گیتا کی اٹھارہ ادھیاؤنکا اُردو اشعار مین منظوم وار
ترجمہ جو قابل درشن ناظرین ہے۔ مرتبہ پنڈت دینا ناتھ مدن معجز دہلوی بی۔ اے
ایکونٹنٹ محکمہ تعمیرات پنجاب قیمت فی جلد ۸؍ اگر ملاحظہ سے نہ گذری ہو تو ضرور منگوا کر
مطالعہ فرمائیہ۔

وشنو پُران

وشنو پُران باب اول و دویم کا بزبان اُردو ترجمہ و خلاصہ طالبان راسخ الاعتقاد شائقین
علم توحید و تصوف کو پیش کیا جاتا ہے ضرور ملاحظہ فرمایئں گے۔ گر قبول افتد زہے عزّ و شرف
از تالیف۔ پنڈت امر ناتھ صاحب مدن ساحر دہلوی تحصیلدار کیتھل ضلع کرنال صوبہ پنجاب خلف
رائے بہادر پنڈت جانکی ناتھ صاحب مدن مرحوم مُصنف برہم درشن گرنتھ بزبان بھاشا
مترجم صحیفہ شریمد بھگوت گیتا بزبان اُردو باب اوّل ۱۰ ار و باب دوم ۶؍ جملہ چھیوں باب ایک جلد میں ہے
اگر جناب نے درشن نکئے ہوں تو منگوا کر ضرور ملاحظہ فرمائیہ۔

جلوۂ جہان نما

یعنی شریمد بھگوت گیتا کی گیارہویں ادھیا کا ویراٹ روپ۔ جیسا کہ زمانہ حال کے
عارف کامل پنڈت پران کشن صاحب ہاکچر متوطن دہلی حال آباد لشکر گوالیار کے اشراق
میں مشاہدہ ہوا اور اونکی زبان مبارک سے ادا ہوا قیمت فی جلد ۳؍

ڈاک محصول جملہ کتابونکا الگ لیا جاویگا۔

منگانیکا پتہ۔ رادھا رمن بہار گو مالک رام نراین پریس متھرا

दो सलवार एक सवेटर एक पतलून
चार कमीजां एक धोती दो बनियान
दो दरी एक कालर एक चादर दो
पेटी दो [illegible] [illegible] एक गलबंद एक
जराब का जोड़ा   कुल कपड़े